www.urduchannel.in

۳۳۱۹
RECEIED-2002

فرہنگ عامرہ

کے متعلق

چند قیمتی رائیں

نگار لکھنؤ

فرہنگ عامرہ چھوٹے سائز کا لغت ہے جس میں عربی فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیے گئے ہیں، اور جنکا عام فہم ترجمہ اردو میں کیا گیا ہے اس فرہنگ کی خصوصیات فاضل مؤلف نے ظاہر کی ہیں کہ :-

(۱) الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے لحاظ سے سطح رکھی گئی ہے کہ کسی لفظ کی جستجو میں دقت نہیں ہوتی

(۲) صحت تلفظ کے لئے یہ اہتمام کیا گیا ہے کہ ہر لفظ کے آگے اس کے ٹکڑے کر دیے گئے ہیں اور ہر ٹکڑے پر اعراب دیدئے گئے ہیں؛ یہ وہی طریقہ ہے جو انگریزی زبان کی لغات میں رائج ہے۔

(۳) فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستعمل جمع اپنے صیغۂ مفرد کے ذیل میں درج کر دیگئی ہیں اور کثیر الاستعمال صیغہائے جمع کو مستقل لغت کی حیثیت سے اسکی ہر جگہ پر پھر دوبارہ دیدیا گیا ہے

(۴) کثیر الاستعمال فارسی مصادر کے مضارعات اور سماعی و قیاسی مشتقات بھی دیے گئے ہیں اسی کے ساتھ قلیل الاستعمال مصادر کی بڑی تعداد بھی شامل کر دی گئی ہے۔

(۵) فارسی میں اکثر حروف دوسرے حروف سے بدل جاتے ہیں، اس کی صراحت بھی ہر حرف کی تقطیع کی ابتدا میں کر دی گئی ہے۔

www.urduchannel.in

(۶) دورِ حاضرہ کے بہت سے مفید معرّبات و مفرّسات اس میں شامل ہیں۔
(۷) اشیاء کی ماہیت و معانی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔
(۸) اسماء الرجال کے سلسلہ میں افسانوی افراد اور تاریخی شخصیتوں کے درمیان حدِ فاصل قائم کر دی گئی ہے۔

میں نے اس فرہنگ کو خوب دیکھا ہے اور میں نے یہ تمام خصوصیات اس میں پائی ہیں، ہماری زبان میں لغت کی کتابوں کی بہت کمی ہے اور خصوصیت کے ساتھ وہ جامع بھی ہوں اور مختصر بھی، اس لئے ملک کو جناب محمد عبداللہ خاں خوشگی کا ممنون ہونا چاہئے کہ انھوں نے سالہا سال کی محنت کے بعد یہ قابلِ قدر فرہنگ مرتب کی اور اچھے کاغذ پر مجلد شائع کر کے طلبہ کی بڑی ضرورت کو پورا کیا۔

اُردوئے معلّیٰ کان پور

مدت سے اردو میں ایک ایسے لغت کی ضرورت تھی جو جامع ہونے کے ساتھ اخبار نویسوں مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کی ضروریات کو پورا کر سکے۔

ہمیں مسرت ہے کہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خوشگی نے بے انتہا محنت و کاوش سے ایک ایسا لغت مرتب کیا ہے جسمیں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ کی تشریح کی گئی ہے۔ اس لغت کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ الفاظ کے سامنے قوسین میں ان کا صحیح تلفظ بھی درج کر دیا گیا ہے۔ مثلاً :-

قوت (قُوَّہ وَتْ) طاقت ربیع الاوّل (رَبِیْعُ۔اَوْ۔اَوْل) تیسرا اسلامی قمری مہینہ

اس لغت کا نام فرہنگ عامرہ ہے۔ الفاظ کے معنی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔ متروک الفاظ کی جگہ متبادل الفاظ کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ فارسی مصادر کے مضارع اور سماعی و قیاسی مشتقات بھی درج کر دیے گئے ہیں۔ اسماء الرجال میں تاریخی اور

www.urduchannel.in

افسانوی ناموں میں امتیاز کیا گیا ہے۔ دیباچہ میں انسلاک الصدور (Prefixes) اور توابعات ترکیبی (Suffixes) کی فہرست ہے، مثالیں بھی دیدی گئی ہیں جس سے نئے الفاظ کے اختراع میں مدد ملتی ہے، الغرض مرتب نے انتہائی عرقریزی اور کاوش سے کام لیا ہے۔

ہمیں امید ہے کہ حامیان اردو کے حلقہ میں اس لغت کا پرجوش خیر مقدم کیا جائے گا۔

ہندستان لکھنؤ

فرہنگ عامرہ: ۔ اردو میں لغت کی بہت بڑی کمی تھی۔ لیکن اب وہ کمی رفتہ رفتہ دور ہو رہی ہے۔ کئی اچھی لغتیں نکل آئی ہیں۔ یہ لغت بھی انہیں اچھی لغتوں کے ساتھ رکھی جا سکتی ہے معنی کے ساتھ بہت اچھی طرح لفظ کا تلفظ بھی دیدیا ہے۔ اس میں اصطلاحیں فارسی اور عربی جمیں، فارسی مصدروں کے ساتھ مضارع، کچھ ضروری تاریخی اور افسانوی نام بھی موجود ہیں۔ روزمرہ کے چھوٹے ادبی کاموں کے لئے اور طالب علموں کے لئے یہ بے مثل چیز ہے۔ ابھی تک ہماری نگاہ سے کوئی ایسی لغت نہیں گذری تھی جو یہ ضرورت پوری کرتی ہو۔ اسے تیار کر کے مصنف نے اردو کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔

فرہنگ عامرہ میں چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کے معنی ہیں۔ ساتھ ساتھ الفاظ کے ٹکڑے کر کے ان کا تلفظ بھی دیدیا گیا ہے۔ فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستعمل جمع دے دی گئی ہیں۔ ترجمہ آسان اور بامحاورہ زبان میں ہے۔ اس لغت نے اردو کی ایک بہت بڑی کمی کو پورا کر دیا ہے۔ اردو کے ہر قدردان کو اپنے کتبخانہ میں یہ کتاب رکھنا چاہیئے۔

مدینہ بجنور

فرہنگ عامرہ: ۔ یہ فارسی و عربی کے ان الفاظ کا لغت ہے جو عام طور سے فارسی کتابوں میں مستعمل ہیں اور جن میں اکثر اردو زبان میں بھی رائج ہیں۔

www.urduchannel.in

اس فرہنگ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ہر لفظ کا تلفظ، اس لفظ کے آگے جدید قاعدہ کے مطابق دیا گیا ہے، مثلاً زنبیل کے آگے بریکیٹ میں تلفظ یوں لکھا ہے (زَن۔ بِیل) پرانے لغات کی طرح تلفظ کو لفظوں میں اس طرح نہیں لکھا کہ "بفتح زائے معجمہ و سکونِ نون مقبوطہ و فوقہ جیم ....." اور نہ لغات کشوری وغیرہ کی طرح اسی لفظ پر زیر زبر پیش لگائے گئے ہیں، بلکہ کوشش یہ کی گئی ہے کہ لفظ کے جتنے ٹکڑے (SYLLABLE) آواز کے اعتبار سے ہو سکیں ان کو الگ الگ لکھا جائے اور پھر ان پر زیر زبر لگائے جائیں مثلاً خوش اسلوبی کا تلفظ اس طرح لکھا گیا ہے (خُش۔ اُس۔ لُو۔ بی)

علاوہ ازیں ہر جمع کا واحد اور واحد کی جمع لفظ کے ساتھ ہی بتلا دی گئی ہے کثیر الاستعمال فارسی مصدروں کے قیاسی و سماعی صیغے بھی لفظ کے ساتھ ساتھ لکھ دیے گئے ہیں نئے الفاظ جو موجودہ صدی میں زبان میں داخل ہوئے ہیں ان کا اضافہ کیا گیا ہے اور اس کے مقابلہ میں بہت سے غیر ضروری نادر الاستعمال الفاظ کو نکال دیا گیا ہے۔ مشہور و معروف آدمیوں کا تعارف نہایت مناسب اور صحیح انداز میں کیا گیا ہے۔ پرانے لغت نویسوں کی طرح یہ نہیں کیا گیا کہ حاتم و رستم کی توضیح میں خیالی افسانے لکھ دیے جائیں۔

ان باتوں کی وجہ سے یہ لغت فارسی کے طالب علموں کے لیے بے انتہا مفید ہے۔ اردو زبان سے دلچسپی رکھنے والے افراد کی میز پر بھی اس کا رہنا ضروری ہے۔ اس لیے کہ ہماری زبان میں عربی، فارسی کے بہت کافی الفاظ مستعمل ہیں، جن کے معنی اور تلفظ کو معلوم کرنے میں اکثر دقت پیش آتی ہے۔ اس مقصد کے لیے یہ فرہنگ بہترین رہبر کا کام دے سکتی ہے۔ پھر چونکہ یہ مختصر ہے اور چھوٹی تقطیع کی سبک دست (Handy) ایڈیشن میں چھاپی گئی ہے، اس لیے بڑے لغات کے مقابلہ میں قابل ترجیح ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ کتاب کی خوبیوں اور ضخامت کو دیکھتے ہوئے قیمت بہت ہی کم ہے۔

www.urduchannel.in

الامان دہلی

یوں تو ملک میں اردو لغت کی بہت سی کتابیں رائج الوقت ہیں مگر اردو جیسی عالمگیر اور عام فہم زبان کے لئے جس عام فہم اردو لغت کی ضرورت تھی، ملک کی یہ اہم ضرورت تشنۂ تکمیل تھی، چونکہ اردو زبان فارسی، عربی، ترکی وغیرہ لغات سے مرکب ہے اس لئے پڑھے لکھے اصحاب کو لغت کے صحیح تلفظ میں، یا سخت تکلف سے کام لینا پڑتا تھا، یا پھر صحیح تلفظ میں دشواریاں پیش آتی تھیں مگر ؎

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر میخواست آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

خدا کا شکر ہے کہ مولوی عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے ملک کی اس اہم ضرورت کا احساس فرماکر، فرہنگ عامرہ کے نام سے جدید اصول تالیف کو پیش نظر رکھتے ہوئے کافی جد وجہد، تحقیق و تدقیق کے بعد تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ و مصطلحات کا ایک بیش بہا ذخیرہ جمع فرماکر دنیائے علم و ادب پر احسان عظیم کیا ہے، جو طلبائے مدارس کے علاوہ فضلاء و کملاء کے وسعت معلومات کیلئے نہایت قیمتی سرمایہ ہے۔

صحت تلفظ، دور حاضرہ کے معرب و مفرس لغات، علامات قرأت، حروف پر اعراب کا عمل وغیرہ وغیرہ، یہ وہ مخصوص صفات ہیں جو کسی دوسری لغت میں جستجو سے بھی دستیاب نہ ہوسکینگے۔

ان تمام خصوصیات کو پیش نظر رکھ کر یہ رائے حق بجانب ہوگی کہ متلاشیان الفاظ و معانی کے لئے فرہنگ عامرہ سے بہتر کوئی لغت ملک میں تالیف نہیں ہوئی۔

انصاری دہلی

یہ لغت جدید اصول ترتیب پر چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی الفاظ اور مصطلحات جدیدہ کا بیش بہا ذخیرہ ہے، جسے فاضل مؤلف نے کافی جد وجہد، کاوش اور تحقیق کے بعد مرتب کیا ہے۔ یہ لغت جدید طرز کی بہت سی خوبیوں کی حامل ہے۔ سب سے بڑی، اہم اور ضروری

www.urduchannel.in

خصوصیت اور خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اسکا صحیح تلفظ قوسین (بریکٹ) میں دیدیا گیا ہے۔ الفاظ کے معانی بیان کرنے میں جامعیت و اختصار سے کام لیا گیا ہے۔ لغات کے حروف تہجی کی ترتیب جدید لائنوں پر نہایت صحت کے ساتھ قائم رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ فرہنگ ہذا کو عصر جدید کے قالب میں ڈھالنے کی جو کامیاب کوشش کی گئی ہے وہ قابل قدر، لائق تحسین اور کافی قدر افزائی کی مستحق ہے۔

ہم ایک نظر دیکھنے کے بعد بلاشبہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس فرہنگ کی ممتاز خصوصیات متلاشیانِ الفاظ و معنی کے لیے بڑی حد تک تسکین بخش ثابت ہوں گی۔ اس بنا پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ "فرہنگ عامرہ" اپنے امتیازی محاسن کے اعتبار سے ملک میں پہلی کوشش ہے۔ ضرورت ہے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جائے۔ اس کی بہت سی افادی خصوصیات صرف مطالعہ سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس مختصر دیباچہ میں ان کا اظہار نہیں کیا جاسکتا۔

علم و تمدن کے ارتقا کے ساتھ زبان میں جن نئے نئے الفاظ و مصطلحات کا اضافہ ہوا ہے ان کے جمع کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے اور اکثر کتب متداولہ سے زیادہ لغات کا ذخیرہ فرہنگ عامرہ کے دامن میں نظر آتا ہے۔

ریاست دہلی

"فرہنگ عامرہ" جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ایک لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ یکجا کردئے گئے ہیں۔ اس لغت میں سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اس کا تلفظ بریکٹ میں دیدیا گیا ہے۔ اور الفاظ کے معنی بیان کرنے میں جامعیت و اختصار سے کام لیا گیا ہے۔

فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستعمل جمع اپنے صیغۂ مفرد کے ذیل میں درج کردی گئی ہیں اور جمع کے کثیر الاستعمال صیغوں کو مستقل لغت کی حیثیت سے اس کے مقام پر ہر جگہ مکرر درج کردیا ہے۔ فارسی میں جو حروف دوسرے حروف سے بدل جاتے ہیں ان کی بھی

www.urduchannel.in

ہر حرف کی تقطیع کے شروع میں صراحت کر دی گئی ہے۔ چیزوں کی ماہیت اور ان کے معنی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔

علاوہ ازیں فرہنگ عامرہ میں ہر مصدر کے ساتھ اس کا مضارع بھی درج ہے۔ مروہ اور بے رواج چیزوں کے نام علیحدہ کر کے ان کی جگہ ہزاروں مفید اور کارآمد معربات اور مفردات داخل کیے گئے ہیں۔ دیباچے میں انسلاک الصدور اور توالعات ترکیبی کی فہرست مع تمثیلات دی گئی ہے، جس سے باعث نئے نئے خوبصورت الفاظ اختراع کرنے میں مدد ملتی ہے۔

غرض کتاب اپنی صوری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت دلکش ہے۔

ہند کلکتہ

جناب محمد عبداللہ خاں خویشگی نے فرہنگ عامرہ نام سے ایک اردو لغت تیار کی ہے جس میں فارسی، عربی اور ترکی کے وہ تمام الفاظ جمع کیے ہیں، جو کسی صورت سے ہماری زبان میں شامل ہو چکے ہیں۔ اس میں چالیس ہزار الفاظ شامل ہیں۔

الفاظ کی ترتیب اور معنوں کے ساتھ آپ نے زبان پر یہ بہت بڑا احسان کیا ہے کہ ہر لفظ کا صحیح صحیح تلفظ بھی کر دیا ہے مثلاً لکھا ہے :-

امداد (ا م۔ د ا د) مدد کرنا امراض (ا م۔ ر ا ض) بیمار کرنا (آم۔ را ض) مرض کی جمع

اس طرح ہر شخص صحیح تلفظ اور اس تلفظ کے معنی نہایت آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔

اس کتاب کو اگر اسکولوں میں شامل کر دیا جائے۔ اور طالب علموں کو استفادہ کا موقع دیدیا جائے تو بہت ہی کارآمد چیز ثابت ہوگی۔ ہم خاص صورت سے اپنی طرف سے محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کو اردو کی اس خدمت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

www.urduchannel.in

ملاپ لاہور

فرہنگ عامرہ ایک مختصر و جامع لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیے گئے ہیں اور ان کا عام فہم اردو ترجمہ نہایت دلنشیں انداز میں کیا گیا ہے۔ اس فرہنگ کی ایک چیدہ خصوصیت جو ہماری دوسری فرہنگوں میں سرے سے مفقود ہے یہ ہے کہ اس میں ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اسکا تلفظ بریکیٹ میں دیدیا گیا ہے اور وہ اس طرح پر کہ لفظ کا صحیح تلفظ باسانی ذہن نشین ہو جاتا ہے اس کے علاوہ انگریزی ڈکشنریوں کے اصول پر الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے لحاظ سے اس طرح رکھی گئی ہے کہ کسی لفظ کی جستجو میں چنداں دقت نہیں ہوتی۔ خویشگی صاحب نے جس جانفشانی اور عرقریزی سے اس گراں پایہ ادبی خدمت کو انجام دیا ہے۔ اس کے لئے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ اہل ذوق ان کی کاوش کی قدر کر کے حسن ذوق کا ثبوت دینگے۔

تیج ویکلی دہلی

فرہنگ عامرہ:۔ اس نام سے جناب عبداللہ خاں خویشگی نے زبان اردو کے لئے ایک بہترین لغت تصنیف کی ہے جس میں عربی، فارسی، ترکی اور وہ تمام الفاظ شامل ہیں جو زبان اردو میں داخل اور مستعمل ہو گئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ دنیا میں ہر زبان کو ایک مستقل فرہنگ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس ڈکشنری کو شائع کر کے جناب عبداللہ خاں خویشگی نے وقت کی ایک بڑی ضرورت پوری کر دی ہے۔ فرہنگ عامرہ میں پوری تحقیق کے بعد تمام الفاظ کے تلفظ بھی لکھے گئے ہیں اور چالیس ہزار الفاظ شامل ہیں۔ جن کے معنی بھی نہایت واضح اور جامع طریقہ پر دیئے گئے ہیں۔ اس ڈکشنری کی خوبی یہ ہے کہ جامع ہونے کے باوجود مختصر ہے اس لئے نہایت آسانی سے ہر شخص اس سے کام لے سکتا ہے اور ضرورت کے لئے

www.urduchannel.in

اپنی میز پر رکھ سکتا ہے۔ فرہنگ عامرہ اردو میں نئے طرز کی ایک مکمل لغت ہے جو مدرسوں، طالب علموں، مصنفوں، اخبارات اور رسائل کے ایڈیٹروں، مترجموں، مضمون نگاروں اور ادیبوں کے لئے مفید ہے۔

ہماری رائے ہے کہ یہ کتاب ہر اسکول یا کالج کی لائبریری میں ہونی چاہیئے، جہاں زبان اردو ذریعۂ تعلیم ہے۔ اس ڈکشنری میں الفاظ کی ترتیب بھی بہت سہل رکھی گئی ہے تاکہ لفظ کو ڈھونڈھنے میں آسانی ہو۔

منادی دہلی

فرہنگ عامرہ:۔ اردو کی خوش نصیبی ہے کہ اس میں ہر مہینہ نہایت مفید اور اعلیٰ کتابوں کا اضافہ ہو رہا ہے۔ محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایک فرہنگ مرتب کی ہے جو ہر لحاظ سے بے مثل ہے۔ اردو کے تقریباً سب الفاظ اس میں جمع کر دیے گئے ہیں اور ان کے معنی بہت سلیس اور مختصر الفاظ میں درج کئے گئے ہیں اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ الفاظ کا تلفظ بہت اچھی طرح سے سمجھایا ہے مثلاً:۔

ضیق النفس (ضِی۔ قُن۔ نَفْ۔ س) سانس کی بیماری

عبداللہ خاں کی اس کاوش کی قدر کرنی چاہیئے۔

پارس لاہور

ضرورت کو ایجاد کی ماں کہا جاتا ہے۔ "فرہنگ عامرہ" کی تدوین و تالیف نے اس ضرب المثل پر تصدیق کی مہر ثبت کر دی۔

"فرہنگ" اردو زبان میں جدید رنگ کی وہ پہلی کتاب ہے جس کے قابل قدر مولف نے عربی، فارسی اور ترکی زبان کے چالیس ہزار الفاظ کا خزانہ اس خوبی کے ساتھ جمع کر کے ملک و قوم کے سامنے پیش کر دیا ہے کہ ایک انسان کو اپنی علمی ضروریات کی تلاش

www.urduchannel.in

ہیں مختلف لغتوں کی اوراق گردانی کی قطعاً ضرورت باقی نہیں رہ جاتی ۔

"فرہنگ عامرہ" نہ صرف تعلیمیافتہ طبقہ کے لئے مفید ہے بلکہ اس سرچشمۂ علم سے معمولی علمی استعداد رکھنے والے حضرات بھی یکساں طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ بشرطیکہ اٹھانا چاہیں ۔

ہمارے خیال میں "فرہنگ" شعراء، اُدباء، فصحاء، مضامین نگاروں، واعظوں خطیبوں، طلباء اور اساتذہ غرض ہر طبقہ، ہر جماعت، اور ہر مذاق کے لوگوں کے علمی خزانوں میں اضافہ کرنے کی پوری پوری استعداد رکھتی ہے۔ الفاظ کی مابیتوں اور مشتقات کے معانی کے بیان کا طریقہ جدید اور جلدی سے سمجھ میں آجانے والا ہے۔ جہاں جہاں مصادر آگئے ہیں وہاں مضارع بھی درج کردیے ہیں اور یہ ایک ایسی چیز ہے جس سے آپ کو دوسری لغتیں کلیتاً خالی نظر آئیں گی ۔

یہ فرہنگ اپنے ظاہری اور باطنی دونوں محاسن کے لحاظ سے مفید، کارآمد اور قابل قدر کتاب اور لغات اردو میں اپنی نوعیت کا جدید ترین اضافہ ہے ۔

ہم ادب اردو کی اس قابل قدر خدمت کے سلسلہ میں فرہنگ عامرہ کے فاضل مؤلف کی خدمت میں قلبی مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ملک کا علم دوست طبقہ آپ کی خدمات جلیلہ سے وسیع پیمانہ پر فایدہ اندوز ہوگا ۔

گرو گھنٹال لاہور

فرہنگ عامرہ میں الفاظ کی ترتیب اور انکے ادائے تلفظ کی ترکیب ایسی آسان رکھی گئی ہے کہ معمولی لکھا پڑھا شخص بھی ہر لفظ کو بے تکلف ڈھونڈھ سکتا اور اس کے صحیح تلفظ کو سمجھنے میں کوئی دقت پیش نہیں آتی ۔

یہ کتاب اپنے طرز کی ایک نئی کتاب ہے جو موجودہ زمانہ کے صاحب ذوق حضرات کی علمی ضرورتوں کو اچھی طرح پورا کریگی ۔

www.urduchannel.in

اسکول ماسٹروں کیلئے بیحد ضروری کتاب ہے کیونکہ انھیں ہر روز لغوی اور علمی الجھنیں پیش ہوتی رہتی ہیں۔

طلبار کے لئے ایک نادر تحفہ ہے کیونکہ اس میں ان کی ہر قسم کی سہولتوں کو مدنظر رکھا گیا ہے اور وہ اس زبان کے مطالعہ سے کامل زباندان بن سکتے ہیں۔

علم دوست حضرات کو بھی کتب و رسائل اور اخبارات کے مطالعہ میں کافی سے زیادہ مدد مل سکتی ہے ہر لفظ کو اچھی طرح سمجھ اور بول سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو اردو بولتے ہیں مگر تلفظ صحیح نہیں ادا کر سکتے۔ ان کے لئے اس کا مطالعہ ضروری ہے۔ وہ اس کے مطالعہ سے زباندانوں کی مجلس میں بے خوفی سے زباندانوں کی طرح بول سکتے ہیں۔ اس کتاب کی خوبصورتی اور خوبیاں ہر شخص کو مجبور کرتی ہیں کہ یہ ان کی میز پر ضرور ہونی چاہیئے۔ سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ مترجم حضرات کے لئے اس میں بہت سی علمی اصطلاحات اور لغات کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔ اخبار نویس و مضمون نگار حضرات کے لئے ہر قسم کی اقتصادی، تمدنی اور سیاسی الفاظ جنکی اخباری دنیا میں ہر روز ضرورت پیش آتی رہتی ہے موجود ہیں۔

مقرر حضرات کو جلسوں میں تقریر کرتے وقت صحیح تلفظ کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ اس سلسلہ میں یہ کتاب ان کے لئے ایک کامل رہنما ثابت ہوگی کیونکہ اس میں مجلسی الفاظ کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

نیشنل کانگریس لاہور

فرہنگ عامرہ :- یہ با تلفظ لغت ہے اور اسے ترتیب دینے میں مؤلف نے کافی محنت اور عرقریزی سے کام لیا ہے۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ اچھے سے اچھے پڑھے لکھے آدمیوں کا تلفظ بھی غلط ہوتا ہے اور یہ ایک ایسی کمزوری ہے، جس کی تلافی یونیورسٹی کی بڑی سے بڑی ڈگری بھی نہیں کر سکتی۔

اردو زبان میں ایسے لغت تقریباً ہیں ہی نہیں، جن میں تلفظ کا خیال رکھا گیا ہو اسلئے

www.urduchannel.in

امید کی جانی چاہیئے کہ اس لغت کا غیر معمولی گرمجوشی سے استقبال کیا جائیگا اور مؤلف کی محنت کی داد دی جائے گی۔

مؤلف نے یہ لغت ترتیب دے کر اردو زبان پر واقعی احسان کیا ہے۔

جناب پروفیسر حامد اللہ صاحب افسر (لکھنؤ کالج)

"فرہنگ عامرہ" ہر تعریف و توصیف سے بالاتر ہے، آپ کی محنت اور تحقیق و تدقیق کی داد نہ دینا ظلم ہے۔ تقریباً چالیس ہزار الفاظ کا ایک مختصر سے حجم میں جمع کر دینا، معانی کی تفہیم میں اختصار اور وضاحت کا خیال رکھنا، تلفظ کی توضیح جدید مغربی زبانوں کے طرز پر ہر لفظ کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے کرنا، اسقدر دشوار کام تھا کہ علماء کی ایک جماعت سے بھی اس کا بہ خیر و خوبی انجام کو پہونچنا مشکل تھا، اس کا صلہ آپ کو حکومت سے ملنا چاہیئے، حامیان اردو غریب ہیں، اُنکے پاس "دعا" کے سوا دینے کے لئے کچھ نہیں ہے، خدا آپ کو جزائے خیر دے۔

"کتاب نما" جامعہ ملیہ دہلی

اردو زبان میں نئے طرز کی یہ پہلی لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ یکجا کر دیئے گئے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ یہ ایک اہم تصنیف ہے جسے فاضل مؤلف نے بڑی کاوش اور تحقیق کے بعد مرتب کیا ہے۔

مصنف نے اس کتاب کو ترتیب دیکر اردو زبان کی ایک بہت بڑی کمی کو پورا کر دیا ہے۔ ہر لفظ کے معنی کے ساتھ ساتھ صحیح تلفظ اور استعمال پر بھی سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

تہذیب نسواں لاہور

یہ کتاب جو عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کا مجموعہ ہے جناب محمد عبداللہ خاں خویشگی نے بڑی محنت اور کاوش سے مرتب کی ہے اور عام اردو داں طبقے کے علاوہ معلمین

www.urduchannel.in

اور متعلمین کے لیے یکساں مفید رہے۔ الفاظ کے معنی کے علاوہ کتاب کے شروع میں ایسی ہدایات درج ہیں جن سے زبان سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔

امید ہے کہ اس لغات کی اشاعت کے بعد اردو اور فارسی الفاظ پر اس قسم کے اعتراضات کا سلسلہ بند ہو جائیگا کہ ان کی "مکتوبی صورت" اور "ملفوظی صورت" میں کوئی تطابق نہیں۔ یعنی ہم ان الفاظ کو اس طرح نہیں لکھتے جس طرح انھیں ادا کرتے ہیں۔

دیباچے میں مصنف نے صحیح تلفظ کی ضرورت پر بحث کی ہے۔

طلوع اسلام دہلی

اردو میں کوئی لغت ایسا نہیں ملتا تھا جو جدید اصول کے مطابق مرتب کیا گیا ہو، اس باب میں مولوی عبداللہ خاں خویشگی شکریہ کے مستحق ہیں کہ انھوں نے برسوں کی محنت شاقہ کے بعد عربی، فارسی، ترکی کے قریب چالیس ہزار ایسے الفاظ کا لغت مرتب کیا ہے جو ہماری زبان میں مستعمل ہیں۔

یہ فرہنگ ہماری موجودہ ضروریات کو بڑی حد تک پورا کرے گا۔ قارئین طلوع اسلام میں سے وہ حضرات جو رسالہ کے انداز تحریر کی مشکل پسندی کی شکایت کیا کرتے ہیں۔ اس فرہنگ سے مزید فائدہ حاصل کریں۔

شاہکار لاہور

یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوتی ہے کہ اکثر ہندوستانی تعلیمات و ادبیات سے اب خاص دلچسپی لے رہے ہیں اور ان کی یہ کوشش بڑی حد تک کامیاب ہو رہی ہیں کہ رفتار زمانہ کے ساتھ تعلیم و تعلم میں جو بہتر تبدیلیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ ان کے مطابق پرانے مشرقی انداز کو بھی نیا رنگ دیا جاوے۔

www.urduchannel.in

ادبی دُنیا لاہور

کسی زبان کی اہم ترین کتاب اس زبان کی لغت ہی ہوتی ہے۔ اردو زبان میں فرہنگ آصفیہ کے بعد سے کوئی خاص اچھی لغت شائع نہیں ہوئی تھی۔ البتہ لوگوں کی نظریں انجمن ترقی اردو کی لغات کی جانب تھیں۔ یہ ڈکشنریاں جہاں تک ان کے حسن و خوبی کا تعلق ہے خوب ہیں لیکن ان میں دو باتوں کی کمی ہے۔ پہلی یہ کہ ان کی قیمتیں ایک غریب طالب علم کے لئے بہت زیادہ ہیں۔ دوسرے یہ اپنی جامعیت کی وجہ سے بہت زیادہ لمبی چوڑی معلوم ہوتی ہیں۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ ایک ایسی لغت بھی شائع کی جائے جو الفاظ کی کثرت کے ساتھ ہلکی پھلکی روزمرہ کے استعمال کے قابل ہو۔ مولوی محمد عبداللہ خاں (صاحب) خویشگی نے حال ہی میں "فرہنگ عامرہ" کے نام سے ایک ڈکشنری مرتب کر کے شائع کی ہے۔

یہ لغت اردو زبان کے ہر طالب علم کے لئے ایک مفید کتاب ہو سکتی ہے۔ معانی کے ساتھ ہر لفظ کا صحیح تلفظ بھی اس میں درج ہے۔ ہم کئی روز سے وقتاً فوقتاً اس لغت کا استعمال کر رہے ہیں اور ہم نے اسے اب تک ہر طرح سے صحیح پایا ہے۔

امید ہے کہ اردو زبان کے مشتاق اس لغت کی قدر کریں گے۔

سرگذشت علی گڈھ

فرہنگ عامرہ :۔ زبان اردو میں نئے طرز کی یہ پہلی فرہنگ ہے جس میں موجودہ زمانہ کے سرزدق کی علمی ضرورتیں پوری کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ یہ نہ صرف ماہرین زبان کے واسطے ایک مفید ذخیرہ ہے بلکہ معمولی لکھے پڑھوں کے واسطے بھی حد درجہ مفید ہے۔ کیونکہ اس نے روزمرہ گفتگو میں ہر لفظ صحیح بولنا اور لکھنا آسان کر دیا ہے۔ المختصر یہ کہ مدرسوں، دفاتر قانون پیشہ مضمون نگاروں اور شاعروں غرض ہر مذاق کے لوگوں کیواسطے مفید اور کارآمد ہے۔

www.urduchannel.in

یہ فرہنگ اپنی ظاہری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت ہی مفید و دلکش ہے۔ جس کے واسطے فاضل خاں صاحب ملک سے مبارکباد کے مستحق ہیں۔

صداقت کان پور

کسی زبان کی تکمیل کے لئے قواعد صرف و نحو کے علاوہ ایک مکمل لغت کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ چنانچہ اس ضرورت کو ہر دور کے فضلاء پورا کرتے رہتے ہیں۔

اردو زبان میں لغت کی کتابوں کی بہت کمی ہے، مگر ہم کو فرہنگ عامرہ دیکھ کر نہایت خوشی ہوئی ہے جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہے اور بڑی قابلیت، محنت اور جانفشانی کے ساتھ مرتب کی گئی ہے، اور اس میں وہ خصوصیات ہیں جو یقینی طور پر کسی دوسرے اردو لغت میں نہیں پائی جاتی اور جن کی اشد ضرورت تھی۔

ہم فرہنگ عامرہ کو دیکھ کر یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ اردو زبان کی تقریباً تمام ضروریات کو اچھی طرح پورا کر سکتی ہے، جس کے لئے ملک کو مولانا محمد عبداللہ خاں صاحب خوشگی کا ممنون ہونا چاہیئے۔ کہ ان کی بدولت اردو زبان میں ایک بڑی کمی پوری ہو گئی۔ غرضکہ کتاب اپنی صوری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت قابل تعریف اور مفید و کارآمد ہے۔

ہمارے خیال میں یہ لغت اردو اور فارسی زبان کے طلباء معلمین، دونوں کے لئے نہایت مفید ہے اور کتب خانوں، درسگاہوں یا دیگر علم دوست حضرات کی الماریوں میں رہنے کے قابل ہے۔

ہمایوں لاہور

فرہنگ عامرہ :— یہ چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی الفاظ کا ایک لغت ہے، جو محمد عبداللہ خاں صاحب خوشگی نے بڑی کاوش سے مرتب کیا ہے۔ معانی کے ساتھ ہر لفظ کا صحیح تلفظ بھی درج کیا گیا ہے۔ جہاں تک ہمیں علم ہے اب تک ہمارے ہاں کوئی ایسا

www.urduchannel.in

لغت موجود نہیں جس میں یک جا ان زبانوں کے الفاظ مل سکیں۔
خوشگی صاحب نے زبان کی بڑی خدمت کی ہے۔ اہل علم کو اس کی پوری پوری قدر کرنی چاہیئے۔

انقلاب لاہور

فرہنگ عامرہ جو مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خوشگی خورجوی کی گئی سال کی جانفشانی اور عرق ریزی کا نتیجہ ہے۔ اس میں ایسی خوبیاں ہیں جن سے توقع ہے کہ فرہنگ عامرہ بہت مقبولیت حاصل کرے گی۔ یہ لغت ہمارے خیال میں نہ صرف طلبا اور معلمین بلکہ ادبا، شعرا، مصنفین، مؤلفین اور قانون پیشہ حضرات کے لئے بھی بہت مفید ہے۔
ہم مولوی عبداللہ خاں خوشگی خورجوی کو اس کامیابی پر مستحق مبارکباد سمجھتے ہیں۔

احسان لاہور

فرہنگ عامرہ :۔ مؤلف نے یہ گرانقدر ذخیرہ مرتب کرکے اردو زبان پر ایک غیر فانی احسان کیا ہے۔
علوم و فنون کی ترقی کے لازمی نتیجہ میں جو اصطلاحات پیدا ہوئی ہیں وہ عمدہ اسلوب اور ترتیب کے ساتھ جمع کر دی گئی ہیں۔ الفاظ کی تلاش میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔ جدید فارسی کے لغات بھی بکثرت شامل ہیں، اسلئے طلبا کے لئے یہ لغت خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔
جامعیت اور اختصار کے لحاظ سے فرہنگ عامرہ لغات میں ایک ممتاز حیثیت رکھتی ہے امید ہے کہ حامیان اردو فاضل مؤلف کی حوصلہ افزائی کریں گے۔

www.urduchannel.in

زمیندار لاہور

فرہنگ عامرہ: - یہ کتاب جو چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کا گرانقدر ذخیرہ ہے جدید اردو لغات میں بلند پایہ اضافہ ہے۔ اس لغت کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اعراب کے ذریعہ صحیح تلفظ بتا دیا گیا ہے جو حد درجہ مفید ہے۔

الفاظ کے اتنے بڑے ذخیرہ کو یکجا کرنے میں مولوی عبداللہ خاں صاحب نویسندگی نے جو کوشش کی ہے وہ اس کے لئے مستحق تبریک و تحسین ہیں۔

اس گرانقدر ذخیرہ کتب کو دیکھتے ہوئے اس کی قیمت کچھ بھی زیادہ نہیں۔

شہباز لاہور

یہ ایک جامع فرہنگ ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی زبان کے چالیس ہزار الفاظ کا صحیح تلفظ اور معنی درج ہیں۔

اردو زبان میں ایسی فرہنگ قریباً کمیاب ہے جس میں الفاظ کے صحیح تلفظ کو پورے اعراب کے ساتھ اور لفظ کے ٹکڑے کر کے دکھایا گیا ہو۔ عربی اور فارسی الفاظ کے اعراب میں تغیر ہونے پر ان کے معنی بدل جاتے ہیں۔ حتیٰ کہ بعض اوقات ایک ہی لفظ کی پہلی صورت اور آخری صورت میں معنوی لحاظ سے کوئی علاقہ تک باقی نہیں رہتا۔ ان زبانوں کے الفاظ کے متعلق دوسری مشکل یہ ہے۔ بعض الفاظ کے ساتھ کچھ ایسے زائد حروف شامل ہوتے ہیں کہ ان کے املا اور تلفظ میں کامل ہم آہنگی نہیں ہوتی۔

فرہنگ عامرہ میں ایسی تمام مشکلات حل کر دی گئی ہیں اور ہر لفظ کی ماہیت واضح کر دی گئی ہے۔

یہ کتاب بیحد مفید ہے اور اہل قلم کے پاس ضرور موجود ہونی چاہیئے۔

www.urduchannel.in

ساقی دہلی

فرہنگ عامرہ :- محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے یہ نئی لغت ساری عمر کی کاوش و تحقیق کے بعد پیش کی ہے۔ یہ تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی وغیرہ الفاظ کی جامع فرہنگ ہے۔ الفاظ کے علاوہ مصطلحات کی بھی اس میں ایک بہت بڑی تعداد ہے۔

سب سے بڑی خوبی اس لغت کی یہ ہے کہ ہر لفظ کا صحیح تلفظ حروف کے جوڑ الگ الگ بنا کر اور اعراب کے ذریعے بتایا ہے۔ یہ اس دشواری کا بہت اچھا حل ہے جو ہمیں اکثر عربی میں پیش آتی ہے کہ لفظ کو املا کے مطابق (جیسا کہ فارسی اور اردو کا قاعدہ ہے) نہیں پڑھا جاتا مثلاً "رب النوع" میں بلحاظ لفظ "ا" اور "ل" کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ صاحب فرہنگ عامرہ نے اس کا تلفظ اس طرح بتایا ہے۔ (رَبُ۔ بُن۔ نَوْع)

اسی طرح کی بے شمار تلفظی دشواریوں سے آئے دن سابقہ پڑتا رہتا ہے جن کے لئے فرہنگ عامرہ سے بہتر اور لغت ملنی ناممکن ہے۔

خیام لاہور

فرہنگ عامرہ :- یہ لغت جو عربی، فارسی، اور ترکی کے قریب چالیس ہزار الفاظ پر مشتمل ہے۔ اردو دان طبقہ کی ایک دیرینہ ضرورت کو پوری کرتا ہے۔ مرتب نے انتہائی محنت و کاوش سے کام لیا ہے۔ لغت میں بہت سی ایسی خصوصیات ہیں جو اردو کے کسی اور لغت میں موجود نہیں ہیں۔

یہ فرہنگ اخبار نویسوں، مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کے لئے علی الخصوص مفید رہے گی۔

ہم مصنف کو اس مہتم بالشان کارنامہ ——— پر مبارکباد دیتے ہیں۔

www.urduchannel.in

اولڈ بوائے علی گڈھ

فرہنگ عامرہ: قرمزی جلد کی ایک نہایت خوشنما لغات اس وقت ہمارے پیش نظر ہے جس کو محمد عبداللہ خاں خویشگی نے سالہا سال تک شبانہ روز کی عرقریزی اور کاوش کے بعد مرتب کی ہے۔

یہ بہت سی اچھوتی اور مستثنیٰ خوبیوں کی حامل ہے جو کسی دوسری متداول لغت میں نہیں پائی جاتی ہیں۔

ہماری رائے میں اس قابل قدر لغت کو صوبجات سرحد، سندھ، بنگال اور مملکت آصفیہ میں علی الخصوص رواج دینے کی ضرورت ہے۔ جہاں آجکل اردو اشاعت پذیر ہے، تاکہ وہاں کے نوآموز لوگوں کو زبان کے سمجھنے، بولنے اور کتابیں و اخبارات کے پڑھنے میں فرہنگ عامرہ سے پوری مدد حاصل ہو۔

ہمیں امید ہے کہ مؤلف کی ہر طریقہ پر حوصلہ افزائی کی جاوے گی۔

زمانہ کانپور

فرہنگ عامرہ: اس نام سے محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی نے عربی، فارسی، ترکی کی لغات کا ایک کارآمد فرہنگ تیار کیا ہے۔ جس میں کئی ہزار الفاظ و اصطلاحات کے معنی درج ہیں اور ہر لفظ کے سامنے بریکیٹ میں اس کا تلفظ بھی دیدیا گیا ہے۔ جس سے لفظ کا صحیح تلفظ معلوم ہو جاتا ہے۔

حریم لکھنؤ

زبان اردو کو ایک ایسی فرہنگ کی ضرورت تھی جو موجودہ زمانہ کی ضرورتوں کو پورا کرے اور اس میں آجکل کے مروج اور جدید الفاظ ہوں۔ فرہنگ عامرہ نے اس کمی کو پورا کر دیا ہے

www.urduchannel.in

یہ اردو کی پہلی فرہنگ کہی جاسکتی ہے جو بلحاظ ترتیب، کتابت، طباعت اور قیمت، اردو لٹریچر میں ایک قابل قدر اضافہ ہے۔

ہم وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ اردو میں اب تک اسقدر جامع اور کارآمد لغت نہیں شائع ہوئی ہے۔ ہر اردو داں کو اپنے پاس اس کی ایک جلد رکھنا چاہیئے۔

محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایسی مفید کتاب کو پیش کرکے صحیح معنوں میں ملک اور قوم کی خدمت کی ہے۔

پرتاب لاہور

عرصہ سے ایک ایسے لغت کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ جس میں فارسی، عربی اور ترکی کے ان الفاظ کا جو عام استعمال میں آتے ہیں انھیں اردو کا جامہ پہنایا جائے۔

مولوی عبداللہ خاں خویشگی نے فرہنگ عامرہ تالیف کرکے اس ضرورت کو پورا کردیا ہے اور ایسا مجموعہ پوری کاوش اور محنت سے مرتب کیا ہے۔

اس لغت سے پہلے کئی لغت شائع ہوچکی ہیں مگر ان میں وہ ترتیب اور ضبط نہیں جو فرہنگ عامرہ میں ہے۔ یہ لغت بالکل انگریزی طرز پر تیار کی گئی ہے۔

انجام غازی آباد

اس وقت ۵۹۶ صفحات کی ایک ضخیم لغت "فرہنگ عامرہ" ہمارے سامنے ہے۔ جس کی ترتیب کا سہرا جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کے سر ہے۔

ہمیں اچھی طرح معلوم ہوا ہے کہ جناب خویشگی صاحب اس کتاب کی تالیف میں لگاتار چار پانچ سال تک شب و روز محنت کرتے رہے۔

کتاب کے مطالعہ سے اس امر کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ جہاں تک ہماری معلومات کا تعلق ہے اب تک ہمارے یہاں کوئی ایسی عمدہ و بہترین لغت موجود نہیں تھی۔

www.urduchannel.in

خویشگی صاحب نے اردو زبان پر احسان عظیم کیا ہے اور ہمیں توقع ہے کہ اہل علم حضرات اس کی پوری قدر کریں گے۔

قومی گزٹ غازی آباد

فرہنگ عامرہ :۔ عبداللہ خاں صاحب خویشگی رئیس خورجہ نے درحقیقت ایک ایسی لغت تالیف کی ہے جو موجودہ دور تعلیم کے لئے بیحد مفید ہے۔ اب تک جس قدر لغت ترتیب دی گئی ہیں ان کو ایک ایسی لغت نہیں کہا جا سکتا جس سے معمولی استعداد کے طلبہ اور اعلیٰ استعداد کے اساتذہ یکساں مستفید ہو سکیں۔ ان خوبیوں کی حامل اگر کوئی لغت ہو سکتی ہے تو وہ "فرہنگ عامرہ" ہی ہے۔

اتنی خوبیاں یکجا جمع کر دینا مؤلف کی محنت کی داد دینے پر مجبور کرتی ہیں اور ہم دعوے کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ لغت فرہنگ عامرہ کو دیکھ کر ہر صاحب ذوق سلیم غریبے بغیر نہیں رہ سکتا۔

وطن دہلی

مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے "فرہنگ عامرہ" نامی ایک جامع لغات کی تدوین فرما کر درحقیقت اردو علم ادب کی شاندار خدمت انجام دی ہے جو سلسلہ ترقی اردو کی اہم کڑی ہے۔ لغات مذکور کی تدوین و ترتیب میں جدید اصول تالیف کو سختی کے ساتھ مدنظر رکھا گیا ہے

فرہنگ عامرہ واقعی عربی، فارسی اور ترکی لغات کا خزانہ ہے۔

پیسہ اخبار لاہور

فرہنگ عامرہ :۔ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے فرہنگ عامرہ

www.urduchannel.in

کا ایک نسخہ برائے ریویو ہمارے پاس بھیجا ہے۔ یہ کتاب خاں صاحب نے بچوں کے لئے تالیف کی ہے، جو موجودہ زمانہ کی علمی ضرورتوں کو کما حقہ پورا کرتی ہے۔ ادیب اور ادیب عالم وغیرہ کے امتحانوں کی تیاری کے لئے یہ لغات بڑی مفید ہے۔ یہ فرہنگ اپنی ظاہری اور معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت مفید ہے۔

اداکار لاہور

ہماری رائے میں یہ لغت ماہرین زبان اور معمولی لکھے پڑھوں کے واسطے حد درجہ مفید ہے۔ خصوصیت سے کالجوں اور اسکولوں کے طلبار کے لئے یہ لغت ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

غرضکہ یہ لغت اپنی ظاہری و معنوی خوبیوں کے امتیاز سے بہت ہی مفید و دلکش ہے جس کے لئے اس کتاب کے قابل تالیف کنندہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی مبارکباد کے مستحق ہیں۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی

صدر مدرس دارالعلوم دیوبند

یہ کتاب اپنے نئے اسلوب پر نہایت عرقریزی سے تیار کی گئی ہے اور ہندوستان کے اردو خوان طلبہ کے لئے بہت زیادہ نافع اور مفید ہے۔ میرا خیال ہے کہ نہ صرف اسکول اور کالج کے طلبہ بلکہ ان کے مدرسین بھی اس سے مستغنی نہیں ہو سکتے۔ ان کے لئے تعلیم و تعلم کے سلسلہ میں یہ کتاب آب حیات کا کام دے گی۔ نیز ارباب علم اور شائقین اردو فارسی کے لئے بھی نہایت کارآمد ہے۔

میں علم دوست طبقہ سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس کتاب کی اشاعت میں بیش از بیش حصہ لیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ مؤلف موصوف کو

www.urduchannel.in

اس علمی خدمت کی جزائے خیر عطا فرمائے اور عام وخاص اہل ہند کو اس سے نفع حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔ آمین !

عصمت دہلی

ہر ترقی یافتہ زبان میں ایسی لغات موجود ہوتی ہیں جو لسانی ضروریات کو پورا کریں۔ اردو میں چند لغات ایسی تو ضرور ہیں جنھیں عمدہ کہا جاسکتا ہے، مگر ایسی کوئی نہیں تھی جس میں زبان کے تمام متعلقات موجود ہوں

شکر ہے عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے، سالہا سال کی محنت، عرقریزی کے بعد "فرہنگ عامرہ" کو ترتیب دے کر اس کمی کو بڑی حد تک پورا کر دیا۔ اس میں ایسی خصوصیات ہیں جو اسے تمام دوسری لغات سے ممتاز کرتی ہیں۔

جناب پروفیسر رشید احمد صاحب صدیقی صدر شعبہ اردو مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

فرہنگ عامرہ میں ان تمام الفاظ کے معنی اور تلفظ نہایت واضح اور جامع طریقہ سے دیے گئے ہیں جو اردو میں عام طور سے مروج ہیں۔

قابل مؤلف نے بڑی محنت اور تحقیق سے کام لیا ہے۔ اور یہ دیکھ کر اور تعجب ہوتا ہے کہ انھوں نے ایک خالص علمی اور تحقیقی کام کو ایسے مقام و ماحول میں رہ کر انجام دیا جو ایسے کام کے لئے موزوں نہ تھے۔

فرہنگ عامرہ کی تالیف بڑی عرقریزی، قابلیت اور ذمہ داری کا کام ہے، اور مجھے بڑی خوشی ہے کہ خانصاحب ممدوح اپنے فرائض سے عہدہ برآ ہونے میں پورے طور پر کامیاب ہوئے ہیں۔

مجھے امید ہے کہ اس فرہنگ کی پذیرائی اردو داں طبقہ میں نہایت فراخ دلی سے ہوگی۔

www.urduchannel.in

سوراجیہ دہلی

اردو زبان میں اب تک کوئی مستند اور مکمل لغت نہ تھی جو جملہ ضروریات پر حاوی ہو سکتی۔ حالانکہ ویسے کئی لغت تھیں مگر وہ ناکافی خیال کی جاتی تھیں۔ اس کمی کو جناب عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے "فرہنگ عامرہ" تصنیف کرکے پورا کر دیا۔

دوسرے الفاظ میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ خانصاحب موصوف نے اپنے اس کارنامہ سے اردو زبان میں نئے سرے سے جان ڈالدی ہے۔

فرہنگ عامرہ ایک جامع اور مکمل لغات ہے جس کا مطالعہ خاصکر طلباء کے لئے بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

میں جناب عبداللہ خاں صاحب کو خصوصاً ایک عظیم الشان کارنامے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ امید کامل ہے کہ اردو داں طبقہ اس جانفشانی کا اعتراف کرے گا۔

حضرت مولانا طیب صاحب قاسمی ناظم دارالعلوم دیوبند

ذخیرۂ لغت پر زبان کا، اور زبان پر تمدنی شائستگی کا بہت حد تک دارومدار ہے۔ اجتماعی زندگی میں تعارف و تعاون باہمی کے لئے پہلا سابقہ زبان ہی سے پڑتا ہے، عمل دوسرے درجہ کی چیز ہے، اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ "زبان ولغت" متمدن انسان کی پوری زندگی کا ۱/۲ حصہ ہے، جس پر اُس کی عملی زندگی کی، جو زندگی کا نصف ثانی ہے، خوبی وخرابی موقوف ہے اور اس لئے پوری زندگی کو شائستہ بنانے کے لئے ناگزیر ہوگا کہ زبان اور تعبیر کو درست اور بامحاورہ کیا جائے اور ذخیرۂ لغت کی فراہمی اور اس کے صحیح تلفظ کی ترجمانی

www.urduchannel.in

میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا جائے۔

میرے محترم دوست عبداللہ خاں صاحب خوشگی خورجوی مبارک باد کے مستحق ہیں جنھوں نے اس مقصد کی تکمیل کے لئے "فرہنگ عامرہ" کے نام سے چالیس ہزار لغات کا ذخیرہ جمع فرمادیا اور ساتھ ہی ہر ہر لغت کے صحیح تلفظ اور رجحان کے لئے ایسی مقبول صورت اختیار کی کہ یہ مقصد بغیر کسی عبارت وعنوان کے محض اعراب اور نشست کلمات سے حاصل ہوجاتا ہے۔ کتاب بحیثیت مجموعی اردو ادب کی ایک بے نظیر خدمت ہے، خدا تعالیٰ قبول فرمائے اور اردو خواں طبقہ کے لئے اُسے مشعل راہ بنائے۔

امید ہے کہ اہل زبان اسے قدر کے ہاتھوں لیں گے اور مصنف کو دعائے خیر سے فراموش نہ کریں گے۔

نگارستان دہلی

جہاں تک ہمیں تحقیق ہے اردو زبان میں یہ فرہنگ اپنی قسم کی واحد فرہنگ ہے جو انگریزی ڈکشنری کے اصول پر تالیف کی گئی ہے۔

خورجہ جیسی غیر ادبی سرزمین میں بیٹھ کر الفاظ کے اتنے بڑے ذخیرہ کو یکجا کرنے میں مولوی عبداللہ خاں صاحب خوشگی نے جو کوشش کی ہے وہ اس کے لئے مستحق تبریک وتحسین ہیں۔

ہماری رائے میں اس قابل قدر لغات کو اردو کی ترویج کے لئے ہر جگہ رواج دینے کی ضرورت ہے، تاکہ نوآموز طالبان اردو زبان کے سمجھنے بولنے اور کتابیں واخبارات کے پڑھنے میں اس فرہنگ سے استفادہ کرسکیں۔

امید ہے کہ حامیان ترقی اردو اسے قدر کے ہاتھوں لیں گے۔

www.urduchannel.in

ہمجولی دہلی

اردو زبان و ادب کے شیدائیوں کو یہ معلوم کرکے خوشی ہوگی کہ فرہنگ عامرہ کے نام سے لغت کی ایک نہایت مفید کتاب شائع ہوگئی ہے، یہ لغت جناب عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی کی محنت اور ادبی ذوق کا نتیجہ ہے۔

آپ نے اس فرہنگ میں ایسے چالیس ہزار الفاظ جمع کردئے ہیں جو اسکولوں اور کالجوں کے طلباء کی ضروریات کی بہت بڑی حد تک پورا کرسکتے ہیں۔

فرہنگ عامرہ یقیناً لغت کی ایک مفید کتاب ہے اور ہمارا مشورہ یہ ہے کہ جو لوگ لغت کی کتاب خریدنے والے ہوں وہ فرہنگ عامرہ کو کم سے کم دیکھ ضرور لیں۔ گمان غالب یہی ہے کہ وہ اسی کو خریدنا پسند کریں گے۔

حسان العصر حضرت احسن مارہروی سابق پروفیسر اردو مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

اس وقت تک جتنی کتب لغت متداول ہیں، ان کی ضخامت، گیزان کی عبارت طلباء کی برداشت اور قدرت فہم سے باہر ہے، اس صورت میں کسی جامع و مانع لغت کا شائع ہونا، پڑھنے، پڑھانے والوں کے لئے افادہ و استفادے کا بہترین ذریعہ ہے۔

مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی قابل مبارکباد ہیں کہ انھوں نے ایک ایسا مجموعۂ لغت اپنی پوری محنت اور گہری کاوش سے مرتب کیا ہے۔ جس میں چالیس ہزار الفاظ ضروری تشریح اور مناسب تصریح کے ساتھ فراہم ہوگئے ہیں۔ اس سے پہلے لغات کشوری وغیرہ کی طرح اور کتب لغت بھی شائع ہوچکی ہیں، لیکن ان میں وہ شرح و بسط اور قید و ضبط نہیں جس سے فرہنگ عامرہ

www.urduchannel.in

معمور ہے۔ مروجہ انگریزی لغات کی ترتیب کے مطابق اسکو مرتب کیا ہے۔ ہر لغت کے تحت میں ضروری اور مفید معنی و مفہوم کے اندراج سے کام لیا گیا ہے۔ فضولیات کو یکسر ترک کر دیا ہے اور تمام وہ لغات جو مروجہ کتب نصاب میں پائے جاتے ہیں۔ فرہنگ عامرہ میں یکجا کر دئے گئے ہیں۔

ایک نمایاں اور مفید ترین خصوصیت، صحیح تلفظ کا اظہار و التزام ہے، جس کی وجہ سے طلبہ غلط تلفظ کی ابتلا سے بچے رہیں گے اور بغیر کسی کی مدد کے صحت الفاظ پر اعتماد حاصل کر سکیں گے۔

مؤلف موصوف نے یہ علمی فرض کفائی پوری کامیابی کے ساتھ پورا کیا ہے۔ طلبہ غلطی کریں گے۔ اگر ایسے کارآمد لغت سے کام نہ لیں گے۔ اس کا مطالعہ یقیناً ان کو دوسرے لغتوں سے مستغنی کر دے گا اور امتحان کے وقت بآسانی کامیابی کا اطمینان دلائے گا۔

جناب خواجہ غلام السیدین صاحب ڈائرکٹر سررشتہ تعلیمات ریاست کاشمیر

آپ نے اس فرہنگ کو بہت محنت اور قابلیت سے مرتب کیا ہے اور اب سے پہلے جس مقصد کے لئے ضخیم کتابوں کی طرف رجوع کرنا ہوتا تھا وہ اب آپ کی اس فرہنگ سے حاصل ہو سکتا ہے۔

خدا کرے آپ کی یہ ادبی اور لسانی کوشش مشکور ہو۔

جناب قاضی سید محمد احمد صاحب کاظمی ایم۔ ایل۔ اے (انسٹرل)
ایڈوکیٹ الہ آباد ہائی کورٹ

زمانہ کی تبدیلی کے ساتھ زبان کی تبدیلی ایک فطری امر ہے۔ لیکن اور زبانوں کے مقابلہ میں اردو زبان میں جو تبدیلیاں ہو رہی ہیں وہ بہت زیادہ ہیں۔ ایسے وقت میں عبداللہ خاں صاحب خویشگی نور جوی کی خدمت نہایت قابل قدر ہے۔

www.urduchannel.in

انھوں نے فرہنگ عامرہ ترتیب دے کر ایک بڑی ضرورت کو پورا کر دیا۔ تقریباً چالیس ہزار الفاظ کو یکجا کر کے اور ان کے صحیح تلفظ، معنی اور ماخذ تحقیق سے جمع کر کے انھوں نے پبلک کے سامنے ایک خزانہ پیش کر دیا ہے۔

ظاہر ہے کہ ایسی جامع کتاب کی تیاری کے لئے بحر علمی کے ساتھ حد درجہ کی محنت و کاوش کی ضرورت ہے اور یہ کتاب برسوں کی سعی و کوشش کا نتیجہ ہے۔

میں مولوی عبداللہ خاں صاحب کو اس کی تکمیل پر مبارک باد دیتا ہوں، انھوں نے اردو زبان پر ایک بڑا احسان کیا ہے اور امید ہے کہ اس کی ہر طبقہ کے حضرات پوری قدر کریں گے۔

آتا ترک دہلی

اس لغت کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ایک نوجوان جس کو اردو سے شوق ہو لیکن اردو کے تلفظ سے ناآشنا ہو، بغیر کسی دوسرے کی امداد کے اس کتاب کے مطالعہ سے اپنی خواہش پوری کر سکتا ہے۔

اس کتاب کی جس قدر بھی تعریف کی جائے کم ہے، ضرورت ہے کہ ملک کا اردو زبان سے دلچسپی رکھنے والا طبقہ کتاب کی قدر کرے۔ ہمارے خیال میں اس کتاب کو ملک کی تمام یونیورسٹیوں کے نصاب میں داخل کرنا چاہیئے۔

نگار خانہ دہلی

عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی نے جس محنت و جانفشانی سے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔ وہ قابل صد ستائش و داد ہے۔ قدیم و جدید اردو کے الفاظ میں کوئی ایسا لفظ نہیں معلوم ہوتا، جو آپ نے چھوڑ دیا ہو۔

www.urduchannel.in

سرپنچ لکھنؤ

سرپنچ کے کالموں میں آپ سرپنچی لغات تو عرصہ تک ملاحظہ فرما چکے ہیں، اب آج ایک ایسی لغت پر تبصرہ کیا جا رہا ہے جو صحیح معنوں میں اردو کی پہلی مکمل ڈکشنری کہلانے کی مستحق ہے۔

دراصل فرہنگ عامرہ کی تالیف مولانا محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کا ایک کارنامہ عظیم ہے۔

عالمگیر لاہور

مدت سے اردو میں ایک ایسے لغت کی ضرورت تھی جو جامع ہونے کے علاوہ اخبار نویسوں مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کی ضروریات کو پورا کرے۔ ہمیں مسرت ہے کہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے بے انتہا محنت و کاوش سے ایک ایسا لغت مرتب کیا ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ کی تشریح کی گئی ہے۔

مرتب نے انتہائی عرقریزی اور شبانہ روز کاوش سے کام لیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ حامیان اردو کے حلقہ میں اس لغت کا پرجوش خیر مقدم کیا جائے گا۔

محشر خیال دہلی

جناب محمد عبداللہ صاحب خویشگی نے نہایت محنت اور کاوش کے بعد تقریباً چالیس ہزار الفاظ کو کتابی شکل میں جمع کر کے لغت کی کتاب تیار کی ہے۔ اس کا نام فرہنگ عامرہ رکھا گیا ہے۔

مؤلفین اور مصنفین اور شائقین ادب اردو کے لئے فرہنگ عامرہ ایک ضروری کتاب ہے۔

www.urduchannel.in

جناب سید سجاد حیدر صاحب یلدرم سابق رجسٹرار مسلم یونیورسٹی علیگڑھ

یہ فرہنگ مغربی ڈکشنریوں کے طرز پر لکھی گئی ہے، جس سے الفاظ کے ڈھونڈنے میں بہت آسانی ہوتی ہے۔ الفاظ کے معانی مختصر مگر صحیح اور تشفی بخش دیئے گئے ہیں۔

جناب پروفیسر الیاس صاحب برنی ایم اے۔ ایل۔ ایل۔ بی

ناظم دارالترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن

مدت سے اردو میں ایسے مختصر اور جامع فرہنگ کی ضرورت تھی، اس کتاب نے بڑی حد تک، یہ ضرورت پوری کر دی۔ الفاظ کی ترتیب، معنی کی مختصر تفہیم اور خاکر تلفظ کی توضیح، اس فرہنگ کی یہ خصوصیات بہت مفید ہیں۔

مصنفین اُردو دہلی

اردو زبان کا بالکل جدید چالیس ہزار با تلفظ لغات کا خزانہ ہے، فرہنگ کو دور حاضرہ کے قالب میں ڈھالنے کی ہر امکانی کوشش کی گئی ہے۔ نہایت جامع اور پر از معلومات ہے۔

عزیز ہند جھانسی

فرہنگ عاصرہ جس میں تقریباً چالیس ہزار فارسی، عربی اور ترکی کے الفاظ جمع کئے گئے ہیں۔ ایک نادر ڈکشنری ہے۔

کوئی کمی ایسی نہیں ہے جو اس میں پوری نہ کی گئی ہو۔

نیرنگ خیال لاہور

www.urduchannel.in

اس لغت میں چالیس ہزار الفاظ ہیں جن کے تلفظ کا طریقہ بتلاتے ہوئے اُن کے معانی بھی بتلائے گئے ہیں۔

یہ جدید طرز کا لغت مڈل اور ہائی کلاسوں کے لئے بیحد مفید ہوگا۔

مولوی محمد مظہر اللہ صاحب اسسٹنٹ رجسٹرار عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن

یہ بڑی مفید کتاب ہے اور جدید طرز پر مرتب ہوئی ہے۔

نشور دہلی

"فرہنگ عامرہ" محمد عبداللہ خاں خویشگی کی تالیف ہے۔ اس میں ایسے چالیس ہزار مرکب اور مفرد الفاظ جمع کئے گئے ہیں جو اردو زبان میں معمولاً بولے اور لکھے جاتے ہیں۔ ہر لفظ کے معنی تحقیق کے ساتھ درج کئے گئے ہیں اور اعراب لگا کر اور الفاظ کا تجزیہ کرکے صحیح تلفظ بتائے گئے ہیں۔ الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے مطابق ہے اور بالکل دورِ حاضر کے دستور کے مطابق۔ اس لئے الفاظ کی تلاش میں بڑی سہولت ہوتی ہے۔

یہ فرہنگ طلباء کے لئے اور ان سب لوگوں کے لئے مفید ہے جو مطالعہ سے دلچسپی رکھتے ہیں۔

نوائے وطن

فرہنگ عامرہ عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی دماغ سوزی کا کامیاب نتیجہ ہے۔ مؤلف نے تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیا ہے۔ انگریزی لغت کے مانند ہر لفظ کے ٹکڑے کر دیئے گئے ہیں تاکہ تلفظ

www.urduchannel.in

ادا کرنے میں آسانی ہو۔

عبداللہ صاحب کی یہ کوشش زبان اردو پر بڑا بھاری احسان ہے۔ کتاب نہایت مفید ہے اور قیمت بہت کم۔

پیغام وطن دہلی

اردو زبان میں ہندی، عربی، فارسی اور ترکی زبان کے بے انتہا الفاظ داخل ہیں۔ مگر موجودہ زمانہ میں جو لغات پائی جاتی ہیں۔ اُن میں محض پرانی اصطلاحات ملتی ہیں۔ جدید اصطلاحی الفاظ اور ان کے معانی کا نام و نشان بھی نہیں۔

عرصہ سے ایک ایسی لغت کی ضرورت تھی، جس میں دورِ حاضرہ کے اصطلاحی معنے درج کئے گئے ہوں۔ ہمیں خوشی ہے کہ مصنف ممدوح نے فرہنگ میں اس ضرورت کو پورا کر کے اردو پر احسان کیا ہے۔ اس میں قریب چالیس ہزار الفاظ کے معنے دئے گئے ہیں۔ جن کی زبان نہایت ہی آسان ہے۔

مصنف اردو کے حامیوں کے شکریہ کے مستحق ہیں۔

نیشنل گزٹ دہلی

فرہنگ عامرہ ہی صرف ایک ایسی مستثنیٰ لغات ہے جو زمانہ جدیدہ کے مطابق ہے اور اُردو زبان کو ملک میں رواج دینے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہے ادائے تلفظ کا طریقہ اس قدر مفید اور کارآمد ہے جس سے ہر شخص مستفید ہو سکتا ہے۔ اس لئے حامیان اُردو کو یہ کتاب خریدنا اور اس کو ملک میں رواج دینا چاہیے۔

www.urduchannel.in

رائٹ آنریبل ڈاکٹر سر تیج بہادر سپرو

صدر آل انڈیا انجمن ترقی اردو

میں آپ کی عنایت کا بہت ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے ایک جلد اپنی کتاب کی عطا فرمائی۔ اس عرصہ میں میں نے چند بار آپ کی کتاب کا مطالعہ کیا۔ میں بہت خوش ہوں کہ "ایسی فرہنگ" اس وقت شائع ہوئی۔ میری رائے ناقص میں یہ نہایت مفید ثابت ہوگی اور ہم سب کو جنکو کہ اردو سے تعلق ہے آپ کا احسان ماننا پڑے گا کہ آپ نے اس قدر محنت کے ساتھ اس کتاب کو طیار کیا۔

یہ لغت نہایت قابل قدر ہے۔

حق لکھنوی

فرہنگ عامرہ۔ عربی، فارسی اور ترکی لغات کا بالفظ مخزن مؤلفہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی اسوقت ہمارے روبرو ہے۔ اس میں چالیس ہزار بالفظ لغات کا خزانہ محفوظ ہے جو ترقی اردو کے سلسلہ میں ایک قابل قدر اور غیر فانی چیز ہے۔

کہنے کو تو یہ لغت طالب علموں کے لئے لکھا گیا ہے۔ لیکن ہماری آزاد رائے یہ ہے کہ یہ لغت مبتدی اور منتہی دونوں کے لئے یکساں طور پر مفید ہے۔ مصنف نے اس کی ترتیب و تدوین میں انتہائی دقت نظر، محنت اور تلاش و تحقیق سے کام لیا ہے پورے لغت کو دیکھ جائیے، ایک جملہ، ایک لفظ یا ایک حرف بھی خلاف تہذیب نہ ملے گا۔ ورنہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ اعضاء و اعصاب کا ترجمہ نہایت غلیظ الفاظ میں پیش کیا گیا ہے۔ فرہنگ عامرہ اس قسم کی تمام لغویات اور لسانی مکروہات سے پاک و صاف ہے۔

www.urduchannel.in

عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی یہ مایۂ ناز پیشکش، اُن کی ادبی دفنی جد وجہد اور علمی زندگی کا ایک ایسا کارنامہ ہے جسکو محفوظ رکھنے اور اس کے فوائد کو عام و وسیع کرنا ہر فرد قوم کا اولیں فرض ہے۔

اردو طالب علموں اور اناڑی ادبا و شعرا کے لئے عموماً یہ ایسی مشعل راہ ہے جس کی روشنی میں ذہن و نگاہ کی مجبوریاں غبار کارواں بن سکتی ہیں۔ غرض جدت، ندرت اور بلاغت کی وہ تمام مثالیں جو کسی ذخیرۂ لغت کے لئے ضروری ہو سکتی ہیں فرہنگ عامرہ میں ایک ایک لفظ کے ساتھ موجود ہیں۔

محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی یہ خلوص بھری پیشکش قابل قبول اور لائق ستائش ہے۔ خدا کرے ملک کے طول و عرض میں اسکا طوطی بولے اور ملک کے ہر چھوٹے بڑے تعلیمی اداروں، انجمنوں، مجلسوں میں اسکو ممتاز جگہ ملے۔

جناب آصف علی صاحب بیرسٹر دہلی۔ ایم۔ ایل۔ اے (سنٹرل)

آپ نے ایک بڑی مہم سر کی ہے اور جس محنت سے آپ نے یہ کام انجام دیا ہے وہ مبارکباد کی مستحق ہے۔ ہر ایک شخص صراح اور قاموس اور بڑی بڑی ضخیم لغت کی کتابیں ہر وقت پاس نہیں رکھ سکتا مگر مختصر ضرورت فرہنگ عامرہ سے قطعی پوری ہو جانی چاہیئے۔

عصر جدید کلکتہ

خورجہ ضلع بلند شہر کے جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایک جدید لغت "فرہنگ عامرہ" کے نام سے تصنیف کی ہے جس کی ایک جلد ہمارے پاس تبصرہ کے لئے آئی ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کے معنی بیان کئے گئے ہیں۔

اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ الفاظ کے ساتھ ساتھ ان کا تلفظ بھی دے دیا گیا ہے اور یہ جدت بیحد قابل تحسین ہے۔ ہم نے جابجا سے اس کو دیکھا۔ حقیقت یہ ہے کہ اردو

www.urduchannel.in

زبان کے طلبہ ہی کے لئے نہیں بلکہ اساتذہ کے لئے بھی یہ مجموعہ بیحد مفید ہے۔ ضرورت کے تمام الفاظ اس میں موجود ہیں۔ جہاں تک ہم نے اندازہ کیا ہے عربی کے جدید الفاظ بھی اس میں لے لئے گئے ہیں۔

ہم کو معلوم ہے کہ اسکول اور مدارس کے طلبہ اس قسم کی جامع لغات کی تلاش میں رہتے ہیں بنا بریں اسکولوں اور مدارس کے تمام طلبہ سے ہم سفارش کرتے ہیں کہ وہ ضرور کتاب منگوا کر اپنے پاس رکھیں۔ اتنی جامع لغت کی کتاب ایسی خوبصورت تقطیع پر شاید اب تک ہماری نظروں سے نہیں گذری ہے۔

مصنف صاحب یقیناً ملک کے اہل علم کی طرف سے بہت افزائی کے مستحق ہیں۔

حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب صدر جمعیت العلماء ہند

یہ کتاب عربی، فارسی، ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کا بیش بہا خزانہ ہے۔ فاضل مؤلف نے الفاظ کے صحیح تلفظ کو اعراب کے ذریعہ واضح کرنے کی سعی مشکور فرمائی ہے جو لغت کی تالیفات میں ایک مفید اضافہ ہے۔

میرا خیال ہے کہ اس قسم کی سہل الماخذ مفید اور کوئی کتاب موجود نہیں ہے، جو اہل علم تحریر و انشاء سے دلچسپی رکھتے ہیں ان کیلئے یہ کتاب بیحد کارآمد ہے۔

حق تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر دے اور اس تالیف کو مقبولیت عامہ کے خلعت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔

شاہکار لاہور

یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوتی ہے کہ اکثر ہندوستانی تعلیمات و ادبیات سے اب خاص دلچسپی لے رہے ہیں اور ان کی یہ کوششیں بڑی حد تک کامیاب ہو رہی ہیں کہ رفتار زمانہ کے ساتھ تعلیم و تعلم میں جو بہتر تبدیلیاں ہو گئی ہیں، ان کے مطابق پرانے

www.urduchannel.in

مشرقی انداز کو بھی نیا رنگ دیا جائے۔

اسی سلسلہ میں مولوی محمد عبداللہ خاں خوشگی نے ایک ایسا مجموعہ لغت مرتب کیا ہے۔ جسے ہر لحاظ سے جامع کہا جا سکتا ہے۔ کتاب انگریزی ترتیب کے مطابق ہے اور اس کی تکمیل اس خوبی سے کی گئی ہے کہ اس میں موجودہ زمانہ کی ہر علمی ضرورت پیدا کرنے کی صلاحیت ہے۔

کتاب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے اس کا صحیح تلفظ درج ہے اور الفاظ کے معنی جامعیت اور اختصار کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں۔ ہر مصدر کے ساتھ اسکا مضارع بھی موجود ہے اور ہر حرف کی تقطیع کے شروع میں ان حروف کو مثالوں کے ساتھ دیا گیا ہے جن سے اس کا بدل ہے۔

دیباچے نے کتاب کی خوبیوں میں اور اضافہ کر دیا ہے۔ نئے نئے الفاظ کے لئے اس میں جہاں انسلاک الصدور اور توابعات ترکیبی کی فہرست دی گئی ہے وہاں عام فارسی اسماء کی جمع بنانے کا قاعدہ بھی لکھ دیا گیا ہے۔ معنوں میں روزمرہ کی شستگی، مجلسی رواداری، تہذیب اور سنجیدگی کا لحاظ رکھا گیا ہے اور بے رواج چیزوں کی جگہ ہزاروں نئے اقتصادی، تمدنی اور سیاسی الفاظ داخل کر دئے گئے ہیں۔

مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب نے یہ قابل قدر فرہنگ مرتب کر کے زبان پر ایک بہت بڑا احسان کیا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ ملک کے علمی و ادبی حلقوں میں اس کی بہت قدر ہوگی۔

ویش سماچار دہلی

فرہنگ عامرہ۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ ایک لغت ہے جسمیں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً پچاس ہزار الفاظ یکجا کر دئے گئے ہیں۔ عبداللہ خاں خوشگی نے درحقیقت یہ ایک ایسی لغت تالیف کی ہے جو موجودہ دور تعلیم کے لئے بے حد مفید ہے۔

www.urduchannel.in

خویشگی صاحب نے زبان کی بڑی خدمت کی ہے۔ اہل علم کو اسکی پوری قدر کرنی چاہیئے۔

دین دنیا دہلی

فرہنگ عامرہ عربی اور فارسی الفاظ کی (جن میں مستعمل ترکی الفاظ بھی شامل ہیں) ایک مختصر اور جامع فرہنگ ہے۔ ترتیب و تالیف فرہنگ میں زیادہ تر انگریزی سکولوں اور کالجوں میں پڑھنے والے طالب علموں کی ضرورتوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ اس لئے فرہنگ عامرہ مذکور طالب علموں کے لئے ایک جامع، مختصر، سستی اور مفید لغت ہے جس سے فائدہ اٹھانا بڑی لغتوں کے مقابلہ میں ان کے لئے زیادہ آسان ہے۔

امید ہے کہ قابل مؤلف کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور اسکولوں اور کالجوں میں فرہنگ عامرہ بہت جلد کافی مقبولیت حاصل کرلے گی۔

نواب ابوالمعظم سراج الدین احمد خانصاحب سائل

جانشین استاد داغ

مؤلف موصوف نے جس خوبی و انتظام سے اتنا ضخیم لغت فراہم کیا قابل ستائش ہے الفاظ کے تلفظ کی صحت کی غرض سے جو اہتمام حروف مقطعات کی صورت میں کیا ہے یہ ان کی اختراع ہے، جو کم مایہ استعداد کے لوگوں کو تصحیح تلفظ لغات میں مشعل راہ ہے۔ یہ مجموعہ خط نسخ میں اس غرض سے مدون کیا گیا ہے جس سے مقصود یہ ہے کہ کم استطاعت کے لوگوں کے ہاتھوں تک پہونچ جائے۔ جہانتک میں دیکھ سکا، اسکی خوبیوں کا مجھے اعتراف ہے۔

مؤلف کے متعلق میرے ہاتھ دعا کیلئے اٹھتے ہیں۔ خدائے توانا و تقدیس اس کی عمر میں برکت دے۔ ذوق مطالعہ میں اضافہ فرمائے اور مبارک باد دیتا ہوں اس کو جسے میں اپنا قوت بازو جانتا ہوں اور فیروز بھائی کہکر خطاب کرتا ہوں۔

مجھے امید ہے کہ یونیورسٹیوں کے کتبخانے جتنے ہندوستان میں ہیں اور پرائیویٹ کالج

www.urduchannel.in

دمدارس وغیرہ کے کتبخانوں کے لیے اس فرہنگ عامرہ کو موجب زینت سمجھیں گے۔ اور شایقین ادب اردو اسے نعمت غیر مترقبہ جانیں گے اور اس کے مطالعہ سے عام و خاص فوائد کثیر حاصل کریں گے۔

انوکھی دنیا لاہور

فرہنگ عامرہ میری نظر میں:۔

فاضل مؤلف نے چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کو اس خوبی و قابلیت سے مرتب کیا ہے کہ ایک بڑے سے بڑے دارالعلوم کو فرہنگ عامرہ کی موجودگی میں کسی دوسری لغت کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ مؤلف نے طالب علموں اور عالموں پر یکساں احسان کیا ہے اس تالیف کے لیے وہ مستحق مبارک باد ہیں۔ میں ضرورتمند اصحاب سے اس کے خریدنے کی سفارش کرتا ہوں۔ (اڈیٹر)

کامیاب دہلی

زبان اردو کے شاداب چمن میں ایک اور پھول کھلا۔ اس نئے پھول کا نام فرہنگ عامرہ ہے مدت سے ایک ایسی فرہنگ کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی جو اردو کی جملہ ضروریات پر حاوی کہی جا سکے۔ اب یہ دیکھ کر ہمیں بیحد مسرت ہوئی کہ غور جہ کے مولوی عبداللہ صاحب خویشگی نے نہایت ذمہ داری اور ہوشمندی کے ساتھ فرہنگ عامرہ مرتب کر کے ضرورتمندوں کے سامنے پیش کر دی۔

فرہنگ عامرہ کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ مغربی ڈکشنریوں کے طرز پر مرتب ہوئی ہے اور الفاظ کا تلفظ سمجھانے کا بہت ہی آسان طریقہ استعمال کیا گیا ہے۔

ہمارا خیال ہے کہ "فرہنگ عامرہ" اخبار نویسوں اور مترجموں اور طالب علموں کے لیے خصوصیت سے کارآمد ثابت ہوگی۔

www.urduchannel.in

خوشگی صاحب اس شاندار خدمت زبان کے لئے یقیناً مبارک باد کے مستحق ہیں۔
امید ہے کہ حامیان اردو خوشگی صاحب کی حوصلہ فزائی میں امکانی امداد دینگے۔
اور ان کے اس انتہائی مفید کارنامہ کی قدر کریں گے۔

کہکشاں دہلی

یو۔پی کے مشہور اہل قلم مولوی محمد عبداللہ خانصاحب خوشگی نے ہمیں فرہنگ عامرہ تبصرہ کے لئے روانہ فرمائی ہے۔ یہ چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی کے ایسے الفاظ کا لغت ہے جو اردو میں مستعمل ہیں اور جو ہم تقریر و تحریر میں روزانہ استعمال کرتے ہیں۔
یہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ مبتدیوں کے علاوہ خاصے پڑھے لکھے لوگ بھی اعرابی غلطیاں کرتے ہیں۔ اس فرہنگ نے یہ مشکل خوبصورتی کے ساتھ ختم کردی ہے۔
حقیقت میں فرہنگ عامرہ، مفید، دلکش اور آسان لغت ہے جس کی ایک ایک جلد ایڈیٹر، واعظ، لیڈر اور اردو داں حضرات کے پاس ضرور رہنی چاہیئے۔

خضرراہ لاہور

مولوی عبداللہ خانصاحب نے اردو زبان کے چالیس ہزار الفاظ ان کے صحیح تلفظ، معانی و ماخذ کو تحقیق سے جمع کرکے اردو زبان کی گرانقدر خدمت کی ہے۔
حقیقت میں کسی زبان کی ترقی کے لئے اچھی لغات کی موجودگی نہایت ضروری امر ہے چنانچہ مولوی صاحب موصوف نے اس طرف توجہ کرکے ایک بڑی ضرورت کو پورا کیا ہے۔
فرہنگ عامرہ ترتیب، حروف تہجی، صحت تلفظ اور معانی کے اعتبار سے عام لغات سے امتیاز رکھتی ہے۔

جدت مرادآباد

اردو ہندوستان کی "لنگوفرنکا" (مشترک زبان) ہے، جس کو دس کروڑ سے زائد باشندے

www.urduchannel.in

بولتے اور لکھتے ہیں اور جسکو تقریباً تمام ملک سمجھتا ہے۔ لیکن کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ دنیا کی اتنی بڑی زبان میں کوئی ایک بھی ایسی لغات کی کتاب نہیں ہے جو عصر حاضرہ کے معیار پر پوری اترے ہمیں مسرت ہے کہ مولوی محمد عبداللہ خانصاحب خوشگی نے ایک فرہنگ "فرہنگ عامرہ" کے نام سے تالیف فرماکر اردو زبان کی نہایت ہی قابل قدر خدمت انجام دی ہے جس کے لئے وہ اہنائے ملک کے شکریہ کے مستحق ہیں۔ یوں تو یہ کتاب ہر شخص کیلئے مفید وکارآمد ہے لیکن طلبار کے لئے خصوصیت سے یہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

ہم سفارش کرتے ہیں کہ "فرہنگ عامرہ" کو ہر دارالمطالعہ، کتب خانہ اور ادارۂ تعلیمی کی زینت بنایا جائے اور کسی اردو خواں شخص کا گھر اس کتاب سے خالی نہ رہے۔

ماہ نیم ماہ دہلی

فرہنگ عامرہ اردو زبان کی ایک لغت ہے جو فارسی، عربی اور مروجہ ترکی الفاظ پر مشتمل ہے۔ اس کے مرتب ہمارے محترم خان محمد عبداللہ خاں صاحب خوشگی ہیں۔

فرہنگ کم و بیش چالیس ہزار الفاظ اور ان کے ضروری معانی و مطالب کا جامع ذخیرہ ہے۔ جس میں الفاظ کے ٹکڑے کرکے اور اعراب لگاکر ہر لفظ کے تلفظ کو اس طرح نمایاں کیا گیا ہے۔ کہ ایک مبتدی بھی آسانی کے ساتھ صحیح تلفظ معلوم کرسکتا ہے۔

ہم پرزور الفاظ میں درخواست کرینگے کہ وہ تمام حضرات جو اردو زبان سے دلچسپی رکھتے ہوں اس فرہنگ سے ضرور استفادہ حاصل کریں۔

ہندوستان ریویو پٹنہ عظیم آباد

فرہنگ عامرہ:۔ ایک اردو لغات

یہ کتاب ایک فرہنگ ہے جسمیں عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کے معنی اردو میں دئے گئے ہیں اور جو بلاشبہ مؤلف کی گہری کاوش اور تدقیق کا ثمرہ ہے۔ ایک مبسوط مگر جامع لغات کی ضرورت جو اردو کے طلبہ عرصہ سے محسوس کر رہے تھے، یہ کتاب باحسن وجوہ پوری کردے گی۔ (ترجمہ)

www.urduchannel.in

جس زبان کی خود اپنی مستقل فرہنگ نہیں وہ نامکمل ہے، اور جو فرہنگ تلفظ سے معرّا ہے لایعنی ہے، اس لیئے کہ تلفظ ہی کے بطن سے معانی پیدا ہوتے ہیں پس جس طرح کہ لغات کے معنوں کو سمجھنا اور اُن کو یاد کرنا طالب علم کے لیے ایک ضروری امر ہے، بالکل اسی قدر بلکہ اس سے بھی زیادہ ضروری صحیح تلفظ کو جاننا اور بولنا ہے۔

اہاب (اِ۔ہاب) کچا چمڑا، نری جو اُہبت، آہبہ۔
اہالی (اَ۔ہا۔لی) اہل کی جمع۔
اہانت (اِ۔ہا۔نَت) توہین، ذلیل کرنا۔
اہبت (اِہْ۔بَت) گھوڑے کا ساز۔
اہتداء (اِہْ۔تِدا) راہِ راست پانا۔
اہتزاز (اِہْ۔تِزاز) جھومنا، ہلنا۔
اہتضام (اِہْ۔تِضام) ستم کرنا، کسی کا حق مارنا۔
اہتکاک (اِہْ۔تِکاک) ہتک کرنا۔
اہتمام (اِہْ۔تِمام) کوشش کرنا، توجہ کرنا۔
اہتیال (اِہْ۔تِیال) ڈرنا۔
اہجار (اِہْ۔جار) فحش بکنا۔
اہداء (اِہْ۔دا) تحفہ یا سوغات بھیجنا۔
اہدار (اِہْ۔دار) خون بہا جاری کرنا۔
اہدام (اِہْ۔دام) ہدم کی جمع۔
اہدب (اَہْ۔دَب) جس کی پلکیں لمبی ہوں۔
اہذار (اِہْ۔ذار) بہت بکنا۔
اہذاق (اِہْ۔ذاق) بہت ہنسنا۔
اہرام (اِہْ۔رام) بہت بڑھا ہوا (اَہْ۔رام)
ہرم کی جمع۔
اہرم (اَہْ۔رَم) شیطان، سانپ کا بچہ۔
اہرمن (اَہْ۔رَمَن) آتش پرستوں کا برائی کا خدا۔
اہشم (اَہْ۔شَم) جبکی کرتیلی ہو۔
اہل (اَہْ۔ل) مالک، سزاوار، لائق، سنگروہ،
خاندان جمع اَہالی، اَہلون، اَہالیٰ۔
اہلا (اَہْ۔لا) سزاوار۔
اہلاس (اِہْ۔لاس) شکست ہونا۔
اہلاک (اِہْ۔لاک) ہلاک ہونا۔
اہلال (اِہْ۔لال) نیا چاند دیکھنا۔

www.urduchannel.in

اہل اللہ (اَہْ۔لُ۔لاہ) اللہ والے۔
اہلکار (اَہْ۔لِ۔کار) افسرِ حکومت۔
اہل محبار (اَہْ۔لِ۔مُ۔بار) ملک ہنگری والے۔
اہلہ (اَہْ۔لَہ) ہلال کی جمع۔
اہلی (اَہْ۔لی) پالتو جانور، گھریلو جانور۔
اہلیت (اَہْ۔لی۔یَت) لیاقت، استعداد۔
اہلیلج اسود (اَہْ۔لی۔لَج۔اَس۔وَد) ہڑ کی ایک قسم سیاہ۔
اہلیہ (اَہْ۔لِیَہ) گھر والی، بیوی۔
اہم (اَہِم) نہایت ضروری بہت مشکل۔
اہمال (اِہْ۔مال) چوک، چوکنا، چھوڑ دینا۔
اہمام (اِہْ۔مام) غمگین کرنا، بے آرام کرنا۔
اہوا (اِہْ۔وا) دام قصد کرنا، اشارہ کرنا (اَہْ۔وا) ہوا کی جمع۔
اہوال (اَہْ۔وال) ہول کی جمع۔
اہوج (اَہْ۔وَج) احمق، نادان۔
اہون (اَہْ۔وَن) نہایت آسان، دوشنبہ، سوموار
اہویہ (اَہْ۔وِیَہ) ہوا کی جمع۔
ائمہ (اَ۔اِ۔مَہ) امام کی جمع۔
ای (اَی) حرفِ ندا، کلمۂ مخاطبہ، یعنی۔
ایا (اَیا) حرفِ ندا، حرفِ شک، کلمۂ افسوس، کلمۂ استفہام۔
ایاب (اِیاب) بازگشت، واپسی
ایادی (اَیا۔دی) ید کی جمع۔
ایار حبہ (اِیا۔رِ۔حَبَّہ) مسہل کی ایک معجون جس کا ایارج جزو ہے۔
ایارجات جمع ایارج۔
ایاس (اِیاس) ناامید ہونا۔
ایاغ، ایاق (اَیاغ، اَیاق) پیالہ۔
ایال (اَیال) جانور کی گردن کے لمبے بال، گردن
ایالت (اِیا۔لَت) ولایت، سرداری، نگرانی رکھنا۔
ایام (اَیّام، اَیام) یوم کی جمع۔
ایامی (اَیا۔می) ایم کی جمع۔
ایان (اِیان) ہنگام، وقت، ہر چیز کا اول۔
ایبا (اِیبا) اشارہ، ایما۔
ایباس (اِیباس) شکستہ ہونا۔
ایبس (اَیبس) خشک، سوکھا، سوکھا لکڑا، خشکی۔
ایبک (اِیبک) غلام، قاصد، معشوق۔
ایت (اِیت) گوشت۔
ایتار (اِیتار) نماز وتر پڑھنا۔
ایتاغ (اِیتاغ) پھل کا بچا۔
ایتام (اَیتام) یتیم کی جمع۔
ایتان (اِیتان) آنا۔
ایتلاف (اِیتلاف) میل جول، ملنا جلنا۔
ایتلاق (اِیتلاق) چمکنا، روشن ہونا۔
ایتمان (اِیتمان) امین بنانا۔
ایتناف (اِیتناف) از سرِ نو کرنا۔
ایثار (اِیثار) بزرگی، برگزیدہ ہونا، اپنے سے دوسرے کا فائدہ مقدم جاننا۔
ایثاق (اِیثاق) پکڑنا، مضبوط کرنا۔
ایجاب (اِیجاب) لازم کرنا، مقرر کرنا، واجب کرنا۔
ایجاد (اِیجاد) وجود میں لانا، پیدا کرنا۔
ایجادِ بندہ (اِیجادِ۔بَن۔دَہ) بن گھڑت، خود ایجاد۔
ایجار (اِیجار) کرایہ پر دینا۔
ایجاز (اِیجاز) مضمون تھوڑا کرنا۔
ایجاس (اِیجاس) دل میں لانا۔
ایجال (اِیجال) ڈرانا۔
ایچ دیکھو ہیچ
ایحاش (اِیحاش) خراب ہونا۔
ایداع (اِیداع) امانت رکھانا یا رکھنا۔
ایدر (اِیدر) اس جگہ، ادھر۔

www.urduchannel.in

ایدون (اِیْ۔دُوْن) اِس وقت، اِس طرح، اِس جگہ (اَیْ۔دُوْن) اب۔
ایذاء (اِیْ۔ذَا) تکلیف، دُکھ دینا۔
ایذان (اِیْ۔ذَان) آگاہ کرنا۔
ایر (اَیْر) مرد کا عضوِ تناسل (اِیْر) پیٹ کی بیماری
ایراث (اِیْ۔رَاث) ترکہ پہونچانا، باقی چیز دینا
ایراد (اِیْ۔رَاد) آمدنی، وارد کرنا، لانا۔
ایراس (اِیْ۔رَاس) پیڑ کے پتے پیلے پڑجانا۔
ایراق (اِیْ۔رَاق) کو تتلیں پھوٹنا، ہریانا۔
ایران (اِیْ۔رَان) ملک فارس، پرشیا۔
ایرانی (اِیْ۔رَا۔نِیْ) ایران سے منسوب، ایران کا باشندہ۔
ایرساد (اِیْر۔سَا) دھنک، قوسِ قزح، سوسن کی جڑ
ایرمان (اِیْر۔مَان) کسی کا تلفیل، حسرت، ندامت، عاریت۔
ایزاد (اِیْ۔زَاد) زیادہ کرنا۔
ایزادی (اِیْ۔زَا۔دِیْ) ایزاد سے منسوب۔
ایزد (اِیْ۔زَدْ) نام اللہ تعالےٰ۔
ایزدی (اِیْ۔زَدِیْ) ایزد سے منسوب۔
ایس (اَیْس) ناامیدی۔
ایسار (اِیْ۔سَار) اسیر ہونا۔
ایستادگی (اِیْس۔تَا۔دَگِیْ) دیکھو ستادگی۔
ایستادن (اِیْس۔تَا۔دَنْ) دیکھو استادن صیغہ امر۔
ایستادی (اِیْس۔تَا۔دِیْ) دیکھو استادنی۔
ایستادہ (اِیْس۔تَا۔دَہ) دیکھو استادہ۔
ایستندہ (اِیْس۔تَنْ۔دَہ) دیکھو استندہ۔
ایسر (اَیْ۔سَرْ) بائیں جانب، بہت آسان۔
ایش (اِیْش) حاسد۔
ایشاخ (اِیْ۔شَاخ) درخت کلیانا، پھولنا۔
ایشاں (اِیْ۔شَاں) یہ لوگ۔

ایصاء (اِیْ۔صَاء) وصیت کرنا، نصیحت کرنا۔
ایصاد (اِیْ۔صَاد) پردہ ڈالنا۔
ایصال (اِیْ۔صَال) پہونچانا۔
ایضاً (اَیْ۔ضَنْ) پھر، دوبارہ، بھی۔
ایضاح (اِیْ۔ضَاح) روشن کرنا، ظاہر کرنا۔
ایضاف (اِیْ۔ضَاف) سخت کرنا۔
ایطاء (اِیْ۔طَاء) روندنا، قافیہ کی تکرار کرنا۔
ایطالیہ (اِیْ۔طَا۔لِیَہ) دیکھو اطالیہ۔
ایطان (اِیْ۔طَان) وطن بنانا، وطن اختیار کرنا۔
ایعاد (اِیْ۔عَاد) وعدہ کرنا، ڈرنا، ڈرانا۔
ایعاز (اِیْ۔عَاز) اشارہ کرنا، حکم دینا۔
ایغار (اِیْ۔غَار) گرم کرنا، کھولانا، اُبالنا۔
ایفاء (اِیْ۔فَاء) پورا کرنا، وفا کرنا، بھر دینا۔
ایفاع (اِیْ۔فَاع) لڑکا بالغ ہونا۔
ایفاغ (اِیْ۔فَاغ) چھلکنا، اُبلنا، گھٹتا ہوا (بقانی) شوخ۔
ایفال (اِیْ۔فَال) بیماری سے اچھا ہونا، جلدی جانا۔
ایقاد (اِیْ۔قَاد) چراغ جلانا۔
ایقاص (اِیْ۔قَاص) جڑ سے اُکھڑا ہوا ہونا۔
ایقاظ (اِیْ۔قَاظ) جگانا (اَیْ۔قَاظ) یقظہ کی جمع۔
ایقاع (اِیْ۔قَاع) واقع کرنا، جنگ میں ڈالنا۔
ایقاف (اِیْ۔قَاف) معطل کرنا۔
ایقان (اِیْ۔قَان) یقین ہونا۔
ایکال (اِیْ۔کَال) کھانا، سخن چینی کرنا۔
ایکہ (اَیْ۔کَہ) بن جھاڑ جھنجھاڑ آمیگیں۔
ایل (اِیْل) سال، برس، بہ رسم ایلات حق تعالےٰ (اَیْتی۔یِیْل) بارہ سنگھا (اِیْل) قوم، جماعت۔
ایلاج (اِیْ۔لَاج) گھسانا، گھسیڑنا۔

www.urduchannel.in

ایلاد (اِیْ۔ لَادْ) جننا۔
ایلاف (اِیْ۔ لَافْ) عادی ہونا، بیزار ہونا۔
ایلاق (اِیْ۔ لَاقْ) دیکھو ییلاق۔
ایلام (اِیْ۔ لَامْ) ہمدردی کرنا، دردمند کرنا۔
ایلچی (اِیْل۔ چِیْ) قاصد، تابدار۔
ایلچ، ایلغہ، ایلغی (اِیْ لُغْ۔ اِلْ۔ غَہْ۔ اِلْ۔ غِیْ) گھوڑوں کا گلہ۔
ایلغار (اِیْ لْ۔ غَارْ) دیکھو یلغار۔
ایلیا (اِیْ۔ لِیَا) بے حد سیما۔
ایم (اَیْ مْ) بے بیوی والا، بے شوہر والی جمع اَیَامٰی، اَیَامٰی سفید سانپ (اَیْمْ) بے بیوی ہونا، بے شوہر ہونا۔
ایما (اِیْ۔ مَا) اشارہ، اشارہ کرنا۔
ایمان (اِیْ۔ مَانْ) یقین، دیانت، پے خوفی، امان دینا (اَیْ۔ مَانْ) یمین کی جمع۔
ایمن (اَیْ۔ مَنْ) ۱۔ (دائیں جانب، سوگند، ۲۔ بڑا مبارک جبرائیل کا یامن (وَے۔ مِنْ) ایمن کا ایمانڈر (وے۔ مَنْ) اَیمن کا امالہ، بڑا نڈر۔
ایمنی (اِیْ۔ مِنْ) بے خوفی۔
ایں (اِیْں) یہ (اَیْن) کہاں۔
اینماں (اِیْ۔ نَاں) یہ لوگ۔
اینت (اِیں۔ ت) کلمۂ تحسین اور تعجب، واہ وا۔
ایں را (اِیں۔ رَا) اسکے لئے، اس کے تئیں۔
اینست (اِیْ۔ نَسْ۔ ت) یہ ہے۔
اینک (اِیْ۔ نِکْ) یہ کہ، اب
ایوار (اِیْ۔ وَا) بسانا، آباد کرنا۔
ایوان (اَیْ۔ وَانْ) محل، دیوان
اینہاں (اِیں۔ ہَاں) یہ لوگ۔
ایہام (اِیْ۔ ہَامْ) دو چیزوں میں دور کی چیز کی طرف اشارہ، غلطی میں ڈالنا۔

ب

ب (بَا، بے) قائم مقام مفرد۔ ۲۔ حرف تخیری (ساتھ، سے، نیچے، اوپر، تک، موافق، سبب، قسم، واسطے، فارسی میں متعدد حروف کیساتھ بدل ہی جاتی مخصوص ۱۔ پ کے ساتھ مثلاً تب، (تپ، ۲۔ ف کے ساتھ مثلاً بالان، (فالان، ۳۔ ف کے ساتھ مثلاً زبان، زفان ۴۔ م کے ساتھ مثلاً غزم، ۵۔ و کے ساتھ مثلاً گرمابہ، گرادہ ۶۔ ہ کے ساتھ مثلاً گوہر، گوبہ۔
با (بَا) ساتھ، باوجود، سامنے۔
باب (بَابْ) فصل کتاب، پھاٹک، دروازہ، مطلب، مد، سبب، بابت جمع اَبْوَاب، اَبْوِبَہ، بَبْیَانْ۔
بابا (بَا۔ بَا) باپ، دادا، نانا، سردار، چٹی داڑھی والا، بچہ۔
باب السماء (بَا۔ بُسْ۔ سَمَا) آسمان کا دروازہ۔
بابت (بَا۔ بَتْ) لئے، واسطے۔
بابزن (بَا۔ زَنْ) کپڑا سینے کی سوئی۔
بابک (بَا۔ بَکْ) مضبوط قاعدہ قانون۔
بابکانہ (بَا۔ بَکَا۔ نَہْ) دیکھو۔ بکرکی۔
بابل (بَا۔ بِلْ) ایک قدیم ویران شہر (عراق)
بابو (بَا۔ بُوْ) بھائی۔
بابوج (بَا۔ بُوْجْ) سلیپر۔
بابور (بَا۔ بُوْر) جہاز، اسٹیمر جمع بَوَابِیر۔
بابور الیر (بَا۔ بُوْ۔ رُلْ۔ بَرْ) ٹرین، ریل گاڑی۔
بابونج، بابونہ (بَا۔ بُوْ۔ نَجْ، بَا۔ بُوْ۔ نَہْ) ایک جنگلی بوٹی۔
بات (بَاتْ) دیکھو بار۔
باتس، باتو (بَا۔ تُسْ، بَا۔ تُوْ) ترنج۔
باج (بَاجْ) خراج، محصول، لگان، باز۔
باجگزار (بَاجْ۔ گُزَارْ) محصول دہندہ۔

www.urduchannel.in

باجگیر (با) ۔ گیر) محصول لینے والا۔
باجی (با) ۔ جی) آپا، بہن۔ ۲۔ باجگزار
باحث (با) ۔ حِث) بحث کرنے والا، کھود دینے والا۔
باحور (با) ۔ حُور) گیہوں کے شباب کا ہفتہ۔
باخبر (با) ۔ خَبَر) خبردار، جانکار۔
باخبری (با) ۔ خَبَری) خبرداری۔
باختر (با) ۔ خَتر) مغرب، سورج، علاقہ خراسان۔
باختن (با) ۔ تَن) کھیلنا، ہارنا مصدر باز۔
باختنی (با) ۔ تَنی) کھیلنے کے قابل۔
باختہ (با) ۔ تَہ) ہارا ہوا، کھیلا ہوا۔
باخرہ (با) ۔ خَرَہ) اسٹیمر، دخانی جہاز۔
باخل (با) ۔ خِل) کنجوس جمع بخلاء
باخہ (با) ۔ خَہ) بچھوا۔
باد (با) ہوا، جھولا، ہوجیو، ہوا۔
بادافراہ (با) ۔ اَفْ ۔ راہ) دیکھو بادفراہ۔
بادام (با) ۔ دام) میوہ مشہور، تشبیہ آنکھ، نلکہ، حلقہ۔
بادامی (با) ۔ دا ۔ می) منسوب بہ بادام۔
بادبان (با) ۔ بان) جہاز کی پال۔
بادبانی (با) ۔ با ۔ نی) بادبان سے نسبت رکھنے والا۔
بادبروت (با) ۔ بُرُوت) منہ در آدمی (با) ۔ بُرُوت) مردانہ گھمنڈ۔
بادبریں (با) ۔ بَرِیں) شمالی، شرقی ہوا، پہرا ہوا۔
بادبیزن (با) ۔ بے ۔ زَن) پنکھا، نرشی پنکھا۔
بادپا (با) ۔ پا) تیز رفتار، تیز گھوڑا۔
بادپائی (با) ۔ پا ۔ ای) تیز رفتاری۔
بادپران (با) ۔ پَر ۔ راں) ہوا باندھنے والا۔
بادپروا (با) ۔ پَر ۔ وا) ہوادار کھڑکی یا موکھا۔
بادپیچ (با) ۔ پیچ) جھولا، جھول۔
بادپیما (با) ۔ پی ۔ ما) تیز رفتار، سیاح، ہوا بند، فضول گو بکی، شیخی کی ہوا کھانے والا۔
بادپیمائی (با) ۔ پی ۔ ما ۔ ای) ہوا خوری، سیاحی، ہوا بندی، جنگل کی ہوا کھانا۔
بادپیمودن (با) ۔ پی ۔ مُو ۔ دَن) بے فائدہ کام کرنا۔
بادخایہ (با) ۔ خا ۔ یَہ) مرض فتق
بادخوان (با) ۔ خوان) لاف زن، خوشامدی۔
بادِ دبور (با) ۔ دَبُور) جنوبی و مغربی ہوا بچھوا ہوا۔
بادِ دست (با) ۔ دَس ۔ ت) فضول خرچ، کنگال۔
بادِ دستی (با) ۔ دَس ۔ تی) فضول خرچی، مفلسی، چترائی۔
بادر (با) ۔ دِر) دوڑنے والا، چالاک۔
بادرنجبویہ (با) ۔ رَن ۔ ج ۔ بُو ۔ یَہ) بلی لوٹن، نام دوا
بادرنگ (با) ۔ رَنگ) لکڑی کی ایک قسم۔
بادریسہ (با) ۔ رِی ۔ سَہ) دمرکہ، غلکہ۔
بادریش (با) ۔ رِیش) غرور، گھمنڈ۔
بادزن (با) ۔ زَن) پنکھا۔
بادژ فام، بادژ وام (با) ۔ ژ ۔ فام، با ۔ ژ ۔ وام) دیکھو بادشکام، بادشغام، بادشنام۔
بادسار (با) ۔ سار) بے وقار، بے تمکین۔
بادسر (با) ۔ سَر) سفرور، صاحب تخت۔
بادسرخ (با) ۔ سُرخ) شربت بادہ۔
بادسنج (با) ۔ سَن ۔ ج) لالچی، فضول کام کرنیوالا۔
بادسوار (با) ۔ سَوار) چھت کا پنکھا۔
بادشاہانہ (با) ۔ شا ۔ ہا ۔ نَہ) بادشاہوں کے لائق۔
بادشغام، بادشکام، بادشنام، بادشوام (با) ۔ شِن ۔ غام، با ۔ شِن ۔ کام، با ۔ شِن ۔ نام، با ۔ شِن ۔ وام) بدن کی سیاہی مائل سرخی جو کوڑھ کا مقدمہ ہے۔
بادشرط (با) ۔ شَرط) موافق ہوا، بادمراد۔
بادصبارہا (با) ۔ صَبا ۔ رہا) ہوا ہوا، بادبریں۔
بادعیسی (با) ۔ عی ۔ سا) دیکھو بادمسیح۔

www.urduchannel.in

بادغر (با) ۔ غَرْ ۔ عنبر، مشک، پنکھا۔
بادفر (با) ۔ فَرْ ، پھرکی ، پھرکنی ۔
بادفراہ (با) ۔ فَ ۔ رَاہْ) گناہ کی سزا، بدی کا بدلہ۔
بادفرنگ (با) ۔ فِرِنگْ) ایک سخت مرض آتشک۔
بادفروش (با) ۔ فَرُوشْ) خوشامدی، بھاٹ۔
بادفروشی (با) ۔ فَرُوشِی) خوشامد، بھٹئی۔
بادکش (با) ۔ کَشْ) پنکھا ، دھونکنی ، سینگی۔
بادکوبہ (با) ۔ کُوبَہْ) دیکھو باکو۔
بادگرد (با) ۔ گَرْدْ) بگولا۔
بادگیر (با) ۔ گِیرْ) ہوا دار کھڑکی۔
بادگیسو (با) ۔ گِیسُوْ) زنانہ گھنڈ۔
بادلیج (با) ۔ لِیجْ) قولنج ، مدغہ۔
باد مخالف (با) ۔ مُخَالِفْ) مخالف ہوا۔
بادمراد (با) ۔ مُرَادْ) موافق ہوا ، بادِ شرط۔
بادمسیح (با) ۔ مَسِیحْ) حضرت عیسیٰ کا سانس جس سے مردے زندہ ہو جاتے تھے۔
بادمشرق (با) ۔ مَشْرِقْ) پروا ہوا۔
بادمہرہ (با) ۔ مُہْرَہْ) زہرمہرہ ، سانپ کا کاٹا۔
بادنجان (با) ۔ نِجَانْ) بیگن۔
بادہ (با) ۔ دَہْ) شراب ، مدھ۔
بادہ پیما (با) ۔ دَہْ ۔ پَیْ ۔ مَا) شدا بخوار۔
بادہ پیمائی (با) ۔ دَہْ ۔ پَیْ ۔ مَا ۔ ئِی) شدا بخواری۔
بادہ کش (با) ۔ دَہْ ۔ کَشْ) شرابخوار، شرابی۔
بادہ کشی (با) ۔ دَہْ ۔ کَشِیْ) شرابخواری۔
بادی (با) ۔ دِیْ) ۱۔ منسوب طرف باد ۲ ہوا کا مشروع کرنے والا ، ظاہر جو بدات۔
بادی النظر (با) ۔ دِیْ ۔ نَظَرْ) نگاہ ظاہر، پہلی نظر۔
بادیان (با) ۔ یَانْ) سونف۔
بادیج (با) ۔ دِیجْ) بچان ، انگور کی ٹٹی۔
بادیہ (با) ۔ دِیَہْ) جنگل ، صحرا جو **بوادی** بڑا پیالہ

بادیہ پیما (با) ۔ دِیَہْ ۔ پَیْ ۔ مَا) جنگل میں پھرنے والا۔
بادیہ پیمائی (با) ۔ دِیَہْ ۔ پَیْ ۔ مَا ۔ ئِی) جنگل پھرنا
بادیہ نشین (با) ۔ دِیَہْ ۔ نَشِینْ) جنگل ، جنگل میں رہنے والا۔
بادیہ نشینی (با) ۔ دِیَہْ ۔ نَشِینْ ۔ نِی) جنگل میں رہنا۔
بادل (با) ۔ دِلْ) سخی ، بخشنے والا جو **مُبذل**۔
بار (با) ۔ رْ) خدا کا نام ، باری ، دیر ، بوجھ ، دفعہ ، بزرگی ، گرانی ، انبار ، حضوری ، نصیب ، رخصت ، حمل ، جڑ ، پھل ، حمل عورتوں کا ، آمیزش ، ملونی ، کلمۂ کثرت ، برسنے والا ، برسانے والا (با تا) ٹیکہ کار جمع **بَرَرہ** ، **اَبرار**۔
بارالٰہا (با) ۔ رِ اِلٰہَا ۔ ہَا) خدائے بزرگ۔
باران (با) ۔ رَانْ) مینھ ، برسات ، برستا ہوا ، برساتا ہوا ، برسنے والا۔
باران بار (با) ۔ رَانِ ۔ بَارْ) بارش کا ابلک۔
بارانداز (با) ۔ رْ ۔ اَنْدَازْ) پشتہ ، فرد کش ہونے والا۔
باران گریز (با) ۔ رَانْ ۔ گُرِیزْ) چھجہ ، سائبان۔
بارانی (با) ۔ رَا ۔ نِیْ) بارشی ، برساتی ، مینھ سے محفوظ رکھنے والا لباس۔
بار بار (با) ۔ رْ ۔ رْ) لگاتار ، متواتر۔
باربردار (با) ۔ رْ ۔ بَرْ ۔ دَارْ) بوجھ اٹھانے والا۔
باربرداری (با) ۔ رْ ۔ بَرْ ۔ دَا ۔ رِیْ) بوجھ اٹھانا ، لادنے کا سر و سامان۔
بارگ (با) ۔ رَگْ) مقربِ شاہی ، عرض بیگی۔
بارجہ (با) ۔ رْ ۔ جَہْ) جنگلی کشتی جو **بوارج**۔
بارحہ (با) ۔ رِحَہْ) گذری ہوئی رات۔
بارخاطر (با) ۔ رِ ۔ خَا ۔ طِرْ) طبیعت کا بوجھ۔
بارخانہ (با) ۔ رْ ۔ خَانَہْ) گودام ، کرکری خانہ۔
بارخدا (با) ۔ رِ خُدَا) خدائے بزرگ ، اللہ پاک۔
بارد (با) ۔ رِدْ) ٹھنڈا ، بے مزہ ، جمع **بوارد**۔

www.urduchannel.in

باردان (بار+دان) ہر تن، خرجی، ظرف۔
بارز (با۔ برز) آشکارا، ظاہر۔
بارش (با۔ رش) مینھ، برسات۔
باردار (بار+دار) حاملہ، لدا پھندا، پھلدار۔
بارعام (بار+عام) دربار عام۔
بارفروش (بار+فروش) تھوک فروش۔
بارفروشی (بار+فروشی) تھوک فروشی
بارق (با۔ رق) چمکنے والا، روشن۔
بارقہ (با۔ رقہ) بجلی، چمک، تلوار جو کوندے
بارک (با۔ رک) دیکھو باریک۔
بارکش (بار+کش) بوجھ لیجانے والا، لدو۔
بارکشی (بار+کشی) بوجھ لیجانا۔
بارگاہ، بارگہ (بار+گاہ، بار+گہ) شاہی محل، کچہری۔
بارگی (بار+گی) گھوڑا۔
بارگیر (بار+گیر) گھوڑے پر سواری کا نوکر۔
بارگیری (بار+گی+ری) گھوڑے پر سواری کی نوکری۔
بارندہ (با۔ رندہ) برسنے والا، برسانیوالا۔
بارو (با۔ رو) قلعہ کی دیوار۔
بارود، بارود (با۔ رود، با۔ رود) ایک آتشی سفوف، شورہ
بارور (بار+ور) پھلوں سے لدا پھندا۔
بارہ (با۔ رہ) ۱۔ ایک بار، مضمون، بابت، حق، شان، قاعدہ، دستہ۔ ۲۔ دیکھو بارو۔
(با۔ رہ) تھان
بارہا (بار+ہا) اکثر، بہت سی بار۔
باری (با۔ ری) ۱۔ پیدا کرنے والا، خدا۔
۲۔ نوبت، ایکدفعہ۔
بارے (با۔ رے) ایک دفعہ، ایک بار۔
باریاب (بار+یاب) حضوری پانے والا۔
باریابی (بار+یابی) پیشی، حضوری پانا۔

باری تعالیٰ (با۔ ری۔ تعالیٰ) خدائے برتر۔
باریکہ (با۔ ری۔ کہ) ہیانگ۔
باریدن (با۔ ری۔ دن) برسنا، برسانا
باریدنی (با۔ ری۔ دنی) برسنے کے لایق۔
باریدہ (با۔ ری۔ دہ) برسا ہوا، برسایا ہوا
باریس (با۔ ریس) شہر پیرس (فرانس)
باریک (با۔ ریک) پتلا، مہین، پہلا۔
باریک بیں (با۔ ریک۔ بیں) باریکی سوچنے والا۔
باریک بینی (با۔ ریک۔ بی۔ نی) باریکی سوچنا، سمجھنا۔
باریک رو (با۔ ریک۔ رو) کفایت شعار۔
باریک روی (با۔ ریک۔ روی) کفایت شعاری
باریکہ (با۔ ری۔ کہ) تنگ راستہ۔
باریکی (با۔ ری۔ کی) مہین پن، پتلاپن۔
باز (باز) ایک مادہ شکاری پرند جو کبوتر، ہیزاں، تیتر وغیرہ، شکار، دوہرانا، تکرار، پھر کھیلنے والا، پھرنے والا، کشادہ، جدا، گذرگاہ، باج، خراج، شراب۔
بازپرس (باز+پرس) تحقیقات، پوچھ گچھ
بازخواست (باز+خواست) طلب انتقاض، مواخذہ، پھر مانگنا۔
بازخواہ (باز+خواہ) پھر طلب کرنے والا۔
بازخواہی (باز+خواہی) پھر طلب کرنا۔
بازار (با۔ زار) کاروبار تجارت کی جگہ، رونق، رواج، معاملہ۔
بازار عام، بازار عمومی (با۔ زار۔ عام، با۔ زار۔ عمومی) میلہ، پبلسٹی۔
بازارگان (با۔ زار۔ گان) سوداگر، بیوپاری
بازارگانی (با۔ زار۔ گانی) بیوپار، سوداگری

www.urduchannel.in

بازاری (با۔ زا۔ رِی) عامیانہ، منسوب بہ بازار۔
بازدید (باز۔ دِید) جوابی ملاقات۔
بازرگاں (فا۔ زَر۔ گاں) دیکھو بازارگاں۔
بازرگانی (فا۔ زَر۔ گا۔ نی) دیکھو بازارگانی۔
بازرنگ (باز۔ رَنگ) انگیا، شانا، کچھ۔
بازرع (فا۔ بر۔ عْ) روشن، چمکتا ہوا، طلوع کرنیوالا۔
بازکردن (باز۔ کَر۔ دَن) جدا کرنا، کھولنا۔
بازکردہ (باز۔ کَر۔ دَہ) جدا کیا ہوا، کھولا ہوا۔
بازگشت (باز۔ گَش۔ ت) واپسی، لوٹنا۔
بازگو (باز۔ گُو) دوبارہ بیان کرنے والا۔
بازگوئی (باز۔ گُو۔ ئی) دوبارہ بیان کرنا۔
بازگونہ (باز۔ گُو۔ نَہ) دیکھو واژگونہ۔
بازندگی (فا۔ زِن۔ دَ۔ گی) حیلہ سازی۔
بازندہ (فا۔ زِن۔ دَہ) کھیلنے والا، کھلاڑی۔
بازو (فا۔ زُو) ہاتھ، پٹہ، قوت، استعداد۔
بازوشکن (فا۔ زُو۔ شِکَن) زور آور۔
بازوشکنی (فا۔ زُو۔ شِکَ۔ نی) زور، طاقت۔
بازی (فا۔ زِی) کھیل، فریب (فا۔ زِی) باز جہ آموزد۔
بازیاب (باز۔ یاب) پھر پانے والا۔
بازیابی (باز۔ یا۔ بی) پھر پانا۔
بازیافت (باز۔ یاف۔ ت) خرید، واپسی۔
بازیافتن (باز۔ یاف۔ تَن) پھر پانا۔
بازیافتنی (باز۔ یاف۔ تَ۔ نی) پھر پائے جانے کے لایق۔
بازیچہ (فا۔ زِی۔ چَہ) کھلونا۔
بازی خوردن (فا۔ زِی۔ خُر۔ دَن) فریب کھانا۔
بازیدن (فا۔ زِی۔ دَن) دیکھو باختن۔
بازیگاہ (فا۔ زِی۔ گاہ) کھیلنے کی جگہ۔
بازی گوش (فا۔ زِی۔ گُوش) کھلاڑ، شہ زیر۔
باژگونہ (باژ۔ گُو۔ نَہ) دیکھو واژگونہ۔
باس (باش) دکھ، رنج، خوف۔

باستان (باش۔ تان) پرانا، گذشتہ، قدیم، تواریخ۔
باستانی (باش۔ تا۔ نی) قدیمی، منسوب بہ باستان۔
باسرم، باسرمہ (باش۔ رَم، باش۔ رَ۔ مَہ) دیکھو زرہ۔ کھیتی کی زمین۔
باسط (با۔ سِط) فراخی دینے والا، بچھانے والا۔
باسق (با۔ سِق) لمبا، پھیلنے والا۔
باسک (با۔ سَک) جاہی۔
باسگونہ (باش۔ گُو۔ نَہ) بخشش، واژگونہ۔
باسل (با۔ سِل) دلیر، بہادر۔
باسلیق (با۔ سَلِیق) ہاتھ کی ایک رگ۔
باسم (با۔ سِم) مسکرانے والا۔
باسور (با۔ سُور) گوشت جو مقعد یا ناک میں بڑھجاتا ہے جم آ با ثُبَیر۔
باش (باش) ا۔ رہائش، سکونت، رہ، ٹھہراؤ، سکونت، رہنے والا، ہونیوالا۔ ۲۔ سردار، ہیڈ۔
باشا (با۔ شا) دیکھو پاشا۔
باشام (با۔ شام) پردہ، اوڑھنا۔
باشد (با۔ شَد) ہووے، ہے، شاید۔
باشق (با۔ شِق) باشہ۔
باشگونہ (باش۔ گُو۔ نَہ) دیکھو واژگونہ۔
باشندہ (با۔ شِن۔ دَہ) رہنے والا۔
باشہ (با۔ شَہ) ایک شکاری پرند۔
باشی (با۔ شی) سردار، سر
باشیدن (با۔ شی۔ دَن) رہنا، بسنا۔
باشیدہ (با۔ شی۔ دَہ) رہا ہوا، بسا ہوا۔
باصر (با۔ صِر) دیکھنے والا۔
باصرہ (با۔ صِرَہ) دیکھنے کی قوت۔
باصلہ (ب ا ص ل ہ) اپنی اصل کے ساتھ۔
باطش (با۔ طِش) پکڑنی کرنیوالا، حملہ کرنیوالا۔
باطل (با۔ طِل) ناچیز، ناحق، شیطان جم آ با طِیل۔

www.urduchannel.in

باطن (ع۔ مذ) اندرون، دل جو بُوا طِنْ۔
باطنی (ع۔ مذ) اندرونی، دلی۔
باطنیہ (ع۔ مذ۔ جمع) منسوب بہ باطن، ایک قدیم سیاسی فرقہ جس کا بانی حسن بن صباح تھا۔
باعث (ع۔ مذ) وجہ، سبب جو بُوا عِثْ۔
باغ (ع۔ مذ) پیڑوں کا جھرمٹ، چمن، گلشن جو بَگِیچَا، بَا غَاتْ۔
باغ باغ (ع۔ مذ۔ باغ) نہایت خوش و خرم۔
باغبان (ع۔ مذ۔ بَانْ) مالی، باپ، مربی۔
باغبانی (ع۔ مذ۔ یا۔ نی) مالی کا کام۔
باغیچہ (ع۔ مذ۔ چَہ) بغیچہ، چھوٹا باغ۔
باغرہ (ع۔ مذ۔ سَرَہ) اولیا، گلٹی، گوٹھڑا۔
باغستان (ع۔ مذ۔ سْتَانْ) باغوں کا جھرمٹ۔
باغ وحش (ع۔ مذ۔ غ۔ وَحْ۔ شْ) چڑیا خانہ۔
باغندہ (ع۔ مذ۔ غ۔ دَہ) رعایا کا گالہ۔
باغی (ع۔ مذ۔ غِیْ) نافرمان، حکومت سے پھرا ہوا۔ جو بَغَاتْ۔
باف (ع۔ مذ۔ بَافْ) بننے والا۔
بافت (ع۔ مذ۔ بَافْ۔ تْ) بُنائی، بناوٹ۔
بافتن (ع۔ مذ۔ بَافْ۔ تَنْ) بُننا سعد بافتن۔
بافتنی (ع۔ مذ۔ بَافْ۔ تَنِیْ) بُننے کے لائق۔
بافتہ (ع۔ مذ۔ بَافْ۔ تَہ) بُنا ہوا۔
بافندگار (ع۔ مذ۔ بَافْ۔ گَارْ) جولاہا، بُننے والا۔
بافندگاری (ع۔ مذ۔ بَافْ۔ گَا۔ رِیْ) بُننے کا کام۔
بافندگی (ع۔ مذ۔ بَافْ۔ دَگِیْ) بُنائی کا کام، بُنائی۔
بافندہ (ع۔ مذ۔ بَافْ۔ دَہ) بُننے والا۔
بافیدن (ع۔ مذ۔ بَا۔ فِیْ۔ دَنْ) دیکھو بافتن۔
باقر (ع۔ مذ۔ قِرْ) بڑا عالم، بڑا مالدار، شیر درندہ۔
باقل (ع۔ مذ۔ قِلْ) سبز ترکاری فروش، گنجڑا۔
باقلہ (ع۔ مذ۔ قِلْ۔ لَہ) گلگدستہ
باقی (ع۔ مذ۔ قِیْ) بچا ہوا جو بَوَا قِیْ۔
باقی ماندہ (ع۔ مذ۔ قِیْ۔ مَا۔ دَہ) باقی بچا ہوا، باقی رہا ہوا۔
باقیات (ع۔ مذ۔ قِیَا۔ تْ) باقی چیزیں۔
باک (ع۔ مذ۔ بَاکْ) ڈر، خوف۔
باکرہ (ع۔ مذ۔ کْرَہ) دوشیزہ، کنواری۔
باکو (ع۔ مذ۔ کُوْ) نام شہر (قفقاز)
باکورہ (ع۔ مذ۔ کُوْ۔ رَہ) نیا پھل جو بکر۔
باکی (ع۔ مذ۔ کِیْ) رعب والا جو بَکَاتْ۔
بال (ع۔ مذ۔ بَالْ) ۱۔ بازو کے انسان / بازو کے پرند۔ ۲۔ دل، جان، میل، خلعت ۳۔ شہد۔
بالا (ع۔ مذ۔ لَا) اوپر، قد، اونچا، لمبا۔
بالابند (ع۔ مذ۔ لَا۔ بَنْ۔ دْ) لباس کا ایک حصہ۔
بالاپوش (ع۔ مذ۔ لَا۔ پُوْ۔ شْ) اوپر اوڑھنے کا کپڑا۔
بالاتفاق (ع۔ مذ۔ لَا۔ تِ۔ فَاقْ) اتفاق کے ساتھ
بالاچاق (ع۔ مذ۔ لَا۔ چَاقْ) غالب، حاکم، بالا۔
بالاخانہ (ع۔ مذ۔ لَا۔ خَا۔ نَہ) کوٹھا۔
بالادست (ع۔ مذ۔ لَا۔ دَسْ۔ تْ) غالب، اعلیٰ۔
بالادستی (ع۔ مذ۔ لَا۔ دَسْ۔ تِیْ) غلبہ۔
بالارادہ (ع۔ مذ۔ لَا۔ رَا۔ دَہ) ارادے کے ساتھ
بالازدن (ع۔ مذ۔ لَا۔ زَدَنْ) دے پٹکنا۔
بالاستقلال (ع۔ مذ۔ لَا۔ اِسْ۔ تِقْ۔ لَالْ) استقلال کیساتھ
بالالتزام (ع۔ مذ۔ لَا۔ اِلْ۔ تِزَامْ) التزام کے ساتھ
بالان (ع۔ مذ۔ لَانْ) دیکھو پالان۔
بالانشین (ع۔ مذ۔ لَا۔ نَشِیْنْ) بہتر، میر مجلس۔
بالانشینی (ع۔ مذ۔ لَا۔ نَشِیْ۔ نِیْ) بہتری، میر مجلسی۔
بالانیدن (ع۔ مذ۔ لَا۔ نِیْ۔ دَنْ) حرکت دینا، ہلانا۔
بالاوپست (ع۔ مذ۔ لَا۔ اُوْ۔ پَسْ۔ تْ) اونچا نیچا۔
بالائی (ع۔ مذ۔ لَائِیْ) اوپری / بلندی والا یا دالی، دودھ کی ملائی۔
بال تدرو (ع۔ مذ۔ بَالْ۔ تَدْ۔ رُوْ) بادل کا ٹکڑا۔
باجھلگی (ع۔ مذ۔ جْ۔ لَگْ) ٹھوس فروشی۔

www.urduchannel.in

بالجملہ (عربی۔ جُم۔ لہ) حاصل کلام، تھوک فروشی۔
بالخصوص (عربی۔ خُصُوص) خاصکر، خصوص کیساتھ
بالست (ہندی۔ لَس۔ ت) کنواری۔
بالش (ہندی۔ لِش) تکیہ۔
بالشت (ہندی۔ بِش۔ ت) پھیلے ہاتھ کی چوڑائی، تکیہ۔
بالشتک (ہندی۔ بِشْ۔ تِک) آلپین اُترنے کا گدا۔
بالضرور (عربی۔ ضَرُور) ناچار۔
بالضرورت (عربی۔ ضَرُورَتْ۔ ضرورت) ضرورت کے باعث
بالعکس (عربی۔ عَکْس) برخلاف، اُلٹا۔
بالعموم (عربی۔ عُمُوم) عام طور پر۔
بالغ (ہندی۔ بِلَغ) پورا جوان ہونے والا، کامل، اچھا، خوب جم کر بلغہ کرنا۔ بلغ (عربی) پیمانۂ شراب۔
بالغہ (ہندی۔ بِلَغَہ) کامل، پوری جوان۔
بالفرض (عربی۔ فَرْض) ساتھ فرض کر لینے کے۔
بالفعل (عربی۔ فِعْل) اب، اِس وقت۔
بالکل (عربی۔ کُلّ) تمام، قطعی، سبب۔
بالکلیہ (عربی۔ کُلّ۔ یَہ) دیکھو بالکل۔
باللہ (عربی۔ لاہ) اللہ کی قسم۔
بالمرہ (عربی۔ مَرَّہ) یکبارگی۔
بالمشافہہ (عربی۔ مُشَافَہَہ) آمنے سامنے، روبرو۔
بالمقطع (عربی۔ مُقْ۔ طَع) کاٹ چھانٹ کے ساتھ۔
بالمواجہہ (عربی۔ مُوَاجَہَہ) روبرو، آمنے سامنے۔
بالندہ (ہندی۔ بِل۔ دَہ) بڑھنے والا، بڑھانے والا۔
بالو (ہندی۔ بُو) محفل رقص و سرود۔
بالودن (ہندی۔ بُو۔ دَن) بڑھنا۔
بالوس (ہندی۔ بُوس) ناقص کافور۔
بالوعہ (ہندی۔ بُو۔ عَہ) کنڈی، چہ بچہ۔
بالون (ہندی۔ بُو۔ وَن) غبارہ۔
بالی (ہندی۔ بالی) منسوب بہ بال۔ ۲۔ دیکھو بالیہ۔
بالیدگی (ہندی۔ بِل۔ دَگی) بڑھوار، بڑھاؤ۔
بالیدن (ہندی۔ بِل۔ دَن) بڑھنا، بڑھانا مصنع بالندہ

بالیدنی (ہندی۔ بِل۔ دَنی) بڑھنے کے لایق۔
بالیدہ (ہندی۔ بِل۔ دَہ) بڑھا ہوا۔
بالیں (ہندی۔ بِلیں) سرہانہ، تکیہ۔
بالیں پرست (ہندی۔ بِلیں۔ پَرَس۔ ت) (یا ج) احدی۔
بالیہ (ہندی۔ بالیہ) قدیم، پرانا۔
بام (ہندی۔ بام) چھت، صبح، قسم پھول، نام، رنگ۔
بام چشم (ہندی۔ بام۔ چَشْم) آنکھ کا پپوٹا۔
بامداد، بامدادان (ہندی۔ بامْ۔ دَاوْ، بامْ۔ دَان) صبح۔
بام زد (ہندی۔ بامْ۔ زَدْ) صبح کی نوبت۔
بامزہ (ہندی۔ بامَزَہ) مزیدار۔
بامگاہ (ہندی۔ بامْ۔ گاہْ) صبح۔
بامہ (ہندی۔ بَمَہ) لمبی داڑھی والا۔
بامیار (ہندی۔ بیار) بھنڈی۔
بان (ہندی۔ بان) کلمۂ نسبت، رکھنے والا، رنگ، چھت۔ ۲۔ بید مشک، سہجنا کا پیڑ۔ (آن) ساتھ اُس کے۔
بانگ (ہندی۔ بانگ) آواز۔
بانو (ہندی۔ بانُو) بی بی، خاتون، بیگم۔
بانوا (ہندی۔ بَوا) بے نیاز، جس میں آواز ہو۔
بانوائی (ہندی۔ بَوائی) بے نیازی، آواز والا ہونا۔
بانوج (ہندی۔ بانُوج) جھول، جھولا، بانا۔
بانہ (ہندی۔ بَہ) پیڑو، ناف سے نیچے بالوں کی جگہ۔
بانی (ہندی۔ بانی) بنانے والا، بنا کرنے والا۔ ہم بُنّاج۔
بانی کار (ہندی۔ بانی۔ کار) کام میں ماہر۔
باور (ب۔ آوَر) ساتھ اُس کے۔
باوجود (ہندی۔ وُجُود) تسپر بھی
باوجودیکہ (ہندی۔ وُجُود۔ دے۔ کہ) کہ تس پر بھی۔
باور (ہندی۔ وَر) یقین، اعتبار۔

www.urduchannel.in

باورچی (ہ) ۔ورچ۔ جی) کھانا پکانے والا۔
باوصف (ہ) ۔وص (ف) باوجود۔
باویں (ہ) ۔وی) کاٹنے کی روئی کا بوٹیا۔
باہ (ہ) ۔ہ) قوت شہوت۔
باہت (ہ) ۔ہت) ایک روایتی سفید پتھر جس کو دیکھنے سے ناسا خنہ ہنسی آتی ہے۔
باہر (ہ) ۔ہر) روشن، ظاہر، کھلا ہوا۔
باہم (ہ) ۔ہم) آپس میں۔
باہمہ (ہ) ۔ہمہ) سب کے ساتھ۔
باہمی (ہ) ۔ہمی) منسوب بہ باہم۔
بائبت (ہ) ۔ابت) باہمی، شیئنہ۔
بائف (ہ) ۔ائف) انڈا دینے والی مرغی۔
بائی حال (ہ) ۔ائی حال) خالبًا بہرحال۔
بایہ (ہ) ۔یہ) چاہیے۔
بایس (ہ) ۔یس) محتاج، فقیر۔
بایست (ہ) ۔یست) چاہیے۔
بایستگی (ہ) ۔یستگی) لیاقت، بہتری
بایستن (ہ) ۔یستن) ضروری ہونا فعل بایدو۔
بایستنی (ہ) ۔یستنی) ضروری ہونے کے لایق
بایستہ (ہ) ۔یستہ) لایق، بہتر۔
بایع (ہ) ۔یع) بیچنے والا جمع بائعہ۔
بایل (ہ) ۔یل) پیشاب کرنے والا۔
بایں (ہ) ۔ایں) اس کے ساتھ۔
بایں ہمہ (ہ) ۔ایں ہمہ) اس سب کے ساتھ۔
ببر (ہ) ببر) ایال والا شیر مہ ببور (ہ) ببر) چوہا۔
ببس (ہ) ببس) تنگی، سختی۔
بپاد (ہ) ۔پاد) طوطی الوطا۔
بپسا دیدن (ہ) ۔پسا۔ دیدن) گھسنا، مسلنا، پیسنا۔
بپسودان (ہ) ۔پسود۔ دان) چھونا، چھونکی نوت۔
بت (ہ) بت) مورت (ہ بت) علامت ترکیب (ہ) ہر بتوت کاٹنا۔
بتان (ہ) بتان) بت کی جمع ذی روح بھی پیارے
بتا بیدن (ہ) ۔پیدن) ۔دن) چھوڑنا۔
بت پرست (ہ) ۔پرست) ۔پرس۔ت) مورت کا پجاری
بت پرستی (ہ) ۔پرستی) ۔پرس۔تی) مورتی پوجا
بت تراش (ہ) ۔تراش) ۔تراش) مورت گھڑنے والا
بت تراشی (ہ) ۔تراشی) ۔تراشی) مورت گھڑنا۔
بتر (ہ) بتر) بدتر، ابتر۔
بترا (ہ) بترا) ۔را) لنڈورا۔
بت راہ (ہ) ۔راہ) مارغ راہ۔
بتری (ہ) بتری) بتری) بدتری، خرابی
بترین (ہ) بترین) بتری) بہت خراب۔
بتکدہ (ہ) ۔کدہ) بت خانہ۔
بتکن (ہ) بتکن) ۔کن) سر اول، پہلا، کہتے ہیں
بتکندن (ہ) بتکندن) ۔دن) پیٹ بھرا ہونا
کچھ نہ کھانا، چھک جانا۔
بتمامہ (ہ) ۔تمامہ) بالکل، سب۔
بتول (ہ) بتول) علایق دنیا ترک کرنے والی
بتہ (ہ) بتہ) ۔تہ) یکبر تہ کاٹنا۔ ۲۔ سل کا پتہ
بتیارہ (ہ) بتیارہ) ۔یارہ) دیو، جادو، آفت
بلا، مکروہ، مہیب۔
بتیل (ہ) بتیل) دیکھو بتول۔
بث (ہ) بث) ظاہر کرنا، فاش کرنا۔
بثر (ہ) بثر) گرمی دانہ۔
بثرہ (ہ) بثرہ) ۔ثرہ) گرمی دانہ، مہاسا جھلا جو ہوتا ہے
بجا (ہ) بجا) ٹھیک، درست، بجگہ پر۔
بجال (ہ) بجال) کوتلہ، زغال۔
بجال آمدہ (ہ) بجال۔ آمدہ) تنگ آنا ہوا
بجان تو (ہ) بجان۔ تو) تیری جان کی قسم
بجای (ہ) بجای) بدلے، بعوض۔
بجرہ (ہ) بجرہ) ۔رہ) کشتی۔

www.urduchannel.in

بجز (بَجْز) سوائے۔
بجس (بَجَس) ناک کی پھلک، نرمی، سستی۔
بجنسہ (بِجِنْسِہٖ۔ سہی) ویسا ہی۔
بجول (بُجھول) پاؤں کا گلٹہ، پالنہ۔
بجہت (بِجِہَتْ) بسبب، وجہ سے۔
بچاق (بَچّاق) چاقو، چھری۔
بچش (بَچِش) دیکھو بجس۔
بچشک (بَچِشْک) دیکھو پزشک۔
بچہ (بچّہ) جو جوان نہ ہوا ہو۔
بچہ دار (بچّہ۔ دار) جیکے بچہ ہو۔
بچہ نو (بچّہ۔ نَو) حادثہ، نتیجہ، اکل، کونپل۔
بچیز (بَچِیز) کمتر، حقیر، کمینہ۔
بخاش (بَخّاش) بڑا بخش کرنے والا۔
بحار (بِحار) بحر کی جمع۔
بحال (بَحال) خوش و خرم، حالت پر قائم۔
بحالی (بَحالی) رونق، خوشی، حالت پر قیام۔
بحالیکہ (بَحالے۔ کہ) ساتھ اس حال کے۔
بخوجہ (بِخُوجہٖ۔ خُوجہ) بیچوں بیچ۔
بحت (بَحْت) خالص، محض، صرف۔
بحث (بَحْث) تلاش، کاوش، تحقیق، لڑائی جمع بحوث۔
بحر (بَحْر) سمندر، بڑا دریا جمع اَبْحار، بِحار، بُحُور۔
بحران (بُحْران) مریض پر حالت بیماری اور تندرستی کی کشمکش۔
بحر روال (بَحْرِ۔ رَوَاں) کشتی، جہاز۔
بحر سیہ (بَحْرِ۔ سِیَہ) خطرناک گہرا دریا۔
بحری (بَحْری) سمندری، دریائی۔
بحرین (بَحْرَین۔ رَین) دو سمندر، دو بحر
بحکم (بِحُکْم) مطابق۔
بحل (بِحِل) معاف۔

بحوحتہ (بُحُوحَتْ) گلا پڑنا۔
بحور (بُحُور) بحر کی جمع۔
بحیرہ (بُحَیْرَہ) چھوٹا سمندر، بڑی جھیل، تالاب۔
بخ (بَخ) کلمۂ خوشی۔
بخار (بُخار) بھاپ، بھبک جمع اَبْخِرَہ، اَبْخِرات، تپ۔
بخارا (بُخارا) نام شہر (روسی ترکستان)۔
بخارست (بُخارَسْت) (رَسْت) دارالحکومت رومانیہ (والاشیا)
بخاریہ (بُخاریَہ۔ یَہ) سسٹیم، انجن۔
بخالت (بُخالَت۔ لَت) کنجوسی۔
بخت (بَخْت) قسمت، تقدیر، حصہ۔
بختاور (بَخْتاوَر۔ وَر) (بَخْتاوَرْ۔ وَرْ) خوش قسمت۔
بختاوری (بَخْتاوَری۔ وَرِی) خوش قسمتی۔
بخت سفید (بَخْتِ۔ سَفِید) اچھا نصیب۔
بخت سیاہ (بَخْتِ۔ سِیَاہ) برا نصیب۔
بختور (بَخْتُور۔ تُوْر) (بَخْتُوْرْ۔ تُوْرْ) خوش قسمت۔
بختوری (بَخْتُوری۔ رِی) خوش قسمتی۔
بختہ (بَخْتَہ) فربہ، مینڈھا۔
بختہ (بَخْتَہ۔ تُہ) (دیکھو بختو)۔
بختی (بُخْتی۔ تِی) تیز رو خراسانی اونٹ۔
بختیار (بَخْتیار۔ یار) خوش قسمت۔
بخر (بَخَر) منہ کی باس۔
بخرد (بِخِرَد۔ رَد) عقلمند، دانا۔
بخردی (بِخِرَدی۔ رَدِی) عقلمندی، دانائی۔
بخرہ (بَخْرَہ۔ رَہ) حصہ۔
بخس (بَخْس) ۱۔ سکۂ طلب ۲۔ بارانی زمین۔
بخسانیدن (بَخْسانِیدَن۔ نِی۔ دَن) بخ میں گھٹنا
بخستن (بَخْسْتَن۔ تَن) سوتے میں خراٹے لینا۔
بخسیدن (بَخْسِیدَن۔ دَن) دیکھو بخسانیدن۔
بخش (بَخْش) حصہ، نصیب، بخشنے والا

www.urduchannel.in

بخشائیدن (بخ۔ شا۔ اِی۔ دَن) رحم کرنا، بخشش کرنا مصدر بخشائید۔

بخشائیدنی (بخ۔ شا۔ اِی۔ دَنی) بخشنے کے لایق

بخشائیدہ (بخ۔ شا۔ اِی۔ دَہ) بخشش کیا ہوا۔

بخشایش (بخ۔ شا۔ یِش) عطا، بخشش، مہربانی۔

بخشاینده (بخ۔ شا۔ یِن۔ دَہ) بخشنے والا۔

بخشش (بخ۔ شِش) دیکھو بخشایش۔

بخشنده (بخ۔ شِن۔ دَہ) بخشنے والا۔

بخشودن (بخ۔ شُو۔ دَن) رحم کرنا، بخشش کرنا مصدر بخشائید۔

بخشوده (بخ۔ شُو۔ دَہ) بخشا ہوا۔

بخشی (بخ۔ شی) تنخواہ بانٹنے والا افسر۔

بخشیدن (بخ۔ شی۔ دَن) بخشنا، دینا مصدر بخشائید۔

بخشیده (بخ۔ شی۔ دَہ) بخشا ہوا۔

بخل (بُخ۔ ل) کنجوسی، خست (بُخَل، باءِ کی جمع۔

بخور (بُخ۔ وُر) دھونی۔

بخیل (بَخِیل) کنجوس جم بُخَلاء۔

بخیدن (بَخ۔ دَن) تولنا، ٹھٹکنا۔

بخیده (بَخ۔ دَہ) ٹھٹکی ہوئی روئی۔

بخیه (بَخ۔ یَہ) باریک مضبوط سلائی۔

بد (بُد) بُرا، خراب، تعاد (بَد) چارہ، علاج جم اَبْداد، **بَدَه** (بَد) مالک، صاحب، خراب، بُرا (بَدْ شاہ) شروع کرنا۔

بدا (بَدا) ظاہر ہونا، رائے بدلنا۔ بہت بد (بَدار) شدید، ع کرنا۔

بداخلاق (بَد۔ اَخ۔ لاق) بدچلن، بدمزاج۔

بداسلوب (بَد۔ اُس۔ لُوب) بے ڈھنگا۔

بداسلوبی (بَد۔ اُس۔ لُو۔ بی) بے ڈھنگا پن۔

بداصل (بَد۔ اَص۔ ل) خبیث کمینہ۔

بداطوار (بَد۔ اَط۔ وار) بُرے طبع والا۔

بداطواری (بَد۔ اَط۔ وا۔ ری) خراب طبع۔

بداغ (بُدّاغ) ٹہنی، تلوار۔

بدال (بَد۔ دَال) غلہ فروش۔

بدآموز (بَد۔ آ۔ مُوز) جس کی تعلیم ناقص ہو۔

بدان (بَدان) دیکھو بآں، ہ کی فارسی جمع ذوالا

بدان تا (بَدان۔ تا) برائے آنکہ۔

بداندیش (بَد۔ اَن۔ دِیش) دشمن، برا سوچنے والا۔

بدایت (بِدا۔ آت) ابتدا، شروع، آغاز۔

بدایع (بَدا۔ یِع) بدیع کی جمع، عجائبات۔

بدآئین (بَد۔ آ۔ ایِن) بدعقیدہ، بداطوار۔

بدآئینی (بَد۔ آ۔ اِی۔ نی) بداطواری، بدعقیدگی

بداہت (بَدا۔ ہَت) بے سوچی ہوئی بات ابتدا بات کہنا۔

بدایع (بَدا۔ یِع) دیکھو بدائع۔

بدباطن (بَد۔ با۔ طِن) جسکے اندرونی خیالات بد ہوں۔

بدباطنی (بَد۔ با۔ طِنی) خیالات بد ہونا۔

بدبخت (بَد۔ بَخ۔ ت) بدقسمت۔

بدبختی (بَد۔ بَخ۔ تی) بدقسمتی۔

بدبو (بَد۔ بُو) سڑاند، جس کی باس بُری ہو۔

بدپرہیز (بَد۔ پَر۔ ہیز) جو پرہیز نہ کرے۔

بدپرہیزی (بَد۔ پَر۔ ہی۔ زی) پرہیز نہ کرنا۔

بدتبار (بَد۔ تَبار) جس کا کنبہ خراب ہو۔

بدتر (بَد۔ تَر) بہت خراب۔

بدتری (بَد۔ تَری) خرابی۔

بدترین (بَد۔ تَرین) سب سے خراب۔

بدجلو (بَد۔ جِلو) سرکش گھوڑا۔

بدچشم (بَد۔ چَشم) جس کی نظر بد ہو۔

بدچشمی (بَد۔ چَش۔ می) نظر بد ہونا۔

بدحال (بَد۔ حال) خراب حالی

بدحالی (بَد۔ حا۔ لی) خراب حال ہونا۔

www.urduchannel.in

بدحواس (بَدْ-حَوَاس) بے اوسان۔
بدحواسی (بَدْ-حَوَاسی) بے اوسانی۔
بدخشاں (بَدَخْ-شاں) نام شہر (افغانستان)
بدخشانی (بَدَخْ-شا-نی) بدخشاں کی طرف منسوب۔
بدخط (بَدْ-خَطّ) خراب خط والا۔
بدخطی (بَدْ-خَطّی) خراب خط ہونا۔
بدخلق (بَدْ-خُلْق) خراب مزاج والا۔
بدخلقی (بَدْ-خُلْ-قی) خراب مزاج ہونا۔
بدخو (بَدْ-خُو) خراب عادت۔
بدخوئی (بَدْ-خُو-ئی) خراب عادت ہونا
بدخواہ (بَدْ-خُواہ) بُرا چاہنے والا۔
بدخواہی (بَدْ-خُوا-ہی) بُرا چاہنا۔
بددعا (بَدْ-دُعا) کوسنا۔
بددل (بَدْ-دِل) اُچاٹ دل۔
بددلی (بَدْ-دِ-لی) دل اچاٹ ہونا۔
بددماغ (بَدْ-دِ-ماغ) خفا، غیر مطمئن۔
بددماغی (بَدْ-دِ-ما-غی) خفگی، بدمزاجی۔
بدذات (بَدْ-ذات) کمینہ، شریر۔
بدذاتی (بَدْ-ذا-تی) کمینہ پن، شرارت۔
بدذہن (بَدْ-ذِہْن) بھگاڑ، ناسمجھ۔
بدذہنی (بَدْ-ذِہْ-نی) ناسمجھی، بگاڑ ہونا۔
بدر (بَدْر) پورا چاند جو بدر کے مقام پر اسلام کی پہلی جنگ و فتح کا مقام (بَدْر) باہر
بدرام (بَدْ-رام) آراستہ، خوش، بہتر (بَدْ-رام) سرکش گھوڑا۔
بدراہ (بَدْ-راہ) جو بُری راہ چلے۔
بدراہی (بَدْ-را-ہی) بُری راہ چلنا۔
بدررو (بَدْ-رَو) پانی نکلنے کی نالی۔
بدرستی (بَدْ-رَسْ-تی) بیشک، واقعی۔
بدرقہ (بَدْ-رَقَہ) نگہبان، رہبر، دوا کی مدد کی چیز
بدرکاب (بَدْ-رِکاب) سواری کا خراب گھوڑا۔
بدرکابی (بَدْ-رِکا-بی) سواری میں خراب ہونا۔
بدرنگ (بَدْ-رَنگ) کمینہ۔
بدرنگ (بَدْ-رَنگ) جس کا رنگ خراب ہو۔
بدرنگی (بَدْ-رَنگ-گی) رنگ خراب ہونا۔
بدرو (بَدْ-رَو) بدصورت (بَدْ-رَو) خراب چلنے والا۔
بدرود (بَدْ-رُود) رخصت، وداع۔
بدرودی (بَدْ-رُو-دی) بُری ماہ چلنا (بَدْ-رُو-دی) بدصورتی۔
بدروپیہ (بَدْ-رُو-پَیہ) جس کا ڈھنگ خراب ہو۔
بدرہ (بَدْ-رَہ) ہزار روپیہ کا توڑا، بیمانی۔
بدزبان (بَدْ-زَبان) جس کی زبان بے لگام ہو۔
بدزبانی (بَدْ-زَبا-نی) زبان بے لگام ہونا۔
بدزہرہ (بَدْ-زَہْ-رَہ) بددل، وہمی، ڈرپوک
بدزیب (بَدْ-زیب) جو اچھا نہ لگے۔
بدزیبی (بَدْ-زے-بی) اچھا نہ لگنا۔
بدساعت (بَدْ-سا-عَت) بُری گھڑی۔
بدست (بِدَسْ-ت) بالشت، شبر، وجب، کرست
بدستور (بَدَسْ-تُور) قاعدہ کے مطابق۔
بدسرشت (بَدْ-سِرِشْ-ت) طبیعت کا بُرا۔
بدسرشتی (بَدْ-سِرِشْ-تی) طبیعت کی بُرائی۔
بدسگال (بَدْ-سِگال) دشمن، بداندیش۔
بدسگالی (بَدْ-سِگا-لی) دشمنی، بداندیشی۔
بدسلوک (بَدْ-سُلُوک) بُرا برتاؤ کرنے والا۔
بدسلوکی (بَدْ-سُلُو-کی) بُرا برتاؤ۔
بدسیرت (بَدْ-سِیرَت) بُری عادت والا۔
بدسیرتی (بَدْ-سِی-رَتی) بُری عادت ہونا۔
بدشکل (بَدْ-شَکْل) بھونڈی شکل والا۔
بدشکلی (بَدْ-شَکْ-لی) بھونڈی شکل ہونا۔
بدشگن (بَدْ-شَگُن) بدفال۔
بدشگنی (بَدْ-شَگُنی) بدفالی۔
بدشیر (بَدْ-شِیر) کمینی آنا کا (دودھ پیا ہوا۔

www.urduchannel.in

بدصورت (بَدْ۔صُو۔رَتْ) بدشکل۔
بدصورتی (بَدْ۔صُو۔رَتِی) بھونڈی صورت والا ہونا۔
بدطریق (بَدْ۔طَرِیْقْ) خراب طبیعت والا۔
بدطینت (بَدْ۔طِی۔نَتْ) طبیعت کا بُرا۔
بدطینتی (بَدْ۔طِی۔نَتِیْ) طبیعت کی بُرائی۔
بدظن (بَدْ۔ظَنْ) بدگمان۔
بدظنی (بَدْ۔ظَنِیْ) بدگمانی۔
بدعت (بِدْ۔عَتْ) دین میں نئی بات جو بدعات
بدعتی (بِدْ۔عَتِیْ) بدعت کرنے والا۔
بدعہد (بَدْ۔عَہْد) قول کا جھوٹا۔
بدعہدی (بَدْ۔عَہْ۔دِیْ) جھوٹا قول، عہد توڑنا۔
بدفعل (بَدْ۔فِعْ۔لْ) بُرا کام کرنے والا۔
بدفعلی (بَدْ۔فِعْ۔لِیْ) بُرا کام کرنا۔
بدقدم (بَدْ۔قَدَمْ) منحوس، بُری چال چلنے والا
بدقدمی (بَدْ۔قَدَ۔مِیْ) نحوست، بُری چال چلنا۔
بدقوارگی (بَدْ۔قَوْ۔رَ۔گِیْ) بری حرکت ہونا۔
بدقوارہ (بَدْ۔قَوْ۔رَہْ) بھونڈا، بُری حرکتوں والا
بدک (بِدْکْ) بِدْہْ۔
بدکار (بَدْ۔کَارْ) بدچلن، بدنسل۔
بدکاری (بَدْ۔کَا۔رِیْ) بدچلنی، بدفعلی۔
بدکردار (بَدْ۔کِرْ۔دَارْ) بدعمل، بدچلن۔
بدکرداری (بَدْ۔کِرْ۔دَا۔رِیْ) بدعملی، بدچلنی
بدکیش (بَدْ۔کِیْشْ) (دھرمی) بدمذہب۔
بدکیشی (بَدْ۔کِے۔شِیْ) بدمذہبی۔
بدگل (بَدْ۔گِلْ) بدصورت۔
بدگمان (بَدْ۔گَمْ۔مَانْ) بُرا شبہ کرنے والا۔
بدگمانی (بَدْ۔گَمْ۔نِیْ) بُرا شبہ کرنا۔
بدگو (بَدْ۔گُوْ) بُرا کہنے والا۔
بدگوہر (بَدْ۔گُوْ۔ہَرْ) بدذات۔
بدگوئی (بَدْ۔گُوْ۔ئِیْ) بُرا کہنا۔
بدگہر (بَدْ۔گَہَرْ) بدذات۔
بدل (بَدْلْ) بدلا، توڑ (مصنوعی جو اَبْدَالْ
(بُدَلْ) عوض، شریف آدمی جو اَبْدَالْ۔
بدلا (بَدْ۔لَا) عوض، پلٹا، توڑ۔
بدل اشتراک، بدل الاشتراک (بَدْ۔لِ۔اِشْ۔
تِرَاکْ، بَدْ۔لُلْ۔اِشْ۔تِرَاکْ) اخبار یا رسالہ
وغیرہ کی قیمت پر آبونہ۔
بدلحاظ (بَدْ۔لِحَاظْ) جس میں لحاظ نہ ہو۔
بدلحاظی (بَدْ۔لِحَا۔ظِیْ) لحاظ نہ ہونا۔
بدلگام (بَدْ۔لَگَامْ) منھ پھٹ، منھ زور۔
بدلگامی (بَدْ۔لَگَا۔مِیْ) منھ زوری، منھ پھٹ ہونا۔
بدل مائتحلل (بَدْلِ۔نَا۔یَتَحَلَّلْ۔لَکْ) تحلیل ہوئی
چیز کا بدلہ۔
بدمزگی (بَدْ۔مَزَ۔گِیْ) بے لطفی، مزہ کرکرا ہونا۔
بدمزہ (بَدْ۔مَزَہْ) جس کا مزہ خراب ہو۔
بدمست (بَدْ۔مَسْ۔تْ) متوالا۔
بدمستی (بَدْ۔مَسْ۔تِیْ) متوالا پن۔
بدمظنہ (بَدْ۔مُظْ۔نَہْ) شکی۔
بدمعاش (بَدْ۔مَعَاشْ) لچا، بُری کمائی والا
بدمعاشانہ (بَدْ۔مَعَا۔شَا۔نَہْ) بدمعاش سے منسوب۔
بدمعاشی (بَدْ۔مَعَا۔شِیْ) بُری روزی کمانا۔
بدمعاملگی (بَدْ۔مُعَا۔مَلْ۔گِیْ) معاملہ بُرا ہونا۔
بدمعاملہ (بَدْ۔مُعَا۔مَلَہْ) معاملہ کا بُرا۔
بدمہر (بَدْ۔مِہْ۔رْ) بیوفا، بے محبت
بدمہری (بَدْ۔مِہْ۔رِیْ) بیوفائی۔
بدن (بَدَنْ) جسم جو اَبْدَانْ۔
بدنام (بَدْ۔نَامْ) رسوا۔
بدنامی (بَدْ۔نَا۔مِیْ) رسوائی۔
بدنژاد، بدنہاد (بَدْ۔نِژَادْ، بَدْ۔نِہَادْ)
پیدائشی خراب۔
بدنسل (بَدْ۔نَسْ۔لْ) جس کی نسل بُری ہو۔

www.urduchannel.in

بدنسلی (بَدْ۔نَسْ۔لی) نسل بُری ہونا۔
بدنصیب (بَدْ۔نَصِیْب) بُری قسمت والا۔
بدنصیبی (بَدْ۔نَصِیْ۔بی) قسمت کی بُرائی۔
بدنظم (بَدْ۔نَظْم) بد انتظام
بدنظمی (بَدْ۔نَظْ۔مِیْ) بد انتظامی۔
بدنما (بَدْ۔نُمَا) بھونڈا۔
بدنمائی (بَدْ۔نُمَا۔اِیْ) بھونڈاپن۔
بدنمود (بَدْ۔نُمُوْد) بدنما۔
بدنی (بَدَنِیْ) منسوب بہ بدن۔
بدو (بَدْو) ابتدا، آغاز، جنگل، بیابان (بَدُوْ) (دیکھو بادیہ) (بَدْو) (بُدُوْ) ظاہر ہونا۔
بدوضع (بَدْ۔وَضْع) بُری وضع والا۔
بدوضعی (بَدْ۔وَضْ۔عِیْ) بُری وضع ہونا۔
بدولت (بِدَوْ۔لَتْ) آسرا، آسرے سے۔
بدون (بِدُوْن) سوائے اِس کے۔
بدوی (بَدَوِیْ) منسوب بہ بدو بمعنی جنگل، عرب کا گنوار۔
بدہ (بَدَہ) غیر پھل دار درخت، بھاٹ، خشکہ۔
بدہیات (بَدَہِیْ۔یَاتْ) دیکھو بدیہیات۔
بدہیئت (بَدْ۔ہَیْ۔اَتْ) بگڑی ہوئی شکل والا۔
بدی (بَدِیْ) بُرائی (بَدِّیْ) دلیل۔
بدیدہ (بَدِیْدَہ) ظاہر۔
بدیع (بَدِیْع) نادر، نئی چیز جو بَدَائِع۔
بدیل (بَدِیْل) چیز کا بدلہ جم اَبْدَال۔
بدیں (بِدِیْں) دیکھو بایں
بدیہہ (بَدِیْہَہ) (بَدِیْ۔ہَہ) ظاہر بے سوچی بات۔
بدیہی (بَدَہِیْ) جو محتاج دلیل نہ ہو۔
بدیہیات (بَدَہِیْ۔ہِیْ۔یَاتْ) جانی بوجھی ہوئی پیش نظر چیزیں۔
بذ (بَذّ) غلبہ کرنا۔
بذاذ (بَذَّاذ) بیوپاری، فرش بیچنا۔
بذاذہ (بَذَّا۔ذِیْ) اپنی ذات کے ساتھ۔
بذج (بَذَجْ) ہیجنا، بھیڑ کا بچہ۔
بذح (بَذْح) پھاڑنا۔
بذر (بَذْر) اناج کا بیج جم اَبْذَار (بُذُوْر)۔
بذرقطونا (بَذْر۔قُطُوْ۔نَا) اسپغول۔
بذرقہ (بَذْ۔رَقَہ) راہبر۔
بذرگر (بَذْ۔رَ۔گَرْ) کسان۔
بذع (بَذَعْ) ڈر، خوف۔
بذل (بَذْل) بخشش۔
بذلہ (بَذْ۔لَہ) لطیفہ، چٹکلہ (بَذْ۔لَہ) سوٹ، پوری پوشاک
بذلہ سنجی (بَذْ۔لَہ۔سَنْ۔جِیْ) لطیفہ گوئی۔
بذور (بُذُوْر) تخرا، چھچھورا جم بذر۔
بذی (بَذِیْ) بے شرم آدمی، اوباش۔
بر (بَرْ) اوپر، پھل، فائدہ، بدن، جسم، خوبرت کا سینہ، جوان عورت، نخل، کوہ، مکان کا در تمام، سب، طرف، جانب، حافظہ، فراخی، کلمۂ الصاق مثلاً دشمن بر دوش، لیجانے والا۔ (بَرّ) نیکوکار، مہربان جم اَبْرَار خشک زمین، بیابان جم بَرَارِیّ نام حق تعالےٰ (بِرّ) نیکی، بخشش، خوشنودی، رضامندی (بِرّ) ایک یعنی پہلا عدد (بُرّ) کاٹنے والا (بُرّ) گیہوں جم اَبْرَاز (بَرْہ) اچھا ہونا۔
برا (بَرْ۔آ) باہر نکلنے والا۔
برابر (بَرَا۔بَرْ) مقابل، ہموار، گنا۔
براث (بَرَاثْ) حصہ، بھرہ، خزانہ کی دصولیابی کا کاغذ
براجم (بَرَا۔جِمْ) بُرجم کی جمع۔
براد (بُرَادْ) ٹھنڈا۔
برادر (بَرَا۔دَرْ) بھائی۔
برادرانہ (بَرَا۔دَرَا۔نَہ) بھائی کی مانند۔

www.urduchannel.in

برادر بطنی (برا۔ دَر۔ بَطْ۔ نی) ماں جایا سوتیلا بھائی۔
برادر زادہ (برا۔ دَر۔ زا۔ دَہ) بھتیجا۔
برادر زادی (برا۔ دَر۔ زا۔ دی) بھتیجی۔
برادر نسبتی (برا۔ دَر۔ نِس۔ بَتی) سالا، ہمشوئی۔
برادر ندر (برا۔ دَر۔ نَ۔ دَر) سوتیلا بھائی۔
برادری (برا۔ دَری) بھائی بندی۔
برادہ (بُرا۔ دَہ) چورا۔
برار (بَرّ۔ آر) باہر لانے والا۔
براری (برا۔ ری) برّ کی جمع۔ منسوب بہ برار۔
براز (بَرّاز) چٹیل میدان (بَرّاز) گوہ، پاخانہ۔
برازخ (بَرا۔ زَخ) برزخ کی جمع۔
برازش (بَرا۔ زِش) گراوٹ۔
برازندہ (بَرا۔ زِن۔ دَہ) سجیلا۔
برازیدن (بَرا۔ زی۔ دَن) پھینا، بدنا
مضم بَرَازَدْ۔
براسہ (بِرا۔ سِہی) خاصکر۔
براعت (بَرا۔ عَت) روشنی، فصاحت، فضیلت۔
براغالیدن (بَرا۔ غا۔ لی۔ دَن) اُبھارنا، اسکارنا۔
براق (بُرّ۔ رَاق) ہر چمکیلی چیز (بُرّاق) اشہب، سواج
میں سردار دو عالم کی سواری کا جنتی چوپایہ۔
برآمد (بَرْ۔ آ۔ مَد) نکاسی۔
برآمدن (بَرْ۔ آ۔ مَدَن) باہر نکلنا مضم بَرْ آیَدْ
برآمدہ (بَرْ۔ آ۔ مَدَہ) باہر نکلا ہوا، آگے کا
دالان، گھوگ۔
برآں (بَرْ۔ اَں) کاٹنے والا (بَرْ۔ آں) اُس کے اوپر
برآں صر (بَرْ۔ آں۔ صَر) اُس (راد ے) پر۔
براو (بَرْ۔ اُو) اُس کے اوپر۔
براورد (بَرْ۔ آ۔ وَرْد) آنک، جانچ، تخواہ کا کاغذ۔
براوردن (بَرْ۔ آ۔ وَرْدَن) باہر لانا مضم
بَرْ آوَرْدْ۔
براوردہ (بَرْ۔ آ۔ وَرْ۔ دَہ) باہر لایا ہوا

برآوردہ (بَرْ۔ آ۔ وَرْ۔ دَہ) باہر لانے والا۔
برآویختن (بَرْ۔ آ۔ وِیخ۔ تَن) لٹکانا مضم
بَرْ آوِیزْ دْ۔
براہمہ (بَرا۔ ہِمَہ) برہمن کی جمع۔
براہین (بَرا۔ ہِین) بُرہان کی جمع۔
برائت (بَرا۔ اَت) فارغخطی، بیزاری کا
(دری، پاک ہونا۔
برائے (بَرا۔ ائے) واسطے، لئے۔
برآیندہ (بَرْ۔ آ۔ یِن۔ دَہ) باہر نکلنے والا۔
برایا (بَرا۔ یا) بریت کی جمع۔
بربر (بَرْ۔ بَرْ) نام علاقہ (افریقہ)
بربری (بَرْ۔ بَری) بربر کا باشندہ، وحشی۔
بربریت (بَرْ۔ بَری۔ یَت) وحشی پنا۔
برنبست (بَرْ۔ بَس۔ ت) قاعدہ، قانون، روش
جمع بَرَابِسْتَگَان
برنبط (بَرْ۔ نَبَط) ایک باجہ۔
برنافتن (بَرْ۔ نَاف۔ تَن) مروڑنا، موڑنا
مضم بَرْ نَافْتَدْ۔
برنافتہ (بَرْ۔ نَافْ۔ تَہ) موڑا ہوا۔
برتر (بَرْ۔ تَر) بلند، افضل۔
برتری (بَرْ۔ تَری) بلندی، فوقیت۔
برتقان (بُرْ۔ تُقَان) سنترہ۔
برتکان (بَرْ۔ تَکَان) کمی، گدڑی۔
برتن (بُرْ۔ تَن) مسجّع اسباب، انگوٹھے کے برابر کا
شکاری جانور کا پنجہ جو بَرْ اَثَنْ۔
برج (بُرْ۔ جَ) گنبد، گھڑی، فضائے آسمانی
بارھواں حصہ جم بُرُوْ جْ۔
برجا (بَرْ۔ جا) ٹھیک، جگہ پر۔
برجاس (بُرْ۔ جَاس) نشانہ۔
برجستن (بَرْ۔ جَس۔ تَن) اُچھلنا مضم بَرْ جَہَدْ۔
برجستہ (بَرْ۔ جَس۔ تَہ) ٹھیک، چست، تحفہ، اچھلا ہوا۔

www.urduchannel.in

برجمہ (برُ-جُمْ-ہ) انگلی کا پورا جم برُ جَم۔
برجیس (برِ-جیس) ستارۂ مشتری۔
برچیدن (برُ-چی-دَنْ) چگنا، چننا مضم برُ چینْدُ۔
برچیدہ (برُ-چی-دَ) چنا ہوا۔
برحق (برِ-حَقّ) سچ، درست۔
برخ (برُ-خ) ٹکڑا، حصہ۔
برخاست (برُ-خاس-تَ) علیحدگی، اٹھنا۔
برخاستن (برُ-خاس-تَنْ) اٹھنا مضم برُ خیزُدُ۔
برخاستہ (برُ-خاس-تَ) اٹھا ہوا۔
برخلاف (برِ-خلاف) برعکس، الٹا۔
برخوردن (برُ-خُر-دَنْ) لطف اٹھانا، میوہ کھانا مضم برُ خوردُ۔
برخوردار (برُ-خُر-دَ-رْ) خوش، پھولا پھلا بیٹا۔
برخی (برِ-خی) فدیہ، قربانی، صدقہ۔
برخے (برِ-خے) تھوڑا سا، کچھ۔
برد (برُ-دْ) سردی، جاڑا، ٹھنڈ (برُ-دَ) شطرنج کی بازی، دھاریدار کپڑا (برُ-دُ) ادلا، اژالہ (برُ-دُ) ہر ٹھنڈی چیز۔
بردار، بردارندہ (برُ-دَ-رْ، برُ-دَ-رَ-نْ-دَ) اٹھانے والا۔
برداشت (برُ-دَاش-تَ) سہار، اٹھانا، سہنا۔
برداشتن (برُ-دَاش-تَنْ) اٹھانا مضم برُ دَارُدُ۔
برداشتنی (برُ-دَاش-تَ-نِی) اٹھانے کے لائق
برداشتہ (برُ-دَاش-تَ) اٹھایا ہوا۔
بردبار (برُ-دُ-بَارْ) حلم، سہنے والا۔
بردباری (برُ-دُ-بَا-رِی) حلم، تحمل۔
بردگجوز (برُ-دِ-گِجْ-وَ-زْ) جاڑے کا آخری ہفتہ۔
بردک (برُ-دَکْ) پہیلی، چیستاں۔
بردن (برُ-دَنْ) لیجانا مضم برُدُ

بردنی (برُ-دَ-نِی) لیجانے کے لائق۔
بردہ (برُ-دَ) لیجایا ہوا (برُ-دَ) قیدی، غلام، لونڈی۔
بردہ فروش (برُ-دَ-فُرُ-وَ-شْ) غلاموں کی تجارت کرنے والا۔
بردہ فروشی (برُ-دَ-فُرُ-وَ-شِی) غلاموں کی تجارت۔
بردی (برُ-دِی) نرکل۔
بردیدن (برُ-دِی-دَنْ) بھک جانا۔
برذعہ (برُ-ذَ-عَ) پالان۔
برزہ (برُ-زَ) باڑ کی جمع۔
برز (برُ-زْ) قدر، اونچائی (برُ-زُ) زراعت، زمینداری، عقلمند۔
برزخ (برُ-زَ-خْ) درمیانی چیز جم برَازِخْ۔
برزگر (برُ-زُ-گَرْ) کسان۔
برزن (برُ-زَنْ) کوچہ، گلی۔
برزیں (برُ-زِیں) آگ، کوچہ، گلی۔
برسام (برُ-سَامْ) ذات الجنب، پیورسی۔
برش (برِ-شْ) کاٹ، پھانک، تراش۔
برشتن (برِ-شْ-تَنْ) بھوننا مضم برِیَانُدُ۔
برشتنی (برِ-شْ-تَ-نِی) بھوننے کے لائق۔
برشتہ (برِ-شْ-تَ) بھونا ہوا۔
برشکال (برُ-شَ-کَالْ) برسات۔
برص (برَ-صْ) سفید کوڑھ، پھل بہری۔
برطرف (برُ-طَرَفْ) موقوف، علیحدہ۔
برطرفی (برُ-طَرَ-فِی) موقوفی، علیحدگی۔
برطلہ (برُ-طُ-لَ) کلاہ، ٹوپی۔
برطیل (برُ-طَیْلْ) خراجی، خراسہ (برُ-طُیُولْ) لمبا چھر۔
برع (برَ-عْ) ہاضمہ، سکر۔
برعکس (برِ-عَکْ-سْ) الٹا، برخلاف۔
برغست (برُ-غُسْ-تَ) نذر، نالہ، قسم ساگ۔

ALIGARH

www.urduchannel.in

برغلانیدن (برغ-لا-نی-دَن) دیکھو برغلانیدن۔
برغماں (برغ-ماں) الاؤ۔
برغوز (برغ-غُوز) قرنا، سنکھ۔
برغوث (برغ-غُوث) پسو، پھر جمع برغاغیث۔
برف (برَف) منجمد پانی۔
برف پرورد (برَف-پَ-وَرْ-د) برف میں ٹھنڈا کیا ہوا۔
برفجور (برَف-جُور) بہت جلد۔
برق (بَرْق) بجلی، چمک جم برُوق
برق ربا (بَرْق-رُبا) بجلی کا کنڈکٹر، بجلی اُتارنے والا۔
برقرار (بر-قَرار) قائم۔
برقراری (بر-قَرا-ری) قیام۔
برق زدگی (بَرْق-زَدْ-گی) بجلی مارنا۔
برق زدہ (بَرْق-زَدَہ) بجلی مارا ہوا۔
برقع (بُرْ-قَع) گھونگھٹ، ایک پردہ دار لباس۔
برقعہ (بُرْ-قَعَہ) اوبچی پتھریلی زمین
برقی (بَرْ-قی) منسوب بہ برق، بجلی کا۔
برقیہ (بَرْ-قِیَہ) خبر رسانی کا تار
برک (بُرْک) بھیل ستارہ، ایک اُونی کپڑا (بڑا کی پتی، سامان، سر انجام۔
برکار (بَرْ-کار) سینہ کھلا ہوا، بلند۔
برکان (بَرْ-کان) آتش فشاں پہاڑ۔
برکت (بَرَ-کَت) نیکی بختی، افزایش جم بَرَکات۔
برکردن (بَرْ-کَرْ-دَن) ظاہر کرنا، روشن کرنا مضم بَرْ کَنْدَنْ۔
برکشیدن (بَرْ-کَشی-دَن) اوٹھانا، مرتبہ بڑھانا مضم بَرْ کَشَدَنْ۔
برکندن (بَرْ-کَنْ-دَن) اکھیڑنا۔
برکندنی (بَرْ-کَنْ-نی) اکھیڑنے کے لائق۔
برکندہ (بَرْ-کَنْ-دَہ) اکھیڑا ہوا
برکہ (بَرْ-کَہ) حوض (بڑ-کَہ) آٹے کی بھلائی۔
برگ (بَرْگ) سامان، اسفنات، پتہ کا پتہ، پردا۔
برگردیدن (بَرْ-گَرْ-دی-دَن) پھر جانا، قائم نہ رہنا مضم بَرْ گَرْدَدْ۔
برگ رینہ، برگ ریزاں (بَرْگ-رِی-زَ-ں) موسم خزاں۔
برگزیدگی (بَرْ-گُزی-دَگی) پسند، چھانٹ۔
برگزیدن (بَرْ-گُزی-دَن) پسند کرنا، چھانٹنا، چننا۔
برگزیدہ (بَرْ-گُزی-دَہ) پسندیدہ، چھانٹا ہوا۔
برگستواں برگستوان (بَرْ-گُسْ-تُوا-ں) (بَرْ-گُسْ-تُوا-ن) ہاتھی، ایک لباس جنگ۔
برگشتگی (بَرْ-گَشْ-تَگی) پھرا ہوا پن۔
برگشتن (بَرْ-گَشْ-تَن) پھرنا مضم بَرْ گَرْدَدْ۔
برگشتنی (بَرْ-گَشْ-تَنی) پھرنے کے لائق۔
برگشتہ (بَرْ-گَشْ-تَہ) پھرا ہوا۔
برگ ونوا (بَرْگ-وَ-نَوا) توشہ، کھانا۔
برلنگ زدن (بَرْ-لَنگ-زَدَن) بھاگنا۔
برم (بَرْم) دیکھو برغ۔
برماس (بَرْ-ماس) دست کشی، چھوت۔
برماسیدن برمچیدن (بَرْ-ماسی-دَن، بَرْ-مَچی-دَن) ایک ٹھوکو (سر پر گرڑا، ہاتھ ملنا۔
برملا (بَرْ-ملا) برسر لباس، سب کے سامنے
برمہ (بَرْ-مَہ) چھیدنے کا برمہ جم بَرَمْ، بَرْمَم (بَرْ-مَہ) ہاتھی۔
برمیل (بَرْ-میل) چیتا۔
برنا (بَرْ-نا) جوان، ظریف۔
برناس (بَرْ-ناس) نادان، غافل، نادانی، غفلت۔
برنائی (بَرْ-نا-ئی) جوانی۔
برنج (بِرِن-ج) پیتل (بِرِن-ج) چاول۔
برنجاسف (بِرِن-جا-سِف) نام دوا، بوٹے، ادویان۔

www.urduchannel.in

برنجن (بِرَنْ-جَنْ) بازو بند۔
برنجی (بِرِنْ-جِیْ) پیتل کی چیز۔
برندہ (بُرِنْ-دَہ) بھاگنے والا (بُرِنْ-دَہ) کاٹنے والا۔
برنس (بُرْ-نُس) عیسائیوں اور آتش پرستوں کا ایک مذہبی لباس۔
برنشاندن (بُرْ-نِشَاں-دَنْ) بٹھلانا۔
برنشستنی (بُرْ-نِشَسْ-تَنِیْ) سواری، بیٹھنے کے لائق
برنطیہ (بُرْ-نِیْ-طَہ) انگریزی ٹوپی۔
برنغار (بُرْ-نَغَارْ) جنگ فوج کا دایاں بازو۔
بروار (بُرْ-وَارْ) گرمیوں کا ٹھنڈا مکان، کوٹھی، بالاخانہ۔
برواز (بُرْ-وَازْ) چوکھٹا۔
بروت (بُرُوْت) مونچھ۔
بروج (بُرُوْج) برج کی جمع۔
بروجراہم (بُرُوْ-جِرَاہِمْ) برہمن کا۔
بروجی (بُرْ-وَجِیْ) ایک دجہ پر۔
بروحا (بُرُوْ-حَا) سردی۔
بروز (بُرُوْز) باہر نکلنا، ظاہر ہونا (بُرْ-وَزْ) دامن کی سنجاف۔
بروزی (بُرُوْ-زِیْ) بروز سے منسوب، ظاہر ہونیوالا۔
بروسل (بُرُوْ-سَلْ) شہر برسلز (بلجیم)
برومند (بُرُوْ-مَنْ) کامیاب، پھلدار۔
برومندی (بُرُوْ-مَنْ-دِیْ) کامیابی، پھلداری۔
بروں (بُرُوْں) باہر، سوا، بیرون۔
برونی (بُرُوْ-نِیْ) باہری۔
برہ (بُرْ-رَہ، بَرَہْ) بکری یا ہرن وغیرہ کا بچہ، برج حمل۔
برہان (بُرْ-ہَانْ) دلیل جمع براہین۔
برہم (بُرْ-ہَمْ) اُلٹ پلٹ، خفا، ناراض۔
برہمن (بِرَہْ-مَنْ، بُرَہْ-مَنْ) ہندوؤں کی سب سے افضل قوم جو برہما سے۔
برہمند (بُرَہْ-مَنْ-دْ) دیکھو برہمن۔
برہمی (بُرْ-ہَمِیْ) ناراضی۔
برہنگی (بُرَہْ-نَگِیْ) ننگ پن، ننگا پن۔
برہنہ (بُرَہْ-نَہ، بُرْ-ہَنَہْ) ننگا، کچا۔
برہنہ گو (بُرَہْ-نَہ-گُوْ) کھری کہنے والا۔
برہنہ گوئی (بُرَہْ-نَہ-گُوْ-ءِیْ) کھری کھری کہنا۔
برہون (بُرْ-ہُوْن) صابون، دائرہ، حلقہ، آرائش، زینت۔
بری (بَرِیْ) پاک، بیقصور، الگ، بیزار (بُرْ-رِیْ) منسوب بہ برّ، خشکی کا۔
بری الذمہ (بَرِیُ-یُ-ذِمْ-مَہ) ذمہ داری سے بری
بریان (بِرْ-یَاں) بھنا ہوا۔
بریانی (بِرْ-یَا-نِیْ) ایک قسم کا پلاؤ۔
بریت (بَرِیْ-یَتْ) خلق، برتیہ جو برّایا بیقصوری ظاہر کی
برید (بُرَیْ-یُدْ) کاٹ (بُرَیْ-یَدْ) قاصد، نامہ بر، ڈاک۔
برید فلک (بَرِیْ-یُدِ-فَلَکْ) چاند۔
بریدن (بُرِیْ-دَنْ) کاٹنا مصدر جمع بُرّد۔
بریدنی (بُرِیْ-دَنِیْ) کاٹنے کے لائق۔
بریدہ (بُرِیْ-دَہ) کاٹا ہوا۔
بریز (بِرِیْ-یِزْ) کھلبلی، بدحواسی۔
بریسم (بَرِیْ-سَمْ) ریشم۔
بریق (بَرِیْ-یِقْ) روشن، درخشندہ
بریں (بَرِیْں) بلند، برتر، اوپر (بِرِیْں) بھانک، برش
بریندہ (بُرِیْ-یَنْ-دَہ) بھونے والا۔
بریہ (بَرِیْ-یَہ) خلق جو برّایا۔
بز (بُزْ) بکری (مجازاً) برج حمل (بَزّ) کپڑا، بزازی، اسباب خانہ داری۔
بزاختن (بُزَاْ-خْتَنْ) پگھلنا۔

www.urduchannel.in

بزاخفش (بُزَاخ۔فَش) گھماشرا، احمق۔
بزاز (بَزْ۔زاز) بساری، دراندوش۔
بزاز (بَزْ۔زاز) کپڑا بیچنے والا۔
بزازیدن (بُزا۔زِی۔دَن) دیکھو بزاخفش۔
بزاغ (بَزْ۔زاغ) سالوتری، ہیلار (بُزاغ) ظریف آدمی۔
بزاق (بُزَاق) تھوک، منہ کا لعاب۔
بزاں (بُزَاں) عورت کی شہوت۔
بزبازی (بُزْ۔بَا۔زِی) بکرا اور بندر نچانا۔
بزبگر، بزول (بُزْ۔بَگَر، بُزْ۔وَل) ڈرپوک۔
بزداغ (بَزْ۔داغ) گلی، دھار خانے کا آلہ۔
بزر (بَزَر) ترکاری کا بیج جم اَبزار، اَبازیر، بزور۔
بزراد (بَزْ۔رَد) چاہے کیلئے بونے کی چیز۔
بزراع (بَزْ۔رَاع) پورا جوان، کامل جوان۔
بزرگ (بُزُرْگ) بڑا۔ بڑ۔رگ، بڑی اکائی۔
بزرگر (بَزْ۔رَگَر۔گَر) کھیتی کرنے والا۔
بزرگری (بَزْ۔رَگَر۔گَرِی) کھیتی۔
بزرگوار (بُزُرْگ۔وَار) بزرگ کی مانند۔
بزرگواری، بزرگی (بُزُرْگ۔وَا۔رِی، بُزُرْگ۔گِی) بڑائی۔
بزشک (بِزِشْ۔ک) دیکھو پزشک۔
بزع (بَزْع) پچھنے لگانا۔
بزغالہ (بُزْ۔غَا۔لَہ) بکری کا بچہ۔
بزغہ (بُزْ۔غَہ) پھل (اٹھنی کی مٹھی)۔
بزق (بُزَاق) منہ پر تھوک دینا۔
بزقدم (بُزْ۔قَدَم) سست قدم۔
بزگر (بَزْ۔گَر) لڑائی کا بیڑا اٹھانے والا۔
بزگیری (بَزْ۔گِی۔رِی) چوری، حیلہ بازی۔
بزل (بَذْل) سخی، سخاوت۔
بزم، بزمگاہ (بَزْم، بَزْم۔گَاہ) جشن، محفل۔

بزن (بَزَن) مار (بُزُن) کھیتی کا پٹرا، پہرا سہاگا۔
بزور (بِزُوْر) زور کیساتھ (اَبْزُوْر) بزر کی جمع۔
بزوغ (بُزُوْغ) روشنی، طلوع۔
بزہ (بَزَہ) گناہ، خطا (بُزَہ) خوشبودار پھل۔
بزہ کار (بَزَہ۔کَار) خطاکار۔
بزہ کاری (بَزَہ۔کَا۔رِی) خطاکاری۔
بس (بَس) بہت، کافی، مانند، فقط (بُس) بوس کا تلفظ، ایک آہنی سیخ۔
بسا (بَسَا) بہت، تمام، اکثر۔
بسا پورت (بَسَا۔پُوْرْت) پاسپورٹ۔
بساتین (بَسَا۔تِیْن) بستان کی جمع۔
بسارت (بَسَا۔رَت) برسات۔
بساط (بِسَاط) فرش، شطرنجی، بچھونا، گھر کا اسباب، دسترس، وسعت جم بُسُط (بَسَاط) چوڑا ہموار زمین۔
بساط خانہ (بِسَاط۔خَا۔نَہ) ظروف یا ظاہ۔
بساطی (بِسَا۔طِی) بساط خانہ کا سوداگر۔
بسالت (بَسَا۔لَت) بہادری، شجاعت۔
بسام (بَسَّام) ہنسوڑ، خلقت۔
بسان (بَسَان) مانند، ویسا ہی۔
بسائط (بَسَا۔اِط) بسیط کی جمع۔
بساس (بِسَاس) بے معنی، فضول۔
بساسہ (بِسَا۔سَہ) جادوگری۔
بسبب (بِسَبَب) وجہ کیساتھ، وجہ سے۔
بست (بَسْت) (دیکھو بیست (بَسْت) بندش) بندھائی، گانٹھ (بُسْت) بستان۔
بستاخ (بُسْ۔تَاخ) دیکھو گستاخ۔
بستام (بُسْ۔تَام) سونگا، مرجان۔
بستان (بُسْ۔تَان) پھول باغ جم بساتین۔
بستان سرای (بُسْ۔تَان۔سَرَای) خانہ باغ۔

www.urduchannel.in

بستانی (بُس۔تا۔نی) بستان والا۔
بستر (بِس۔تَر) بچھونا، چٹائی۔
بستر آہنگ (بِس۔تَر۔آ۔ہَنگ) بچھونے کی چادر۔
بسترم (بُس۔تُرم) پتی کی بیماری۔
بستگی (بَس۔تَگی) بندھا ہوا پن۔
بستم (بِس۔تَم) دیکھو ہستم۔
بستن (بَس۔تَن) باندھنا مصدر بَندُد۔
بستنی (بَس۔تَنی) باندھنے کے لائق، بندھن۔
بستو، بستوقہ (بُس۔تو۔تُہ) مرتبان۔
بست وکشاد (بَس۔تُو۔کُشَاد) کھولنا باندھنا۔
بستہ (بَس۔تَہ) بقچہ، بندھا ہوا، بنڈل، پارسل۔
بسد (بُسد) مونگا۔
بسر (بُس۔ر) کچی کھجور۔
بسراق (بُس۔رَاق) پکھراج۔
بسط (بَس۔ط) پھیلاؤ، فراخی، بچھانا۔
بسطت (بَس۔طَت) فراخی، کشادگی، درستی۔
بسفریدن (بَسپ۔رِی۔دَن) مراقبت کرنا، اپنانا، آمادہ ہونا۔
بسق (بُس۔ق) دیکھو برق۔
بسم (بُس۔م) مسکرانا۔
بسمل (بِس۔مِل) زخمی، گھائل۔
بسملہ (بِس۔مِلَہ) بسم اللہ کا تخفف۔
بسن (بَسَن) حسن کا تابع مہمل۔
بسند (بَسَن۔د) کافی، سزاوار، تمام، کفایت۔
بسندہ (بَسَن۔دَہ) کیا ہوا۔
بسوریدن، بسولیدن (بَسُو۔رِی۔دَن، بَسُو۔لِی۔دَن) کوسنا۔
بسے (بِسے) اکثر، بہت۔
بسیار (بِسی۔یار) بہت۔
بسیاری (بِسی۔یا۔رِی) زیادتی، بہتات۔
بسیج (بَسِیج) قصد، ارادہ، تیاری۔

بسیختہ (بَسی۔خَتَہ) تانا بانا۔
بسیط (بَسِیط) فراخ، غیر مرکب جمع بَسَائِط۔
بسیم (بَسِیم) مسکرانے والا، متبسم۔ہو۔خوش ذائقہ۔
بش (بِش) جوڑ، ٹانکا۔
بشار (بَشَار) پھاور۔
بشارت (بُشَارَت) خوشخبری۔
بشاش (بَشّاش) خوش، تازہ۔
بشاشت (بَشّا۔شَت) کشادہ روی، خوش طبعی۔
بشاعہ (بَشَا۔عَہ) بدصورتی۔
بشام (بِش۔شَام) بنا بایا ہوا، طفیلی، ضیفن۔
بشتم (بُش۔تُم) دیکھو بستم۔
بشخانیدن، بشخودن (بِش۔خَا۔نِی۔دَن، بِش۔خُو۔دَن) ناخن سے چھلنا۔
بشر (بَشَر) انسان، آدمی جمع اَبشَار۔
بشرطیکہ (بَشَر۔طے۔کِہ) اس شرط کے ساتھ
بشرہ (بَشَرَہ، بَش۔رَہ) چہرہ۔
بشری (بَشَری) منسوب بہ بشر (بُش۔را) خوش خبری، اچھی خبر۔
بشریت (بَشَر۔یَت) آدمیت۔
بشغ (بَشَغ) پرندہ، گلوگیر۔
بشقاب (بُش۔قَاب) ٹاپ، بڑی رکابی، پلیٹ۔
بشک (بُش۔کی) زلف، جٹا، لٹ۔
بشکال (بَش۔کَال) دیکھو پشکال۔
بشکلیدن (بَش۔کَلی۔دَن) کریدنا۔
بشکولیدن (بَش۔کُو۔لِی۔دَن) جلدی کرنا، لالچی ہونا۔
بشکیل (بَش۔کِیل) چھینٹ، پھولدار پرلا
بشورانیدن (بَشُو۔نا۔نِی۔دَن) گھولنا۔
بشولیدن (بَشُو۔لِی۔دَن) پریشان کرنا۔
بشیر (بَشِیر) خوش خبری دینے والا، خوبصورت
بصارت (بَصَا۔رَت) بینائی، نظر۔

www.urduchannel.in

بصاق (بَصَاقْ) دیکھو بزاق۔
بصر (بَصَرْ) بینائی، آنکھ جم **اَبْصَارْ**
بصرہ (بَصْرَہْ۔ رَہْ) نام شہر (عراق)
بصل (بَصَلْ) پیاز۔
بصیر (بَصِیرْ) دانا، بینا جم **بُصَرَاءْ**۔
بصیرت (بَصِیرَتْ۔ رَتْ) یقین، دانائی قلب جم **بَصَائِرْ**۔
بضاعت (بِضَاعَتْ) پونجی جم **بِضَاعَاتْ**۔
بضع (بِضْعْ ع) تین سے نو تک کا عدد (بُضْعْ ع) نکاح، عورت کی شرمگاہ (بَضْعْ ع) گوشت کاٹنا، سیراب ہونا۔
بضعہ (بَضْعَہْ۔ عَہْ) گوشت کا لوتھڑا۔
بط (بَطّْ) بطخ، ہنسے۔
بطاء (بَطَاءْ) دیر، درنگ (بُطَاءْ) دیری۔
بطاطہ (بَطَاطَہْ۔ طَہْ) آلو۔
بطال (بَطَّالْ) جھوٹا، بیکار۔ ۲۔ بڑا بہادر۔
بطالت (بَطَالَتْ۔ لَتْ) بیکاری (بَطَالَتْ) دلیری۔
بطانہ (بِطَانَہْ۔ نَہْ) دلی دوست، لباس کا استر۔
بطحی (بَطْحَا) پتھریلی اور نشیبی فراخ زمین جم **بَطَاحِیْ** مکہ معظمہ کی ایک وادی۔
بطر (بَطَرْ) خود نما۔
بطریق (بِطْرِیقْ) عیسائیوں کا ایک مذہبی پیشوا جو بَطَارِقَہْ (بَطَارِیقْ) طریقہ کے ساتھ۔
بطش (بَطْشْ) حملہ، حملہ کرنا
بطک (بَطَکْ) شراب کا چھوٹا شیشہ۔
بطل (بَطَلْ) دلیر شجاع جم **اَبْطَالْ**۔
بطلان (بُطْلَانْ) ناچیز، ضائع ہونا۔
بطن (بَطْنْ) پیٹ جم **بُطْنَانْ، بُطُوْنْ** (بُطُوْنْ) بڑا پیٹ، اندر، اندرون۔
بطناً بعد بطن (بَطْ۔ نَ۔ بَ۔ طَ۔ نِ) پشتوں سے۔

www.urduchannel.in

بطنہ (بطْ۔نَہ) اتلا، پیٹ بھرا ہوا پن۔
بطو (بُطُوْ) دیر، آہستگی۔
بطور (بُطُوْر) طریقہ کے ساتھ۔
بطون (بُطُوْن) پوشیدگی، چھپاؤ، بطن کی جمع۔
بطہ (بَطْ۔طَہ) بطخ۔
بطی (بَطِی) دیر کرنے والا، آہستہ۔
بطی الاثر (بَطِی۔یُل۔اَثَر) دیر میں اثر کرنے والا
بطیخ (بِطْ۔یِخ) خربوزہ۔
بطیخ اخضر (بِطْ۔یِخ۔اَخْ۔ضَر) تربوز۔
بطین (بُطَیْن) توند یلا، شکم دار، بڑھیٹ۔
بظر (بَظْ۔ر) عورت کی شرمگاہ کا گوشت پارہ۔
بعاد (بِعَادْ) دوری۔
بعال (بِعَالْ) عورت کے ساتھ کھیلنا۔
بعث (بَعْ۔ثْ) اٹھنا، قیامت، اُٹھانا۔
بعثت (بَعْ۔ثَتْ) اٹھنا، برانگیختگی، اُٹھان، بیداری
بعث و نشر (بَعْ۔ثُوْ۔نَشْ۔رْ) قیامت کا دن۔
بعج (بَعْ۔جْ) پیٹ پھاڑنا، رحم میں ڈالنا۔
بعد (بَعْ۔دْ) پیچھے (بَعْ۔دِیْ) دوری جمع اَبْعَادْ
بعد ازاں (بَعْ۔دْ۔اَزْ۔آں) اس کے بعد۔
بعد الممات (بَعْ۔دُل۔مَمَاتْ) موت کے بعد۔
بعدہ (بَعْ۔دُہٗ) اُس کے بعد۔
بعر (بَعْ۔رْ) مینگنی جمع اَبْعَارْ۔
بعوض (بَعْ۔ضِ) کوئی، کچھ، ایک، کسی چیز کا مالک شوہر جمع بُعُوْلْ، بِعَالْ، بُعُوْلَہ۔
بعوض (بِعْ۔وَضْ) کسی چیز کا مالک شوہر جمع بُعُوْلْ، بِعَالْ، بُعُوْلَہ۔
بعوض (بُعُوْضْ) بھائے، بدلے (بُعُوْضِہٖ) بھمر، ڈانس۔
بعوضہ (بُعُوْ۔ضَہ) بھمر، ڈانس۔
بعید (بَعِیْدْ) دور۔

بعیر (بَعِیْر) اُونٹ، لادو جانور جمع اَبْعِرَہ، اَبَاعِرْ
اَبَاعِیْر، بُعْرَان۔
بعینہٖ (بِعَیْ۔نِہٖ) وہی، اپنی حقیقت کے ساتھ
بغا (بَغَا) چاہنا (بِغَاء) ہیجڑا، خنثہ، بدکاری، زنا کرنا۔
بغاث (بُغَاث) گدھ
بغار (بُخَارْ) بھاپ، بانہ (بُخَارْ) بخارہ۔
بغارہ (بُخَا۔رَہْ) سوراخ، گھاؤ۔
بغاز (بُغَازْ) آبنائے باسفورس (ترکی)
بغانہ (بَغَا۔نَہْ) خوں بہا یا بائی۔
بغاوت (بَغَا۔وَتْ) دنگا، بھر جانا۔
بغایا (بَغَا۔یَا) بقیہ کی جمع۔
بغتۃً (بَغْ۔تَتَنْ) اچانک، ناگاہ۔
بغجہ (بُغْ۔چَہْ) چھوٹی گٹھڑی۔
بغدا (بَغْ۔دَا) چاقو، چھرا۔
بغداد (بَغْ۔دَادْ) دار الحکومت عراق (شرقی عرب)
بغدری (بَغْ۔دِی) اونٹ کی ایک اعلیٰ قسم۔
بغراج (بَغْ۔رَا) کانگ (بَغْ۔رَا) نر سور۔
بغض (بُغْ۔ضْ) کینہ، عداوت۔
بغضا (بُغْ۔ضَا) کینہ، عداوت، بیر۔
مجانست (مُجا۔ نَسْ) ہمجنسی، ہمقومی۔
مجانین (مُجا۔ نین) مجنون کی جمع۔
مجاوبہ (مُجا۔ وَ بَ) جواب دینا۔
مجاور (مُجا۔ وِر) پڑوسی، درگاہ کا خدمتی، طالب علم۔
مجاورانہ (مُجا۔ وِرا۔ نَہ) مجاور کی مانند۔
مجاورت (مُجا۔ وَرَتْ) ہمسائگی، پڑوس۔
مجاوری (مُجا۔ وِری) منسوب بہ مجاور، ہمسائگی۔
مجاوز (مُجا۔ وِز) حد سے بڑھنے والا۔
مجاوزت (مُجا۔ وَزَتْ) ایک دوسرے سے بڑھ جانا۔
مجاولہ (مُجا۔ وَلَہ) مقابلہ سے فوج کا واپس آجانا۔
مجاہد (مُجا۔ ہِدْ) غازی، جہاد کرنیوالا جمع مُجاہِدین۔
مجاہدہ (مُجا۔ ہَدَہ) کوشش، کافروں سے جنگ۔
مجاہر (مُجا۔ ہِر) روبرو جنگ کرنے والا۔
مجاہرت (مُجا۔ ہَرَتْ) روبرو جنگ کرنا، چلا کر بات کہنا۔
مجاہز (مُجا۔ ہِز) اسباب رکھنے والا۔
مجاہلت (مُجا۔ ہَلَتْ) نادانی اور جہالت کرنا۔
مجبوب (مَجْ۔ بُوب) ہیجڑا، اخنثہ
مجبور (مَجْ۔ بُور) بے بس، ناچار۔
مجبوری (مَجْ۔ بُو۔ ری) ناچاری، بے بسی۔
مجبول (مَجْ۔ بُول) طبعی پیدا کیا ہوا، جبلت کیا ہوا۔
مجتازہ (مَجْ۔ تا۔ زَہ) چھوڑا ہوا، تجاوز کیا ہوا۔
مجتبی (مَجْ۔ تَبا) برگزیدہ، پسندیدہ۔
مجتث (مَجْ۔ تَثْ) جڑ سے اکھڑا ہوا، شاعری کی ایک بحر کا نام
مجتمع (مَجْ۔ تَمَع) جمع کیا ہوا، اکٹھا (مَجْ۔ تَمِ) جمع ہونیوالا۔
مجتنب (مَجْ۔ تَنَب) پرہیز کرنیوالا (مَجْ۔ تَنِب) اپرہیز کیا ہوا۔
مجتہد (مَجْ۔ تَہِدْ) جہاد کرنے والا۔
مجحر (مَجْ۔ حَر) پیچھے کھڑے ہونیکی جگہ، چھپنے کی جگہ۔
مجدار (مَجْ۔ دار) جوسہ، قصویہ جو کھیت میں کھڑی کرتے ہیں
مجدات (مَجْ۔ دات) ڈانڈ۔
مجدد (مُجَدْ۔ دِدْ) زمانہ مصلح، از سر نو کرنیوالا (مُجَدْ۔ دَدْ) بنایا ہوا
مجدر (مَجْ۔ دَر) چیچک نکلا ہوا، چھالے پڑا ہوا۔
مجدود (مَجْ۔ دُود) نیکبخت۔
مجدور (مَجْ۔ دُور) چیچک نکلا ہوا۔
مجذوب (مَجْ۔ ذُوب) کھینچا ہوا، محبت خداوندی میں مدہوش جمع مَجاذیب۔
مجذور (مَجْ۔ ذُور) حاصل ضرب۔
مجذوم (مَجْ۔ ذُوم) کوڑھی، جذامی۔
مجرا (مَجْ۔ را) ہنگری کا رہنے والا۔
مجرا (مُجْ۔ را) کورنش، آداب، تسلیمات، سلام، بنا جوڑی
مجرائی (مَجْ۔ را۔ ئی) دیکھو مجرئی۔
مجرب (مُجَرْ۔ رَب) تجربہ کیا ہوا (مُجَرْ۔ رِب) تجربہ کرنیوالا۔
مجرد (مُجَرْ۔ رَدْ) تنہا، اکیلا، بے بیوی والا، برہمچاری کیا ہوا
(مُجَرْ۔ رِدْ) برہمچاری کرنے والا۔
مجردات (مُجَرْ۔ رَدات) غیر مادی چیزیں، غیر جسمانی چیزیں
مجردی (مُجَرْ۔ رَدی) تنہائی۔
مجرفہ (مَجْ۔ رَفَہ) بیلچہ۔
مجرم (مَجْ۔ رِمْ) گنہگار، جرم کرنیوالا جمع مُجرِمین۔
مجروح (مَجْ۔ رُوحْ) زخمی، گھائل جمع مجروحین
مجرہ (مَجْ۔ رَہ) کہکشاں۔
مجری (مَجْ۔ رِی) جاری کرنیوالا (مَجْ۔ رَا) جاری کیا ہوا (مَجْ۔ رَا) جاری ہونیکی جگہ جمع مَجارِی۔
مجریہ (مَجْ۔ رِی۔ یَہ) ایک سیکنڈ کونسل، جاری کیا ہوا۔
مجزا (مُجَزْ۔ زا) ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا۔
مجزر (مَجْ۔ زَر) کیلا، مذبح۔
مجزوم (مَجْ۔ زُوم) جزم لگایا ہوا، کاٹا ہوا، یقین کیا ہوا
مجزی (مُجَزْ۔ زا) دیکھو مجزا۔
مجس (مَجَسْ) نبض پر ہاتھ رکھنے کی جگہ۔
مجسم (مُجَسْ۔ سَمْ) جسم دار، جسم بنایا ہوا (مُجَسْ۔ سِمْ) جسم رکھنے والا۔
مجسمہ (مُجَسْ۔ سَمَہ) کسی کا یادگار رکھنا۔
مجشمہ (مُجَشْ۔ شَمَہ) ہاتھ کی بھتی۔

www.urduchannel.in

مجصص (مُجَصْ، صَ) چونا کیا ہوا۔
مجع (مَجْع) احمق، نادان۔
مجعد (مُجَعَّد، عَ) گھونگھر والے بال، چھلڑ دار بال۔
مجفف (مُجَفِّف، فِ) خشک کرنے والا۔
مجل (مِجَلّ، ل) گھنٹہ، ہاتھ پاؤں کا گھرو راپن۔
مجلی (مُجَلِّی، لِ) گھوڑا جو دوڑ میں اوّل آوے، جلا دینے والا، روشن کرنیوالا (مُجَلّ، لَا) روشن، چمکدار، جلا دیا ہوا (جَ۔ لَا) آئینہ، جلا دینے کی جگہ، روشن کرنے کی جگہ ج مَجَالِی۔
مجلد (مُجَلَّد، لِ) جلد بندی کیا ہوا۔
مجلس (جَ۔ لِس) بیٹھنے کی جگہ، نشستگاہ ج مَجَالِس (جَ۔ لِس) بیٹھنا۔
مجلس الاشراف (جَ۔ لِسُ۔ اَش۔ رَاف) دارالامراء
مجلس البلدیہ (جَ۔ لِسُ۔ بَلَدِیَہ) میونسپل بورڈ۔
مجلس العموم (جَ۔ لِسُ۔ عُمُوم) دارالعوام۔
مجلس النواب (جَ۔ لِسُن۔ نَوَّاب) دارالخواص۔
مجلہ (مُجَلَّہ، لَہ) علمی رسالہ، میگزین، ماہوار رسالہ۔
مجمد (مُجَمَّد، مِ) وہ پتلی چیز جو سردی سے جم گئی ہو۔
مجمر (مِجْمَر، مَ) عود سوز، انگیٹھی بخور کی جم مَجَامِر
مجمع (جَ۔ مَجَ) مجلس، اکٹھا ہونیکی جگہ ج مَجَامِع (جَ۔ مَجَ) اجماع کرنیوالا (جَ۔ مَجَ) اجماع کیا ہوا۔
مجمع العلماء (جَ۔ مَجَ۔ عُلَمَاء) اکیڈمی، علمی مجلس۔
مجمع علیہ (جَ۔ مَجَ۔ عَلَیْہ) وہ بات جس پر سب متفق علیہ ہوں۔
مجمل (جَ۔ مُجْمَل) مختاج تفصیل، گڈمڈ کیا ہوا۔
مجموع (جَ۔ مَجْمُوع) سب، کل، تمام و کمال۔
مجموع رسوم البلدان (جَ۔ مَجْمُوع۔ رُسُوم۔ بُلْدَان) اٹلس یعنی ملکوں کے نقشوں کا مجموعہ۔
مجموعہ (جَ۔ مَجْمُوعَہ) اکٹھی چیز۔
مجموعی (جَ۔ مَجْمُوعِی) اکٹھی۔
مجن (مِجَنّ) ڈھال، سپر۔
مجنح (مُجَنَّح، نِ) صاحب بازو، بازو رکھنے والا۔

مجندہ (مُجَنَّدَہ) جمع کی ہوئی فوج، پامال، روندا ہوا۔
مجنون (جَ۔ نُون) پاگل، دیوانہ ج مَجَانِین۔
مجنونانہ (جَ۔ نُونَانَہ) مجنون کی مثل۔
مجنونہ (جَ۔ نُونَہ) پاگل، دیوانی۔
مجنونیت (جَ۔ نُونِیَت) دیوانگی۔
مجوز (مُجَوِّز، وِ) تجویز کرنیوالا (مُجَوَّز، وَ) تجویز کیا ہوا۔
مجوسی (مَجُوسِی) آتشپرست، سورج پرست ج مَجُوس۔
مجوسیہ (مَجُوسِیَہ) مجوسن، آتش پرست عورت۔
مجوف (مُجَوَّف، وَ) کھوکھلا (مُجَوِّف، وِ) خالی کرنیوالا (مُجَوَّف) خالی شدہ، موٹا، بڑے پیٹ کا۔
مجول (جَ۔ وَل) کرنی، انگیا، شاماچھ۔
مجون (مُجُون) بے باکی، شوخی۔
مجہود (جَ۔ مَجْہُود) کوشش کیا ہوا۔
مجہور (جَ۔ مَجْہُور) آشکارا کیا ہوا، آواز بلند کیا ہوا۔
مجہول (جَ۔ مَجْہُول) گمنام، نامعلوم، انجان، وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو، کامل۔
مجہولیت (جَ۔ مَجْہُولِیَت) انجان پن، الکسی۔
مجی (مَجِی) آنا۔
مجیب (مُجِیب) جواب دینے والا، قبول کرنے والا۔
مجیبہ (مُجِیبَہ) نام اللہ تعالیٰ، بندگوار، اگرائی۔
مجیدی (مَجِیدِی، دِ) ایک ترکی سکہ۔
مجیر (مُجِیر، دستگیر، مددگار، پناہ دینے والا۔
مچا کا (مُچَاکَا، کَ) مجرموں کا عہدنامہ۔
مچھ (مَچْھ، چھ) ایک قسم کی موسمی بولی جو جنگل میں اگتی ہے۔
مچیدن (مَچِیدَن، دَ) اٹھا کر چلنا، دیکھنا۔
مح (مَح) انڈے کی زردی۔
محابا (مُحَابَا، با) مروّت، مدد، صلح، نگہداشت، لحاظ۔
محابات (مُحَابَات) برضامندی جانبین مال سستا بیچنا۔
محاجات (مُحَاجَات) بہت پوچھ گچھ کرنا۔
محادثہ (مُحَادَثَہ، ثِ) گفتگو، باہم بات چیت۔
محاولت (مُحَاوَلَت، وَ) طلب کرنا، چاہنا۔

www.urduchannel.in

محاذ (مُحَا) مقابلہ کی جگہ جمع **محاذات**۔

محاذا، محاذات (مُحَا۔ ذا، مُحَا۔ ذات) مقابلہ، آمنا سامنا ہونا۔

محاذ جنگ (مُحَا۔ ذِ۔ جَنگ) لڑائی کا میدان۔

محاذرہ (مُحَا۔ ذَ رَہ) آپس میں بحث کرنا۔

محاذق (مُحَا۔ ذِق) جو محبت میں مخلص نہ ہو۔

محاذی (مُحَا۔ ذِی) مقابل، روبرو، برابر ہونے والا۔

محارب (مُحَا۔ رِب) لڑنے والا، جنگ کرنیوالا جمع **محاربین**

محاربہ (مُحَا۔ رَبَہ) جنگ، کارزار جمع **محاربات**۔

محارفہ (مُحَا۔ رَفَہ) سمجھائی سے زیادہ معلوم کرنا۔

محارم (مُحَا۔ رِم) محرم کی جمع۔

محاریب (مُحَا۔ رِیب) محراب کی جمع۔

محازات (مُحَا۔ زَات) برابر واقع ہونا۔

محاسب (مُحَا۔ سِب) حساب داں، حساب کرنے والا۔

محاسبہ (مُحَا۔ سَبَہ) کسی سے حساب یا شمار کرنا۔

محاسد (مُحَا۔ سِد) حسد کرنے والا۔

محاسدہ (مُحَا۔ سَدَہ) حسد کرنا۔

محاسن (مُحَا۔ سِن) حُسن کی جمع، داڑھی، ریش۔

محاش (مُحَا۔ شِ) سامان، دھن دولت۔

محاشات (مُحَا۔ شَات) استثنا کرنا۔

محاصر (مُحَا۔ صِر) محاصرہ کرنیوالا مُحَا۔ صَرہ، محاصرہ کیا ہوا۔

محاصرہ (مُحَا۔ صَرَہ) راہ بندی، گھیراؤ ڈالنا۔

محاضرہ (مُحَا۔ ضَرَہ) سوال وجواب کرنا، دو میں برابر کی کاٹ

محافظ (مُحَا۔ فِظ) نگاہبان، گورنر جمع **محافظین**۔

محافظت (مُحَا۔ فَظَت) نگہبانی۔

محافل (مُحَا۔ فِل) محفل کی جمع۔

محاقہ (مُحَا۔ قَہ) **محاق** (مُحَا۔ قَ) فاقہ، بیس اڈولی۔

محاق (مُحَا۔ قِ) (مُحَا۔ قَ) چاند کا گھٹاؤ، چاند کے مہینہ کی آخری تین راتیں۔

محاکا، محاکات (مُحَا۔ کَا، مُحَا۔ کَات) باہمی بات چیت، باہمی داستان گوئی۔

محاکم (مُحَا۔ کِم) محکمہ کی جمع۔

محاکمہ (مُحَا۔ کَمَہ) فیصلہ منصف جمع **محاکمات**۔

محال (مُحَا) ناممکن بات جمع **محالات** (مُحَا) مکر، حیلہ (مُحَا) حل کی جمع۔

محالف (مُحَا۔ لِف) عہد کرنے والا۔

محالفت، محالفہ (مُحَا۔ لَفَت، مُحَا۔ لَفَہ) عہد کرنا قسم کھانا، باہم حلف اٹھانا۔

محالہ (مُحَا۔ لَہ) چارہ، علاج، بد۔

محام (مُحَا) نگاہ رکھنے والا، بیرسٹر، وکیل۔

محامات (مُحَا۔ مَات) نگاہ رکھنا، دفع کرنا۔

محاملت (مُحَا۔ مَلَت) باہم بوجھ اٹھانا۔

محامی (مُحَا۔ مِی) وکیل، پلیڈر۔

محانات (مُحَا۔ نَات) فروگزاشت کرنا۔

محاوذہ (مُحَا۔ وَذَہ) جوانمردی میں مقابلہ کرنا۔

محاورت، محاورہ (مُحَا۔ وَرَت، مُحَا۔ وَرَہ) بول چال، بات چیت جمع **محاورات**، باہم بات کرنا۔

محاوزہ (مُحَا۔ وَزَہ) کسی سے ملنا۔

محاول (مُحَا۔ وِل) حوالہ کرنیوالا، گرد پھرنے والا۔

محاولت (مُحَا۔ وَلَت) ڈھونڈھنا، چاہنا۔

محب (مُحِب) دوست، محبت والا۔

محبانہ (مُحِب۔ بَا۔ نَہ) محب کی مثل۔

محبت (مُحِب۔ بَت) دوستی، پریم۔

محبرہ (مُحَ۔ بَرَہ) دوات جمع **محابر**۔

محبس (مُحَ۔ بَس) قید خانہ، زندان (مُحَ۔ بَس) بچھانے کا سامان (مُحَ۔ بَس) قیدی، قید کیا ہوا۔

محبوب (مُحَ۔ بُوب) دوست، پیارا۔

محبوبہ (مُحَ۔ بُوبَہ) پیاری، دوست عورت۔

محبوبی، محبوبیت (مُحَ۔ بُو۔ بِی، مُحَ۔ بُو۔ بِی۔ یَت) پیار، پن۔

محبوس (مُحَ۔ بُوس) قیدی مرد، قید کیا گیا۔

محبوسانہ (مُحَ۔ بُو۔ سَا۔ نَہ) قیدی کی مانند۔

محبوسہ (مُحَ۔ بُو۔ سَہ) قیدی عورت۔

www.urduchannel.in

محبوسی (ع مؤ) حبس) قید۔
محبی (ع مذ) (حبّ) میرے محب۔
محبت (ع مؤ) (ب ت) صفت چیتر۔
محتاج (ع مذ) (ح ت ج) حاجت مند، غریب، کنگال۔
محتاجی (ع مؤ) (ح ت ج ی) کنگالی۔
محتاط (ع مذ) (ح ت ط) احتیاط کیا ہوا۔
محتال (ع مذ) (ح ی ل) مکر و حیلہ کرنے والا۔
محتالہ (ع مؤ) (ح ی ل) مکر و حیلہ کرنے والی۔
محتجب (ع مذ) (ح ج ب) چھپا ہوا، چھپنے والا۔
محتجف (ع مذ) (ح ج ف) خود کو باز رکھنے والا۔
محتد (ع مذ) (ح ت د) اصل۔
محترز (ع مذ) (ح ر ز) پرہیز کرنیوالا (ح ر ز) پرہیز کیا ہوا۔
محترف (ع مذ) (ح ر ف) پیشہ ور۔
محترق (ع مذ) (ح ر ق) جلنے والا (ح ر ق) جلا ہوا۔
محترم (ع مذ) (ح ر م) احترام کیا گیا۔
محترمی (ع مذ) (ح ر م ی) میرے محترم۔
محتسب (ع مذ) (ح س ب) احتساب کرنیوالا (ح س ب) احتساب کیا ہوا۔
محتشم (ع مذ) (ح ش م) خدم و حشم والا۔
محتظ (ع مذ) (ح ظ ظ) خوش، مسرور، بہرہ یاب۔
محتفن (ع مذ) (ح ف ن) جڑ سے اکھاڑا ہوا۔
محتقن (ع مذ) (ح ق ن) فتنہ کیا ہوا (ح ق ن) فتنہ کرنے والا۔
محتکر (ع مذ) (ح ک ر) اجارہ لینے والا، گراں فروشی کو خلاصہ برنے والا (ح ک ر) اجارہ لیا ہوا۔
محتمل (ع مذ) (ح م ل) احتمال کیا ہوا۔
محتوم (ع مذ) (ح ت م) حکم کیا ہوا، واجب کیا ہوا۔
محتوی (ع مذ) (ح ی) گھیرا کرنے والا، محیط ہونے والا۔
محجل (ع مذ) (ح ج ل) سفید پاؤں کا مشکی یا سرنگا گھوڑا۔
محجمہ (ع مؤ) (ح ج م) پچھنے، سینگی۔
محجن (ع مذ) (ح ج ن) سینگی، نیزہ، چوگاں۔

محجوب (ع مذ) (ح ج ب) نہاں، پوشیدہ، اچھلتا ہوا، شرمندہ
محجوبہ (ع مؤ) (ح ج ب) پردہ نشین عورت۔
محجور (ع مذ) (ح ج ر) منع کیا گیا، حرام کیا گیا۔
محدب (ع مذ) (ح د ب) ابھارا ہوا۔
محدث (ع مذ) (ح د ث) علم حدیث جاننے والا، **محدث** (ع مذ) (ح د ث) نیا پیدا کرنیوالا (ح د ث) نیا پیدا کیا ہوا، ٹوٹا ہوا، دھنوٹوٹا ہوا۔
محدود (ع مذ) (ح د د) حد کیا گیا، انتہا کیا گیا۔
محذور (ع مذ) (ح ذ ر) ڈراونی چیز۔
محذوف (ع مذ) (ح ذ ف) حذف کیا ہوا، کاٹا ہوا۔
محذی (ع مذ) (ح ذ ی) رانپی جو موچی کا اوزار ہے۔
محرار (ع مذ) (ح ر ر) سخت گرم۔
محراب (ع مذ) (ح ر ب) کمان کی شکل کا طاق جمع **محاریب**۔
محرابی (ع مذ) (ح ر ا بی) قسم نلوار، مسجد۔
محراث (ع مذ) (ح ر ث) بونے اور زمین درست کرنیکا آلہ
محراک (ع مذ) (ح ر ک) حرکت دینے کا آلہ۔
محربہ (ع مؤ) (ح ر ب) کوڑا، چوبدستی جمع **حرّاب**۔
محرر (ع مذ) (ح ر ر) اڈیٹر، لکھنے والا، آزاد کرنے والا (ح ر ر) لکھا ہوا، آزاد کیا ہوا۔
محرض (ع مذ) (ح ر ض) کسی شغف یا لالچ میں ڈالنے والا۔
محرض (ع مذ) (ح ر ض) سنکارنے والا، للچا کر ابھارنیوالا (ح ر ض) ابھارا ہوا۔
محرف (ع مذ) (ح ر ف) بات مطلب سے پھیرنے والا (ح ر ف) بات مطلب سے پھیرا ہوا۔
محرق (ع مذ) (ح ر ق) جلانیوالا (ح ر ق) جلایا ہوا (ح ر ق) بہت پھاڑنیوالا (ح ر ق) بہت پھاڑا ہوا۔
محرقہ (ع مؤ) (ح ر ق) رقم جلا نیوالی، ایک سخت بخار، ٹائیفائڈ فیور۔
محرک (ع مذ) (ح ر ک) تحریک کرنیوالا، حرکت دینے والا (ح ر ک) حرکت دیا ہوا، تحریک کیا ہوا۔
محرم (ع مذ) (ح ر م) پہلا اسلامی قمری مہینہ، حرام کیا ہوا، احرام باندھا ہوا، جمع **محرمات** (ع مؤ) (ح ر م) احرام باندھنے والا

www.urduchannel.in

اسم ج۔ رَم) ناقابلِ نکاح جس سے نکاح حرام ہو جمع مَحَارِم۔
محرور (ع۔ رُوْر) گرم مزاج، دُبلا۔
محروس (ع۔ رُوْس) زیرِ نگرانی، نگاہ رکھا گیا۔
محروسہ (ع۔ رُوْسَہ) نگاہبانی کیا ہوا، اپنی چیز، سلطنت، ملک، بادشاہی۔
محروق (ع۔ رُوْق) جلا یا ہوا۔
محروم (ع۔ رُوْم) بے نصیب، بے روزی، باز رکھا ہوا، محنت پھیرا ہوا۔
محرومی (ع۔ رُوْ۔ مِی) بے نصیبی۔
محرومیت (ع۔ رُوْ۔ مِیَّت) بے نصیبی پن۔
محزون (ع۔ زُوْن) غمگین، رنجیدہ۔
محزونی (ع۔ زُوْ۔ نِی) غمگینی، رنجیدگی۔
محزونیت (ع۔ زُوْ۔ نِیَّت) غمگین پن۔
محسن (ع۔ سِن) احسان کرنے والا جمع مُحْسِنِین
(ع۔ سَن) احسان کیا ہوا، مُحْسَن (سِن) تعریف کرنے والا، مُحْسَن (سَن) تعریف کیا ہوا۔
محسنہ (ع۔ سِنَہ) احسان کرنیوالی (ع۔ سَنَہ) نیک رکھی ہوئی چیز، نیکی جمع مُحْسِنَات (مُحْسَن، سَنَہ) تعریف کرنے والی، مُحْسَن، سَنَہ) تعریف کی ہوئی۔
محسوب (ع۔ سُوْب) شمار میں لایا ہوا، حساب کیا ہوا۔
محسود (ع۔ سُوْد) جس پر حسد کیا جاوے، حسد کیا ہوا۔
محسوس (ع۔ سُوْس) ظاہر، آشکارا، حس کے ذریعہ جانی ہوئی چیز جمع مَحْسُوسَات۔
محشر (ع۔ شَر) میدان حشر، قیامت کے دن اکٹھا ہونے کی جگہ۔
محشور (ع۔ شُوْر، شِر) بھرا ہوا، پُر کیا ہوا۔
محشور (ع۔ شُوْر) حشر کیا ہوا، قیامت کے دن اٹھایا ہوا۔
محشوش (ع۔ شُوْش) جھلا ہوا، آلودہ، مکروہ۔
محشہ (مَحْشَہ) آدمی کی سقعد۔
محشی (مُحَشِّی، شَا) حاشیہ چڑھایا ہوا، کنارے پر کچھ لکھا یا بنایا ہوا (مُحَشِّی، شِی) حاشیہ چڑھانے والا۔
محصل (مُحَصِّل، صِل) تحصیل کرنے والا، وصول کرنے والا، حاصل کرنیوالا (مُحْصَل، صَل) حاصل کیا ہوا، وصول کیا ہوا، حاصل ہونے کی جگہ جمع مَحَاصِل۔
محصن (ع۔ صِن) جورو والا، پارسا جمع مُحْصِنِین۔
محصنہ (ع۔ صِنَہ) سہاگن، شوہر والی، پارسا، عاملہ جمع مُحْصِنَات۔
محصود (ع۔ صُوْد) کٹی ہوئی کھیتی۔
محصور (ع۔ صُوْر) گھیرا ہوا، قید، حصر کیا ہوا جمع مَحْصُورِیْن۔
محصول (ع۔ صُوْل) ٹیکس جمع مَحَاصِیل، مَحْصُولَات۔
محض (ع۔ ض) خالص چیز۔
محضر (ع۔ ضَر) عام درخواست، شاہی حاضری، باریابی، حاضر ہونے کی جگہ، حاضر ہونے کا وقت۔
محضرنامہ (ع۔ ضَر۔ نَا۔ مَہ) حاضر ہونیوالوں کی فہرست۔
محطہ (ع۔ طَہ) کلام، ریلوے اسٹیشن۔
محظور (ع۔ ظُوْر) خلاف قانون، ممنوع، حرام کیا ہوا جمع مَحْظُورَات۔
محظوظ (ع۔ ظُوْظ) خوش، بہرہ مند، نصیب ور۔
محقر (ع۔ قَر) چھادڑا، کسی، کلہاڑا۔
محفظہ (ع۔ فَظَہ) نوٹ بک، یادداشت کی کتاب۔
محفل (ع۔ فِل) آدمیوں کے بیٹھنے کی جگہ جمع مَحَافِل۔
محفوظ (ع۔ فُوْظ) حفاظت کیا ہوا۔
محفوف (ع۔ فُوْف) گھیرا ڈالا ہوا۔
محفہ (مَحْفَہ) دیکھو مافہ۔
محق (مُحِق) امر معقول، حق بجانب (ع۔ اق) باطل کرنا، رد کرنا، پھینکنا۔
محقر (مُحَقَّر، قَر) حقیر، شرمندہ کیا ہوا جمع مُحَقَّرِیْن۔
محقق (مُحَقِّق، قِق) تحقیق کرنے والا جمع مُحَقِّقِیْن (مُحَقَّق، قَق) تحقیق کیا ہوا، ایک رسم الخط۔
محققہ (ع۔ قَہ) حقہ کرنے کا آلہ۔
محقوق (ع۔ قُوْق) ٹھیک کیا ہوا۔
محک (مِحَک) کسوٹی۔
محکم (ع۔ کَم) مضبوط، پائیدار، مستند جمع مُحْکَمَات۔
محکمات (ع۔ کَمَات) قرآن شریف کی بالکل صاف معنوں کی آیتیں

www.urduchannel.in

محکمہ (ع مؤ) کمرہ، عدالت، کچہری، حکمرانی کی جگہ، ج محاکم۔
محکمی (ع مؤ) مضبوطی، پائداری۔
محکوم (ع مذ) مطیع، حکم کیا گیا۔
محکیمہ (ع مؤ) کی، یہ، حکایت کیا ہوا۔
محل (ع مذ) عمارت، گھر، مکان، جگہ، موقعہ، علاقہ، ج محال، محلات (ع مذ) لائق تعزیر (ع مذ ل) خشک سال، کال، مکر، حیلہ (ع مذ) قرض دینے کا وقت۔
محلاج (ع مذ) لاج، اوٹنی، چرخی جس سے روئی وغیرہ اوٹتی ہیں
محل الاستراحت (ع مذ ال۔ اِس۔ جز۔ حت) ریلوے اسٹیشن پر خانہ
محلب (ع مذ) کب، رود، بانی، ج محالب (ع مذ ب) ہاز بگر۔
محلف (ع مذ) لف، حلف دینے والا (ع مذ) حلف دیا ہوا۔
محلل (ع مذ ال) تحلیل کرنیوالا (ع مذ ال) تحلیل کیا ہوا۔
محل منظر (ع مذ ل۔ نظر) مقام غور، جائے اعتراض۔
محلوج (ع مذ) لوج، دھنی ہوئی، روئی۔
محلول (ع مذ) لول، حل کیا ہوا، گھلا ہوا۔
محلہ (ع مذ ل) آبادی کا ایک مخصوص حصہ یا مزدحمہ اسے نے کی جگہ، منزل، آدمیوں کی جگہ، ج محال، محلات۔
محلی (ع مذ ل) منسوب بہ محل، شاہی خواجہ سرا (ع مذ ل) آراستہ، صفت کیا ہوا۔
محمد (ع مذ) سردار دو عالم، نبی، امن دامی کا نام پاک بلیہت تعریف کیا ہوا۔
محمدت (ع مؤ) دت، تعریف، ج محامد۔
محمدی (ع مذ) دی، مسلمان، منسوب بہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔
محمض (ع مذ) ض، بھڑ، بھونجا۔
محمل (ع مذ) مل، اونٹ کا کجاوہ، ج محامل (ع مذ ل) تلوار کا پہ، تلہ۔
محمود (ع مذ) مود، تعریف کیا ہوا۔
محمودہ (ع مؤ) مو، دہ، تعریف کی ہوئی، مستحسن، جو ایک قسم کی جھاڑیوں کا کڑوا گوند ہے۔
محمودی (ع مذ) مو، دی، مکمل، ایک نفیس قسم۔
محمول (ع مذ) مول، گمان کیا ہوا، بوجھ لادا ہوا۔

محموم (ع مذ) موم، جس کو تیز بخار ہو۔
محن (ع مذ ن) آزمانا، رنج، محنت کی شکل ج
محنت (ع مؤ) نت، تکلیف، دکھ، رنج، ج محن۔
محنت زدہ، محنت کش (ع مؤ) نت۔ زدہ، نت۔ کش، تکلیف اٹھانے والا۔
محنت کشی (ع مؤ) نت۔ کشی، تکلیف اٹھانا۔
محنتانہ (ع مؤ) نتا۔ نہ، محنت کی مزدوری۔
محنتی (ع مؤ) نتی، محنت کرنے والا۔
محنک (ع مذ) نک، گھاگ۔
محور (ع مذ) ور، کسی چیز پر سے کوئی چیز مٹانا یا صاف کرنا، حرف بالنقوش مٹانا، کھویا ہوا ہونا، چاند کے داغ، عاشق، دیوانہ۔
محور (ع مذ) ور، جس پر کوئی چیز گھومے، چاک کی کیل، وہ سوئم خیالی مستقیم جس کا ایک سرا قطب شمال اور دوسرا قطب جنوبی سے ملا ہوا ہے۔
محوطہ (ع مذ) وط، احاطہ کرنیکی جگہ، اکٹھا کرنیکی جگہ۔
محول (ع مذ) ول، پھیرا ہوا، حوالے اور سپرد کرنے والا (ع مفعو) ول، سپرد کیا ہوا۔
محی (ع مذ) ی، محیی، زندہ کرنے والا۔
محیا (ع مذ) یا، انسان کا چہرہ۔
محیات (ع مؤ) یات، زندہ کی ہوئی جماعت۔
محیض (ع مذ) حیض، حالت حیض۔
محیط (ع مذ) محیط، گھیرنے والا، سمن۔
محیل (ع مذ) حیل، حیلہ گر، مکار۔
محیلہ (ع مؤ) حیلہ، حیلہ گر عورت، مکار عورت۔
مخ (ع مذ) خ، خلاصہ، گودا، مغز سر، کھوپڑی (ع مذ) آگ، بنبوٹ بطر۔
مخابرہ (ع مذ) خا، برہ، خبر رسانی، باہم خبریں پہونچانا۔
مخادشہ، مخادشت (ع مؤ) خا، دشہ، خا، دشت، چھیلنا۔
مخادع (ع مذ) خا، دع، مکر و فریب کرنے والا (ع مذ) خا، دع، فریب کیا ہوا۔
مخادعت (ع مؤ) خا، دعت، مکر و فریب، دھوکا دہڑی، ج مخادعات۔
مخاونت (ع مؤ) خا، ونت، دوستی رکھنا۔

www.urduchannel.in

مخادیم (مُخا۔دِیم) مذوم کی جمع۔
مخافیل (مَخا۔فِیل) فذویل کی جمع۔
مخارج (مَخا۔رِج) مخرج کی جمع۔
مخارشت (مُخا۔رِشْت) جھیلنا۔
مخازن (مَخا۔زِن) مخزن کی جمع۔
مخاشنہ (مُخا۔شَنَہ) خشونت کرنا، درشتی کرنا۔
مخاصم (مُخا۔صِم) باہم خصومت کرنیوالا جمع **مخاصمین**
(مُخا۔صِم) باہم خصومت کی ہوئی۔
مخاصمت، مخاصمہ (مُخا۔صَمَت، مُخا۔صَمَہ) باہمی دشمنی۔
مخاض (مَخاض) دودھ دینے کی درد۔
مخاط (مُخا۔طَ) رینٹ، ناک کی رینٹ۔
مخاطب (مُخا۔طِب) خطاب کرنیوالا، بولنیوالا جم **مخاطبین**
(مُخا۔طَب) جس سے بات کیجائے، خطاب دیا ہوا۔
مخاطبت (مُخا۔طَبَت) آپس میں خطاب کرنا جم **مخاطبات**
مخاطرہ (مُخا۔طَرَہ) خطرہ، اندیشہ، خطرے میں ڈالنا۔
مخاطی (مُخا۔طِی) خطا کرنیوالا، بہت رقیق بلغم۔
مخاف (مَخاف) خوف کی جگہ جم **مخافات**۔
مخافت (مَخا۔فَت) کھٹکا، خوف، ڈر جم **مخافات**
(مَخا۔فِت) آہستہ پڑھنے والا (مُخا۔فَّت) آہستہ پڑھا ہوا۔
مخافت (مُخا۔فَت) آہستہ پڑھنا۔
مخالست (مُخا۔لَسْت) چیز اچک لے جانا۔
مخالصت (مُخا۔لَصَت) آپس میں خلوص رکھنا۔
مخالط (مُخا۔لِط) باہمی میل رکھنے والا۔
مخالطت (مُخا۔لَطَت) باہمی میل جول، آپس کی دوستی۔
مخالعت، مخالعہ (مُخا۔لَعَت، مُخا۔لَعَہ) مہر معاف کرکے
عورت کا شوہر سے طلاق لینا۔
مخالف (مُخا۔لِف) وہ آدمی جو خلاف ہو، دشمن جم **مخالفین**
مخالفت (مُخا۔لَفَت) باہمی دشمنی، خلاف کرنا۔
مخالقت (مُخا۔لَقَت) اخلاق سے پیش آنا۔
مخالمہ (مُخا۔لَمَہ) دوستی رکھنا۔
مخام (مُخا۔مِ) خیمہ کھڑا کرنا۔
مخاوذہ (مُخا۔وَذَہ) مخالفت کرنا۔
مخبر (مُخ۔بِر) خبر دینے والا، جاسوس۔
مخبز (مَخ۔بَز) روٹی پکنے کی جگہ جم **مخابز**۔
مخبط (مُخ۔بِط) خبطی، پاگل، فاسد الدماغ، ملا ملا ہوا۔
مخبوط (مُخ۔بُوط) خبطی، ملا یا ہوا، ملا ہوا۔
مختار (مُخ۔تار) اختیار دیا ہوا، کرتا دھرتا، وکیل قانونی
کا ایک منصب جم **مختارکل**
مختارکل (مُخ۔تارِ کُل) مطلق العنان، کُل کا مختار۔
مختاری (مُخ۔تا۔ری) صاحب اختیار ہونا۔
مختال (مُخ۔تال) متکبر، مغرور۔
مختبط (مُخ۔تَبِط) شرم کے باعث رات کو چھپ کر مانگنے والا
بے وسیلہ مانگنے والا۔
مخترع (مُخ۔تَرِع) نئی چیز نکالی ہوئی، اختراع کی ہوئی۔
(مُخ۔تَرِع) نئی چیز نکالنے والا، اختراع کرنے والا
جم **مخترعین**۔
مختص (مُخ۔تَص) خاص کیا ہوا۔
مختصر (مُخ۔تَصَر) چھوٹا، جو طویل نہ ہو۔
مختصم (مُخ۔تَصِم) لڑائی کرنے والا۔
مختفی (مُخ۔تَفی) پوشیدہ
مختل (مُخ۔تَل، مُخ۔تَلّ) خلل پایا ہوا۔
مختلس (مُخ۔تَلِس) اچکا، بردہ۔
مختلط (مُخ۔تَلِط) اختلاط رکھنے والا، ملنے والا جم **مختلطین**
ملا ہوا، اختلاط رکھا ہوا۔
مختلف (مُخ۔تَلِف) خلاف کرنیوالا جم **مختلفین**
اختلاف کیا ہوا۔
مختم (مُخ۔تَم) مہر لگا ہوا، قفل لگا ہوا (مُخ۔تِم) مہر لگانے والا۔
مختوم (مُخ۔تُوم) مہر لگا ہوا جم **مخاتیم**۔
مختون (مُخ۔تُون) غلنہ کیا ہوا۔
مخجل (مُخ۔جِل) شرمندہ کیا ہوا۔
مخدر (مُخ۔دِر) بدن کو سست اور سُن کرنیوالی چیز

www.urduchannel.in

(مُخَدَّرَہ) سست اور سن ہوا بدن یا پردہ میں چھپائی ہوئی چیز
مخدرہ (مُخَدَّرَہ، دَرَہ) سست اور سن ہوئی سوئی ہوئی چیز
پردہ نشین بی بی جمع **مُخَدَّرات**۔
مخدوش (مخ۔ دُوش) خدشہ کیا ہوا، شک و شبہ کیا ہوا۔
مخدوم (مخ۔ دُوم) خدمت کیا ہوا جمع **مخادیم**۔
مخدومہ (مخ۔ دُو۔ مہ) خدمت کی ہوئی۔
مخدومیت (مخ۔ دُو۔ مِیَّت) بزرگی، سرداری۔
مخدہ (مَخ۔ دَہ) ٹکی تکیہ، مگر دبالش۔
مخذول (مخ۔ ذُول) ذلیل، خوار، ذلیل کیا ہوا جمع **مخاذیل**
مخراط (مخ۔ راط) دیکھو مخرط۔
مخراق (مخ۔ راق) دُرّہ۔
مخرب (مُخَرِّب) بگاڑنیوالا (مُخ۔ رِب) بگاڑا ہوا۔
مخرج (مخ۔ رَج) باہر نکلنے کی جگہ جمع **مخارج** (مخ۔ رُج) باہر نکلنے والا (مُخ۔ رِج) باہر نکلا ہوا۔
مخرط (مخ۔ رَط) خراد، خراد کا آلہ۔
مخرق (مُخَرِّق) ٹکڑے کرنیوالا (مُخ۔ رَق) ٹکڑے کیا ہوا۔
مخروس (مخ۔ رُوس) چپٹیلا ہوا، ترشا ہوا۔
مخروط (مخ۔ رُوط) نوکیلی گاؤدم چیز، خراط کیا ہوا۔
مخروطی (مخ۔ رُو۔ طی) منسوب طرف مخروط۔
مخزن (مخ۔ زَن) ذخیرہ خزانہ، اکٹھا کیا ہوا جمع **مخازن**
مخزون (مخ۔ زُون) خزانہ کی چیز جمع **مخزونات**۔
مخسور (مخ۔ سُور) نقصان پہونچایا ہوا، ٹوٹا دیا ہوا۔
مخش (مَخِش) ملسار۔
مخصص (مُخَصِّص) تخصیص کیا ہوا (مُخ۔ صِص) تخصیص کرنے والا۔
مخصف (مخ۔ صَف) ستاں۔
مخصوص (مخ۔ صُوص) خاص کیا ہوا۔
مخصال (مخ۔ صال) داس، ہنسیا۔
مخضب (مُخَضَّب) خضاب کیا ہوا، رنگین کیا ہوا (مُخَضِّب) خضاب کرنے والا، رنگنے والا۔
مخضر (مُخَضَّر) ہرا بھرا کیا ہوا (مخ۔ ضَر) ہریالی کی جگہ۔
مخضرہ (مخ۔ ضَرَہ) مرغزار جمع **مخاضر**۔
مخضود (مخ۔ ضُود) کانٹوں سے صاف کیا ہوا درخت۔
مخطط (مُخَطَّط) دھاری دار، خط کھینچا ہوا۔
مخطوب (مخ۔ طُوب) منگیتر مرد۔
مخطوبہ (مخ۔ طُو۔ بہ) منگیتر عورت۔
مخطور (مخ۔ طُور) فکر، اندیشہ، جس چیز کا خطرہ دل میں آوے، خوف کی چیز جمع **مخاطیر**۔
مخطی (مخ۔ طِی) جس کا قصد نیکی کا ہو مگر انسے خطا سرزد ہو جائے
مخفف (مُخَفِّف) ہلکا (مخ۔ فَف) تخفیف کیا ہوا۔
مخفوض (مخ۔ فُوض) ٹوٹا ہوا، پست کیا ہوا۔
مخفی (مخ۔ فی) پوشیدہ۔
مخل (مُخِل) خلل انداز، فعل ڈالنے والا۔
مخلا (مخ۔ لا) دیکھو مخلی۔
مخلات (مخ۔ لات) ٹوبڑہ، علیقہ۔
مخلاف (مخ۔ لاف) سخت وعدہ خلاف۔
مخلب (مخ۔ لَب) کٹیا، شکاری پرند کا پنجہ، شیر وغیرہ کا پنجہ جمع **مخالب**۔
مخاتل (مُخَتَّل۔ تَل) الگ الگ اجزا کیا ہوا۔
مخلد (مُخَلَّد۔ لَد) ہمیشہ، دائمی۔
مخلص (مُخَلِّص۔ لِص) خالص، دوست، اخلاص کرنے والا جمع **مخلصین** (مخ۔ لَصین) خالص کیا ہوا
(مخ۔ لَص) رہائی، خلاص کی جگہ جمع **مخالص**
(مُخَلَّص۔ لَص) خلاصہ کیا ہوا، چھوڑا ہوا (مُخَلِّص۔ لِص) خلاصہ کرنے والا، چھوڑنے والا۔
مخلصانہ (مخ۔ لِصا۔ نہ) دوستانہ۔
مخلاص (مخ۔ لاص) رہائی۔
مخلط (مُخَلِّط۔ لِط) ملایا ہوا (مُخَلَّط۔ لَط) ملانے والا۔
مخلع (مُخَلَّع۔ لَع) خلعت دیا ہوا۔
مخلف (مُخَلَّف۔ لَف) پیچھے چھوڑا ہوا (مخ۔ لَف) ابو حرکا بچہ۔
مخلل (مُخَلَّل۔ لَل) اچار، سرکہ کیا ہوا۔
مخلوط (مخ۔ لُوط) ملا جلا، ملا ہوا۔

www.urduchannel.in

مخلوط النسل (ع خ۔ لُو۔ مُخ، نَس ل) دو غلا، دو نسلا۔
مخلوع (ع خ۔ لُو۔ عٌ) باہر لایا ہوا، نکالا ہوا۔
مخلوق (ع خ۔ لُو۔ ق) پیدا کی ہوئی چیز ج مَخْلُوقَات۔
مخلی (مُخَلّا) خالی کیا ہوا، چھوڑا ہوا۔
مخلی بالطبع (مُخَلّا۔ لَا۔ رط طَب ع) بلا تکلف۔
مخمر (مُخ، مُمَر) خمیر کیا ہوا، گوندھا ہوا (مُخَمِّر) مزا گوندھنے والا (مُخ۔ مِر) دل میں رکھنے والا۔
مخمس (مُخَمَّس، مَس) پانچ مزاوی چیز، پانچ مصرعوں کی نظم ج مُخَمَّسَات۔
مخمصہ (ع خ۔ مَصَہ) بھوک، اضطراب افراغم۔
مخمل (ع خ۔ مَل) ایک ملائم کپڑا۔
مخملی، مخملین (ع خ۔ لی، ع خ۔ لین) منسوب بہ مخمل مخمل کا۔
مخمور (ع خ۔ مُخ۔ مُر) متوالا، شراب پیا ہوا۔
مخنث (مُخَنَّث۔ نَث) ہیجڑا۔
مخنق (ع مُخ۔ نَق) (دیکھو مخنوق) (ع خ۔ نَق) گلا گھونٹنے کا آلہ۔
مخنقہ (ع خ۔ نَقَہ) گردن کا پٹا، گردن گھونٹنے کا آلہ۔
مخنکر (مُخَنْ۔ کِر) قوال، غنیا گر، گویا، ڈوم۔
مخنوق (ع خ۔ نُو۔ ق) گلا گھونٹا ہوا، گردن مسوسا ہوا۔
مخوف (مُخَوِّف۔ وِ۔ فٌ) ڈرانے والا (مَخُوف۔ وُ۔ فٌ) ڈرا ہوا (ع خ۔ وُ۔ فٌ) خوف کی جگہ ج مَخَاوِف۔
مخیدن (ع خ۔ دَ۔ نٌ) ہلنا، ہلانا، حرکت کرنا، چلنا، نافرمانی کرنا، گھسنا۔
مخیدہ (ع خ۔ دَہ) خراب، پھسلا ہوا۔
مخیر (ع خ۔ یِر) بہت خیرات کرنے والا، سخی (اختیار دینے والا (ع خ۔ یَر) اختیار دیا ہوا (مُخَیِّر) مہیا کرنے والا۔
مخیض (ع خ۔ یَض) چھاچھ، مٹھا، دودھ۔
مخیط (ع خ۔ یَط) سینے کا آلہ ج مَخَایِط (مُخَیَّط) سلا ہوا۔
مخیل (ع خ۔ یَل) بہتان، بھیڑ، ریوڑ۔
مخیلہ (ع خ۔ یِلَہ) خیال، خیال کیا ہوا (مُخَیِّلَہ) خیال کرنے والا۔
مخیلہ (ع خ۔ یَلَہ) گذرگاہِ خیال، دماغ ج مَخَایِل

(ع خ۔ یِلَہ) خیال کرنے کی قوت۔
مخیم (ع خ۔ یِم) مخیّ۔ یِم) خیمہ لگانے کی جگہ۔
مدار (مَدَ) کشش، کھچاؤ، زیادتی، لمبائی، بڑھاؤ، سیاہی (مَدَ) ایک پیمانہ۔
مداح (مَدْ۔ دَاح) تعریف کرنے والا۔
مداحانہ (مَدْ۔ دَا۔ نَہ) مداح کی مانند۔
مداحی (مَدْ۔ دَا۔ حی) تعریف کرنا۔
مداخل (مَدَا۔ خِل) مدخل کی جمع، آمدنی۔
مداخلت (مُدَا۔ خَلَت) دخل اندازی، دخل دینا۔
مداد (مِدَاد) لکھنے کی روشنائی۔
مدار (مَدَار) دائرہ، دورہ، حلقہ، گردش، مرکز، درمیان ج مَدَارَات۔
مدارا، مدارات (مُدَا۔ رَا، مُدَا۔ رَات) خاطر تواضع، صلح، تشفی کرنا، رعایت کرنا۔
مدار المہام (مَدَا۔ رُل۔ مہام) ذمہ دار حاکم اعلیٰ، وزیر۔
مدارس (مَدَا۔ رِس) مدرسہ کی جمع۔
مدارست (مُدَا۔ رَسَت) باہم پڑھنا پڑھانا۔
مدار کار (مَدَا۔ رِ۔ کَار) کارکن، کام کا مرکز۔
مدارکت (مُدَا۔ رَکَت) لگاتار کرنا۔
مداعات (مُدَا۔ عَات) ہمدردی پوچھ گچھ کرنا۔
مداعبت (مُدَا۔ عَبَت) مزاح، خوش طبعی۔
مداعت (مُدَا۔ عَت) حقہ، اقلیاں۔
مداعسہ (مُدَا۔ عَسَہ) نیزہ بازی، باہم نیزہ بازی کرنا۔
مدافع (مُدَا۔ فِع) دفع کرنے والا۔
مدافعت (مُدَا۔ فَعَت) ایک دوسرے کو دفع کرنا۔
مدال (مَدَال) تمغہ، میڈل۔
مدام (مُدَام) ہمیشہ، شراب (مُدَام) میڈم۔
مدامی (مُدَا۔ می) منسوب بہ مدام، ہمیشگی۔
مداوا، مداوات (مُدَا۔ وَا، مُدَا۔ وَات) چارہ، علاج، دوا، درمان کرنا۔
مداومت (مُدَا۔ وَمَت) ہمیشگی۔

www.urduchannel.in

مداوی (مُدَا۔ وا) علاج کیا ہوا، دوا دارو کیا ہوا۔
مداہن (مُدَا۔ ہِن) سستی کرنے والا، جھوٹ بولنے والا۔
مداہنت (مُدَا۔ ہَنَتْ) دوزدلی، خیانت کرنا، چھپانا، جھوٹ بولنا، نفاق کرنا، جو دل میں ہو اسکی برخلاف کہنا
مدائح (مَدَا۔ اِئ) مدیحہ کی جمع۔
مدانیہ (مُدَا۔ نِیَہ) قرض دینا، ادھار بیچنا۔
مدبر (مُدَبْ۔ بِر) صاحب تدبیر، پالیسی میں چیف مدبرین
(مُدَبْ۔ بِرَ) تدبیر کیا ہوا **مدبّر**۔ بَرْ) بدبخت، برا دہ۔
مدبل (مَدْ۔ بَلْ) بل بل کا نالہ۔
مدبوغ (مَدْ۔ بُوغ) دباغت کیا ہوا۔
مدت (مُدْ۔ دَتْ) عرصہ، دیر۔
مدح (مَدْ۔ حْ) تعریف، ستائش۔
مدحت (مَدْ۔ حَتْ) تعریف، ستائش جمع **مَدَائح**۔
مدحرج (مُدَحْ۔ رِجْ) گول۔
مدحیہ (مَدْ۔ حِیَہ) منسوب بہ مدح، مدح والی چیز۔
مدخل (مَدْ۔ خَلْ) داخلہ، داخل کی جگہ جمع **مَدَاخِل**، داخل کرنا، داخل ہونا (مُدْ۔ خَلْ) داخل کرنیکی جگہ، داخل کیا ہوا (مُدْ۔ خِلْ) گھسیڑنے، داخل کرنے والا۔
مدخنہ (مَدْ۔ خَنَہ) چمنی، دھواں نکلنے کی جگہ۔
مدخول (مَدْ۔ خُول) آمدنی، داخل کیا ہوا۔
مدخولہ (مَدْ۔ خُو۔ لَہ) گھر والی ہوئی عورت، داخل کی ہوئی۔
مدد (مَدَدْ) کمک، امداد۔
مددخواہ (مَدَدْ۔ خواہ) مدد چاہنے والا۔
مددخواہی (مَدَدْ۔ خواہ۔ ہِیْ) مدد چاہنا۔
مددگار (مَدَدْ۔ گار) مدد کرنے والا۔
مدر (مَدَرْ) پیشاب لانیوالی، حیز (مَدَرْ) ڈھیلا، مانعین۔
مدرار (مِدْ۔ رار) بہت برسنے والا، میغہ۔
مدارج (مَدْ۔ رِجْ) آپس میں لپٹنے والا (مُدْ۔ رَجْ) آپس میں لپٹا ہوا (مَدْ۔ رَجْ) چلنے کی جگہ۔
مدرجہ (مَدْ۔ رَجَہ) درجہ، راہ جمع **مَدَارِج**۔
مدارس (مُدَرْ۔ رِس) پڑھانیوالا جمع **مُدَرِّسین**۔
مدرسہ (مَدْ۔ رَسَہ) پڑھنے پڑھانے کی جگہ جمع **مَدَارِس**۔
مدرسی (مُدَرْ۔ رِسِیْ) پڑھانے کا کام۔
مدرع (مِدْ۔ رَعْ) زرہ پوش۔
مدرک (مُدْ۔ رِکْ) سمجھنے والا، بات کو پہونچنے والا (مُدْ۔ رَکْ) سمجھا ہوا، دریافت کیا ہوا۔
مدرکہ (مُدْ۔ رِکَہ) سمجھ، عقل، ذہن۔
مدروس (مَدْ۔ رُوس) پرانی ہوئی چیز۔
مدظلہ (مَدْ۔ ظِلْ۔ لُہٗ) اس کا سایہ دراز ہو۔
مدعا (مَدْ۔ عَا) مطلب، آرزو، دعوا کی ہوئی چیز۔
مدعو (مَدْ۔ عُوْ) بلایا ہوا، دعوت دیا ہوا۔
مدعی (مُدَعْ۔ عِیْ) دعوا کرنیوالا، مخالف، رقیب (مُدَعْ۔ عَا) دیکھو **مدعا** جمع **مُدَّعَیات**۔
مدعی علیہ (مُدَعْ۔ عَا۔ عَلَیْ۔ ہِ) جس پر دعوا کیا گیا ہو۔
مدغم (مُدْ۔ غَمْ) پیوست کیا ہوا، تشدید کے ذریعہ ایک حرف دوسرے میں ملایا ہوا (مُدْ۔ غِمْ) پیوست کرنے والا۔
مدفع (مَدْ۔ فَعْ) توپ جمع **مَدَافِع**۔
مدفعی (مَدْ۔ فَعِیْ) توپچی، توپ چلانے والا۔
مدفن (مَدْ۔ فِنْ) دفن کی جگہ جمع **مَدَافِن**۔
مدفون (مَدْ۔ فُوْن) دفن کیا ہوا۔
مدقق (مُدَقْ۔ قِقْ) باریکی جانچنے والا، باریک نکتہ پیدا کرنیوالا (مُدَقْ۔ قَقْ) باریک بینی سے جانچا ہوا۔
مدقوق (مَدْ۔ قُوْق) دق کا بیمار۔
مدقہ (مِدْ۔ قَہ) دم کو ٹنے کا آلہ۔
مدلل (مُدَلْ۔ لَلْ) دلیل سے ثابت کیا ہوا (مُدَلْ۔ لِلْ) دلیل سے ثابت کرنے والا۔
مدلول (مَدْ۔ لُوْل) دلیل کیا ہوا۔
مدلہم (مُدْ۔ لَہِمْ) بہت کالا، تاریک جمع **مُدْلَہِمّات**۔
مدمغ (مُدْ۔ مِغْ) دماغدار، مغرور۔
مدمل (مُدْ۔ مِمْ) زخم مندمل کرکے بھر لانیوالا۔
مدمن (مُدْ۔ مِنْ) ہمیشہ کوئی کام کرنے والا۔

www.urduchannel.in

مدن (مُدْ دن) کھڑا ہونا (مُدُن) (مُدُن) مدینہ کی جمع۔
مدنظر (مُدْ نَ ظَر) نظر، نگاہ کی رسائی، ارادہ۔
مدنی (مَدَ نی) منسوب بہ مدینہ، شہری، مدینہ کا باشندہ
مدنیت (مَدَ نی یَت) شہریت، شہری پن۔
مدو جزر (مَدْ دُو جَزْر) دُو۔ جزر (بحر) جوار بھاٹا۔
مدور (مُدَوْ وَر) گول، گرداگرد پھیلا ہوا۔
مدوس (مِدْ وَس) گلٹی، غدہ، داغ۔
مدون (مُدَوْ وَن) (مُدَوْ وِن) جمع کیا ہوا (مُدَوْ وِن) جمع کرنے والا۔
مدہ (مِدْ دَہ) (زخم کی پیپ (مَدْ دَہ) وہ ساکن حرف جو مدہ علت (ا، و، ی) جن کی حرکت ماقبل موافق ہو۔
مدہامتان (مُدْ ہا مَتان) دو سبز رنگ، دو سبز باغ۔
مدہن (مُدْ ہِن) تیل کا برتن جمع مَدَاہِن۔
مدہوش (مُدْ ہُوش) بھونچکا، بیہوش۔
مدہون (مُدْ ہُون) گیلی زمین۔
مدی (مَدا) انتہا، نہایت، غایت۔
مدیان (مِدْ یان) بڑا قرضا کرنے والا۔
مدیح، مدیحہ (مَدِیح، مَدِ یحَہ) حمد، تعریف جمع مَدَائِح۔
مدید (مَدِید) لمبا، دراز، کھینچا ہوا، نام بحر شاعری۔
مدیر (مُدَیِّر) اڈیٹر، کلکٹر، منتظم، گھمانے والا۔
مدیرانہ (مُدَیِّ رَا نہ) مدیر کی مانند، مدیر کو منسوب۔
مدیرہ (مُدَیِّ رَہ) اڈیٹریس، مدیر کا مونث۔
مدیریہ (مُدَیِّ رِیَہ) منسوب بہ مدیر، دفتر مدیر۔
مدین (مَدْ یَن) بندہ، قرضدار، مزدوری دیا ہوا، خوار کیا ہوا۔
مدینہ (مَدِی نَہ) شہر جمع مَدَائِن، مُدُن، اُمْدُن نام شہر عرب جس میں حضور سرور دو عالم کا مزار معلی ہے۔
مدیون (مَدْ یُون) قرض دار، جس پر قرض ہو۔
مذا ونذ (مَذْ) صاحب، خداوند۔
مذا (مِذَا) غیر مرد اور عورت کی یکجائی۔
مذاب (مُذَا بْ) پگھلا ہوا۔
مذاق (مَذَا ق) ظرافت، ٹھٹھول، ذائقہ، چکھائی، چکھنے کی جگہ (مَذَا ق) جو محبت میں مخلص نہ ہو۔
مذاکر (مُذَا کِر) (مُذَا کِر) ذکر کرنیوالا (مُذَا کِر) ذکر کیا ہوا۔
مذاکرہ (مُذَا کَرَہ) آپس میں بات چیت جمع مُذَاکَرَات۔
مذاہب (مَذَا ہِب) مذہب کی جمع۔
مذبح (مَذْ بَح) ذبح کرنے کی جگہ جمع مَذَابِح۔
مذبذب (مُذَبْ بَذْ) ڈانواڈول جمع مُذَبْذَبِین۔
مذبوح (مَذْ بُوح) ذبح کیا ہوا۔
مذبہ (مِذَبَّ بَہ) سورچھل، چوری۔
مذخورہ (مَذْ خُو رَہ) ذخیرہ کیا ہوا۔
مذروع (مَذْ رُوع) گز سے ناپا ہوا۔
مذرہ (مَذْ رَہ) گندہ، خراب۔
مذعور (مَذْ عُور) ڈرا ہوا۔
مذکار (مِذْ کَار) جس کے یہاں صرف اولاد نرینہ پیدا ہو۔
مذکر (مُذَکَّر) (مُذَکِّر) مونث کی ضد، یاد دلایا ہوا، نصیحت کیا ہوا (مُذَکِّر) یاد دلانیوالا، نصیحت کرنے والا۔
مذکرہ (مَذَا کِر، مَذَا کِرَہ) نوٹ، یادداشت، مردانی عورت۔
مذکور (مَذْ کُور) ذکر کیا ہوا۔
مذلت (مَذْ لَت) (لت) خواری، رسوائی۔
مذمت (مَذْ مَت) (مَذْ مَت) برائی، بدی۔
مذموم (مَذْ مُوم) بد، برا، مذمت کیا ہوا۔
مذنب (مُذْ نِب) گنہگار۔
مذہب (مَذْ ہَب) دین، دھرم، راہ جمع مَذَاہِب (مَذْ ہَبِیَّت) (مَذْ ہَبِیَّت) سنہرا، سنہرا جھول چڑھا ہوا (مُذَہَّب) سنہرا جھول چڑھانے والا۔
مذہوب (مَذْ ہُوب) جھول کیا ہوا، زرنگار۔
مذیب (مُذِیب) پگھلانے والا۔
مذیبہ (مُذِیبَہ) (بہ) پگھلانے والی۔
مر (مَرّ) رسی، کلابا ٹٹی (مَرّ) بجائش، شمار، بیحد بہت، کلہ حصہ، خاص، صرف زائد جمع مِرَار
(مُرّ) کڑوا، بول جو ایک گوند کا نام ہے۔
مرا (مَرَا) جھگڑا، مراء (مِرَاء) لڑائی جھگڑا کرنا (مَرَاء) کھانا، تھوکنا

www.urduchannel.in

(مُرا) ہم مرتبہ ہونا (مُرآۃ) آدم مرد۔

مرائح (مُرا۔ رِح) نفع سے بیچنے والا (مُرا۔ ئِح) مرتع کی جمع۔

مرابحت (مُرا۔ بَحْ) نفع سے بیچنا۔

مرابط (مُرا۔ بِط) باہم ربط رکھنے والا۔

مرابطہ (مُرا۔ بَطْ) ربط باہمی جمع **مُرابَطات**۔

مرائی (مُرا۔ ئی) سود خوار، بیاج لینے والا۔

مرات (مر۔ آت) آئینہ جمع **مَرایا** (مَرَیَات) عورت (مَرَءَات) مرہ کی جمع۔

مراتب (مُرا۔ تِب) مرتبہ کی جمع۔

مراجع (مُرا۔ جِعْ) واپس پھرنے والا (مُرا۔ جِعْ) مرجع کی جمع۔

مراجعت (مُرا۔ جَعْ) واپسی، لوٹنا، اُلٹا پھرنا۔

مراح (مَرَاح) شادی، خوشی (مَراحٌ) راحت کی جگہ۔

مراحل (مُرا۔ حِل) مرحلہ کی جمع۔

مراحم (مُرا۔ حِم) مرحمت کی جمع۔

مراد (مُرَاد) مطلب، مقصد، منشا جمع **مُرادات**۔

مرادف (مُرا۔ دِفْ) ہم معنی لفظ جمع **مُرادِفات**۔

مرادفت (مُرا۔ دَفَتْ) ایک پیچھے دوسرے کو بٹھانا۔

مرادی (مُرادِی) منشا کے مطابق، موافق، خریدنے، چننے جمع **مُرادِیات**۔

مرارت (مُرا۔ رَتْ) کڑواہٹ، تلخی۔

مرارہ (مُرا۔ رَہْ) حیوان کا پتہ جس میں قریق کڑوا مادہ ہوتا ہے۔

مراسل (مُرا۔ سِلْ) خط و کتابت کرنے والا۔

مراسلت (مُرا۔ سَلَتْ) باہمی خط و کتابت۔

مراسلہ (مُرا۔ سَلَہْ) نامہ، خط، باہمی خط و کتابت جمع **مُراسَلات**۔

مراسم (مُرا۔ سِمْ) رسم کی جمع۔

مراضعت (مُرا۔ ضَعَتْ) دودھ پلائی۔

مراعات (مُرا۔ عَاتْ) سلوک، رعایت، نگہداشت، کنکھیوں سے دیکھنا۔

مراعات النظیر (مُرا۔ عَاتُ نَظِیر) شاعری میں صنعت رعایت لفظی۔

مراعی (مُرا۔ عِیْ) رعایت کرنے والا، نگہبانی کرنے والا، چرانے والا (مُرا۔ عِیْ) مرعی کی جمع۔

مراغ (مراغہ (مَرَاغ، مُرا۔ غَہْ) لوٹنے کی جگہ۔

مراغب (مُرا۔ غِبْ) رغبت کرنے والا۔

مراغبت (مُرا۔ غَبَتْ) خواہش، رغبت۔

مراغہ (مُرا۔ غَہْ) حیوان کا لوٹنا پوٹنا۔

مراغمت (مُرا۔ غَمَتْ) جنگ کرنا۔

مرافات (مُرا۔ فَاتْ) سفارش، مدد کرنا۔

مرافدہ (مُرا۔ فَدَہْ) یاری کرنا، مدد کرنا۔

مرافع (مُرا۔ فِعْ) مرافعہ کرنے والا۔

مرافعت، مرافعہ (مُرا۔ فَعَتْ، مُرا۔ فَعَہْ) مقدمہ، اپیل۔

مرافق (مُرا۔ فِقْ) ہمراہ، رفاقت کرنے والا جمع **مَرافِقین** (مُرا۔ فِقْ) مرفق کی جمع۔

مرافقت (مُرا۔ فَقَتْ) ہمراہی، رفاقت باہمی۔

مراق (مُرَاق) جنون کی ایک قسم، مالیخولیا۔

مراقب (مُرا۔ قِبْ) نگہبان، امیدوار، ڈرنے والا، مراقبہ کرنے والا۔

مراقبت (مُرا۔ قَبَتْ) نگہبانی، امید، حراست۔

مراقبہ (مُرا۔ قَبَہْ) خدا کا دھیان، نگہبانی، امید۔

مراقش (مُرا۔ قِشْ) ملک مراکو (شمالی و مغربی افریقہ)

مرائی (مُرا۔ ئِی) مالیخولیا کا بیمار۔

مراکب (مُرا۔ کِبْ) مرکب کی جمع۔

مراکبی (مُرا۔ کِبِی) کشتیاں۔

مراکض (مُرا۔ کِضْ) گھوڑا دوڑانے والا، جوکی۔

مراکضت (مُرا۔ کَضَتْ) گھوڑ دوڑ۔

مراکلت (مُرا۔ کَلَتْ) باہم لاتیں مارنا، لتیاؤ۔

مرام (مُرام) مطلب، مراد، مقصد جمع **مَرامات**۔

مراوح (مُرا۔ وِحْ) ڈانواڈول (مُرا۔ وِحْ) مُرَوِّحَہ کی جمع۔

مراوحت (مُرا۔ وَحَتْ) کام میں ڈانواڈول ہونا۔

مراہق (مُرا۔ ہِقْ) نوجوان، بالغ ہونے کے قریب۔

www.urduchannel.in

مراہقت (مُرا۔ ہَقَتْ) بلوغ کو پہونچنا۔
مراہن (مُرا۔ ہِن) رہن رکھنے والا۔
مراہنت (مُرا۔ ہَنَتْ) رہن رکھنا۔
مرائ (مِرا) خود نمائی، جنگ کرنا۔
مرائی (مُرا۔ ءِی) ریا کرنے والا، خود نما۔
مرایلہ (مُرا۔ یَلَہ) جلدی جانا۔
مربا (مُرَبّ۔ بَا) شکر کے قوام میں ڈالا ہوا پھل جمع **مربیات**۔ تربیت کیا ہوا، پالا ہوا (مُر۔ بَا) منظر، دیکھنے کی جگہ، شکارگاہ، کھیل کا میدان۔
مربع (مُرَبَّع۔ بَ) نفع بخش (مُر۔ بَ) فائدہ کی جگہ جمع **مرابع**۔
مربض (مُر۔ بِض) بکریوں کے رہنے کی جگہ جمع **مرابض**۔
مربط (مُر۔ بِط) جانوروں کا کھڑک جمع **مرابط** (مُر۔ بَطْ) جانور باندھنے کی جگہ۔
مربع (مُرَبَّع) چوکونہ جس کی لمبائی چوڑائی برابر ہو، چہارگنا، چوڑا (مُر۔ بَع) پہاڑی شکل جمع **مرابیع**۔
مرجوب (مُر۔ جُوب) مخلوق، پالا ہوا۔
مربوط (مُر۔ بُوط) بندھا ہوا، ربط کیا ہوا، لگایا ہوا۔
مربوع (مُر۔ بُوع) میانہ قد، چارشانہ۔
مربی (مُرَبِّی) سرپرست پرورش کرنیوالا، تربیت کرنیوالا (مُرَبِّ۔ بَا) دیکھو مربا (مُر۔ بِی) بیاج خور، سود خوار۔
مرت (مُرَت) بنجر، خشکسار۔
مرتاح (مُر۔ تَاحْ) عیش و نشاط کرنے والا۔
مرتاض (مُر۔ تَاضْ) ریاضت کرنے والا۔
مرتب (مُرَتِّب) ترتیب دینے والا (مُرَتَّب) ترتیب دیا ہوا، تنخواہ۔
مرتبان (مُر۔ تَبَان) ایک برتن کا نام۔
مرتبت (مُر۔ تَبَتْ) دیکھو مرتبہ جمع **مراتبت**۔
مرتبط (مُر۔ تَبِطْ) ربط دیا ہوا، لگایا ہوا۔
مرتبہ (مُر۔ تَبَہ) درجہ، رتبہ جمع **مراتب**۔
(مُرَتَّب، تَبَہ) ترتیب دیا ہوا۔
مرتجا (مُر۔ تَجَا) امید رکھا ہوا۔
مرتد (مُر۔ تَدّ) اسلام چھوڑا ہوا مرد۔
مرتدہ (مُر۔ تَدَّ۔ دَہ) اسلام چھوڑی ہوئی عورت۔
مرتسم (مُر۔ تَسِم) نقش پکڑنے والا (مُر۔ تَسَم) نقش پکڑا ہوا۔
مرتشی (مُر۔ تَشِی) رشوت لینے والا۔
مرتضی (مُر۔ تَضَا) پسندیدہ۔
مرتضوی (مُر۔ تَضَوِی) حضرت علی کی طرف منسوب۔
مرتع (مَر۔ تَع) چراگاہ جمع **مراتع**۔
مرتعب (مُر۔ تَعِب) خائف، ڈرپوک۔
مرتعش (مُر۔ تَعِش) کانپنے والا (مُر۔ تَعَش) کانپا ہوا۔
مرتفع (مُر۔ تَفِع) اٹھا ہوا، اونچا، بلند (مُر۔ تَفَع) ابھرنے والا، بلند ہونے والا۔
مرتقد (مَر۔ تَقَد) خوابگاہ۔
مرتقی (مُر۔ تَقِی) اوپر جانیوالا، ترقی کرنے والا (مُر۔ تَقَا) اوپر گیا ہوا، ترقی کیا ہوا، چڑھائی۔
مرتکب (مُر۔ تَکِب) ارتکاب کرنیوالا، گناہ کرنیوالا (مُرتَکَب) ارتکاب کیا ہوا، گناہ کیا ہوا۔
مرتل (مُر۔ تَل) مرد ارسنگ۔
مرتہن (مُر۔ تَہِن) رہن رکھنیوالا (مُر۔ تَہَن) رہن رکھا ہوا۔
مرث (مَرْث) چوسنا۔
مرثیہ (مَر۔ ثِیَہ) مردے کی تعریف میں اشعار جمع **مراثی**۔
مرثیہ خواں (مَر۔ ثِیَہ۔ خَوَاں) مرثیہ پڑھنے والا۔
مرثیہ خوانی (مَر۔ ثِیَہ۔ خَوَا۔ نِی) مرثیہ پڑھنا۔
مرثیہ گو (مَر۔ ثِیَہ۔ گُو) مرثیہ کہنے والا۔
مرثیہ گوئی (مَر۔ ثِیَہ۔ گُو۔ ءِی) مرثیہ کہنا۔
مرج (مَرْج) بگاڑ، ملونی (مَرَج) اچھلا زمین جمع **مروج**۔
مرجان (مَر۔ جَان) مونگا، چھوٹا موتی۔
مرجب (مُرَجَّب) بزرگ رکھا ہوا، شکوہ رکھا ہوا۔

www.urduchannel.in

مرجح (مُرَجِّح) ترجیح دیا ہوا (مُرَجَّح) ترجیح دیا ہوا (مُرَجِّح) ترجیح دینے والا۔
مرجع (مَرْجِع) واپسی کی جگہ جمع مَرَاجِع۔
مرجل (مِرْجَل) تانبے کی بڑی دیگ جمع مَرَاجِل۔
مرجوز (مَرْجُوز) سیدھا کیا ہوا۔
مرجوح (مَرْجُوح) مغلوب۔
مرجوع (مَرْجُوع) رجوع کیا ہوا، لوٹایا ہوا۔
مرجول (مَرْجُول) پائل، جوتا پہنا ہوا ہو۔
مرجوم (مَرْجُوم) پتھراؤ کیا ہوا، نکالا ہوا۔
مرجی (مَرْجِی) وعدہ ٹالنے والا۔
مرح (مَرَح) اترانا، ناشاد ہونا، خوش ہونا (مَرِح) خوش جمع مُرَحٰی، مُرُوحی۔
مرحب (مَرْحَب) کشادہ جگہ، چوڑا ہونا جمع مَرَاحِب
مرحبا (مَرْحَبًا) کلمۂ تعریف، شاباش، خوش آمدید، فراخ جگہ۔
مرحلہ (مَرْحَلَہ) منزل، منزل گاہ جمع مَرَاحِل۔
مرحمت (مَرْحَمَت) مہربانی جمع مَرَاحِم۔
مرحوم (مَرْحُوم) رحمت کیا ہوا، مرے ہوئے کی بابت دعائیہ کلمہ بطور اشارہ
مرحومہ (مَرْحُومَہ) رحمت کی ہوئی۔
مرخ (مَرْخ) تیل کی مالش کرنا۔
مرخص (مُرَخِّص) (مُرَخَّص) رخصت کرنیوالا (مُرَخَّص) رخصت کیا ہوا۔
مرخم (مُرَخَّم) ملائم کیا ہوا، ہر وہ کلمہ جس کا حرف آخر گرا دیا گیا ہو۔
مرد (مَرْد) آدمی (مَرَد) مستعمل، ضد و مؤنث، امرد کی جمع۔
مرداب (مَرْدَاب) رکتا ہوا چہرا بے گھاس کا ریگستان۔
مرداد (مَرْدَاد) فارسی کا پانچواں شمسی مہینہ۔
مرد آدمی (مَرْد۔آدمی) بھلے آدمی، کلمۂ مخاطبت۔
مردار (مَرْدَار) ناپاک، مردے کی لاش، لوتھڑ۔
مردار خور (مَرْدَار۔خوار۔خُور) مردار کھانے والا۔
مردار سنجد، **مردار سنگ** (مَرْدَار سَنْجَد، مَرْدَار سَنْگ) مردہ سنگ
مردانگی (مَرْدَانَگی) بہادری۔
مردانہ (مَرْدَانَہ) مرد کی مانند۔
مردانی (مَرْدَانی) مردوں کی طرح عورت۔
مرد بچہ (مَرْد۔بچہ) (بچّہ) بہادر، مرد کا بیٹا۔
مردد (مُرَدَّد) (مُرَدَّدَہ) پھیرا نے والا (مُرَدَّد) (مُرَدَّدَہ) پھیرا یا ہوا۔
مردک (مَرْدَک) حقیر آدمی، مرد کی تصغیر۔
مردکار (مَرْدَکار) (مَرْدَکَارَہ) بہادر، کام کا آدمی۔
مردم (مَرْدُم) آنکھ کی پتلی، آدمی، انسان۔
مردم آبی (مَرْدُم۔آبی) جل مانس۔
مردم آزار (مَرْدُم۔آزار) آدمیوں کو تکلیف دینے والا۔
مردم آزاری (مَرْدُم۔آزاری) آدمیوں کو تکلیف دینا۔
مردم خیز (مَرْدُم۔خیز) لائق آدمی پیدا کرنے والا۔
مردم خیزی (مَرْدُم۔خیزی) لائق آدمی پیدا کرنا۔
مردم داری (مَرْدُم۔داری) خوش اخلاقی۔
مردم زن (مَرْدُم۔زَن) آدمی مارنے والا، جلاد۔
مردمک (مَرْدُمَک) آنکھ کی پتلی، پتلی کا تل۔
مردم گیاہ (مَرْدُم۔گیاہ) ایک گھاس جس کو آدمی کی شکل سے تشبیہ دیتے ہیں۔
مردمی (مَرْدُمی) بہادری، مروت، مردہ باری۔
مردن (مُرْدَن) مرنا جمع مَرْدَنہا۔
مردنی (مُرْدَنی) مرنے کے لائق، موت کی علامت۔
مردود (مَرْدُود) رد کیا ہوا۔
مردہ (مُرْدَہ) مرا ہوا جمع مُرْدَگان (مَرْدَہ) بہادر آدمی۔ (مُرْدَہ) تردید کیا ہوا
مردہ دل (مُرْدَہ۔دل) پژمردہ، جسکا دل مرجھا گیا ہو۔
مردہ سنگ (مُرْدَہ۔سنگ) ہمیشہ کا میل، نام دوا۔
مردہ شو (مُرْدَہ۔شُو) مردہ نہلانے والا یا نہلانیوالی۔
مردی (مَرْدی) بہادری (مُرْدی) ہلاک کرنے والا (مُرْدَوی) چیچو، ڈانٹ۔
مرز (مَرْز) زمین، سرحد، قابل کاشت زمین۔
مرزا (مِرْزَا) دیکھو میرزا جمع مَرَازِیان (مُرْزَا) (مَرْزَام) دیالو، سخی، خیرات کرنے والا۔

www.urduchannel.in

مرزاب (مرزَ۔ زَا) پرنالہ جمع مَرَازِیب۔

مرزائی (مرزَ۔ زَا۔ ئی) سرداری، بھلمنسائی۔

مرزبان (مرزَ۔ زَا۔ بَانْ) زمیندار، سردار۔

مرزبوم (مرزَ۔ زُو۔ بُوْم) جائے پیدائش، جنم بھوم۔

مرزبہ (مرزَ۔ زَبَہ) طریقہ، قاعدہ، حکومت (مرزَ۔ زَبَہ) موگری۔

مرزغان (مرزَ۔ زَا۔ غَانْ) وزرخ، آتشدان، انگیٹھی۔

مرزن (مرزَ۔ زَنْ) چوہا۔

مرزنگوش (مرزَ۔ زَنْ۔ گُوْش، مرزَ۔ زَنْ۔ گُوْش) ایک قسم کی خوشبودار گھاس جسکو شاعر زلف اور چہرے کے خط سے تشبیہ دیتے ہیں، دونا، سونا گنی۔

مرزہ (مرزَ۔ زَہ) دیکھو مرزن۔

مرس (مَرَسْ) مرسہ کی جمع، طبیب، کحال، ستیا

(مُرْ۔ سِ) طبیب، مشاق، ایک میوہ۔

مرسات (مرسَا۔ سَاتْ) لنگر جمع مَرَاسِی۔

مرشح (مرشَّ۔ شَحْ) تھیڑ جمع مَرَاشِح۔

مرسل (مُرْسَلْ) بھیجا ہوا، صاحبِ کتاب نبی جمع

مرسلین (مُرْ۔ سَلِیْن) بھیجنے والا، چھوڑنے والا۔

مرسلہ (مُرْسَلَہ) بھیجا ہوا، لٹکایا ہوا، لٹکا ہوا، ہار۔

مرسیہ (مرسِیَہ) رسّہ، لنگر جمع مَرَاسِی۔

مرسوم (مَرْسُوْم) سرکاری روزینہ یا باغ، فرمان، رسم ڈالا ہوا، قاعدہ کیا ہوا، نشان کیا ہوا۔

مرشح (مُرَشَّحْ) سیراب، ٹپکا ہوا۔

مرشد (مُرْشِدْ) ہدایت کرنیوالا، سیدھی راہ بتلانیوالا

(مُرْ۔ شَدْ) سیدھی راہ بتلایا ہوا (مَرْ۔ شَدْ) سیدھی

راہ جمع مَرَاشِدْ۔

مرشوش (مَرْشُوْش) چھڑکاؤ کیا ہوا، ٹپکا ہوا۔

مرصاع (مرصَّ۔ صَاعْ) لٹو۔

مرصد، مرصاد (مَرْصَدْ، مَرْ۔ صَادْ) میدگاہ، انتظار، گھات جمع مَرَاصِدْ۔

مرصع (مُرَصَّعْ) جواہر جڑا ہوا، موزوں الفاظ کی نظم یا نثر جس میں الفاظ نگینہ کی مثل جڑے ہوں۔

مرصود (مَرْصُوْد) رصدگاہ سے جانچا ہوا، نگاہ ڈالا ہوا۔

مرصوص، مرصوصہ (مَرْصُوْص، مَرْ۔ صُوْ۔ صَہ) مضبوط کیا ہوا، رانگ پلایا ہوا۔

مرصوع (مَرْصُوْع) دیکھو مرصع۔

مرض (مَرَضْ) بیماری جمع اَمْرَاض۔

مرضع (مَرْضَعْ) دودھ پینے کی جگہ، پستان، چھاتی جمع مَرَاضِع (مَرْ۔ ضَعْ) دودھ پینے کا آلہ

(مُرْ۔ ضِعْ) دودھ پلائی، دائی۔

مرضعہ (مُرْضِعَہ) دودھ پلانی، دائی جمع مَرَاضِعْ۔

مرفوض (مَرْفُوْض) چکنا چور۔

مرفوم (مَرْفُوْم) پتھر کی عمارت۔

مرضی (مَرْضِیْ، مَرْ۔ ضِیْ) پسندیدگی، پسندیدہ

(مَرْ۔ ضَا) مرضیٔ کی جمع۔

مرط (مِرْطْ) اونی کمل جمع مُرُوْط

مرطب (مُرْطِبْ، مُرْ۔ طِبْ) تر ہونیوالا، نم (مُرَطَّبْ، طِبْ) تر کرنیوالا (مُرَطَّبْ۔ طِبْ) ترکیا ہوا

مرطوب (مَرْطُوْب) تر، بھیگا ہوا، نمی پایا ہوا۔

مرطوبی (مَرْطُوْ۔ بِیْ) موٹا پھپس آدمی۔

مرعش (مُرْعِشْ) ایک قسم کے کھیلدار کبوتر۔

مرعوب (مَرْعُوْب) رعب میں آیا ہوا، ڈرایا ہوا۔

مرعی (مَرْعًی) چراگاہ، ہری گھاس جمع مَرَاعِیْ

(مُرْ۔ عِیْ) رعایت کیا ہوا۔

مرغ (مَرْغْ) ہری دوب (مُرْ۔ غِ) پرند، سورج جمع مُرْغَاں (مَرْغْ) تھوک، آب دہن۔

مرغاد (مُرْ۔ غَادْ) خردس۔

مرغابی (مُرْ۔ غَا۔ بِیْ) چھوٹی جنگلی بط۔

مرغاں (مُرْ۔ غَاں) مرغ کی جمع۔

مرغان اولی اجنحہ (مُرْ۔ غَا۔ نِ۔ اُو۔ لِیْ۔ اَ۔ جِ۔ حَہ) بازوؤں والے پرند۔ یعنی فرشتے۔

مرغب (مُرَغَّبْ) رغبت دلایا ہوا۔

مرغباز (مُرْ۔ غَ۔ بَازْ) مرغے لڑانے کا شوقین۔

www.urduchannel.in

مرغبازی (مُرْغ۔ بَا۔ زی) مرغے لڑانا۔

مرغزار (مَرْغ۔ زَ) ہرا بھرا جنگل، ہری دوب کی جگہ۔

مرغ زریں (مُرْغِ۔ زَ۔ رِیں) ایک سنہری جنگلی مرغا۔

مرغ سبز قبا (مُرْغِ۔ سَبْ۔ زَ۔ قَبا) ہریل جو ایک پرندہ ہے۔

مرغ سلیمان (مُرْغِ۔ سُلَیْ۔ مان) ہدہد، کھٹک بلیا۔

مرغ سحر (مُرْغِ۔ سَحَر) بلیل، مرغا۔

مرغ عیسیٰ (مُرْغِ۔ عِی۔ سا) چمگادڑ۔

مرغک (مُرْ۔ غَک) چھوٹا سا مرغ، مرغ کی تصغیر۔

مرغ نامہ بر (مُرْغِ۔ نا۔ مَہ۔ بَر) ایک کبوتر جو ہدہد ہے۔

مرغوا (مُرْ۔ غُوا) فال بد۔

مرغوب (مُرْ۔ غُوب) پسندیدہ، رغبت کیا ہوا۔

مرغول (مُرْ۔ غُول) (مُرْ۔ غُو۔ لہ) دھوئیں کا چھلا، بالوں کا گھونگر، آواز کا اتار چڑھاؤ۔

مرغی (مُرْ۔ غی) ماکیان۔

مرغزار (مُرْ۔ غا) ڈھول، (مُرْ۔ غار) بندرگاہ۔

مرفد (مِرْ۔ فَد) بڑا پیالہ۔

مرفق (مِرْ۔ فَق) کہنی جمع مَرافِق (مَرْ۔ فِق) وہ کام جس سے فائدہ حاصل ہو۔

مرفقہ (مِرْ۔ فَقَہ) تکیہ۔

مرفوع (مَرْ۔ فُوع) رفو کیا ہوا۔

مرفوع (مَرْ۔ فُوع) اٹھایا ہوا، بلند کیا ہوا، پیش (م) لگایا ہوا۔

مرفوع القلم (مَرْ۔ فُو۔ عُل۔ قَلَم) ناقابل گرفت یا معاف۔

مرفہ (مُرَفْ۔ فَہ) آسودہ، خوش معاش۔

مرفہ الحال (مُرَفْ۔ فَہُل۔ حال) آسودہ حال۔

مرق (مَرَق) شوربا۔

مرقات، مرقاۃ (مِرْ۔ قات) زینہ، سیڑھی جمع مَراقی۔

مرقاق (مِرْ۔ قاق) پٹھن۔

مرقب (مِرْ۔ قَب) نگہبانی کی جگہ جمع مَراقِب۔

مرقت (مَرْ۔ قَت) شوربا، یخنی۔

مرقد (مَرْ۔ قَد) خوابگاہ، قبر۔

مرقع (مُرَقَّع) البم، تصویروں کی کتاب، رنگ برنگ ٹکلیوں کی گدڑی۔

مرقوم (مَرْ۔ قُوم) لکھا ہوا، رقم کیا ہوا۔

مرکب (مُرَکَّب) ترکیب دیا ہوا (مَرْ۔ کَب) سواری کی چیز جمع مَراکِب (مُرَکَّب، کِب) ترکیب دینے والا، دوات کی روشنائی۔

مرکز (مَرْ۔ کَز) دائرے کا درمیانی نقطہ (پیچوں پیچ)، صدر مقام جمع مَراکِز۔

مرکن (مَرْ۔ کَن) تغار، لگن، کونڈا۔

مرکوب (مَرْ۔ کُوب) جوتا، سواری کیا ہوا۔

مرکوز (مَرْ۔ کُوز) منظور، جمایا ہوا، گڑا ہوا، مرکز کیا ہوا۔

مرگ (مَرْ۔ گ) موت (مُرْ۔ گ) ناک کی گاڑھی رینٹ۔

مرگا (مَرْ۔ گا) مرگی عام، وبا۔

مرگ مفاجات (مَرْ۔ گِ۔ مُفا۔ جات) ناگہانی موت۔

مرگی (مَرْ۔ گی) دورہ (مِرْ۔ گی) صرع، ایک بیماری۔

مرمت (مَرَم۔ مَت) سُدھار، سنوار، درستی۔

مرمانہ (مُرْ۔ مَا۔ نَہ) آنکھیں دکھا ہوا۔

مرمر (مَرْ۔ مَر) ایک سفید چکنا پتھر، سنگ رخام۔

مرمریں (مَرْ۔ مَر۔ رِیں) سنگ مرمر کی مانند۔

مرمل (مِرْ۔ مَل) بیڑی، بند پا، پیکڑا۔

مرملہ (مُرَمْ۔ مَلَہ) بالو کی دوات۔

مرموز (مَرْ۔ مُوز) اشارہ کیا ہوا، رمز کیا ہوا۔

مرمیس (مِرْ۔ مِیس) گیند۔

مرو (مَرْو) ایک خوشبودار گھاس، نام شہر (روسی ترکستان)

مروا (مَرْ۔ وا) نیک فال، ایک گھاس۔

مروارید (مَرْ۔ وا۔ رِید) موتی۔

مروب (مِرْ۔ وَب) دہی جمانے کا برتن۔

مروت (مُرُوَّت) مردانگی، مردمی۔

مروح (مُرَوِّح) (رواج دی ہوئی چیز (مُرَوِّ۔ وِح) رواج دینے والا۔

www.urduchannel.in

مروح (مُرَوِّح) راحت بخش، بہلانے والا
(مُرَوَّح) راحت دیا ہوا، بہکایا ہوا۔
مروحہ (مِرْوَحَہ) راحت کی چیز، پنکھا جمع مَرَاوِح۔
(مَرْوَحَہ) پنکھا جھلنے کی جگہ۔
مرود (مَرْوَد) امرود جو ایک پھل ہے۔
مرور (مُرُور) گذرنا، چلا جانا۔
مروض (مُرَوِّض) (مُرَوَّض) ریاضت دینے والا، ریاضت دیا ہوا، رام کیا ہوا، ریاضت دیا ہوا
مروع (مُرَوَّع) ڈرایا ہوا، نگرانی میں رکھا ہوا۔
مروق (مُرَوِّق) (مُرَوَّق) مصفا، اعلیٰ کی ہوئی چیز
(مُرَوِّق) راج، ورق بنانے والا، چھنگیری لگانے والا (مِرْوَق) چھلنی، چھاننے میں ڈالنا۔
مروں (مُرَوَّں) چپڑی ہوئی چیز۔
مروہ (مَرْوَہ) مکہ معظمہ کی ایک مذہبی اور تاریخی پہاڑی
مروی (مَرْوِی) روایت کیا ہوا۔
مروس (مَرُوس) تابعدار، خادم، رعیت۔
مرہ (مَرَّہ) (مَرَّۃ) ایک بار، ایک مرتبہ جمع مِرَار، مُرُور،
مرۃ، مَرَارَات (مِرَّہ) عقل، قوت، بِتّہ الصفر
مرہا (مَرْہا) بے سر کی آنکھ، عورت جو سرمہ نہ لگاتی ہو۔
مراہم (مَرْہَم) زخم کی دوا جمع مَرَاہِم۔
مرہمہ (مَرْہَمَہ) مرہم لگانا۔
مربون (مَرْہُون) رہن کیا ہوا، گروکیا ہوا۔
مری (مَرْی) دیکھنے والی چیز، دیکھا ہوا جمع مَرْئِیَات۔
مری (مَرِیّ) غذا کی نالی، ہاضمہ، گوداء (مَرْیٌ) دوہنی کا کنی، آبکامہ (مَرِیخ) گھوڑے کا کاٹ مارنا۔
مرے (مَرْے) چھیلنا کرنا، برابری کرنا۔
مریخ (مَرِیخ) آتشیں، ملا جُلا۔
مریح (مَرِیح) بے انتہا خوش۔
مریخ (مِرِّیخ) منگل تارہ، بہرام۔
مرید (مُرِید) ارادت کرنیوالا، بالغی شاگرد جمع مُرِیدِیْن
(مَرِید) متمرد، سرکش، نافرمان۔
مریدی (مُرِیدِی، مَرِیدِی) بالغی شاگردی۔
مریر (مَرِیر) بہادر، توانا، سخت بٹی ہوئی رسی۔
مریض (مَرِیض) بیمار، روگی جمع مَرْضیٰ، اَمْرَاض، مَرَاضِی۔
مریع (مَرِیع) ہری بھری چراگاہ۔
مز (مَزّ) کھٹ مٹھا مزا، سیخوش (مَزّ) افزونی، بڑھوتری (مَزّ) چوسنا۔
مزا (مَزَّا) شراب۔
مزاج (مِزَاج) عادت، خاصیت، کیفیت جمع اَمْزِجَہ
مزاجمت (مُزَاجَمَت۔ جَمَتْ) آنکھ دکھانا۔
مزاح (مُزَاح) خوش طبعی، نازائل کیا ہوا (مُزَاح) بڑا خوش طبعی کرنیوالا (مِزَاح) خوش طبعی کرنا۔
مزاحت (مُزَاحَت۔ حَتْ) (مِزَاح) خوش طبعی۔
مزاحف (مُزَاحِف۔ حِفْ) اصطلاح عروض میں اصلی رکن سے دو حرف گرجانا یا بڑھ جانا جمع مُزَاحِفَات۔
مزاحم (مُزَاحِم۔ حِمْ) مزاحمت کرنے والا۔
مزاحمت (مُزَاحَمَت۔ حَمَتْ) کسی پہ تنگی کرنا۔
مزاد (مُزَاد) نیلام، زیادہ کرنا۔
مزادہ (مُزَادَہ) توشہ دان جمع مَزَاوِد، مَزَایِد۔
مزار (مَزَار) زیارتگاہ، قبر جمع مَزَارَات۔
مزارت (مُزَارَت۔ رَتْ) سخت دلی۔
مزارع (مُزَارِع۔ رِعْ) کسان، کھیتی کرنیوالا جمع مَزَارِعِیْن
مزارعہ (مُزَارَعَہ۔ رَعَہ) زمین جوتنے کو دینا۔
مزال (مَزَال) پھسلنے کی جگہ، لغزش۔
مزامیر (مَزَامِیر۔ مِیر) مزمار کی جمع۔
مزاوجت (مُزَاوَجَت۔ وَجَتْ) مناکحت، آس پاس کرنا۔
مزاولت (مُزَاوَلَت۔ وَلَتْ) مشق۔
مزاہمت (مُزَاہَمَت۔ ہَمَتْ) نزدیک ہونا۔
مزایا (مَزَایَا۔ یَا) مزیت کی جمع۔
مزبر (مِزْبَر۔ بَرْ) لکھنے کا آلہ، قلم
مزبلہ (مَزْبَلَہ) کوڑا کرکٹ کی ڈالنے کی جگہ جمع مَزَابِل۔

www.urduchannel.in

مزبور (مُزْ۔بُوْر) لکھا ہوا۔
مزبج (مُزْ۔بِجْ) ملنا، ملانا۔
مزجات (مُزْ۔جَا) تھوڑا بے اعتبار۔
مزخرف (مُزَخْ۔رَفْ) جھوٹی بات سچی کر دکھائی ہوئی
جمع مُزَخْرَفَات۔
مزد (مُزْ۔دْ) اجرت، مزدوری، اجر۔
مزدبہا (مُزْ۔دَ۔بَہَا) بزم مزدور۔
مزدوم (مُزْ۔دُوْم) (از دھام کیا ہوا) مُزْ۔دَحَمَ (از دحام کرنیوالا)
مزدلفہ (مُزْ۔دَ۔لِفَہ) مکہ معظمہ میں ایک جگہ کا نام۔
مزدوج (مُزْ۔دَوَجْ) مثنوی، ہمشین۔
مزدوجہ (مُزْ۔دَوَجَہْ) ہمقرین، ہمشین، گھلا ملا ہوا۔
مزدور (مُزْ۔دُوْر) مُزْ۔دُوْرٌ) مزدوری کرنے والا۔
مزدوری (مُزْ۔دُوْ۔رِیْ) اُجرت۔
مزدہ بر (مُزْ۔دَہْ۔بَرْ) مزدور۔
مزر (مَزْ۔رٌ) چکھنا۔
مزرد (مِزْ۔رَدْ) زرہ پوش۔
مزرع، **مزرعہ** (مَزْ۔رَعْ، مَزْ۔رَعَہْ) پرورد، کھیت، کھیتی کی جگہ۔
مزرقہ (مِزْ۔رَقَہْ) دو اکی پچکاری۔
مزروع، **مزروعہ** (مَزْ۔رُوْعْ، مَزْ۔رُوْعَہْ) بوئی ہوئی چیز، جس چیز کی کھیتی کی جاوے۔
مزرع (مَزْرَعْ) قومنار، مزرعٌ چست رفتار۔
مزعاج (مِزْ۔عَاجْ) عورت جو کہیں نہ بیٹھ سکتی ہو۔
مزعفر (مُزَعْ۔فَرْ) زعفرانی، ایک قسم کا میٹھا پلاؤ۔
مزعوم، **مزعومہ** (مَزْ۔عُوْم، مَزْ۔عُوْمَہْ) گمان کیا ہوا۔
مزعکہ (مِزْ۔عَکَہْ) بوٹی، ٹکڑہ۔
مزق (مَزْ۔قْ) پھاڑنا۔
مزقہ (مَزْ۔قَہْ) خانہ، ٹوٹا، پاکی، قنس، پنیس۔
مزکوم (مَزْ۔کُوْم) جس کو زکام ہو۔
مزکی (مُزَکْ۔کِیْ) پاک کیا ہوا، زکوٰۃ ادا کیا ہوا

(مُزَکْ۔کِیْ) پاک کرنیوالا، زکوٰۃ دینے والا۔
مزگت (مَزْ۔گِتْ) مسجد۔
مزلاج (مِزْ۔لَاجْ) دروازہ بند کرنے کا آلہ۔
مزلت (مَزَلْ۔لَتْ) پھسلنے کی جگہ (مَزَلْ۔لَتْ) پھسلنا۔
مزلف (مُزَلْ۔لَفْ) زلف والا محبوب (مَزْ۔لَفْ) انبوہ کی جگہ جمع مَزَالِفْ۔
مزلقہ (مُزْ۔لِقَہْ) نزدیک لایا ہوا، فراہم کیا ہوا۔
مزلق (مُزْ۔لِقْ) پھسلانیوالا (مَزْ۔لَقْ) پھسلنے کی جگہ جمع مَزَالِقْ (مُزْ۔لِقْ) پھسلایا ہوا۔
مزلقہ (مُزْ۔لِقَہْ) پھسلانے والی چیز۔
مزمار (مِزْ۔مَارْ) بانسری، منھ کا باجا جمع مَزَامِیر۔
مزمر (مِزْ۔مَرْ) بربط، باجا۔
مزمن (مُزْ۔مِنْ) دیرینہ، کہنہ، پاپاہج، لنگڑا، اعدی۔
مزن (مُزْ۔نْ) ابر، چھٹا بادل۔
مزنہ (مُزْ۔نَہْ) ابر سیماں۔
مزواج (مِزْ۔وَاجْ) وہ عورت جو بہت سے خصم کرے۔
مزور (مُزَوْ۔وِرْ) جھوٹا، مکر و فریب کرنیوالا، کسی چیز کو ٹھیک کرنیوالا (مُزَوْ۔وَرْ) پرہیزی کھانا۔
مزہ (مَزَہْ) لذت، سواد۔
مزی (مَزِیْ) مزیت۔
مزیب (مُزَیْ۔یِبْ) زیب دیا ہوا (مُزَیْ۔یِبْ) زیب دینے والا۔
مزیت (مَزِیْ۔یَتْ) بڑھوتری، زیادتی، فضیلت جمع مَزَایَا۔
مزید (مَزِیْ۔دْ) زیادتی، بڑھوتری، زیادہ کیا ہوا۔
مزیدن (مَزِیْ۔دَنْ) دیکھو میکدن۔
مزیکر (مَزِیْ۔کَرْ) سخت، سخت دل۔
مزیل (مُزِیْ۔لْ) نشان مٹانیوالا، دور کرنیوالا۔
مزین (مُزَیْ۔یَنْ) زینت دیا ہوا، سنگھارا ہوا (مُزَیْ۔یِنْ) زینت دینے والا، نال۔

www.urduchannel.in

مژدگانی (مُژْدَگانی) (ف) خوش خبری لانے والے کا انعام۔
مژدہ (مُژْدَہ) (ف) خوش خبری، بشارت۔
مژہ (مِژَہ) (ف) پلک جمع مژگان۔
مس (مَس) (ف) گھٹیا دھات، ملنا، چھونا (مَسّ) تانبا۔
مسا (مَسَا) (ف) شام۔
مسابقہ (مُسَابَقَہ) (ع) ہفتہ وار کام کرنا۔
مسابقت (مُسَابَقَت) (ع) سبقت لے جانا۔
مساترت (مُسَاتَرَت) (ع) پہنانا، چھپانا۔
مساجرت (مُسَاجَرَت) (ع) دوستی رکھنا۔
مساجلت (مُسَاجَلَت) (ع) برابری کرنا۔
مساح (مَسّاح) (ع) بڑا چالاک کرنے والا۔
مساحت (مِسَاحَت) (ع) پیمائش۔
مساحقہ (مُسَاحَقَہ) (ع) چٹی لڑانا۔
مساحلت (مُسَاحَلَت) (ع) باہم ملکر ساحل پر جانا۔
مساحنہ (مُسَاحَنَہ) (ع) باہم چین سے بسر کرنا۔
مسارعت (مُسَارَعَت) (ع) باہمی جلدی، جلد بازی۔
مسارقت (مُسَارَقَت) (ع) باہمی چوری، کنکھیوں سے دیکھنا۔
مساس (مَسَاس) (ع) ہاتھ سے مسلنا، جماع کرنا۔
مساعات (مُسَاعَات) (ع) جلدی ساتھ جانا۔
مساعد (مُسَاعِد) (ع) موافق، مددگار۔
مساعدت، مساعدہ (مُسَاعَدَت، مُسَاعَدَہ) (ع) مدد کرنا۔
مساعی (مَسَاعِی) (ع) مسعیٰ کی جمع۔
مسافع (مَسَافِع) (ع) کسی چیز کی روانی کی جگہ۔
مسافت (مَسَافَت) (ع) دوری، بیابان جمع مَسَافَات۔
مسافح (مُسَافِح) (ع) زنا کار۔
مسافحت، مسافحہ (مُسَافَحَت، مُسَافَحَہ) (ع) زنا کاری
مسافر (مُسَافِر) (ع) سفر کرنے والا۔
مسافرت (مُسَافَرَت) (ع) سفر کرنا۔
مسافعہ (مُسَافَعَہ) (ع) آلیسر، بن کھینچنا، ورکھڑنا۔
مساق (مَسَاق) (ع) ہانکنے کی جگہ۔
مساکن (مَسَاکِن) (ع) مسکن کی جمع۔
مسالت (مَسْئَلَت) (ع) پوچھنا، سوال کرنا۔
مسالک (مَسَالِک) (ع) مسلک کی جمع۔
مسالمت (مُسَالَمَت) (ع) ملاپ، آشتی۔
مسام (مَسَامّ) (ع) مسم کی جمع۔
مسامات (مُسَامَات) (ع) مسامّ، مَسَامّ، مَات) مسم کی جمع الجمع
مسامح (مُسَامِح) (ع) جمع، صلح کرنے والا۔
مسامحت (مُسَامَحَت) (ع) جوانمردی، مروتی، صلح، آشتی
مسامرت (مُسَامَرَت) (ع) داستان گوئی۔
مسامیر (مَسَامِیر) (ع) مِسمار کی جمع، چھرے کا مسامہ
مسانید (مَسَانِید) (ع) مسند کی جمع۔
مسانیدت (مُسَانَدَت) (ع) شعر میں مختلف قافیے لانا۔
مسانید (مَسَانِید) (ع) مسند کی جمع۔
مسانہ (مُسَانَہ) (ع) سالیانہ، سالانہ۔
مساوات (مُسَاوَات) (ع) برابری۔
مساوزہ (مُسَاوَزَہ) (ع) بھید بتلانا، بڑائی میں مقابلہ کرنا
مسادکت (مُسَاوَکَت) (ع) مسواک کرنا۔
مساوی (مُسَاوِی) (ع) برابر (مَسَاوِی) سیئہ کی جمع۔
مسادیک (مَسَاوِیک) (ع) مسواک کی جمع۔
مساہرت (مُسَاہَرَت) (ع) بیداری، باہم جاگنا۔
مساہلت (مُسَاہَلَت) (ع) سستی، ڈھیل، آسان جاننا، ہلکا کرنا
ساہم (مُسَاہِم) (ع) شریک، سہیم، حصہ دار۔
مساہمت (مُسَاہَمَت) (ع) شرکت، قرعہ اندازی۔
مسائل (مَسَائِل) (ع) مسئلہ کی جمع۔
مساہرت (مُسَاہَرَت) (ع) برابری۔
مسایلت (مُسَایَلَت) (ع) سوال پوچھنا۔
مسبب (مُسَبِّب) (ع) سبب کی جمع (مُسَبِّب) اپنا
سبب قائم کرنے والا۔
مسبب الاسباب (مُسَبِّبُ الْاَسْبَاب) (ع) ہر سبب کا سبب بنانے والا، اللہ تعالیٰ۔
مسبب (مُسَبِّب) (ع) سبب پیدا کرنے والا۔

www.urduchannel.in

مسبحہ (مُسَبِّحَہ) شہادت کی انگلی، مسبابہ۔
مسبع (مُسَبَّع) سات پہلو والی چیز، سات حصہ کیا ہوا، وہ نظم جس کے ہر بند میں سات مصرعے ہوں۔
مسبلہ (مُسَبِّلَہ) گور غریباں۔
مسبوت (مَسْبُوت) بیماری سے بیہوش یا مردہ۔
مسبوق (مَسْبُوق) گذشتہ، جس پر کوئی چیز سبقت لے گئی ہو۔
مست (مَسْت) موتھا گھاس، متوالا (مُسْتَان) غم واندوہ اکلہ۔ شکوہ۔
مستاجر (مُسْتَاجِر۔ تَا۔ جِر) ٹھیکہ دار، اجارہ لینے والا
مستاجرین (مُسْتَاجَرِیْن۔ تَا۔ جَر) جس ٹھیکہ لیا ہوا
مستاس (مُسْتَاس۔ تَا۔ سَ) اعوض چاہا ہوا۔
مستاصل (مُسْتَاصِل۔ تَا۔ صِل) جڑ سے اکھیڑنے والا (مُسْتَاصَل۔ تَا۔ صَل) جڑ سے اکھاڑا ہوا۔
مستانس (مُسْتَانِس۔ تَا۔ نِس) خوگر، عادی، عادت اختیار کرنے والا۔
مستانف (مُسْتَانِف۔ تَا۔ نِف) اپیل کرنے والا۔
مستانفہ (مُسْتَانِفَہ۔ تَا۔ نِفَہ) اپیل کرنا۔
مستانہ (مُسْتَانَہ۔ تَا۔ نَہ) مست سے منسوب، مست۔
مستانی (مُسْتَانِی۔ تَا۔ نِی) مست عورت۔
مستاہل (مُسْتَاہِل۔ تَا۔ ہِل) سزاوار، لائق
مستبد (مُسْتَبِد) خود کسی کام کو تنہا کرنیوالا (مُسْتَبِدِّین)
مستبدل (مُسْتَبْدِل۔ تَب۔ دِل) بدل چاہنے والا (مُسْتَبْدَل۔ تَب۔ دَل) بدل چایا ہوا۔
مستبشر (مُسْتَبْشِر۔ تَب۔ شِر) خوش ہونیوالا، مژدہ چاہنے والا۔
مستبصر (مُسْتَبْصِر۔ تَب۔ صِر) بینا دل والا، جسکا دل بینا ہو۔
مستبعد (مُسْتَبْعِد۔ تَب۔ عِد) دور ہی ڈھونڈھنیوالا (مُسْتَبْعَد۔ تَب۔ عَد) دور، دشوار، دور گن ہوا، دوری ڈھونڈا ہوا۔
مستبین (مُسْتَبِین) واضح، ظاہر، آشکارا۔
مستتبع (مُسْتَتْبِع۔ تَت۔ بِع) پیروی کرنیوالا (مُسْتَتْبَع۔ تَت۔ بَع) پیروی کیا ہوا۔
مستتر (مُسْتَتِر۔ تَتِر) پوشیدہ، پنہاں ہونے والا۔
مستتم (مُسْتَتِم۔ تَتِم) تمام، تمامی کی طلب کرنیوالا۔
مستثنیٰ (مُسْتَثْنَیٰ۔ تَث۔ نَیٰ) استثنا کیا ہوا، باہر کیا ہوا، خاص کیا ہوا، الگ کیا ہوا، ممتاز کیا ہوا۔
مستجاب (مُسْتَجَاب۔ تَجَا) جواب دیا ہوا، قبول کیا ہوا۔
مستجار (مُسْتَجَار۔ تَجَا۔ رِم) جس سے امان مانگی جاوے۔
مستجب (مُسْتَجِب۔ تَجِب) دوست رکھا ہوا، چنا ہوا (مُسْتَجِب۔ تَجِب) چلنے والا، دوست رکھنے والا۔
مستجمع (مُسْتَجْمِع۔ تَجْ۔ مِع) جمع کرنے والا (مُسْتَجْمَع۔ تَجْ۔ مَع) جمع کیا ہوا۔
مستجیب (مُسْتَجِیب۔ تَجِیب) دعا قبول کرنے والا۔
مستجیر (مُسْتَجِیر۔ تَجِیر) پناہ ڈھونڈھنے والا، امان چاہنے والا۔
مستحاضہ (مُسْتَحَاضَہ۔ تَحَا۔ ضَہ) جسکو حیض زیادہ آتا ہو۔
مستحب (مُسْتَحَب۔ تَحَب) اچھا جانا ہوا، وہ عبادت جس کا ادا کرنا بہتر ہو۔ جم مُسْتَحَبَّات۔
مستحث (مُسْتَحِث۔ تَحِث) اُٹھانے والا (مُسْتَحَث۔ تَحَث) اُٹھایا ہوا۔
مستحدث (مُسْتَحْدِث۔ تَحْ۔ دِث) نئی چیز پیدا کی ہوئی (مُسْتَحْدَث۔ تَحْ۔ دَث) نئی چیز پیدا کرنے والا۔
مستحسن (مُسْتَحْسَن۔ تَحْ۔ سَن) نیک شمار کرنیوالا (مُسْتَحْسِن۔ تَحْ۔ سِن) نیک شمار کیا ہوا۔
مستحضر (مُسْتَحْضِر۔ تَحْ۔ ضِر) یاد رکھا ہوا (مُسْتَحْضَر۔ تَحْ۔ ضَر) یاد رکھنے والا۔
مستحفظ (مُسْتَحْفِظ۔ تَحْ۔ فِظ) نگرانی رکھنے والا (مُسْتَحْفَظ۔ تَحْ۔ فَظ) آرزو، نگرانی رکھا ہوا۔
مستحق (مُسْتَحِق۔ تَحِق) حقدار (مُسْتَحَق۔ تَحَق) حقدار کیا ہوا۔
مستحکم (مُسْتَحْکَم۔ تَحْ۔ کَم) مضبوط۔
مستحلف (مُسْتَحْلِف۔ تَحْ۔ لِف) حلف چاہنے والا (مُسْتَحْلَف۔ تَحْ۔ لَف) حلف چاہا ہوا۔
مستحیف (مُسْتَحِیف۔ تَحِیف) ستم کرنے والا۔

www.urduchannel.in

مستحیل (مُس۔ تحیُّل) محال، ناممکن، حیلہ باز۔
مستخبر (مُس۔ تخ۔ بر) خبر ڈھونڈھنے والا (مُس۔ تخ۔ بَرَ) خبر ڈھونڈا ہوا۔
مستخدم (مُس۔ تخ۔ دِم) خدمت چاہنے والا (مُس۔ تخ۔ دَم) خدمت چاہا ہوا، نوکر۔
مستخرج (مُس۔ تخ۔ رِج) اپنے میں سے باہر لانیوالا (مُس۔ تخ۔ رَج) اپنے میں سے باہر لایا ہوا۔
مستخلص (مُس۔ تخ۔ لِص) آزادی ڈھونڈھنے والا، خالص کرنیوالا (مُس۔ تخ۔ لَص) آزادی ڈھونڈا ہوا، خالص کیا ہوا۔
مستخلف (مُس۔ تخ۔ لِف) جانشین بنانیوالا (مُس۔ تخ۔ لَف) جانشین بنایا ہوا۔
مستخیف (مُس۔ تخییف) ڈرانا، خوفناک۔
مستدام (مُس۔ تدوام) ہمیشہ، ہمیشگی چاہنے والا۔
مستدعی (مُس۔ تدعا) خواہشمند، استدعا کرنیوالا۔
مستدل (مُس۔ تدلال) دلیل چاہنے والا۔
مستدیر (مُس۔ تدویر) گول، مدور، دائرے دار۔
مستذل (مُس۔ تذلال) خوار، ذلیل رکھا ہوا۔
مسترسَل (مُس۔ ترسال) پوشیدہ کیا ہوا، رسالہ پوشیدہ کرنیوالا (مُس۔ ترسال) سٹریعنی انگریزی کا مراسلہ خطاب۔
مستراح (مُس۔ تراح) فراغت کی جگہ، پاخانہ۔
مسترخی (مُس۔ ترخا) سست، ڈھیلا، لٹکنے والا۔
مسترد (مُس۔ ترداد) لوٹایا ہوا، واپس کیا ہوا۔
مسترشد (مُس۔ ترشاد) ہدایت چاہنے والا، مرید۔
مسترضی (مُس۔ ترضا) خوشنودی چاہنے والا، رضامند (مُس۔ ترضا) خوشنودی چاہا ہوا، رضامند۔
مسترق (مُس۔ ترقاق) غلام بنایا ہوا (مُس۔ ترقاق) قید کیا ہوا، غلامی میں لایا ہوا۔
مستروح (مُس۔ ترویح) آسودہ ہونیوالا، لُو لینے والا (مُس۔ ترویح) آسودہ ہونیکی جگہ۔
مستزاد (مُس۔ تزاد) زیادہ کیا ہوا، اصطلاح شاعری میں ہر مصرع کے بعد ایک زائد کلمہ۔
مستسعد (مُس۔ تسعاد) مدد چاہنے والا، سعادت ڈھونڈھنے والا (مُس۔ تسعاد) مدد چاہا ہوا، سعادت ڈھونڈا ہوا۔
مستسقی (مُس۔ تسقا) مرض جلندر کا بیمار۔
مستشار (مُس۔ تشار) جس سے صلاح مشورہ کیا جاوے۔
مستشرق (مُس۔ تشراق) وہ فرنگی جو مشرقی زبان یا علوم کا ماہر ہو جمع مُستشرقین (مُس۔ تشراق) روشنی چاہنے والا (مُس۔ تشراق) روشنی چاہا ہوا۔
مستشعر (مُس۔ تشعار) دل میں پوشیدہ ڈر رکھنیوالا۔
مستشفی (مُس۔ تشفا) ہسپتال، شفاخانہ۔
مستشمم (مُس۔ تشمام) سونگھنے والا۔
مستشہد (مُس۔ تشہاد) گواہی چاہنے والا۔
مستشیر (مُس۔ تشییر) مشورہ کرنے والا۔
مستصحب (مُس۔ تصحاب) صحبت چاہنے والا۔
مستصفی (مُس۔ تصفا) روشنی پکڑنے والا، روشنی چاہنے والا۔
مستطاب (مُس۔ تطاب) اچھا، عمدہ، پاک، الذیذ۔
مستطاع (مُس۔ تطاع) فرمانبردار، مطیع۔
مستطیع (مُس۔ تطیع) استطاعت والا، امیر۔
مستطیل (مُس۔ تطیل) لمبے جسم والی چیز، وہ شکل جس کی لمبائی چوڑائی برابر نہ ہو


شکل مستطیل

مستظہر (مُس۔ تظہار) مدد چاہنے والا، پشت پناہ ہونیوالا (مُس۔ تظہار) مدد چاہا ہوا۔
مستعاد (مُس۔ تعاد) نفع لیا ہوا، کمی ہوئی بات۔
مستعار (مُس۔ تعار) عاریت مانگی ہوئی چیز۔
مستعان (مُس۔ تعان) جس سے مدد مانگی جاوے۔
مستعجل (مُس۔ تعجال) دوڑنے والا، جلد باز، آمادہ (مُس۔ تعجال) جلدی کیا ہوا۔
مستعد (مُس۔ تعداد) تیار، آمادہ۔
مستعذب (مُس۔ تعذاب) شیریں، میٹھا کیا ہوا۔

www.urduchannel.in

مستعذر (مُس۔ تَع۔ ذِر) عذر چاہنے والا (مُس۔ تَع۔ ذَر) عذر چاہا ہوا۔

مستعصی (مُس۔ تَع۔ صِی) باغی، ضدی، خطا کار۔

مستعطف (مُس۔ تَع۔ طِف) مہربانی چاہنے والا۔

مستعفی (مُس۔ تَع۔ فِی) استعفا دینے والا۔

مستعلن (مُس۔ تَع۔ لِن) آشکارا کرنے والا۔

مستعمر (مُس۔ تَع۔ مِر) کالونی، نوآبادی، آبادی چاہا ہوا۔ **مستعمرات** (مُس۔ تَع۔ مِرا) نوآبادی چاہنے والا، نوآبادکار (ج) مستعمرین۔

مستعمرہ (مُس۔ تَع۔ مَرَہ) نوآبادی۔

مستعمل (مُس۔ تَع۔ مَل) استعمال میں لایا ہوا۔

مستعیر (مُس۔ تَعِیر) عاریت مانگنے والا۔

مستعین (مُس۔ تَعِین) مدد چاہنے والا۔

مستغاث (مُس۔ تَغَاث) جس سے انصاف چاہیں۔

مستغاثی (مُس۔ تَغَا۔ ثِی) داد خواہ، استغاثہ کرنیوالا۔

مستغرق (مُس۔ تَغ۔ رِق) غرق ہونیوالا، کام میں پوری طاقت سے لگ جانیوالا (مُس۔ تَغ۔ رَق) غرق کیا ہوا، کام میں لگا ہوا۔

مستغفر (مُس۔ تَغ۔ فِر) بخشش چاہنے والا (مُس۔ تَغ۔ فَر) بخشش چاہا ہوا۔

مستغنی (مُس۔ تَغ۔ نِی) بے پروا، دولتمند۔

مستغیث (مُس۔ تَغِیث) فریادی، استغاثہ کرنیوالا۔

مستفاد (مُس۔ تَفَاد) فائدہ چاہا ہوا، حاصل فائدہ۔

مستفاض (مُس۔ تَفَاض) فیض چاہا ہوا۔

مستفسر (مُس۔ تَفَ۔ سِر) پوچھنے والا (مُس۔ تَفَ۔ سَر) پوچھا ہوا۔

مستفید (مُس۔ تَفِید) فائدہ چاہنے والا۔

مستفیض (مُس۔ تَفِیض) فیض چاہنے والا، خیر چاہنے والا۔

مستفیع (مُس۔ تَفِیع) خراب، بُرا۔

مستقبل (مُس۔ تَق۔ بِل) آئندہ زمانہ، آگے آنیوالا (مُس۔ تَکِ۔ بِل) پورے رُخ کی تصویر جس میں دونوں آنکھیں نظر آویں، سامنے آیا ہوا۔

مستقر (مُس۔ تَقَر) ٹھہرنے کی جگہ، جائے قرار۔

مستقص (مُس۔ تَقِص) خون کا چاہنے والا۔

مستقل (مُس۔ تَقِل) مضبوط، مستحکم، استقلال والا۔

مستقلی (مُس۔ تَق۔ لِی) مضبوطی، استحکام۔

مستقیم (مُس۔ تَقِیم) راست، سیدھا، جو چیز سیدھی کھڑی ہوئی ہو۔

مستکبر (مُس۔ تَک۔ بِر) متکبر، مغرور، گھمنڈی۔

مستکرم (مُس۔ تَکْ۔ رِم) بخشش چاہنے والا (مُس۔ تَکْ۔ رَم) بخشش چاہا ہوا۔

مستکرہ (مُس۔ تَکْ۔ رَہ) ناخوش، کسی چیز کو بُرا جاننے والا۔

مستکفی (مُس۔ تَکْ۔ فِی) ہر چیز میں کفایت چاہنے والا۔

مستگزارہ (مُس۔ تَ۔ گُذ۔ رَہ) جس کی مستی حد سے گذر گئی ہو۔

مستلذ (مُس۔ تَلَذ) لذت لینے والا، مزہ پانے والا (مُس۔ تَلَذ) لذت پایا ہوا، وہ چیز جس سے لذت حاصل کیجاوے۔

مستلزم (مُس۔ تَل۔ زِم) لازم پکڑنیوالا (مُس۔ تَل۔ زَم) لازم پکڑا ہوا۔

مستلقی (مُس۔ تَل۔ قِی) چت لیٹنے والا، ستاں۔

مستمال (مُس۔ تَمَال) مائل، رجوع کیا ہوا۔

مستمد (مُس۔ تَمِد) مدد چاہنے والا۔

مستمر، مستمرہ (مُس۔ تَمِر، مُس۔ تَمِ۔ رَہ) رواں، مضبوط، ہمیشہ۔

مستمسک (مُس۔ تَم۔ سِک) چنگل مارنیوالا (مُس۔ تَم۔ سَک) چنگل مارا ہوا، چھٹا مارا ہوا۔

مستمع (مُس۔ تَمِع) سننے والا (مُس۔ تَمَع) سنا ہوا۔

مستملح (مُس۔ تَم۔ لِح) نمکین۔

مستملک (مُس۔ تَم۔ لِک) نوآبادی (ج) مستملکات۔

مستمند (مُس۔ تَمَنْد) حاجتمند، رنجیدہ، غمگین۔

www.urduchannel.in

مستنبط (مُس۔ نَم۔ بِطْ) نکالنے والا (مُس۔ نم۔ بَطْ) نکالی ہوئی چیز، باہر نکالنے کی جگہ۔

مستند (مُس۔ تَنْ۔ دَ) پشت پناہ، سہارا لیکنے کی جگہ (مُس۔ تَنِدْ) تکیہ، بیٹھ کا سہارا لیکنے والا، پناہ ڈھونڈھنے والا۔

مستنصر (مُس۔ تَن۔ صِرْ) مدد مانگنے والا (مُس۔ تَن۔ صَرْ) مدد مانگا ہوا۔

مستنکر (مُس۔ تَن۔ کَرْ) خراب، برا۔

مستنیر (مُس۔ تَنِیْر) روشن، روشنی چاہنے والا۔

مستوثق (مُس۔ تَو۔ ثِقْ) مضبوط، مضبوطی حاصل کرنیوالا۔

مستوجب (مُس۔ تَو۔ جِبْ) سزاوار، لائق۔

مستوحش (مُس۔ تَو۔ حِشْ) وحشت چاہنے والا۔

مستودع (مُس۔ تَو۔ دَعْ) امانت رکھی ہوئی چیز، امانت گاہ، مخزن (مُس۔ تَو۔ دِعْ) امانت کی نگرانی کرنیوالا۔

مستور (مُس۔ تُور) چھپا ہوا، پوشیدہ۔

مستورات (مُس۔ تُو۔ رَاتْ) مستور کی جمع، پردہ والی بی بیاں، مخدرات، مقصورات۔

مستورہ (مُس۔ تُو۔ رَہْ) چھپی ہوئی چیز۔

مستوری (مُس۔ تُو۔ رِی) پوشیدگی، چھپاؤ۔

مستوسع (مُس۔ تَو۔ سِعْ) فراخ، کشادہ۔

مستوفار (مُس۔ تَو۔ فَا) تمام لیا ہوا

مستوفی (مُس۔ تَو۔ فِی) اوڈیٹر، سررشتہ محاسب افسر (مُس۔ تَو۔ فَا) دیکھو مستوفا۔

مستوقد (مُس۔ تَو۔ قِدْ) آگ بھڑکانے والا (مُس۔ تَو۔ قَدْ) آگ بھڑکایا ہوا۔

مستول (مُس۔ تُوْل) جہاز کی لمبی چوب۔

مستولی (مُس۔ تَو۔ لِی) غلبہ کرنیوالا، قابو پانیوالا، اچھا نبھانیوالا

مستوہب (مُس۔ تَو۔ ہِبْ) ہبہ طلب کرنیوالا، بخشش چاہنے والا (مُس۔ تَو۔ ہَبْ) ہبہ طلب کیا ہوا۔

مستوی (مُس۔ تَوِی) ہموار، برابر۔

مستہ (مُس۔ تَہ) شکاری پرند کی خوراک (مُس۔ تِہ) راست لڑکا

مستہام (مُس۔ تَہ۔ مْ) سرگشتہ، حیران۔

مستہان (مُس۔ تَہَانْ) ذلیل، خوار، اوچھا، نظروں میں ہلکا۔

مستہجن (مُس۔ تَہ۔ جَنْ) مکروہ، خراب، عیبی۔

مستہزی (مُس۔ تَہ۔ زِی) مسخرہ، دل لگی باز، ہنسوڑ۔

مستہل (مُس۔ تَہِلّ) نیا چاند دیکھنے والا، ٹھوالی رچھار برسنے والا مینہہ۔

مستہلک (مُس۔ تَہ۔ لِکْ) نیست کرنے والا (مُس۔ تَہ۔ لَکْ) نیست کیا ہوا۔

مستی (مُس۔ تِی) مستوالا پن، نشہ، جوش نفس۔

مستیسر (مُس۔ تَی۔ سَرْ) آمادہ ہونے والا۔

مستیقظ (مُس۔ تَی۔ قِظْ) بیدار، جاگتا ہوا، مانگا ہوا پانی کرنے والا۔

مسجد (مَس۔ جِدْ) مسلمانوں کی عبادت گاہ، سجدہ کرنے کی جگہ جج مَسَاجِدْ پیشانی۔

مسجد اقصیٰ (مَس۔ جِدِ۔ اَقْ۔ صَا) بیت المقدس کی ایک مسجد کا نام جسکو مسجد عمرؓ بھی کہتے ہیں۔

مسجع (مُسَجْ۔ جَعْ) سجع کہنے والا، جج مُسَجِّعْ، جج مُسَجْ کہا ہوا۔

مسجل (مُسَجْ۔ جَلْ) آراستہ، درست، درجسٹری کیا ہوا، جج کا تصدیق کیا ہوا کاغذ مُسَجِّلْ، تصدیق کرنے والا جج، تصدیق کرنے والی عدالت۔

مسجود (مَس۔ جُوْد) سجدہ کیا ہوا۔

مسجور (مَس۔ جُوْر) مالا مال، بھرا ہوا۔

مسجون (مَس۔ جُوْن) قیدی، قید رکھا ہوا۔

مسجہ (مِسْ۔ جَہْ) کرنی، گلوالہ۔

مسح (مَسْ۔ حْ) ہاتھ پھیرنا، ہاتھ سے ملنا (مِسْ۔ حْ) ٹاٹ جج اَمْسَاحْ، مُسُوحْ۔

مسحات (مِس۔ حَاتْ) بیلچہ، پھاوڑا، کدال، کھرپا

مسحل (مِس۔ حَلْ) گورخر، ریتی، سوہان۔

مسحوف (مَس۔ حُوْف) گھسا ہوا، رگڑا ہوا، پسا ہوا۔

مسخ (مَسْ۔ خْ) اچھی سے بگڑکر بری صورت، بے مزگی، بے لطفی۔

www.urduchannel.in

مسخر (مُسَخَّ، فَرْ) تسخیر کیا ہوا، تابع کیا ہوا، مُسَخَّ (فِعْ)

مسخری (مَسْ۔ خَرْ) گل لگی، ٹھٹھول۔

مسخرہ (مَسْ۔ خَرْ) بھانڈ، مسخرہ۔

مسخن (مُسَخِّ، خَنْ) گرم کرنیوالا، مُسَخَّ، خَنْ) گرم کیا ہوا۔

مسخنات (مُسَخِّ، خَنَا) گرم کرنیوالی چیزیں۔

مسخوط (مَسْ۔ خُطْ) غصہ کیا ہوا۔

مسدس (مُسَدَّ، دَسْ) چھ پہلو والی چیز، ایک بند میں چھ مصرعوں والی نظم، چھ فیر کا پیچہ۔

مسدود (مَسْ۔ دُدْ) بند کیا ہوا، روکا ہوا۔

مسر (مَسْ) وہ آسمانی برج جو حلقہ مثل شیشے کے ہو جاوے

مسرت (مَسْ۔ رَتْ) خوشی، فرحت۔

مسرجہ (مَسْ۔ رَجْ) چراغدان۔

مسرح (مَسْ۔ رَحْ) کنگھی۔

مسرد (مَسْ۔ رَدْ) ستالی۔

مسرع (مَسْ۔ رِعْ) جلد کرنیوالا، تیز رفتار قاصد۔

مسرف (مُسْ۔ رِفْ) فضول خرچ، فضول خرچی کرنیوالا

مسرور (مَسْ۔ رُوْ) خوش۔

مسروری (مَسْ۔ رُو۔ یِ) دو حرفی لفظ۔

مسروق (مَسْ۔ رُوْ) چرایا ہوا۔

مسطار (مَسْ۔ طَا) سطر، سطر جمع مَسَاطِیر۔

مسطبہ (مَسْ۔ طَبْ) دیکھو مصطبہ۔

مسطح (مُسَطَّ، طَحْ) ہموار پھیلا ہوا (مَسْ۔ طَحْ) بیلن۔

مسطر (مَسْ۔ طَرْ) سطر بدست کرنیکا آلہ، جمع مَسَاطِیر (مَسْ۔ طَا) سطروں کی جگہ جمع مَسَاطِیر (مُسَطِّ۔ طِرْ) سطریں بنانیوالا (مُسَطَّ۔ طَرْ) سطریں بنایا ہوا۔

مسطور (مَسْ۔ طُوْ) لکھا ہوا، سطر بندی کیا ہوا۔

مسع (مَسْ) شمالی ہوا۔

مسعات (مَسْ۔ عَاْ) کوشش جمع مَسَاعِیْ۔

مسعد (مُسْ۔ عِدْ) خوش کرنیوالا، نیکبخت کرنیوالا (مُسْ۔ عَدْ) خوش، نیکبخت کیا ہوا۔

مسعط (مِسْ۔ عُطْ) ناسدان، ہلاس کا برتن۔

مسعف (مُسْ۔ عِفْ) حاجت روا کرنیوالا (مُسْ۔ عَفْ) حاجت روا کیا ہوا۔

مسعود (مَسْ۔ عُوْ) نیکبخت، سعادت کیا ہوا۔

مسغبہ (مَسْ۔ غَبَ) بھوک، کشتگی۔

مسفر (مُسْ۔ فِرْ) روشن، اسفید۔

مسفن (مِسْ۔ فَنْ) کھرچ، رندہ، رندنے کا آلہ۔

مسقط (مَسْ۔ قَطْ) گرنے کی جگہ جمع مَسَاقِط، نام شہر عمان (مُسْ۔ قِطْ) کلام میں غلطی کرنے والا۔

مسقط الراس (مَسْ۔ قَطُ رَاْ) پیدائش کی جگہ، وطن، سر کے بل گرنے کی جگہ۔

مسقی (مَسْ۔ قِیْ) سینچا ہوا۔

مسک (مِسْ۔ ک) مشک، کستوری (مَسْ۔ ک) پوست، کھال، ہاتھی دانت کی چوڑی۔

مسکا (مُسْ۔ کَا) منھ چھینکا، منھ پر باندھنے کا چھینکا۔

مسکان (مَسْ۔ کَانْ) بیعانہ، سائی۔

مسکت (مُسْ۔ کِتْ) چپ کرنے والا۔

مسکر (مُسْ۔ کِرْ) نشیلی چیز جمع مُسْکِرَات۔

مسکن (مَسْ۔ کَنْ) سکونت کی جگہ، گھر جمع مَسَاکِن (مُسَکِّ۔ کِنْ) تسکین دینے والا (مُسَکَّ۔ کَنْ) تسکین دیا ہوا (مَسْ۔ کَنْ) آرام دینے والا (مُسْ۔ کَنْ) آرام دیا ہوا

مسکنت (مَسْ۔ کَنَتْ) انکساری، عاجزی۔

مسکوب (مَسْ۔ کُوْ) زمین پر پانی چھوڑا ہوا (مُسْ۔ کُوْ) روسی حکومت، گورنمنٹ روس (شرقی یورپ)

مسکوک (مَسْ۔ کُوْ) ٹھپہ لگایا ہوا، سکہ کیا ہوا۔

مسکون، مسکونہ (مَسْ۔ کُوْ) مَسْ۔ کُوْ۔ نہ) آباد شدہ، جس میں رہائش ہو۔

مسکہ (مَسْ۔ کَہْ) مکھن۔

مسکین (مِسْ۔ کِیْ) بالکل بے قوت، کنگالی سے نڈھال جمع مَسَاکِیْن۔

مسکینی (مِسْ۔ کِیْ) کنگالی سے نڈھالی۔

www.urduchannel.in

مسکینیت (مسکی۔ نی) مسکین پن، غریب پن، ٹنڈ مالین۔
مسکر (مسک۔ کِر) ٹھیٹھر (تانتیے کا کام کرنے والا۔
مسلاخ (مسل۔ لاخ) کینچلی جو سانپ ڈالتا ہے۔
مسلح (مسلح) (ح) صاحب سلاح، ہتھیار والا۔
(مسلح) (لح) جو ہتھیار بند ہو، ہتھیار بند بھا ہوا۔
مسلحہ (مسل۔ حہ) ہتھیار بند۔
مسلخ (مسل۔ لخ) کھال کھینچنے کی جگہ، کیلہ جمع مسالخ۔
مسلسل (مسلسل) (سل) لگاتار، سلسلہ وار، زنجیر بند۔
مسلط (مسلط) (لط) غالب، فاتح، کسی کو کسی پر مقرر کرنیوالا (مسلط) (لط) جس پر کسی کو مقرر کریں، مغلوب، مفتوح، تسلط جمایا گیا ہوا۔
مسلک (مسل۔ لک) طریقہ، راستہ جمع مسالک۔
مسلل (مسل۔ لل) رسل کی بیماری پیدا کرنیوالا، رشوت دینے والا، چوری کرنیوالا، تلوار کھینچنے والا۔
مسلم (مسل۔ لم) مسلمان، طاعت میں گردن رکھنے والا جمع مسلمین (مسل۔ لم) تسلیم کیا ہوا (مسل۔ لم) تسلیم کرنے والا۔
مسلمان (مسل۔ مان) مسلم، مذہب اسلام کا پیرو جمع مسلمانان۔
مسلمانی (مسل۔ مانی) مسلمان پن، مسلمان ہونا۔
مسلمہ (مسل۔ لمہ) مسلمان عورت (مسل۔ لمہ) تسلیم کیا ہوا۔
مسلوب (مسل۔ لوب) لے جایا ہوا، سلب کیا ہوا۔
مسلوخ (مسل۔ لوخ) کھال کھینچا ہوا۔
مسلوک (مسل۔ لوک) سلوک کیا ہوا، کیا ہوا، آمد و رفت کیا ہوا۔
مسلول (مسل۔ لول) مرض سل کا بیمار، گھسا ہوا، کھینچا ہوا۔
مسلہ (مسلہ) دیکھو مسئلہ۔

مسلی (مسل) (لی) قتلی پنیوالا (مسل) (لی) ایک درد کا نام
مسلم (مسلم) بہت باریک سوراخ جمع مسامّ جمع جمع مسامات۔
مسمار (مسم) (مار) جسکا نام رکھا گیا ہو، نام والا۔
مسمار (مس۔ مار) چوبا میکیں جمع مسامیر، برما، بتا۔
مسماع (مس۔ ماع) سننے کا آلہ جمع مسامع جمع جمع مسامیع کان۔
مسمر (مسم) (مر) دھات کی کیلیں جڑا ہوا۔
مسمط (مسمط) (مط) پروئی ہوئی چیز، موتیوں کی لڑی۔
مسمع (مس۔ مع) سننے کا آلہ جمع مسامع (مس۔ مع) سننے کی جگہ (مس۔ مع) سننے والا (مس۔ مع) سنا ہوا۔
مسمن (مسمن) (من) قدرتی موٹا تازہ (مسم) (من) موٹا کیا ہوا (مسم) (من) موٹا کرنیوالی چیز۔
مسموط (مس۔ موط) ذبح شدہ جانور جس کی کھال گرم پانی سے اتاری گئی ہو۔
مسموع (مس۔ موع) سنا ہوا۔
مسموم (مس۔ موم) زہر دیا ہوا۔
مسمی (مسم) (می) دیکھو مسمار (مسم) (می) نام رکھنیوالا۔
مسن (مسن) زیادہ عمر والا (مسن) برچھی والا (مسن) دھار تیز کرنے کا پتھر۔
مسند (مس۔ نَد) تکیہ گاہ، گدی، گاؤ تکیہ جمع مسانید (مسن) روزگار، زمانہ، منھ بولا بیٹا، حرامزادہ) ٹیک لگانیکی چیز، قواعد زبان کی اصطلاح میں خبر (مسن) (نَد) اوپر اٹھایا ہوا۔
مسند آرا (مس۔ نَد۔ آ۔ را) گدی نشین۔
مسند آرائی (مس۔ نَد۔ آ۔ را۔ ئی) گدی نشینی۔
مسند الیہ (مس۔ نَد۔ الیہ) مبتدا۔
مسنون (مس۔ نون) بات جو سنت ہو، رسم کیا ہوا بدلا ہوا، بیٹا ہوا، موٹا، دلدار، گھیلا۔
مسوات (مس۔ واک) کھیت میں چلانیکا بیلچہ، پھرہ جمع مساوی۔
مسواک (مس۔ واک) دانتون، دتون جمع مساویک۔

www.urduchannel.in

مسود (مُسَوَّدْ) کالا کرنیوالا، لکھنے والا (مُسْوَدْ) کالا کیا ہوا، لکھا ہوا۔

مسودہ (مُسَوَّدَہ) پہلی مرتبہ سرسری طور پر لکھا ہوا، لکھا ہوا (مُسْ۔ وَدْ۔ دَہ) کالا، سیاہ۔

مسہد (مُسَہَّدَہ) بیدار کیا ہوا، جگایا ہوا۔

مسہل (مُسْ۔ ہِلْ) دست لانیوالی دوا، مُجلّاب۔

مسئلہ (مَسْ۔ اَلَہ) حل طلب سوال، تجویز، شرعی سوال جمع مسائل۔

مسئول (مَسْ۔ اُلْ) سوال کیا ہوا، چاہا ہوا۔

مسی (مَسِّی) بدکردار، بداعمال، گنہگار (مَسْ) تانبے کا چیرہ، منسوب بہ مس۔

مسیجہ (مُسَیِّجَہ) دیکھو مسیچہ۔

مسیح (مَسِیْح) نقش کھنچا ہوا۔

مسیحا (مَسِیْ۔ حا) حضرت مسیحؑ (مَسِیْ۔ حا) عورت جس کے چوتڑ لٹکے ہوں۔

مسیحائی (مَسِیْ۔ حا۔ اِی) حضرت مسیح کی طرح بیمار اچھے اور مردے زندہ کرنا۔

مسیحی (مَسِیْ۔ حِی) منسوب بہ مسیح، عیسائی۔

مسیخ (مَسِیْخ) پھیکا، باسی۔

مسیر (مَسِیْر) سیر کی جگہ، سیر کرنا، جانا۔

مسیطر (مُسَیْ۔ طِرْ) مسلط، مقرر، کڑوڑا۔

مسیف (مُسَیِّف) تیغزن، تلوار چلانے والا۔

مسیک (مَسْ۔ یِکْ) کنجوس، کنٹک۔

مسیل (مَسِیْل) پانی جاری ہونیکی جگہ، رجم مسائل۔

مشار (مُشِرّ) بڑا چھنے والا، مشار بہت سے بیٹوں والا ہونا۔

مشابکہ (مُشَا۔ بَکَہ) پنجہ کشی، باہم پنجہ لڑانا۔

مشابہ (مُشَا۔ بِہْ) مانند، مثل، نظیر، یکساں ہونیوالا۔

مشابہت (مُشَا۔ بَہَتْ) باہمی یکسانیت۔

مشاتمت (مُشَا۔ تَمَتْ) باہم گالیاں بکنا۔

مشاجرت (مُشَا۔ جَرَتْ) خلاف کرنا۔

مشاحنہ (مُشَا۔ حَنَہ) آپس میں دشمنی رکھنا۔

مشارہ (مُشَارٌ) اشارہ کیا ہوا (مُشَا۔ رَہْ) چھتا، مُہال۔

مشارٌ الیہ (مُشَا۔ رُنْ۔ اِلَیْہ) جسکی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔

مشارب (مُشَا۔ رِبْ) آپس میں پینے والا (مُشَا۔ رَبْ) باہم پیا ہوا (مَشَا۔ رِبْ) مشرب کی جمع۔

مشاربت (مُشَا۔ رَبَتْ) باہم ملکر پینا۔

مشارطت، مشارطہ (مُشَا۔ رَطَتْ، مُشَا۔ رَطَہ) (مُشَا۔ رَطْ) باہم شرط بندھنا، آپس میں شرط لگانا۔

مشارع (مَشَا۔ رِعْ) مشرع کی جمع۔

مشارفت (مُشَا۔ رَفَتْ) خاندانی بڑائی پر باہم فخر کرنا۔

مشارک (مُشَا۔ رِکْ) شریک ہونیوالا، ساجھی۔

مشارکت (مُشَا۔ رَکَتْ) آپس میں ساجھا کرنا۔

مشاطہ (مُشَا۔ طَہ) ناین، سنگھارنیوالی عورت، تل، لال (مُشَا۔ طَہ) بال جو کنگھی سے گرجاویں۔

مشاع (مُشَاعٌ) ساجھے کی بغیر تقسیم چیز، مشترک چیز

مشاعرہ (مُشَا۔ عَرَہ) باہمی شعر خوانی۔

مشافہہ (مُشَا۔ فَہَہ) روبرو بات چیت، آمنا سامنا۔

مشاق (مَشْ۔ شَاقّ) بہت مشق کرنیوالا (مُشَاقٌ) مشقت کی جمع۔

مشاقی (مَشْ۔ شَا۔ قِی) مشق۔

مشاکل (مُشَا۔ کِلْ) ہمشکل ہونیوالا، عروض کی ایک بحر کا نام۔

مشاکلت (مُشَا۔ کَلَتْ) ہمشکلی

مشاکہہ (مُشَا۔ کَہَہ) نزدیک کرنا، مشابہ ہونا۔

مشاہم (مُشَاہَمٌ) مُشْہُم کی جمع، سونگھنے کی جگہ۔

مشاور (مُشَا۔ وِرْ) مشورہ کرنے والا۔

مشاورت (مُشَا۔ وَرَتْ) باہمی مشورہ۔

مشاہد (مُشَا۔ ہِدْ) دیکھنے والا۔

مشاہدہ (مُشَا۔ ہَدَہ) دیکھنا، ساتھ حاضر ہونا۔

مشاہرہ (مُشَا۔ ہَرَہ) ماہیانہ، درماہہ۔

مشاہیر (مَشَا۔ ہِیْر) مشہور کی جمع، نامور لوگ۔

www.urduchannel.in

مشائخ (مشا۔ یخ) شیخ کی جمع۔

مشائی (مشا۔ ئی) اس عقیدہ کا پیرو جس میں حقایق اشیاء دلیل سے معلوم کی جاتی تھیں جمع مشائین

مشایعہ (مشا۔ یعہ) ہمسفر کرنا، کام میں کوشش کرنا۔

مشایع (مشا۔ یع) یار، معاصب، ہمراہی، آخر سورہ یوسف۔

مشایعت (مشا۔ یعت) رخصت کرنے کے لئے چند قدم ساتھ جانا، پیروی کرنا، مدد کرنا۔

مشبر (مش۔ بر) گرہ، گانٹھ جمع مشابر۔

مشبع (مش۔ بع) سیر کیا ہوا، نیز بیان پیش لباکر کپڑا ہوا (مشبع (بع) جنازہ) یا مسافر کے پیچھے پیچھے چلنے والا

مشبک (مش۔ بک) جالدار چیز، جالی، جلیبی۔

مشبہ (مشب۔ بہ) مشابہ کیا ہوا (مشبہ (بہ) مانند کرنیوالا، مشابہت دینے والا۔

مشبہ بہ (مشب۔ بہ بہی) جس سے مشابہ کیا جاوے۔

مشت (مش۔ ت) مٹھی بھر، مٹھی (مش۔ ت) انبوہ، بہت، لبریز، بھرا ہوا۔

مشتاع (مش۔ تاع) آرزومند کیا ہوا۔

مشتاق (مش۔ تاق) خواہشمند۔

مشتبہ (مش۔ تبہ) پوشیدہ کی ہوئی چیز، شبہ کی چیز، چھپی ہوئی بات (مش۔ تبہ) پوشیدہ ہونے والا۔

مشتت (مش۔ تت) پریشان، پراگندہ، متردد۔

مشترک (مشتر۔ ترک) ساجھی، اخبار کا خریدار۔ (مش۔ ترک) شرکت کیا ہوا، ایک سے زیادہ معنوں کا لفظ، وہ لفظ جسکے کئی معنے ہوں۔

مشترکہ (مش۔ ترکہ) شرکت کیا ہوا، ساجھا کیا ہوا۔

مشتری (مش۔ تری) گاہک، خریدار، رانگہ، ایک ستارہ کا نام، برجیس۔

مشت زن (مش۔ ت۔ زن) پہلوان، گھونسہ باز۔

مشتعل (مش۔ تعل) شعلہ زن ابھڑکنے والا (مش۔ تعل) اُبلنا، بھڑکا ہوا۔

مشتغل (مش۔ تغل) مشغول ہونے والا۔

مشتق (مش۔ تق) ایک لفظ سے دوسرا لفظ بنایا ہوا۔

مشتمل (مش۔ تمل) شامل ہونیوالا، اوپر چھا جانیوالا۔

مشتہی (مش۔ تہی) رغبت کرنیوالا، آرزومند (مش۔ تہا) مرغوب، آرزو، رغبت کیا ہوا۔

مشتے (مش۔ تے) کچھ، مٹھی بھر، ذرا سی چیز۔

مشتے زیادہ (مش۔ تے۔ زیادہ) کچھ مخالف لوگ۔

مشتج (مش۔ تج) بلانا۔

مشتجر (مش۔ تجر) درختوں کی شکل نقش کی ہوئی۔

مشتحص (مش۔ تحص) (حصہ نکالنے کا آلہ) پھرنی۔

مشتحون (مش۔ تحون) بھرا ہوا۔

مشتخص (مشتخ۔ خص) تشخیص کیا ہوا، جانچا ہوا (مشتخ۔ خص) تشخیص کرنیوالا، ایکٹر۔

مشتد (مشتد۔ دد) سختی کیا ہوا، مضبوط کیا ہوا، وہ حرف جو تشدید (ّ) کے ساتھ پڑھا جاوے۔

مشتراط (مش۔ راط) چیرا لگانیکا نشتر جمع مشارط۔

مشتراق (مش۔ راق) سونے کی جگہ، پلوپ۔

مشترب (مش۔ رب) پینے کی جگہ، مزاج، طریقہ، مذہب جمع مشاریب (مش۔ رب) پینے کا آلہ۔

مشترب (مش۔ رب) پینے کا آلہ، کوزہ، پیالہ۔

مشترح (مشتر۔ رح) کھول کھول کر بیان کرنیوالا (مشتر۔ رح) کھول کھول کے بیان کیا ہوا۔

مشترط (مش۔ رط) دیکھو مشراط۔

مشترع (مش۔ ترع) راستہ، راہ جمع مشارع

مشترف (مشتر۔ رف) بزرگی دیا ہوا (مش۔ رف) بلندی، اوپر نگراں کار جمع مشارف (مش۔ رف) بلندی، اوپر نگراں کار۔

www.urduchannel.in

مشرفہ (مُشْ رِ فَہ) بزرگی دی ہوئی چیز (مُشَرَّفَہ) بڑے سے چھوٹے کو تحریر بزرگی دینے والی۔

مشرق (مَشْ رِق) سورج نکلنے کی جگہ، پورب۔ جمع مَشَارِق۔

مشرقات (مُشْ رِ قات) چمکنے والا، تارہ جمع مُشَرِّقات۔

مشرقین (مَشْ رِ قَین) شرق اور مغرب دونوں۔

مشرک (مُشْ رِک) (ر کی) خدا کے ساتھ کسی اور کو بھی شریک کرنے والا جمع مُشْرِکِین (مُشْ رِ کِین) کئی شریک کرنیوالا (مُشْ رِ کَہ) شریک کیا ہوا۔

مشروب (مَشْ رُو) پیا ہوا۔

مشروبات (مَشْ رُو بات) پینے کی چیزیں۔

مشروح (مَشْ رُوح) شرح کیا ہوا۔

مشروط (مَشْ رُوط) شرط کیا ہوا۔

مشروع (مَشْ رُوع) حکم شریعت کے طابق قسم کردہ۔

مشط (مِشْ طَ) (مَشْ طِ) کنگھی، شانہ جمع اَمْشاط۔

مشع (مَشْ ع) تولنا۔

مشعب (مَشْ عَب) راہ، روش، مذہب جمع مَشَاعِب۔

مشعبد (مُشَعْ بِذ) باز گیر، شعبدہ باز۔

مشعر (مَشْ عَر) خبر دینے والا (مَشْ عَر) مکہ معظمہ میں حاجیوں کے قربانی کرنے، بال کتروانے اور عبادت کرنے کی جگہ جمع مَشَاعِر۔

مشعرہ (مَشْ عَرَہ) شعر خوانی کی جگہ جمع مَشَاعِرَہ۔

مشعشع، مشعشعہ (مُشَعْ شَعْ، مُشَعْ شَعَہ) روشن، پانی ملی ہوئی شراب۔

مشعل (مِشْ عَل) چراغدان، شمع جمع مَشَاعِل۔

مشعلچی (مِشْ عَل چی) شمع والا۔

مشعلہ (مِشْ عَلَہ) شمع، چراغدان جمع مَشَاعِل۔

مشعوذ (مُشَعْ وِذ) دیکھو مشبذ۔

مشغوف (مَشْ غُوف) شیفتہ، عاشق، محبت کرنے والا، مسرور۔

مشغلہ (مَشْ غَلَہ) کاروبار، شور و غل جمع مَشَاغِل۔

مشغول (مَشْ غُول) کام میں لگا ہوا۔

مشغوف (مَشْ غُوف) جس کا دل میں بات بیٹھ گئی ہو۔

مشفق (مُشْ فِق) مہربانی کرنے والا۔

مشفقانہ (مُشْ فِ قا نَہ) مشفق کی مانند۔

مشفقی (مُشْ فِ قی) میرے مشفق۔

مشق (مَشْ ق) کسی کام کو لگاتار کرنا۔

مشقا (مَشْ قا) قاچ کی مانگ (مَشْ قا) کنگھی۔

مشقاب (مُشْ قاب) ایک اُتھلا برتن۔

مشقت (مَشَقْ قَت) (قَ) سختی، محنت جمع مَشَاقّ۔

مشقر (مُشْ قُر) گلدستہ۔

مشقص (مُشَقْ قِص) قصاب، قسائی۔

مشقی (مَشْ قی) تحتی، وصلی۔

مشک (مُشْ ک) کستوری (مَشْ ک) پانی بھرنے کا چمڑے کا تھیلا۔

مشکبار (مُشْ کبار) جو مشک برساوے۔

مشکبو (مُشْ کبو) جس میں مشک کی خوشبو ہو۔

مشکبید (مُشْ کبید) ایک خوشبودار پھول کی بید کا پیڑ۔

مشک تر (مُشْ کِ تر) خالص کالی مشک۔

مشکفام (مُشْ کفام) جس کا رنگ مثل مشک ہو کالی چیز۔

مشکل (مُشْ کِل) کٹھن، دشواری جمع مُشْکِلات (مُشْ کِ لات) شکل بنانیوالا (مُشْکِل) شکل بنایا ہوا، صورت دیا ہوا، با اعراب، لفظ۔

مشکل پسند (مُشْ کِل پَسَنْد) جس کو مشکل چیز میں لطف آوے۔

مشکل پسندی (مُشْ کِل پَسَنْ دی) مشکل چیز پر جی لگنا۔

مشکاب (مُشْ کاب) (ک) سیاہی، خالص مشک

مشکو (مُشْ کو) گوہ بت خانہ، جریلی، گڑھی، بالاخانہ۔

مشکوۃ (مِشْ کاۃ) چراغدان، فانوس۔

مشکور (مَشْ کُور) پسندیدہ، شکر کیا ہوا۔

www.urduchannel.in

مشکوک (مُش۔ کُوک) شک کیا ہوا۔
مشکوی (مُشْ۔ کُوی) تنخانہ، محل، گھر، حویلی، بالاخانہ۔
مشکی (مُشْ۔ کی) منسوب بہ مشک، سیاہ، کالی چیز۔
مشکیزہ (مُشْ۔ کی۔ زَہ) پانی کی چھوٹی مشک۔
مشلول (مُشْ۔ لُول) فالج کیا ہوا، اپاہج۔
مشم (مَشْ مَ) قوت شامہ کی جگہ جمع مَشَامّ۔
مشمر (مُشْ مِ) (مِر) کمر باندھکر کام میں چستی کرنیوالا (مُشْ مَ) کام میں چستی کیا ہوا، تیز گھوڑا دوڑنے پر مستعد۔
مشمش (مُشْ۔ مُش) زرد آلو، خوبانی۔
مشمع (مُشْ مَ) (مِ) موم جامہ، پارسل جمع مَشَامِع۔
مشمول (مُشْ۔ مُول) شامل کیا ہوا۔
مشموم (مُشْ۔ مُوم) خوشبودار، سونگھا ہوا۔
مشنا (مَشْ نا) دشمن رکھنا۔
مشنع (مُشْ نِ) (نِ) ملامت کیا ہوا، خراب، بُرا۔
مشنگ (مُشْ نَگ) سوتھا گھاس، جوار، باجرہ۔
مشود (مُشُود) سوہے سے مشابہ ایک غلہ (مَشُود) مسہل اجلاب۔
مشواذ (مِشْ۔ وا۔ ذ) کنگھی، پگڑی جمع مَشَاوِذ۔
مشوب (مَشُوب) مخلوط، ملا ہوا۔
مشوذ (مِشْ۔ وَذ) کنگھی، پگڑی جمع مَشَاوِذ۔
مشورت (مَشْ۔ وَرَت) اصلاح پرسی، اصلاح پوچھنا۔
مشورت خانہ (مَشْ۔ وَرَت۔ فا۔ نَہ) کونسل۔
مشورہ (مَشْ۔ وَرَہ) مَشُورَہ۔ اصلاح پرسی۔
مشوش (مُشَوْ۔ وِش) پریشان کرنیوالا (مُشَوْ۔ وَش) گھبرایا ہوا، پریشان۔
مشوق (مُشَوْ۔ وِق) شوق دلانیوالا (مُشَوْ۔ وَق) شوق دلایا ہوا (مُشَوْ۔ وِق) شائق، شوقین۔
مشول (مِشْ۔ وَل) چھوٹی دراتی، داسکالہ۔
مشوم (مَشُوم، مَشْ۔ اُوم) منحوس۔
مشوی (مَشْ۔ وِی) بھنا ہوا، بریان۔
مشہد (مَشْ۔ ہَد) حاضر ہونیکی جگہ، شہادت کی جگہ، شہیدوں کا قبرستان جمع مَشَاہِد نام شہر ایران

مشہر (مُشْ۔ ہِر) آشکار اکرنیوالا، شہرت دینے والا (مُشْ۔ ہَر) شہرت دیا ہوا، آشکارا کیا ہوا۔
مشہود (مَشْ۔ ہُود) حاضر کیا ہوا، موجود، جس پر گواہوں، عرفہ کا دن۔
مشہور (مَشْ۔ ہُور) شہرت دیا ہوا جمع مَشَاہِیر۔
مشہی (مُشْ۔ ہِی) بھوک لگانیوالی چیز۔
مشی (مَشْ۔ ی) چلنا، قدمی، چلن (مَشْیَۃ) مسہل، اجلاب۔
مشیا (مَشْ۔ یا) بکری کے دودھ کا گھی۔
مشیب (مَشِیب) بڈھا ہونا، بال پکے ہونا۔
مشیت (مَشِی۔ یَت) اللہ میاں کی مرضی، خواہش۔
مشیخ (مَشِیخ) خونخوار، خون پانی ملا ہوا، ملاوٹ جمع مَشَاشِخ۔
مشیخت (مَشِی۔ خَت) شیخی، ڈینگ، شیخ کی بیٹی۔
مشید (مَشِید) گچ کیا ہوا، مضبوط کیا ہوا (مُشَیَّد) گچ اور چونہ سے پکا کیا ہوا (مُشَیِّد) گچ اور چونہ سے پکا کرنے والا۔
مشیدہ (مُشَیَّدَہ) ہارلایا ہوا، بلند کیا ہوا، گچ اور چونہ سے پکا کیا ہوا۔
مشیر (مُشِیر) صاحب مشورہ، مشورہ دینے والا، اشارہ کرنے والا۔
مشیق (مُشَیِّق) چھریرا، اکہرا بدن، چوبینہ۔
مشیمہ (مَشِی۔ مَہ) وقت پیدائش بچہ پر لپٹی ہوئی جھلی آنکھ کا جھلا پردہ جمع مَشَائِم۔
مشین (مُشَیِّن) شاندار (مُشَیِّن) بیکار، نامعقول۔
مشیہ (مَشْ۔ یَہ) رفتار، چال۔
مص (مَصّ) چوسنا۔
مصاب (مُصَاب) مصیبت زدہ، دکھیارا۔
مصابرت (مُصَا۔ بَرَت) صبر کرنا۔
مصاحب (مُصَا۔ حِب) ہمجلیس جمع مَصَاحِبِین۔
مصاحبت (مُصَا۔ حَبَت) ہم جلیسی، سنگت۔
مصاحبہ (مُصَا۔ حِبَہ) ہم جلیس عورت۔

www.urduchannel.in

مصاحف (مُصْحَف۔ جمع) مصحف کی جمع۔
مصادر (مَصْدَر۔ جمع) مشکار گاہ۔
مصادرت، مصادرہ (مُصادَرَہ۔ وَرَتْ۔ مُصادَرَہ۔ وَرَہ) تاوان، ڈنڈ، واپسی، واپس ٹوٹنا۔
مصادقت (مُصادَقَہ۔ وَقَتْ) باہمی دلی دوستی۔
مصادمت (مُصادَمَہ۔ وَمَتْ) صدمہ پہونچانا، ٹکرانا۔
مصارع (مُصارَعَہ۔ یرع) کشتی گیر، ملا ہتھا پائی کرنیوالا۔
مصارعت (مُصارَعَہ۔ رَعَتْ) دنگل، کشتی، ہاتھا پائی۔
مصارمت (مُصارَمَہ۔ رَمَتْ) اصلاح قطع کرنا، علی سارمۃ کرنا۔
مصاف (مَصَاف) مصف کی جمع (مُصَافّ) آپس میں صف باندھنا۔
مصافات (مُصافَاۃ۔ فَاتْ) دوستی، اخلاص۔
مصافحہ (مُصافَحَہ۔ فَحَہ) وقت ملاقات ہاتھ ملانا۔
مصالح (مُصالِح۔ لِح) صلح کرنیوالا (مُصالَحَہ۔ لَحَہ) مصلحت کی جمع
مصالحہ (مُصالَحَہ۔ لَحَہ) درستی کی چیز، اصلاح کا سامان۔
مصالحت (مُصالَحَہ۔ لَحَتْ) ملاپ، باہمی صلح۔
مصانات (مُصانَاۃ۔ نَاتْ) رنج اٹھانا۔
مصاولہ (مُصاوَلَہ۔ وَلَہ) لڑائی کے لئے حملہ کرنا۔
مصاہرت (مُصاہَرَہ۔ ہَرَتْ) سمدھیانا، خسر یانا، داماد بنانا۔
مصائب (مُصِیبَہ۔ ایب) مصیبت کی جمع۔
مصائد (مَصِیدَہ۔ ائد) صید کی جمع۔
مصب (مَصَبّ) بہانہ۔
مصباح (مِصْبَاح) چراغ جمع مَصَابِیح۔
مصبر (مُصَبِّر) ایلوا۔
مصبغ (مُصَبِّغ۔ بِغ) رنگ کیا ہوا، مُصَبِّغ (بِغ) رنگ کرنیوالا۔
مصبوغ (مَصْبُوغ۔ بُوغ) رنگین، رنگ کیا ہوا۔
مصبیہ (مُصِیبَہ۔ بِیَہ) بپوں والی۔
مصحح (مُصَحِّح۔ حِح) پروف ریڈر، غلطی صحیح کرنے والا
مصحف (مُصْحَف۔ حَفْ) کتاب، قرآن مجید جمع مَصَاحِف

(مُصْحَف۔ حَفْ) وہ لفظ جو نقطے لگنے سے بالکل دوسرا لفظ بن جاوے (مُصَحِّف۔ حِفْ) تصحیف کرنے والا۔
مصحوب (مَصْحُوب۔ حُوْب) صحبت یافتہ، ساتھ کیا ہوا۔
مصداق (مِصْدَاق۔ دَاقْ) وہ چیز جس کا مفہوم کسی دوسری چیز پر صادق آوے، آلۂ صدق جمع مَصَادِیق
مصدر (مَصْدَر۔ دَرْ) نکلنے کی جگہ، وہ کلمہ جو جملہ افعال کی اصل باعتبار اشتقاق ہو جمع مَصَادِر
مصدد (مُصَدِّد۔ دِدْ) مقدم رکھا ہوا، صادر کیا ہوا (مُصَدِّد۔ دِرْ) مقدم رکھنے والا، صادر کرنے والا۔
مصدرہ (مُصَدَّرَہ۔ دَرَہ) صادر کیا ہوا، شروع سے لایا ہوا، مقدم کیا ہوا (مُصَدَّر۔ دَرَہ) واپس ٹوٹا یا ہوا۔
مصدع (مُصَدِّع۔ دِعْ) درد سر پیدا کرنیوالا، تکلیف دینے والا (مُصَدَّع۔ دَعْ) درد سر پیدا کیا ہوا، تکلیف دیا ہوا۔
مصدق (مُصَدِّق۔ دِقْ) تصدیق کرنے والا (مُصَدَّق۔ دَقْ) تصدیق کیا ہوا (مُصْدِق۔ دِقْ) عورت کا مہر مقرر کیا ہوا۔
مصدقہ (مُصَدِّقَہ۔ دِقَہ) تصدیق کیا ہوا۔
مصدور (مَصْدُور۔ دُوْر) صادر کیا ہوا۔
مصدوق (مَصْدُوق۔ دُوْق) صادق کیا ہوا۔
مصر (مِصْر۔ شہر) جمع اَمْصَار، نام ملک (افریقہ، حد فاصل (مُضِر۔ ضِرْ) ضرر کام پر کمر باندھنے والا (مُصِرّ) اصرار کرنے والا۔
مصراع (مِصْرَاع۔ رَاعْ) کواڑ، پٹ، دروازہ بند کرنیکا تختہ
مصران (مِصْرَان۔ رَانْ) دو شہر۔
مصرح (مُصَرِّح۔ رِحْ) صاف صاف کہا ہوا (مُصَرِّح۔ رِحْ) صاف گو، تصریح کرنے والا۔
مصرعلیا (مِصْر۔ عُلْیَا) جنوبی مصر۔
مصرع (مِصْرَع۔ رَعْ) آدھا شعر، ایک طرف کا کواڑ (مُصَرَّع۔ رَعْ) ڈالا ہوا، پہلے مصرع میں قافیہ لایا ہوا (مُصَرِّع۔ رِعْ) مصرع لانیوالا (مَصْرَع۔ رَعْ) ڈالنے کی جگہ، پچھاڑنے کی جگہ جمع مَصَارِع۔
مصر علیا (مِصْر۔ عُلْیَا) شمالی مصر۔

www.urduchannel.in

مصرعہ (مَصْ) ۔ رَعَہ (ف) آدھا شعر۔

مصرف (مَصْ) ۔ رِف) خرچ کرنے کی جگہ جمع مَصَارِف (مَصْ) ۔ رِف) فضول خرچ (مُصَرِّف) خرچ کرنے والا (مُصَرَّف) گردان کیا ہوا۔

مصرم (مِصْ) ۔ رِم) درانتی، ہنسیا جمع مَصَارِم۔

مصروع (مَصْ) ۔ رُو) ایرگی کا بیمار، پچھاڑا ہوا۔

مصروف (مَصْ) ۔ رُوف) خرچ کیا ہوا، مشغول۔

مصری (مِصْ) ۔ رِی) ایک قسم کی شکر، مصر کی چیز، مصر کا باشندہ، مصر کے ساتھ منسوب۔

مصطاع (مُصْ) ۔ طَیْ) لگایا ہوا (مُصْ) ۔ طِیْ) لگنے والا۔

مصطبہ (مَصْ) ۔ طَبَہ) شراب خانہ جمع مَصَاطِب۔

مصطفےٰ (مُصْ) ۔ طَفَا) برگزیدہ، قبول کیا ہوا۔

مصطفوی (مُصْ) ۔ طَفَوِی) منسوب بہ سردار دو جہاں محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔

مصطکی (مُصْ) ۔ طَکَا، مَصْ) ۔ طَکِی) جنوبی یورپ وغیرہ کے ایک درخت کا زرد گوند جو دوا ہے۔

مصطلح (مُصْ) ۔ طَلَحْ) اصلی کے علاوہ دوسرے معنی مقرر کیا ہوا جمع مُصْطَلَحَات (مُصْ) ۔ طَلَحْ) اصطلاح مقرر کرنیوالا، دوسرے معنے مقرر کرنیوالا جمع مُصْطَلِحِیْن

مصعب (مَصْ) ۔ عَبْ) دشواری، سختی کی جگہ جمع مَصَاعِب۔

مصعد (مَصْ) ۔ عَدْ) بلندی اور پر نکلنے کی جگہ جمع مَصَاعِد (مُصْعِدْ) ۔ عِدْ) اوپر نکلنے والا (مُصْعَدْ) ۔ عَدْ) اوپر نکالا ہوا۔

مصغر (مُصَغَّرْ) ۔ غَرْ) چھوٹا کیا ہوا، تصغیر کیا ہوا (مُصَغِّرْ) ۔ غِرْ) چھوٹا کرنے والا، تصغیر کرنے والا۔

مصفد (مَصْ) ۔ فَدْ) جس باندھنے کی جگہ جمع مَصَافِد۔

مصفات (مِصْ) ۔ فَاتْ) صاف کرنیکا آلہ، چھننا۔

مصفی (مُصَفِّیْ) ۔ فِیْ) صاف کرنیوالا (مُصَفَّیْ) ۔ فَا) صاف کیا ہوا۔

مصقع (مِصْ) ۔ قَعْ) تصیح دینے والا جمع مَصَاقِع۔

مصقل، مصقلہ (مِصْ) ۔ قَلْ، مِصْ) ۔ قَلَہْ) چمکانے کا آلہ جمع مَصَاقِل۔

مصقول (مَصْ) ۔ قُوْلْ) جلا کیا ہوا، چمکایا ہوا۔

مصلّٰی (مُصَلّٰ) جائے نماز، عیدگاہ۔

مصلاد (مَصْ) ۔ لَدْ) گائے بھینس جو دودھ سے اُوگی ہو

مصلب (مُصَلِّبْ) ۔ لَبْ) سولی دیا ہوا، صلیب بنایا ہوا (مُصَلِّبْ) ۔ لِبْ) صلیب بنانیوالا، سولی دینے والا۔

مصلح (مُصْ) ۔ لِحْ) رفیقِ سفر، اصلاح کرنیوالا جمع مُصْلِحِیْن

مصلحت (مَصْ) ۔ لَحَتْ) نیک تجویز، اچھی اصلاح جمع مَصَالِح۔

مصلوب (مَصْ) ۔ لُوْبْ) سولی دیا ہوا۔

مصلی (مُصَلِّیْ) نماز پڑھنے والا (مُصَلّٰ) درود پڑھا ہوا، درود پڑھنے کی جگہ، مصلّٰی۔

مصمت (مُصْ) ۔ مَتْ) ایک رنگ، منھ بند پھوڑا، ٹھوس، وہ زخم جسکا منھ بھرا ہوا ہو (مُصَمَّمْ) ۔ مَتْ) چپ کیا ہوا (مُصَمِّمْ) ۔ مِتْ) چپ کرنے والا۔

مصمصہ (مَصْ) ۔ مَصَہْ) کھنگان، کلی منھ میں پھرانا۔

مصمم (مُصَمَّمْ) ۔ مَمْ) پختہ کیا ہوا (مُصَمِّمْ) ۔ مِمْ) پختہ کرنے والا۔

مصن (مِصَنّ) گندہ بغل۔

مصندل (مُصَنْ) ۔ دَلْ) صندلی۔

مصنع (مَصْ) ۔ نَعْ) قلعہ، ندی، حوض جمع مَصَانِع۔

مصنف (مُصَنِّفْ) ۔ نِفْ) تصنیف کرنیوالا جمع مُصَنِّفِیْن (مُصَنَّفْ) ۔ نَفْ) تصنیف کیا ہوا، کتاب۔

مصنفہ (مُصَنَّفْ) ۔ نَفَہْ) تصنیف کی ہوا جمع مُصَنَّفَات۔

مصنوع (مَصْ) ۔ نُوْعْ) بنایا ہوا جمع مَصْنُوْعَات۔

مصنوعی (مَصْ) ۔ نُوْعِیْ) بناوٹی ۔ نقلی۔

مصوا (مَصْ) ۔ وَا) عورت جسکی ران پتلی ہوں۔

مصور (مُصَوِّرْ) ۔ وِرْ) تصویر بنانے والا، تصویر کھینچنے والا (مُصَوَّرْ) ۔ وَرْ) تصویر بنایا ہوا، تصویر والی چیز۔

مصورہ (مُصَوَّرْ) ۔ وَرَہْ) وہ قوت جو ماں کے رحم میں بچہ کی شکل بناتی ہے۔

مصوری (مُصَوِّرِیْ) تصویر بنانا۔

مصوص (مُصَوْصْ) وہ گھنا ہوا پرند جس میں سانپ بھر کر سر کر میں چھوڑتے ہیں۔

www.urduchannel.in

مصون (مُصُون) محفوظ، نگاہ رکھا ہوا۔

مصیب (مُصِیب) تکلیف پہنچنے والا، ٹھیک کہنے والا۔

مصیبت (مُصِیبَت) رنج، دکھ، تکلیف جمع مَصَائِبُ۔

مصیدہ (مَصِیدَہ) دام، جال۔

مصیر (مَصِیر) جائے بازگشت، ٹھکانا۔

مصیقل (مُصَیقِل) قلعی کی ہوئی چیز (مُصَیقَل۔ قلعی) جلا کرنے والا، سیقل کرنے والا، صیقلی گر۔

مضاجع (مُضَاجِع۔ جَعَ) باہم ایک جگہ سونے والا۔

مضاجعت (مُضَاجَعَت۔ جَعَ) باہم ایک جگہ سونا۔

مضاحک (مُضَاحِک۔ حِکَ) ہنسوڑ، دل لگی باز۔

مضاحکہ (مُضَاحَکَہ۔ حَکَ) آپس میں دل لگی کرنا۔

مضادت، مضادہ (مُضَادَّت۔ دَدَ، مُضَادَّہ۔ دَدَ) آپس میں ضد ہونا۔

مضار (مُضَار) نقصان، نقصان کی جگہ۔

مضاربت (مُضَارَبَت۔ رَبَ) نفع کا شریک کرکے کسی کو تجارت کے لئے مال دینا۔

مضارع (مُضَارِع) مانند ہونیوالا، وہ فعل جس میں مستقبل اور حال دونوں زمانے ہوں۔

مضارعت (مُضَارَعَت۔ رَعَ) مشابہ ہونا، شریک ہونا۔

مضاعف (مُضَاعَف۔ عَفَ) دوچند، دونا، وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف ہوں۔

مضاف (مُضَاف) منسوب، متعلق۔

مضافات (مُضَاف۔ فَاتْ) متعلقات، منسوبات۔

مضاف الیہ (مُضَافٌ۔ اِلَیہٖ) جسکی طرف نسبت دیجاوے۔

مضافرہ (مُضَافَرَہ۔ ضَرَ) مدد کرنا۔

مضامین (مَضَامِین) مضمون کی جمع۔

مضانعت (مُضَانَعَت۔ نَعَ) رشوت دینا، کام آسان کرنا۔

مضاہات (مُضَاہَات۔ ہَیٔ) کسی چیز کی مانند ہونا۔

مضاہی (مُضَاہِی) مانند، مشابہ۔

مضاء (مَضَاء) روانی، رواں ہونا، گذرنا۔

مضایقہ، مضایقت (مُضَایَقَہ۔ یَقَ، مُضَایَقَت۔ یَقَ) تنگی، ناہمواری جمع مَضَایِق۔

مضبطہ (مَضْبَطَہ) ضبط، عرضداشت، میموریل۔

مضبوط (مَضْبُوط۔ ضَبَطَ) پائدار، ضبط کیا ہوا، ٹھیک۔

مضبوطی (مَضْبُوطِی۔ ضَبَطَ) پائداری۔

مضبوع (مُضَبَّع) رونے چلانے والا۔

مضبع (مَضْبَع۔ بَعَ) خوابگاہ جمع مَضَابِع۔

مضحاک (مِضْحَاک۔ حَکَ) بڑی ہنسنے والی۔

مضحک (مُضْحِک۔ حَکَ) ہنسانیوالا (مُضْحَک۔ حَکَ) ہنسایا ہوا (مَضْحَک۔ حَکَ) وہ آدمی یا چیز جس پر لوگ ہنسیں (مُضَحَّک۔ حَکَ) ہنسانیوالا، ہنسنے والا (مُضَحَّک۔ حَکَ) ہنسایا ہوا، ہنسا ہوا۔

مضحکہ (مَضْحَکَہ۔ حَکَ) ٹھٹھول، ٹھیل۔

مضخہ (مِضَخَّہ۔ ضَخَ) پچکاری، دھکیر۔

مضر (مُضِر) نقصان رساں (مَضَر) نقصان کی جگہ جمع مَضَارّ۔

مضراب (مِضْرَاب۔ ضَرَبَ) ستار بجانیکا آلہ جمع مَضَارِیب

مضرب (مُضَرِّب۔ ضَرَبَ) سیا ہوا (مَضْرِب۔ ضَرَبَ) مارنیکی جگہ جمع مَضَارِیب (مِضْرَب۔ ضَرَبَ) مارنیکا آلہ، خیمہ جمع مَضَارِب۔

مضرت (مَضَرَّت۔ ضَرَرَ) نقصان، گزند جمع مَضَارّ۔

مضرج (مِضْرَج۔ رَجَ) پرنالہ، کپڑا جمع مَضَارِج (مُضَرَّج۔ رَجَ) خون آلود کیا ہوا (مُضَرِّج۔ رَجَ) خون آلود کرنے والا۔

مضروب (مَضْرُوب۔ ضَرَبَ) مارا ہوا، ضرب پہونچایا ہوا۔

مضرور (مَضْرُور۔ ضَرَرَ) ضرر پہونچا ہوا۔

مضطبہ (مَضْطَبَہ۔ ضَبَ) دیکھو مصطبہ۔

مضطر (مُضْطَر۔ ضَرَرَ) بے اختیار، بے چارہ، نقصان پہنچا ہوا۔

مضطرب (مُضْطَرِب۔ ضَرَبَ) پریشان۔

مضطرب الحال (مُضْطَرِب۔ ضَرَبَ۔ حَلَ) پریشان حال۔

مضغ (مَضْغ۔ ضَغَ) چبانا۔

مضغہ (مُضْغَہ۔ ضَغَ) ایک نوالہ کی برابر چیز جمع مُضَغ۔

www.urduchannel.in

مضلت (مضلہ، ضل، ضلۃ، ضلال، ضلۃ) گمراہی اور ضلالت کی جگہ۔

مضمار (مضمر، ضر) گھوڑے پھیرنے کا میدان جمع مضامیر۔

مضمحل (مضمحلۃ) سست، ناچیز، محو ہونیوالا، نابود ہونیوالا

مضمر (مضمر، مر) پوشیدہ، ضمیر لایا ہوا (مضمر، ر)

چھپانیوالا، کلام میں ضمیر لانیوالا (مضمر، مر) طیار کیا ہوا گھوڑا (مضمر، مر) دبلا کھلا پلا کر گھوڑا طیار کرنیوالا۔

مضمضہ (مضمضۃ، مضمضہ) دیکھو مصمصہ۔

مضمن (مضمن، ضمن) تضمین کیا ہوا، قطعہ (مضمن، ضمن) تضمین کرنے والا۔

مضموم (مضموم، ضوم) پیش (ضم) لگایا ہوا، ملایا ہوا۔

مضمون (مضمون، ضمون) جس میں لایا ہوا، موضوع بیان، کسی موضوع پر تحریری یا تقریری اظہار خیال جمع مضامین

مضنون (مضنون، ضنون) بخل کیا ہوا، کنجوسی کیا ہوا۔

مضوار (مضوار، ضار) پیش قدمی کرنا، بڑھنا۔

مضور (مضور، ضور) دودھ کھٹا ہونا۔

مضوع (مضوع، ضوع) چبایا ہوا، جس کو چبا دیں۔

مضی (مضی) جانا، گذرنا (مضی، ضی) گذرا ہوا۔

مضیع (مضیع، ضیع) ضائع کرنے والا۔

مضیف (مضیف، ضیف) مہمانی کرنیوالا، نسبت کرنیوالا۔

مضیق (مضیق، ضیق) تنگ جگہ جمع مضایق۔

مضیم (مضیم، ضیم) مظلوم۔

مط (مط) ناک بھوں چڑھانا۔

مطا (مطا، طا) پیٹھ، مدد، حفاظت جمع امطا۔

مطابخ (مطابخ، طبخ) مطبخ کی جمع۔

مطابع (مطابع، طبع) مطبع کی جمع۔

مطابق (مطابق، طبق) موافق، برابر۔

مطابقت (مطابقت، طبق) برابری، موافقت۔

مطار (مطار، طر) اڑنے کی جگہ، ہوائی مستقر۔

مطارح (مطارح، طرح) مطرح کی جمع۔

مطارحہ (مطارحۃ، طرح) بات چیت، خوشامد، مشورہ

جمع مطارحات۔

مطاردہ (مطاردۃ، طرد) آپس میں حملہ کرنا۔

مطاع (مطاع، طوع) اطاعت کیا ہوا، مطاع جس سے نفع حاصل ہو، اپوبخی۔

مطاعم (مطاعم، طعم) مطعم کی جمع (مطا عم، طعم) اپوبخی۔

مطاعن (مطاعن، طعن) طعن کی جمع۔

مطاف (مطاف، طوف) طواف کرنے کی جگہ۔

مطالب (مطالب، طلب) مطلب کی جمع (مطا لب، طلب) طلب کرنے والا۔

مطالبہ (مطالبۃ، طلب) طلب کرنا۔

مطالعہ (مطالعۃ، طلع) کسی چیز سے واقف ہونیکے لئے اس کو دیکھنا۔

مطامع (مطامع، طمع) طمع کی جمع۔

مطاوع (مطاوع، طوع) فرمان برداری کرنے والا۔

مطاوعت (مطاوعۃ، طوع) فرماں برداری۔

مطاولہ (مطاولۃ، طول) درازی میں برابری کرنا۔

مطاوی (مطاوی، طوی) مطوی کی جمع۔

مطایبہ (مطایبۃ، طیب) مہذب تفریح جمع مطایبات۔

مطایرہ (مطایرۃ، طیر) اڑانا، باہم ملکہ اڑانا۔

مطب (مطب، طب) بیماروں کا علاج کرنے کی جگہ۔

مطبخ (مطبخ، طبخ) کھانا پکانیکی جگہ، باورچی خانہ جمع مطابخ

مطبخی (مطبخی، طبخ) کھانا پکانیوالا، باورچی۔

مطبع (مطبع، طبع) چھاپہ خانہ جمع مطابع۔

مطبق (مطبق، طبق) ڈھکنا دار برتن، تہ برتہ کیا ہوا۔

مطبوخ (مطبوخ، طبخ) آگ پر پکائی ہوئی چیز۔

مطبوع (مطبوع، طبع) پسند کی ہوئی چیز، چھاپی ہوئی چیز، چھاپا ہوا، طبع کیا ہوا

مطلب (مطلب، طلب) کافی جما ہوا پانی۔

مطحن (مطحن، طحن) پیسنے کا آلہ، چکی جمع مطاحن۔

مطحول (مطحول، طحل) جس کے پیٹ میں تلی ہو۔

www.urduchannel.in

مطر (مَطَر) مینھ، بارش جمع اَمطار (مطر) تازگی۔
مطرا (مَطَرا) مصفا، تازگی، تازہ۔
مطران (مِطْرَان) عیسائیوں یا یہودیوں کا سردار قوم۔
مطرب (مُطْرِب) ڈوم، گویا جمع مَطارِبَہ (مِطْرَبان)
مطربہ (مُطْرِبَہ) ڈومنی جمع مُطْرِبات (مِطْرَبات)
مطرح (مَطْرَح) چیز ڈالنے کی جگہ جمع مَطارِح۔
مطرد (مُطَرِّد) مستقیم، ایک ڈھنگ پر ہونیوالا، آگے پیچھے ہونیوالا (مطرد) رَدّ، چھوٹا برچھا، سونٹا، نیچے پہننے کا کپڑا جمع مَطارِید۔
مطرز (مُطَرَّز) زینت دیا ہوا۔
مطرف (مُطَرَّف) رَف، ہرن، اسیج کی ایک قسم (مطرف) ردا، کسی بات کی اطلاع پانیوالا (مطرف) رَف، اچھی ہڈی کا کپڑا۔
مطرفہ (مِطْرَفَہ) رَفہ، ہتھوڑا، چھری۔
مطروح (مَطْرُوح) حقیر، بے وقعت، ناپسندیدہ جمع مَطْرُوحات۔
مطرود (مَطْرُود) نکالا ہوا۔
مطری (مِطْرِی) بھاٹ، تعریف کرنیوالا۔
مطعام (مِطْعَام) بہت کھانا کھلانیوالا جمع مَطاعِیم۔
مطعان (مِطْعَان) بہت طعنہ دینیوالا جمع مَطاعِین۔
مطعم (مَطْعَم) کھانے کی چیز جمع مَطاعِم (مطعم) نوالا کھلانیوالا (مُطْعِم) عم، کھلانیوالا (مُطْعَم) عم، کھلایا ہوا۔
مطعوم (مَطْعُوم) کھانے کی چیز جمع مَطْعُومات
مطعون (مَطْعُون) طعنہ دیا ہوا، عیب کیا ہوا۔
مطفحہ (مِطْفَحَہ) فح، کفگیر جمع مَطافِح۔
مطفل (مِطْفَل) مطفلہ (مِطْفَلَہ) فل، بچوں والی۔
مطفی (مُطْفِی) فی، آگ بجھانیوالا، چراغ بجھانے والا۔
مطلا (مُطَلّا) سونے کا کام کیا ہوا۔
مطلاب (مِطْلَاب) لاب، ڈھونڈنیکا آلہ جمع مَطالِیب
مطلب (مَطْلَب) لب، مراد، معنی، ڈھونڈنے کی جگہ جمع مَطالِب (مِطْلَب) لب، ڈھونڈنے کا آلہ جمع مَطالِیب (مُطَلِّب) لب، ڈھونڈنے والا۔

مطلع (مَطْلَع) خبردار کیا ہوا (مُطْلِع) خبردار کرنیوالا (مَطْلَع) لع، طلوع ہونیکی جگہ، نظم کا شروع شعر جمع مَطالِع۔
مطلق (مُطْلَق) ق، آزاد، بے قید، رواں کیا گیا، کھولا ہوا، کلہ، حصر (مُطْلِق) لق، کھولنے والا، کہنے والا، دستا لاینوالا (مُطَلَّق) لق، عورت کو آزادی دیدینوالا، طلاق دیدینوالا۔
مطلقاً (مُطْلَقاً) تقن، بطور مطلق، بقطعی طور پر۔
مطلق العنان (مُطْلَق) طْ، نقل، عنان، بے لگام۔
مطلقہ (مُطَلَّقَہ) لقہ، آزاد کی ہوئی، طلاق دی ہوئی۔
مطلوب (مَطْلُوب) لب، طلب کیا ہوا، ڈھونڈھا ہوا۔
مطلوقہ (مَطْلُوقَہ) لوقہ، طلاق دی ہوئی۔
مطل (مَطَل) طل، نظر پڑنے کی جگہ جمع مَطالِع۔
مطمر (مِطْمَر) مر، ماچ کا سوت۔
مطمع (مَطْمَع) مع، لپچانیکی جگہ جمع مَطامِع (مُطْمِع) مع، طمع میں ڈالنے والا، مُل، پادام (مُطْمَع) مع، طمع میں ڈالا ہوا۔
مطمئنہ (مَطْمَئِنَّہ) مئ، سکہ، چین۔
مطمورہ (مَطْمُورَہ) مو، بھ خانہ۔
مطوع (مُطَوَّع) طوع، لالچ کیا ہوا۔
مطمئن (مُطْمَئِن) م، ان، آسودہ، سکون پانیوالا۔
مطنب (مُطْنِب) نب، لمبی بات کرنیوالا۔
مطوا (مِطْوَا) وا، انگڑائی، باسک۔
مطوعی (مُطَوِّعِی) وِ، وہ مسلمان جو جہاد سے مستثنیٰ ہو مگر خود اپنی خوشی سے جہاد کرے۔
مطوق (مُطَوَّق) وق، طوق پہنانیوالا (مُطَوَّق) وق، طوق پہنایا ہوا۔
مطول (مُطَوِّل) لمبا کرنیوالا (مُطَوَّل) وَل، لمبا کیا ہوا۔
مطوہ (مِطْوَہ) وہ، چاقو۔
مطوی (مَطْوِی) وی، گٹھی، اُلجھن جمع مَطاوِی۔
مطہر (مُطَہِّر) طہ، پاک ہونیوالا (مُطَہَّر) طہ، ایک

www.urduchannel.in

کیا ہوا (مُطَہَّر) پاک کرنے والا، بھنگی۔
مطہرہ (مطہر) پاک ہونے کا آلہ، چھاگل، آفتابہ، غسل خانہ۔
مطیب (مُطَیِّب) ایسی خوشبو دینے والا، پاک ہونے والا (مُطَیَّب) پاک اور خوشبودار کیا ہوا۔
مطیر (مُطَیِّر) پرند کی تصویر کھینچا ہوا، شکرہ (مطیر) پر سدھانے والا۔
مطیع (مُطِیع) فرماں بردار، اطاعت کرنے والا۔
مطین (مُطَیَّن) مٹی سے لیپا ہوا۔
مظیہ (مُظَیَّہ) سواری، مرکب (جمع مَظَایا)۔
مظ (مَظّ) گنا۔
مظالم (مَظَا۔لِم) مظلمہ کی جمع۔
مظان (مَظَانّ) مظنہ کی جمع، گمان کرنے کی جگہ۔
مظاہر (مُظَاہِر) مظاہرہ کرنے والا (جمع مُظَاہِرِین)
مَظَا۔ہِر) مظہر کی جمع۔
مظاہرہ (مُظَا۔ہَرَہ) باہم ظاہر ہونا، ہم پشت ہونا۔
مظروف (مَظ۔رُوف) برتن میں رکھی ہوئی چیز۔
مظفر (مُظَفَّر) فتح دیا ہوا۔
مظل (مِظَلّ) چھاؤں کرنے کا آلہ، سائبان (مُظَلّ) چھاؤں کرنے والا (مُظَلَّل) چھاؤں کیا ہوا۔
مظلل (مُظَلِّل) سایہ ڈالا ہوا۔
مظلم (مَظ۔لِم) تاریک (مَظ۔لَم) اندھیری جگہ۔
مظلمہ (مَظ۔لِمَہ) جور، جفا، ستم، سزادہی کی جگہ (جمع مَظَالِم) (مُظ۔لَمَہ) تاریک۔
مظلوم (مَظ۔لُوم) ستم رسیدہ (جمع مَظْلُومِین)۔
مظلومی (مَظ۔لُومِیَّت) مظلوم ہونا۔
مظلومیت (مَظ۔لُومِیَّت) مظلوم پن۔
مظلہ (مِظَلّ) (مَظَلّ) سائبان (مَظِلّ) چھتر۔
مظنون (مَظ۔نُون) گمان کیا ہوا۔
مظنہ (مَظِنّ) گمان کرنے کی جگہ، شبہ (جمع مَظَانّ)
مظہر (مَظ۔ہَر) ظاہر ہونے کی جگہ (جمع مَظَاہِر) (مُظ۔ہِر) ظاہر کرنے والا (مُظَہَّر) ظاہر کیا ہوا۔
مع (مَعَ) ساتھ، با۔
معا (مَعًا) اوپر سے نیچے بہنے والی ندی، آنت، انتڑی (معاء) روزہ (جمع اَمْعَا)۔
معاً (مَعَنْ) فوراً، اُسی وقت۔
معابد (مَعَا۔بِد) معبد کی جمع۔
معاتب (مُعَا۔تِب) عتاب کرنے والا (مُعَا۔تَب) عتاب کیا ہوا۔
معاتبت (مُعَا۔تَبَت) آپس میں عتاب کرنا۔
معاجین (مَعَا۔جِین) معجون کی جمع۔
معاد (مَعَاد) لوٹ کر جانے کی جگہ، آخرت۔
معادات (مُعَا۔دَات) باہمی دشمنی۔
معادل (مُعَا۔دِل) مساوی، برابر۔
معادلت (مُعَا۔دَلَت) انصاف پروری، برابری۔
معادن (مَعَا۔دِن) معدن کی جمع۔
معاذ (مَعَاذ) جائے پناہ۔
معاذاللہ (مَعَا۔ذَ اللّٰہ) خدا کی پناہ۔
معاذیر (مَعَا۔ذِیر) معذرت کی جمع۔
معارزہ (مُعَا۔رَزَہ) باہم دشمنی کرنا، دور ہونا۔
معارض (مُعَا۔رِض) برابری کرنے والا۔
معارضہ (مُعَا۔رَضَہ) برابری کرنا۔
معارف (مَعَا۔رِف) (مَشرف) کی جمع، اہل علم و فضل نامور لوگ۔ محکمہ تعلیم، شناسائی (مُعَا۔رِف) آشنا، پہچاننے والا۔
معارکت (مُعَا۔رَکَت) (مُعَا۔رَکَہ) باہمی جنگ۔
معاش (مَعَاش) وہ چیز جس سے زندگی بسر کی جاوے، پیشہ، زندگی کی جگہ، دنیا۔
معاشر (مُعَا۔شِر) ہمنشین (جمع مُعَاشِرِین)
(مَعَا۔شِر) حشر کی جگہ۔
معاشرت (مُعَا۔شَرَت) مل جل کر زندگی بسر کرنا۔

www.urduchannel.in

معاشی (مُعَا۔ شیٰ) منسوب بہ معاش، معاش والی چیز
معاشیات (مُعَا۔ شی۔ یَاتْ) معاشی کی جمع، معاش سے نسبت رکھنے والی چیزیں۔
معاصر (مُعَا۔ صِرْ) ہمعصر، ہم زمانہ جمع **مُعَاصِرِیْن**۔
معاصرت (مُعَا۔ صَرَتْ) ہم زمانہ ہونا۔
معاصی (مُعَا۔ صِیْ) معصیت کی جمع۔
معاضد (مُعَا۔ ضِدْ) مددگار۔
معاضدت (مُعَا۔ ضَدَتْ) مددگاری۔
معاطات (مُعَا۔ طَاتْ) کچھ دینا، خدمت کرنا۔
معاطفت (مُعَا۔ طَفَتْ) مہربانی کرنا۔
معاف (مُعَافْ) بخشا ہوا۔
معافی (مُعَا۔ فِیْ) ا۔ منسوب بہ معاف، بخشش ب۔ معاف کرنیوالا (مُعَا۔ فِیْ) فا۔ بخشا ہوا۔
معاقب (مُعَا۔ قِبْ) عقوبت دینے والا (مُعَا۔ قَبْ) عقوبت دیا ہوا۔
معاقبت (مُعَا۔ قَبَتْ) مار پیٹ، مار باندھ، عذاب دہی
معاقد (مُعَا۔ قِدْ) عقد کرنے والا، عہد باندھنے والا۔
معاقدت (مُعَا۔ قَدَتْ) عہد باہمی، نکاح، گرہ بندی۔
معاقرت (مُعَا۔ قَرَتْ) ہر وقت کوئی کام کرنا۔
معاقلہ (مُعَا۔ قَلَہْ) عقل میں برابری کرنا
معالج (مُعَا۔ لِجْ) علاج کرنیوالا جمع **مُعَالِجِیْن**۔
معالجت، معالجہ (مُعَا۔ لَجَتْ، مُعَا۔ لَجَہْ) علاج کرنا۔
معالمہ (مُعَا۔ لَمَہْ) علم میں برابری کرنا۔
معالنہ (مُعَا۔ لَنَہْ) کوئی چیز آشکارا کرنا۔
معامل (مُعَا۔ مِلْ) معاملہ کرنے والا۔
معاملت، معاملہ (مُعَا۔ مَلَتْ، مُعَا۔ مَلَہْ) اشتراک عمل، کوئی بات جمع **مُعَامَلَاتْ**۔
معان (مُعَانْ) مدد کرنا۔
معانات (مُعَا۔ نَاتْ) دکھ جھیلنا، رنج اٹھانا۔
معاند (مُعَا۔ نِدْ) دشمن، عناد رکھنے والا۔
معاندت (مُعَا۔ نَدَتْ) باہمی دشمنی۔

معانق (مُعَا۔ نِقْ) گلے ملنے والا، بغل گیر ہونے والا۔
معانقہ (مُعَا۔ نَقَہْ) بغل گیری، گلے ملنا۔
معانی (مُعَا۔ نِیْ) معنی کی جمع۔
معاودت (مُعَا۔ وَدَتْ) واپسی۔
معاورہ (مُعَا۔ وَرَہْ) کوئی چیز دینا۔
معاوضت، معاوضہ (مُعَا۔ وَضَتْ، مُعَا۔ وَضَہْ) بدلا اتارنا۔
معاون (مُعَا۔ وِنْ) مددگار جمع **مُعَاوِنِیْن**۔
معاونت (مُعَا۔ وَنَتْ) مددگاری۔
معاہد (مُعَا۔ ہِدْ) عہد کرنے والا۔
معاہدہ (مُعَا۔ ہَدَہْ) عہد باہمی۔
معاہرہ (مُعَا۔ ہَرَہْ) زنا کرنا۔
معائب (مُعَا۔ ئِبْ) معیب کی جمع۔
معائش (مُعَا۔ ئِشْ) معیشت کی جمع (مُعَا۔ یِشْ) جینے سے بسر کرنے والا۔
معایشت (مُعَا۔ یَشَتْ) کسی کے ساتھ جینے بسر کرنا۔
معاینہ (مُعَا۔ یَنَہْ) کوئی چیز روبرو دیکھنا۔
معبد (مَعْ۔ بَدْ) عبادت کی جگہ جمع **مَعَابِدْ** (مَعْ۔ بِدْ) عبادت کرنیوالا (مُعَبَّدْ۔ بَدْ) عبادت کیا ہوا۔
معبر (مَعْ۔ بَرْ) دریا عبور کرنے کی جگہ، گھاٹ جمع **مَعَابِرْ** (مَعْ۔ بِرْ) عبور کرنیکا ذریعہ جہاز **مُعَبِّرْ** (مُعَبِّ۔ بِرْ) تعبیر کرنیوالا، تعبیر بتانیوالا (مُعَبَّرْ۔ بَرْ) تعبیر کیا ہوا۔
معبلہ (مَعْ۔ بَلَہْ) پیکاں۔
معبود (مَعْ۔ بُدْ) جسکو پوجیں، پوجا ہوا۔
معتاد (مُعْ۔ تَادْ) عادت پڑا ہوا، عادت ڈالنے والا۔
معتبر (مُعْ۔ تَبَرْ) اعتبار کیا ہوا۔
معتد (مُعْ۔ تَدْ) شمار میں لایا ہوا۔
معتد بہ (مُعْ۔ تَدْ۔ بِہْ) (مُعْ۔ تَدِّ۔ بِہِیْ) اسکو شمار میں لایا ہوا۔
معتدل (مُعْ۔ تَدِلْ) درمیانی۔
معتدی (مُعْ۔ تَدِیْ) سے تجاوز کرنے والا۔

www.urduchannel.in

معتذر (ع ذ ر) عذر کرنے والا۔
معترض (ع ر ض) اعتراض کرنے والا۔
معترف (ع ر ف) اعتراف کرنے والا۔
معتزل (ع ز ل) یکسو ہونے والا۔
معتزلہ (ع ز ل) مسلمانوں کا ایک فرقہ۔
معتزلی (ع ز ل ی) فرقہ معتزلہ کا پیرو۔ جمع معتزلین
معتصر (ع ص ر) نچوڑ جس کو پاخانہ جانے کی حاجت ہو۔
معتصم (ع ص م) سہارا پکڑنے والا، پناہ لینے والا۔
معتضد (ع ض د) مدد لینے والا۔
معتقد (ع ق د) اعتقاد رکھنے والا۔
معتکف (ع ک ف) اعتکاف کرنے والا۔
معتل (ع ل ل) بیمار ہونیوالا، حرف علت والا لفظ۔
معتم (ع ت م) رنگ کرنیوالا (ع) نیم رنگ کیا ہوا۔
معتمد (ع م د) اعتماد کیا ہوا۔
معتمدیاسی (ع م د ی ا س ی) (ر) ڈیٹنٹ۔
معتمد علیہ (ع م د ع ل ی ہ) جس پر اعتماد ہو۔
معتنی (ع ن ی) تیاری کرنیوالا، اہتمام کرنے والا۔
معتوب (ع ت ب) عتاب کیا ہوا۔
معتوہ (ع ت ہ) بہکا ہوا جو کبھی باتونی کی باتیں کرے کبھی ہوشیاروں کی۔
معجب (ع ج ب) حیرانی میں ڈالنے والا (ع) جب) حیرانی میں ڈالا ہوا (ع) جب) غرور کرنے والا (ع) جب) غرور کیا ہوا۔
معجر (ع ج ر) اوڑھنی۔
معجز (ع ج ز) خرق عادت، عاجز کرنیوالا (ع) جز) عاجز کیا ہوا۔
معجزہ (ع ج ز ہ) عاجز کرنیوالا وہ فوق العادت بات جو نبی سے ظاہر ہو جمع معجزات۔
معجل (ع ج ل) جلدی کیا ہوا (ع) جل) جلدی کرنیوالا (ع) جل) اوڑھنیوالا (ع) جل) روڑا ہوا۔
معجم (ع ج م) نقطہ والا حرف (ع) جم) وہ عربی لفظ جس کو عجمی اپنے روزمرہ میں بولتے ہیں۔
معجمہ (ع ج م ہ) دیکھو معجم (ع) جمہ) دیکھو معجم۔
معجن (ع ج ن) لگن، طشت۔
معجون (ع ج و ن) گوندھا ہوا، تھیر کیا ہوا اقوام میں طیار کی ہوئی دوا جمع معاجین۔
معد (ع د د) آمادہ اور طیار کرنیوالا (ع) مُعَدّ) آمادہ اور طیار کیا ہوا۔
معدد، معدودہ (ع د د، ع د د ہ) شمار کیا ہوا سازوسامان کیا ہوا۔
معدل (ع د ل) برابر کرنیوالا، ٹھیک کرنیوالا۔
معدلت (ع د ل ت) عدل و انصاف۔
معدم (ع د م) نیست کرنیوالا۔
معدن (ع د ن) مدن (ع) مَعْدِن) کی کان جمع مَعَادِن۔
معدنی (ع د ن ی) وہ چیز جو کان سے نکالی ہو۔
معدود (ع د د) تھوڑی چیز، گنا ہوا، شمار کیا ہوا۔
معدوم (ع د م) مٹایا ہوا، گم۔
معدہ (ع د ہ) مَعِدَہ) غذا ہضم کرنیوالا عضو۔
معذار (ع ذ ر) پردہ پوشش جمع مَعَاذِیر۔
معذب (ع ذ ب) عذاب کیا ہوا (ع) ذِب) عذاب کرنے والا۔
معذبہ (ع ذ ب ہ) مصیبت میں ڈالنے والی چیز۔
معذر (ع ذ ر) عذر کرنیوالا (ع) ذِر) عذر کیا ہوا۔
معذرت (ع ذ ر ت) عذرداری جمع مَعَاذِیر۔
معذور (ع ذ ر) عذر کیا ہوا۔
معذول (ع ذ ل) ملامت کیا ہوا۔
معرا (ع ر ا) برہنہ، ننگا، خالی۔
معراج (ع ر ا ج) اوپر چڑھنے کا آلہ، سیڑھی جمع مَعَارِج، مَعَارِیج، سردار دو جہاں کا آسمانوں پر تشریف لے جانے کا معجزہ۔
معرب (ع ر ب) غیر عربی لفظ عربی بنایا ہوا (ع) رِب) اعراب لگایا ہوا (ع) رِب) اعراب لگانیوالا، بیان کرنیوالا۔

www.urduchannel.in

معربد (مُعَرْبِد) بدخو، لڑاکا۔
معرج (مِعْرَج) اوپر چڑھنے کا آلہ، سیڑھی جمع مَعَارِج
(رِعْ۔ رَج) اوپر چڑھنے کی جگہ۔
معرس (مِعْرَس) رات میں اترنے کی جگہ جمع مَعَارِس۔
معرض (مِعْرَض) نمائشگاہ، کوئی چیز ظاہر کرنے کی
جگہ جمع مَعَارِض (رِعْ۔ رِض) اعراض کرنیوالا،
منہ پھیرنیوالا (رِعْ۔ رَض) اعراض کیا ہوا، منہ پھیرا ہوا۔
معرف (مُعَرِّف) تعریف کرنیوالا (مُعَرَّف) تعریف
کیا ہوا (مِعْرَف) پہچاننے کی جگہ جمع مَعَارِف۔
معرفت (رِعْ۔ رِفْ) جان پہچان، شناخت، ذریعہ۔
معرق (مُعَرَّق) پسینہ لانیوالی چیز۔
معرکہ (رِعْ۔ رَکَ) میدان جنگ جمع مَعَارِک۔
معروری (رِعْ۔ رُو۔ رِی) گھوڑے کی ننگی پیٹھ کا سوار
معروض (رِعْ۔ رُوْ۔ ضِ) پیش کیا ہوا، عرض کیا ہوا۔
معروضہ (رِعْ۔ رُوْ۔ ضَہ) عرض کیا ہوا، عرضی۔
معروف (رِعْ۔ رُوْ۔ فْ) پہچانا ہوا، مشہور، نیکی، وہ
فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔
معز (مُعِزّ) عزت کیا ہوا (مُعِزّ) عزت دینے والا، نام
اللہ تعالیٰ (رِعْ۔ زِ) بکرا، بکری۔
معزز (مُعَزَّز) عزت کیا ہوا، عزتدار۔
معزق (رِعْ۔ زَقْ) کھودنے کا آلہ، کدال۔
معزل (مُعْتَزِل) برطرف کیا ہوا (رِعْ۔ زَلْ)
تکلا، دوک۔
معزم (مُعَزِّم) (زِمْ) افسوں گر، عزیمت خواں (مُعَزَّم زِمْ)
منتر پھونکا ہوا۔
معزول (رِعْ۔ زُوْ۔ لْ) بیکار کیا ہوا، برطرف۔
معزولی (رِعْ۔ زُوْ۔ لِی) برطرفی۔
معزہل (مُعَزْہِل) خوش خوراک۔
معزی (مُعَزِّی) تعزیت کرنیوالا (مُعَزَّی) تعزیت
منسوب طرف مُعَزّ، غدائی (رِعْ۔ زِی) منسوب۔
معزی الیہ (رِعْ۔ زِیْ۔ اِلَیْہِ) منسوب الیہ۔

معسر (رِعْ۔ سِرْ) کنگال، فقیر (مُعْسِر) (سِرْ) دشوار۔
معسکر (مُعَسْکَر) (کَرْ) فوج کا پڑاؤ، چھاؤنی۔
معشار (رِعْ۔ شَارْ) دسواں حصہ محصول لینا۔
معشر (رِعْ۔ شَرْ) عزیزوں اور دوستوں کی جماعت
جمع مَعَاشِر (مُعَشِّر) (شِرْ) دس گوشوں والی چیز۔
معشوش (رِعْ۔ شُوْ۔ شْ) گھاس کیا ہوا، ہرے پتے کا پٹرا
معشوق (رِعْ۔ شُوْ۔ قْ) وہ مرد جس پر کوئی عاشق ہو۔
معشوقہ (رِعْ۔ شُوْ۔ قَہ) وہ عورت جس پر کوئی عاشق ہو۔
معشوقی (رِعْ۔ شُوْ۔ قِی) محبوبی۔
معشوقیت (رِعْ۔ شُوْ۔ قِی۔ یَتْ) محبوبیت، محبوب پنا
معصار (رِعْ۔ صَارْ) دیکھو معصر۔
معصال (رِعْ۔ صَالْ) چوگان، معبن۔
معصر، معصرہ (رِعْ۔ صَرْ۔ رَہ) نچوڑنے کا آلہ،
کولھو جمع مَعَاصِر۔
معصفر (رِعْ۔ صُفْ۔ فَرْ) کسنبھ میں رنگی ہوئی چیز (رِعْ۔
صُفْ۔ فُرْ) کسنبھ۔
معصم (رِعْ۔ صَمْ) ہاتھ کی کلائی۔
معصوم (رِعْ۔ صُوْ۔ مْ) بے گناہ، گناہ سے بازرہا ہوا
جمع مَعْصُوْمِیْن۔
معصومی (رِعْ۔ صُوْ۔ مِی) بے گناہی۔
معصومیت (رِعْ۔ صُوْ۔ مِی۔ یَتْ) بے گناہی پنا۔
معصیت (رِعْ۔ صِیَتْ) گناہ، نافرمانی جمع مَعَاصِی۔
معضل (رِعْ۔ ضِلْ) دشوار، مشکل کرنے والا۔
معضلات (رِعْ۔ ضِلَاتْ) معضل کی جمع، دشواریاں
معطر (مُعَطَّر) (طَرْ) خوشبو میں بسا ہوا (رِعْ۔ طَرْ) عطر دان
معطش (رِعْ۔ طِشْ) پیاس لگانیوالی چیز۔
معطل (مُعَطَّل) (طَلْ) بیکار، برطرف کیا ہوا۔
معطلی (مُعَطَّلِی) برطرفی، بیکاری۔
معطوف (رِعْ۔ طُوْ۔ فْ) لپٹا ہوا، لپیٹا ہوا۔
معطی (رِعْ۔ طِی) عطا کرنے والا۔
معظم (مُعَظَّم) (ظَمْ) تعظیم کیا ہوا، بزرگ۔

www.urduchannel.in

معظمات (مُعَظَّ، ظمات) بزرگ چیزیں۔
معظمہ (مُعَظَّ، ظمہ) بزرگ عورت، تعظیم کی ہوئی۔
معظمی (مُعَظَّ، ظمی) میرے معظم، میرے بزرگ۔
معفو (ع) ۔ فُو، معاف کیا ہوا۔
معقب (مُعَقِّ، قِب) پیچھے سے آنے والا۔
معقد (ع) ۔ قِد، عقد کی جگہ، پیوند لگانے کی جگہ
گرہ باندھنے کی جگہ جمع مَعَاقِد (مُعَقِّ، قِد)
بندھا ہوا، گرہ لگا ہوا، مشکل اور دقیق کلام۔
معقل (ع) ۔ قِل، جائے پناہ، قلعہ، سر جمع مَعَاقِل
معقود (ع) ۔ قُود، گرہ لگایا ہوا، عقد کیا ہوا۔
معقول (ع) ۔ قُول، جو عقل کو پسند ہو، عقل میں
لایا ہوا، باندھا ہوا۔
معقولی (ع) ۔ قُو۔ لی، منطقی۔
معقولیت (ع) ۔ قُو۔ لِی یَت، معقول پن۔
معک (مَعَکَ) تیرے ساتھ۔
معک اللہ (مَعَکَلْلَہ) اللہ تیرے ساتھ ہو۔
معکوس (ع) ۔ کُوس، اُلٹا، اوندھا۔
معلاق (ع) ۔ لاق، لٹکانے کا آلہ جمع مَعَالِیق۔
معلف (ع) ۔ لَف، گھاس کاٹنے کا آلہ (ع) ۔ لَف،
گھوڑوں کے گھاس کھانے کی جگہ۔
معلق (مُعَلَّ، لَق) لٹکا ہوا، اوندھا۔
معلل (مُعَلِّ، لِل) سبب کہنے والا، بیماری دور کرنے والا
(مُعَلَّ، لَل) سیراب کیا ہوا، سبب کیا ہوا۔
معلم (ع) ۔ لِم، آگاہ کرنیوالا (ع) ۔ لَم، نقشین چیز، نقش کا کام
کیا ہوا، آگاہ کیا ہوا (ع) ۔ لَم، علامت، نشان جمع مَعَالِم (مُعَلَّ
لَم) تعلیم دیا ہوا، سکھلایا ہوا (مُعَلِّ، لِم) تعلیم دینے والا،
سکھلانیوالا، جہاز کا ملاح جمع مَعَالِمِیْن۔
معلم الملکوت (مُعَلِّ، لِمُل۔ مَلَکُوت) فرشتوں کا معلم،
لقب شیطان۔
معلن (ع) ۔ لِن، اعلان کرنیوالا (ع) ۔ لَن، اعلان کیا ہوا۔
معلول (ع) ۔ لُول، علت کیا ہوا، وہ چیز جسکا کوئی سبب ہو۔

معلوم (ع) ۔ لُوم، جانا ہوا، وہ بات جس کا علم ہو،
مال وزر، روپیہ۔
معلومہ (ع) ۔ لُو۔ مَہ، جانی ہوئی چیز جمع مَعْلُومَات۔
معلومی (ع) ۔ لُو۔ مِی، جانا ہوا۔
معلی (مُعَلِّ، لَا) بلند کیا ہوا، برتر (ع) ۔ لَا، بلندرتبہ
جمع مَعَالِی۔
معمار (مُعَمِّ، مَا) چھپی ہوئی چیز، باندھا کیا ہوا، چھپتار، پہیلی
معمار (ع) ۔ مَار، آباد کرنیوالا، عمارت بنانیوالا،
راج، مستری۔
معماری (ع) ۔ مَا۔ رِی، راج گیری۔
معمر (مُعَمَّ، مَر) لمبی عمر پایا ہوا، بوڑھا، آباد کیا ہوا، آباد کیا ہوا۔
معمعان (ع) ۔ مَعَان، ہر چلچلاتی گرمی، شدت گرمی۔
معمل (ع) ۔ مَل، عمل کرنیکی جگہ، کام کرنیکی جگہ، بھٹی
جمع مَعَامِل (مُعَمِّ، مِل) عمل دینے والا (مُعَمَّ، مَل)
عمل دیا ہوا، عمل دینے کی جگہ (ع) ۔ مَل، کام میں لانیوالا
(ع) ۔ مَل، کام میں لایا ہوا، راستہ چلا ہوا، سالک۔
معمم (مُعَمِّ، مَم) عمامہ یا پگڑی باندھا ہوا، عالم کیا ہوا،
شامل کیا ہوا، ماسوا، بنایا ہوا۔
معمور (ع) ۔ مُور، آباد، بھرا ہوا۔
معمورہ (ع) ۔ مُو۔ رَہ، بستی، آبادی، شہر جمع مَعْمُورَات۔
معموری (ع) ۔ مُو۔ رِی، آبادی، پیدائش۔
معموریت (ع) ۔ مُو۔ رِی یَت، بھرا ہوا پن، بالیدگی
معمول (ع) ۔ مُول، عمل کیا ہوا، جس پر کوئی عمل کیا
جاوے جمع مَعْمُولِیْن، روزمرہ کا کام کاج جمع مَعْمُولَات
معمولی (ع) ۔ مُو۔ لِی، سرسری، رسمی، معمولی درجہ
معنی (مُعَنَّ، نَا) دیکھو معنا۔
معنا (ع) ۔ نَا، بطور معنی، اشارتاً۔
۲۔ نام وزن چودہ ماشے ۴ رتی کی برابر ہے۔
نشا (نشا) نشاستہ (نش۔ ا) دنیا، جہان، نیا پیدا ہونا۔
نشاب (نش۔ شاب) تیمہ۔
نشات الثانیہ (نش۔ اَتُ۔ ثا۔ نیہ) دوبارہ زندگی، دوبارہ پیدا ہونا۔
نشاتین (نش۔ آتین) دنیا و آخرت۔
نشاختن، نشاختن (نشاخ۔ تن، نشا۔ خ۔ تن) یقین کرنا، پہچاننا۔
نشاد (نشا) د) قسم دلانا، حلف دینا۔
نشارہ (نشا۔ رہ) لکڑی وغیرہ کا برادہ۔
نشاستج (نشاس۔ تج، نشا۔ سج) نشاستہ۔
نشاستن (نشاس۔ تن) پہچاننا، رکھنا۔
نشاستہ (نشاس۔ تہ) پہچانا ہوا، رکھا ہوا۔
نشاط (نشاط) خوشی، شادمانی، امنگ (نشا ظ) نشیط کی جمع۔
نشاف (نشاف) جاذب، جذب کرنیوالا، اپنے اندر کھینچ لینے والا، بلاٹنگ پیپر۔
نشان (نشان) علم، جھنڈا، تمغہ، فرمان شاہی۔
نشانچی (نشان۔ چی) جو نشانہ لگا دے۔

www.urduchannel.in

نشاندن (نشا۔ندن) بٹھانا، رکھنا۔
نشانہ (نشا۔نہ) جگہ گولی مارنے کی۔
نشانی (نشا۔نی) پہچان، یادگاری کی علامت۔
نشاندن (نشا۔نی۔دن) بٹھلانا۔
نشب (نشَ) مال و دولت، زمین۔
نشتر (نشتر) جراح کا اوزار۔
نشتر کدہ (نشتر۔کدہ) نشتر کا گھر۔
نشتن (نشتن) نشستن کا مخفف۔
نشخار، نشخوار (نشخ۔خار، نشخ۔خوار) جگالی۔
نشدت (نشدت) کھوئی ہوئی چیز ڈھونڈھنا۔
نشر (نشر) خوشبو، زندگی، خبر پھیلانا (نشر) پریشان، پراگندہ۔
نشر الشعر (نشر۔شعر) بال بکھیرنا۔
نشر الصوت (نشر۔صوت) آواز پھیلانا۔
نشرہ (نشر۔رہ) ختم قرآن کی شادی (نشر۔رہ) تعویذ، جادو، منتر۔
نشز (نشز) اونچی جگہ، بلندی ڈھونڈھنا۔
نشست (نشست) بیٹھک۔
نشستن (نشست۔تن) بیٹھنا مصنع نشیمن۔
نشستی (نشست۔تی) بیٹھنے کے لائق۔
نشستہ (نشست۔تہ) بیٹھا ہوا۔
نشف (نشف، نشف) ہر پتلی چیز جذب کرنا (نشف) کھجور کی، لکڑی کا پیالہ۔
نشفہ (نشف۔فہ) کھانوں، سنگ پا۔
نشق (نشق) لہو، باس (نشق) جس سے چھٹکارہ ممکن نہ ہو (نشق۔ق) دوڑنا، ہرن کا جال میں پھنسنا۔
نشکنج (نشک۔کن۔ج) چیستوا، چٹکی۔
نشکنجیدن (نشک۔کن۔جی۔دن) چیستوا لینا، چٹکی لینا۔
نشکنجیدہ (نشک۔کن۔جی۔دہ) چیستوا لیا ہوا۔
نشگردہ (نشگ۔گرد۔دہ) رائی۔
نشلیدن (نشل۔لی۔دن) چٹکی لینا، چیستوا لینا۔
نشمردہ (نشمر۔دہ) بلا گنا ہوا۔
نشو (نشو) ہڑھوار، اگاؤٹ۔
نشوار (نشو۔وار) جگالی۔
نشوان (نشو۔وان) مست، مستی۔
نشوت (نشو۔وت) خبر معلوم کرنا، بو پانا (نشو۔وت) ظاہر ہونا، مست ہونا۔
نشور (نشور) روز قیامت، زندہ ہونا۔
نشوز (نشوز) بیوی کا اپنے شوہر سے بگاڑ کرنا۔
نشوق (نشوق) ہلاس، ناک میں استعمال کی دوا۔
نشو و نما (نشو۔وو۔نما) بڑھوار، بالیدگی۔
نشہ (نشہ، نشہ) نشیلی چیز پینے یا کھانے کے بعد کی مستی اور کیفیت جس سے بیہوشی از خود رفتگی طاری ہو۔
نشیاں (نشی۔یاں) خبر لینے والا۔
نشیب (نشیب) پنہان، پست زمین۔
نشیج (نشیج) ہچکی لگنا۔
نشید (نشید) شعر پڑھنا، آواز بلند کرنا (نشید) گانے بجانے کی آواز۔
نشیدن (نشی۔دن) نشاندن کا مخفف۔
نشیط (نشیط) خوش و خرم جمع نشاط۔
نشیم، نشیمن (نشیم، نشی۔من) گھونسلا، آرام گاہ۔
نشین، نشیندہ (نشین، نشی۔ندہ) بیٹھنے والا۔
نص (نص) ہر عیان اور ظاہر بات، قرآن شریف کی صاف معنی کی آیت جمع نصوص۔
نصاب (نصاب) سرمایہ، مال، پونجی، دستہ، مال کی اتنی مقدار کہ جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔
نصاب تعلیم (نصا۔ب۔تع۔لیم) پڑھائی کی کتابیں جو کسی مقصد کیلئے نامزد کی گئی ہوں۔
نصاحت (نصا۔حت) نصیحت کرنا۔
نصاری (نصا۔ری) نصرانی کی جمع۔

www.urduchannel.in

نصاف، **نصافہ** (نصاف، نصافہ، ف) خدمت کرنا۔
نصائح (نصائح، ج) نصیحت کی جمع۔
نصب (نصب، ن، ف، ب) وہ چیز جو قائم کی جاوے، بت، مورتی جمع **اَنصاب**
(نصب، ب) حرکت زبر (ر) برپا کرنا، زبر لگانا۔
نصب العین (نصب، ع، ع، ن) منظور خاطر، مدنظر، آنکھ کے مقابل۔
نصر (نصر، ر) مددگار جمع **اَنصار** مدد، مدد کرنا،
(نصر، ر) نامرکی جمع۔
نصران (نصر، ن) ملک شام میں عیسائیوں کی ایک قدیم بستی، نصرانی کی جمع۔
نصرانی (نصر۔ را۔ نی) نصران کا رہنے والا، عیسائی جمع **نصرانیان** جمع جمع **نصاریٰ**۔
نصرانیت (نصر۔ را۔ نی۔ یت) عیسائی پنا، عیسائی مذہب
نصرت (نصر، ر، ت) امتحندی، امداد۔
نصف (نصف، ف) آدھا، ادھیائی جمع **اَنصاف**۔
نصفا نصف (نصف۔ فا۔ نصف، ف) آدھوں آدھ۔
نصف النہار (نصف۔ ف، ن، نہار) دوپہر۔
نصفت (نصفت، ف) داد، انصاف، بنیاد۔
نصل (نصل، ل) تیر کا پیکان، نیزے کا پھل جمع **نِصال**، **نُصول**۔
نصوح (نصوح) صاف، خالص، وہ سچی توبہ کہ جس کو پھر کبھی نہ توڑا جاوے۔
نصیب (نصیب) بہرہ، حصہ، بانٹا پانی جمع **اَنصبہ**، **اَنصبا**۔
نصیبہ (نصیبہ۔ ب) قسمت، حصہ جمع **نصائب**۔
نصیح (نصیح) نصیحت کرنے والا جمع **نُصحا**۔
نصیحت (نصیحت۔ ح، ت) پند، بھلی بات جمع **نصائح**
نصیر (نصیر) مددگار۔
نصیری (نصیر۔ ری) حضرت علی کرم کو خدا ماننے والا۔
نصیف (نصیف) آدھی چیز، چادر، خادم۔

نضار (نضار) سونا، زر، ہر خالص چیز۔
نضارت (نضا۔ رت) تازگی، آبادی۔
نضج (نضج) پھل یا زخم یا مادہ یا غلط کا پکنا۔
نضح (نضح) حوض جمع **اَنضاح** (نضح) چھڑکاؤ، پانی کھینچنا۔
نضر (نضر) خالص چیز (نضر، ر) زر، تروتازگی۔
نضرت (نضر۔ رت) تازگی۔
نضو (نضو، و) کپڑے اتارنا۔
نضیج (نضیج) پھوڑا یا مادہ پکا ہوا۔
نضیج الرای (نضیج۔ جُ۔ را۔ ئی) جس کی رائے پختہ ہو۔
نضیر (نضیر) تازہ، آبدار، زر۔
نطاسی (نطا۔ سی) حکیم، طبیب، بچشک۔
نطاق (نطاق) پیٹی، کمربند، پٹکا جمع **نُطُق**۔
نطع (نطع، ع) بساط، چمڑے کا بچھونا،
اور صورتی جمع **نُطُوع**۔
نطعی (نطع۔ عی) چمڑے کی جانگیا۔
نطفہ (نطف۔ فہ) صاف پانی، مرد کا وہ مادہ جس سے عورت حاملہ ہوتی ہے جمع **نُطَف**، **نُطَفْ**،
نِطاف (نطف، فہ) گوشوارہ، بُندا، مرکی۔
نطق (نطق) بات، گویائی، ایڈریس، سپاسنامہ
نطق ہمایونی (نطق۔ ہما۔ یو۔ نی) برکت والی بات، بڑے آدمیوں کی بات۔
نطو (نطو، و) دوری، دور ہونا۔
نطوح (نطوح) مرکھنا، مرکھنا جانور۔
نطول (نطول) دھارنے کا پانی جس میں دوائیں جوش دی گئی ہوں۔
نظارت (نظا۔ رت) سررشتہ، محکمہ، نگرانی، نگہداری، نگہبانی۔
نظارگی (نظا۔ رگی) نظربازی، تماشائی۔
نظارہ (نظا۔ رہ، نظ، ظا۔ رہ) دیکھ بھال، عینک، دوربین، تماشا۔
نظافت (نظا۔ فت) صفت، پاکیزگی۔

www.urduchannel.in

نظام (نظام) فوج، لشکر، سلسلہ، ترتیب، پریزیڈنسی، رسم، عادت، بندوبست، لڑی جمع آنظم، آنا رظم، نظم و نظم، نظام، ناظم کی جمع۔

نظام الملک (نظام۔ مُل۔ مَل۔ ک) لقب اصفجاہ نواب حیدرآباد دکن۔

نظامیہ (نظا۔ مِیَہ) بغداد کی ایک قدیم تاریخی یونیورسٹی، جنگی فوج۔

نظر (نظر) نگاہ، چتون، سوچ، تامل جمع اَنظار۔

نظران (نظرا) درشن، دید، دیکھنا۔

نظر انداز (نظر۔ اَنْ۔ دا) نگاہ سے ڈالا ہوا۔

نظر باز (نظر۔ باز) نگہبان، تماشائی۔

نظر بند (نظر۔ بَنْ۔ د) جس کی طرف نگرانی کی جاتی ہو۔

نظر بندی (نظر۔ بَنْ۔ دی) نگرانی۔

نظر تنگ (نظر۔ تَنْ۔ گ) کنجوس۔

نظر ثانی (نظر۔ ثا۔ نی) دوسری بار دیکھ بھال۔

نظر غلط انداز (نظر۔ غلَط۔ اَنْ۔ دا) غلط چلائی ہوئی نگاہ۔

نظری (نظری) وہ چیز جس کا تعلق نظر سے ہو۔

نظم (نظم) موزوں کلام، لڑی، ترتیب، آرائش۔

نظم و نسق (نظم۔ مُو۔ نَسْ) آراستگی اور ترتیب۔

نظیر (نظیر) مانند، مثل جمع نظائر۔

نظیرت (نظی۔ رَت) سردار قوم جمع نظرا۔

نظیف (نظیف) حلال، پاک۔

نعاب (نِعْ) عاب، کوے کا بچہ۔

نعاس (نُعاس) نیند، ہلکی نیند۔

نعال (نِعْ) عال، نعلین (نِعَا) نعل کی جمع۔

نعامہ (نَعا۔ مَہ) شترمرغ، جو کچھ پاؤں سے ہو، بیابان جمع نعائم۔

نعبان (نَعبان) کوے یا مرغے کا بولنا۔

نعت (نَعْ) ت) تعریف، صفت، سردار دو عالم کی صفت جمع نعوت۔

نعشل (نَعْ۔ شَل) لکڑ ہنگا، ہنڈار۔

نعع (نَعْ) ج، خالص سفیدی۔

نعجہ (نَعْ۔ جَہ) بھیڑ، بھیڑی جمع نعاج۔

نعرہ (نَعْ۔ رَہ) زور کی آواز، للکار۔

نعس (نَعْ۔ س) غنودگی، اونگھ۔

نعش (نَعْ۔ ش) لوتھ، مردہ لاش، تخت۔

نعل (نَعْ۔ ل) جوتی، جو تاج نعّال۔

نعلبند (نَعْ۔ ل۔ بَنْ۔ د) نعل باندھنے والا۔

نعل بہار (نَعْ۔ ل۔ بہا) تراج جو کمزور حکومت طاقتور کو ادا کرے۔

نعل در آتش (نَعْ۔ ل۔ دَر۔ آ۔ تش) بے قرار، اضطراب مآبے قراری۔

نعلین (نَعْ۔ لین) جوتے کا جوڑا، دو جوتیاں۔

نعلین چوبین (نَعْ۔ لِن چُو۔ بین) کھڑاؤں۔

نعم (نَعَم) چوپایہ جمع اَنعام، نِعْمان کلمۂ ایجاب ٹھیک، جی ہاں (نِعْ۔ م) تازگی، نرمی، خوبی (نَعَم) نعمت کی جمع (نِعْ۔ م) نیک، اچھا۔

نعما (نَعْ۔ ما) نعمتیں، نعمت۔

نعم البدل (نِعْ۔ مُل۔ بَدَل) اچھا بدلا، نیک عوض۔

نعمت (نِعْ۔ مَت) تازہ، آسائش، روزی، مال، نیکی، بخشش، پہونچ جمع مَنَاعِم، نِعَم، اَنعم، نِعْمات۔

نعناع (نَعْ۔ نا۔ نَعْ) نا۔ عِ) نَع) پودینہ۔

نعومت (نُعُو۔ مَت) نازکی، نرمی۔

نعی (نَعْی) سناونی، خبر مرگ (نَعَی) دیکھو ناعی۔

نعیب، نعیق (نَعِیب، نَعِیق) کوے کی آواز، کائیں کائیں۔

نعیم (نَعِیم) بہشت، نعمت، نیکی، دسترس، مال، ناز، نازکی، انعام کیا ہوا۔

نغروج (نُغْ۔ رُو۔ ج) بلبل۔

نغز (نَغْ۔ ز) انوکھا، نادر، اچھا، پہیلی، چیستاں۔

نغزک (نَغْ۔ زَک) اچھی چیز، اچھا معمولی کام۔

www.urduchannel.in

نغض (نَغْض) ض، سر ہلنا، سر ہلانا۔
نغل (نَغْل) ا۔ رات کو جنگل میں چوپایوں کے رہنے کی جگہ ۲۔ حرامی، بدنسل، کمینہ وبدی۔
نغمہ (نَغْمَہ) سریلی آواز، راگ جمع **نَغَمَات**۔
نغنوبدن (نَغْنُوبَدَن) ل۔ نوبی۔ دن، چوکنا رہنا، ہشیار رہنا۔
نغنغہ (نَغْنَغَہ) ل۔ نغمہ۔
نغوشاکیدن (نَغُوشَاکِیدَن) شا۔ کی۔ دن، مذہب تبدیل کرنا۔
نغول (نَغُول، نَغْوَل) وہ جگہ جو جنگل میں چوپایوں کے بسیرا لینے کو بنائی جاوے (نَغُوَل) گہرا، دور، تمام، کامل (نَغْوَل) سیڑھی، زینہ۔
نغولہ (نَغُولَہ) بالوں کا جوڑا، سر کے بالوں کا گچھا، زلف۔
نفاج (نَفَّاج) پھلانے والی۔
نفاخات (نَفَّاخَات) بلبلا۔
نفاد (نَفَاد) گئی گذری چیز، نبڑ جانا۔
نفاذ (نَفَاذ) اجرا، جاری ہونا۔
نفاس (نِفَاس) سناقشہ، خون ولادت، زچہ کا چلہ۔
نفاست (نَفَاسَت) ست، اچھائی، خوبی، لطافت۔
نفاض (نَفَاض) جھڑن، جھڑی ہوئی چیز۔
نفاط (نَفَّاط) مٹی کا تیل۔
نفاع (نَفَّاع) بڑا نفع پہونچانیوالا **النَّفَّاع**، نافع کی جمع۔
نفاغ (نِفَاغ) بڑا پیالہ۔
نفاق (نِفَاق) دو دلی، ظاہر کچھ اور دل میں کچھ، بیر، دشمنی (نَفَاق) رواج، کسی چیز کا چالو ہونا
نفائح (نَفَائِح) نفوح کی جمع۔
نفت (نَفْت) دیکھو نفط۔
نفث (نَفْث) ث، پھونکنا، غصہ، پھونکنا۔
نفح (نَفْح) ح، ہوا بھرنا، مہکنا۔
نفحت، نفحہ (نَفْحَت، نَفْحَہ) حَت، نَفْحَہ، خوشبو، لپٹ جمع **نَفَحَات**، **نَفَائِح**۔
نفخ (نَفْخ) خ، پھونکنا، ہوا بھر جانا۔
نفخہ (نَفْخَہ) خہ، ایک مرتبہ کی پھونک جمع **نَفَخَات**۔
نفد (نَفِد) د، نبڑ جانا، گئی گذری ہونا۔
نفذ (نَفَذ) چھڑوانا۔
نفر (نَفَر) ایک آدمی، نوکر جمع **اَنْفَار**۔
نفرت (نَفْرَت) رت، ناپسندگی، بیزاری، گھن (نَفَر) رَت، ایک مرتبہ بھاگن، بھاگ۔
نفرہ (نَفْرَہ) نافرکی جمع (نَفَر) رَہ، ایک مرتبہ بیزاری۔
نفری (نَفَرِی) ایک آدمی کا کام۔
نفریدن (نَفْرِیدَن) ری۔ دن، نفرین کرنا۔
نفریس (نَفْرِیس) یس، بیشگار، ملایت۔
نفس (نَفَس) سانس، دم جمع **اَنْفَاس** (نَفْس) جان، روح، خون، تن، ہستی، حقیقت جمع **نُفُوس**، **اَنْفُس**۔
نفسا (نِفَاس) سناؤ، زچہ۔
نفس الامر (نَفْس اَلْاَمْر) جسلح۔ امر، کار واقعی، اصل مدعا۔
نفس امارہ (نَفْس اَمَّارَہ) مر۔ مَا۔ رَہ، وہ نفس جو بری باتوں کے لئے پھسلاتا ہے۔
نفسانی (نَفْسَانِی) نی، منسوب بہ نفس، عیاش، خود غرض، نفس کا، نفس کی۔
نفسانیت (نَفْسَانِیَّت) خود غرضی، ہٹ دھرمی۔
نفس بازپسیں (نَفْس۔ پَاز۔ پَسِیں) آخری سانس۔
نفس بہمی (نَفْس۔ بَہْمِی) نفس، مادہ۔
نفس ربا (نَفْس۔ رُبَا) کلام جسکا تلفظ اور پڑھنا اہل ہو۔
نفس کشی (نَفْس۔ کُشِی) خواہشات پر قابو۔
نفس لوامہ (نَفْس۔ لَوَّا۔ مَہ) نفس جو بری بات کے بعد پچھتاتا ہے۔
نفس مطمئنہ، نفس ملکی (نَفْس۔ مُطْمَئِن۔ مَہ، نَفْس۔ مَلَکِی) نفس جو بری باتوں سے پاک ہے۔

www.urduchannel.in

نفس ناطقہ (نَفْ سِ۔ نا۔ طِقَہ) روح، جان۔
نفس نباتی (نَفْ سِ۔ نَبا۔ تی) نباتات کی روح۔
نفس واپسیں (نَفْ سِ۔ وا۔ پَسِیں) آخری سانس۔
نفسی (نَفْ سی) بدنی، ذاتی، منسوب بہ نفس (نَفْس) سانس سے متعلق، سانس کا، سانس کی۔ نفسی مشورہ
نفسیات (نَفْ سِیات) نفسی کی جمع، نفس سے نسبت رکھنے والی چیزیں۔
نفسی نفسی (نَفْ سی۔ نَفْ سی) آپا دھاپی۔
نفض (نَفْ ض) چوا ہوا پھل، جھاڑ نا۔
نفضہ (نَفْ ضَہ) پھونکا، پھونکا چھینٹا، جھالا۔
نفط (نَفْ ط) ملٹی کا تیل، بارود (نَفْ ط) اچھالا پڑنا۔
نفطہ (نَفْ طَہ) آبلہ، چھالا، پھپولا۔
نفع (نَفْ ع) فائدہ۔
نفق (نَفَ ق) پتلا راستہ، سرنگ، خرچ نکل جانا۔
نفقہ (نَفَ قَہ۔ نَفْ قَہ) بیوی بچوں کا خرچ، خرچ خانگی
نفاق (نِفَ اق)۔
نفل (نَفْ ل) عطیۂ غیر ضروری، عبادت جو واجب نہیں جمع نوافل (نَفْ ل) مال غنیمت جمع انفال۔
نفوخ (نَفُوخ) پھلاس، ناک میں پھونکنے کی دوا۔
نفوذ (نُفُوذ) رسوخ، اثر، پھیلاؤ
نفور (نُفُور) نفرت کرنیوالا، بھاگنے والا (نَفْ ر) بھاگنا۔
نفوس (نُفُوس) نفس کی جمع۔
نفوس ثلاثہ (نُفُوسِ۔ ثَلا۔ ثَہ) نفس (بارہ) نفس۔ مطہرہ، نفس نوآموز۔
نفوس قدسیہ (نُفُوسِ۔ قُدْ۔ سِیَہ) پاک روحیں۔
نفی (نَفْ ی) نہیں، نیست، انکار، باکنا، دور کرنا۔
نفیر (نَفِیر) فریاد، نالہ، آواز، بانسری، بھاگنے والا، نفرت کرنے والا۔
نفیری (نَفِی۔ ری) ایک بانسری۔
نفیس، **نفیسہ** (نَفِیس، نَفِی۔ سَہ) بڑھیا، گرانمایہ، لطیف جمع نفائس۔
نفیسہ (نَفِی۔ سَہ) نفیس کا مونث، لطیف عورت
نقار (نَقّار) پاکیزگی، پاکی (نَقا) رنگ کا تودہ۔
نقاب (نِقاب) گھونگھٹ، پردہ جمع انقاب
نقاب پوش (نِقاب) منہ کو ڈھکنے والا، مشورہ کرنیوالا۔
نقابت (نَقا۔ بَت) صفت، تعریف۔
نقابہ (نُقّا۔ بَہ) چھاؤنی، انشا نہ۔
نقاد (نَقّاد) کھرا پرکھنے والا۔
نقار (نَقّار) کینہ، بیر، دشمنی (نَقْ) تاڑ، چوبیں مارنے والا، چھیڑنے والا، انگلی مارنے والا۔
نقارچی (نَقّار۔ چی) نقارہ بجانے والا۔
نقارخانہ (نَقّار۔ خا۔ نَہ) نقارہ بجانے کا مکان۔
نقارہ (نَقّا۔ رَہ) ڈھول، ڈنکا، کوس، دھونسہ۔
نقاش (نَقّاش) نقش ونگار بنانے والا۔
نقاشی (نَقّا۔ شی) نقش بنانا۔
نقال (نَقّال) بھانڈ، نقل کرنے والا۔
نقالی (نَقّا۔ لی) نقل بنانا۔
نقاوت (نَقا۔ وَت) پاکیزگی۔
نقاوہ (نُقا۔ وَہ) خلاصہ، پسندیدہ۔
نقاہت (نَقا۔ ہَت) ضعف، ناتوانی، ناطاقتی۔
نقائص (نَقا۔ ءِص) نقیصت کی جمع۔
نقب (نَقْ ب) کھوکل، مشورہ، نشہ، نگ جمع انقاب
نقاب۔
نقبہ (نُقْ۔ بَہ) کھجلی، خارش۔
نقد، **نقدہ** (نَقْ د، نَقْ۔ دَہ) پرکھ، دین، سکہ مثل روپیہ اشرفی پیسہ وغیرہ، دل، ذات، بیٹا، فی الحال جمع نقود۔
نقد جان (نَقْ۔ دِ۔ جان) جان، روح، سونا چاندی کا سکہ۔
نقدینہ (نَقْ۔ دی۔ نَہ) نقدی، زر نقد۔
نقر (نَقْ ر) کوٹنا، کھودنا، چکنا، سکہ بجانا، ٹھٹھار نا۔

www.urduchannel.in

نقرس (نِ قْ رِ) ایک شدید درد جو پیر کی انگلیوں سے اٹھتا ہے۔

نقرہ (نُ قْ رَ) چاندی، اگرٹھا، سفید گھوڑا۔

نقرئی (نُ قْ رَ ئی) چاندی کی چیز

نقس (نَ قْ س) نکھٹے کی سیاہی جمع اَلْنِقَاس۔

نقش (نَ قْ ش) چھاپہ، تصویر، نشان، لیاقت، سنوار، جمع نُقُوش۔

نقش برآب (نَ قْ ش بَ رْ آ ب) ناپائیدار، بے ثبات۔

نقشبند (نَ قْ ش بَ نْ د) خالق، صانع۔

نقش پا (نَ قْ ش پا) پاؤں کا نشان۔

نقش دل (نَ قْ ش دِ ل) یقین، سویدا۔

نقش دیوار (نَ قْ ش دی وا ر) دیوار کی تصویر، بیہودہ، جو بالکل بے چین اور اپنے جگہ میں گڑا ہوا ہو۔

نقش زیاد (نَ قْ ش زِ یا د) اسم بلاسمّی، نادیدنی۔

نقش سویدا (نَ قْ ش سَ وَ یْ دا) دل کا کالا نقطہ۔

نقش قریہ (نَ قْ ش قَ رِ یَہ) جوابی نقش۔

نقش کا (نَ قْ ش کا) کچھ (نَ قْ ش) کچھ، مثل پتھر کے نقش کے، جو مٹ نہ سکے۔

نقش گذارش (نَ قْ ش گُ ذا رِ ش) گذارش قابل بیان قصہ۔

نقشہ (نَ قْ شَہ) تصویر، نمونہ جمع نَقْشَجَات۔

نقشین (نَ قْ شِ ین) نقش والی چیز، منسوب بہ نقش۔

نقص (نَ قْ ص) کمی، کھوٹ جمع اَلْنِقَاص۔

نقصان (نُ قْ صا ن) ضائع، کمی، ٹوٹا۔

نقصانی (نُ قْ صا نی) دیکھو نقصان۔

نقض (نَ قْ ض) توڑنا۔

نقطہ (نُ قْ طَہ) بندکی، بندی، منتہائے خط جمع نِقَاط، نُقَط۔

نقطۂ انتخاب (نُ قْ طَۂ اِ نْ تِ خا ب) نقطہ بطور علامت پسندیدگی۔

نقطۂ سہو (نُ قْ طَۂ سَ ہْ و) نقطہ جو بھول سے لگ جائے۔

نقطۂ شک (نُ قْ طَۂ شَ ک) نقطہ بطور علامت شک

نقطۂ گاہ (نُ قْ طَۂ گا ہ) دائرے کا مرکز۔ ⊙

نقطۂ مقابل (نُ قْ طَۂ مُ قا بِ ل) ہمسر، حریف۔

نقطۂ نوگریز (نُ قْ طَۂ نَ وْ گُ ریز) روفشائی کی بلا جو قلم سے کاغذ پر ٹپک پڑے۔

نقع (نَ قْ ع) گرد، غبار، بھگونا۔

نقل (نَ قْ ل) بیان، کہانی، بناوٹ، نمونہ جمع نُقُول

ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، نمونہ اتارنا، نَاقِل (ل)

شراب کے اوپر کھانے کی چیز مثل کباب، میوہ وغیرہ، گرگ۔

نقل خواجہ (نَ قْ ل خا جَہ) بھگوا۔ جمع چرد نبی۔

نقلی (نَ قْ لی) میوہ فروش (نَ قْ لِ ی) مصنوعی، بناوٹی۔

نقمت (نِ قْ مَ ت) دکھ، کینہ، تکلیف جمع نِقَمَات۔

نقوع (نُ قُو ع) پانی میں بھیگا ہوا میوہ یا دوا (نُ قُو عْ) پانی جس میں دوائیاں بھگو لی گئی ہوں۔

نقی (نَ قی) پاک، خالص جمع نِقَاوٗ (نَ قَ وْ ی) ہڈی کا گودا۔

نقیب (نَ قِیب) بزرگ، سردار، عقلمند، حسب و نسب جاننے والا، ملاقات کرانیوالا، لازم جمع نُقَبَاءٗ۔

نقیر (نَ قِیر) گڑھا، اصل، حقیر۔

نقیصت، نقیصہ (نَ قِی صَ ت، نَ قِی صَہ) عیب، برائی، کمی، نقصان، بدی جمع نَقَائِص۔

نقیض (نَ قِیض) ضد، اکٹا، توڑنے والا۔

نقیع (نَ قِیع) پینے کیلئے ٹھنڈا کیا ہوا خالص دودھ، ٹھنڈا میٹھا پانی، بھگوئے ہوئے پھل پھلاریا دوائیاں بھگوئی ہوئی دوائیوں کا پانی۔

نقیعہ (نَ قِی عَہ) سفر سے واپسی کی دعوت۔

نقیق (نَ قِیق) مرغ، اور بیڈک کی آواز۔

نقیہ (نَ قِی ہ) کمزور، ناطاقت (نَ قِی یَہ) پاک، خالص۔

نکابت (نِ کا بَ ت) ایذا رسانی دشمن کے لئے۔

نکات (نِ کا ت) نکتہ کی جمع۔

www.urduchannel.in

نکاح (نِکاح) شادی، بیاہ، عقد۔
نکاحی (نِکاحی) بیاہی عورت (نکاح کا، نکاح کی۔
نکارہ (نکارہ۔ رَہ) دیکھو نکارہ۔
نکال (نِکال) عقوبت، عبرت کے لئے سزا۔
نکب (نکب، ٹیڑھا، بگی (نکب، ب) اوندھا گرنا۔
نکبا (نکبا) چاروں طرف کی ہوا۔
نکبت (نکبت۔ بَت) خواری، رنج، ماندگی، مصیبت۔
نکت (نکت، ت) گریدنا (نکتہ) نکتہ کی جمع۔
نکتہ (نکتہ۔ تہ) اچھوتی ہوئی پاکیزہ بات، نقطہ، جمع نکات، نکتات۔
نکث (نکث، ث) رسی کا بل کھولنا، عہد توڑنا۔
نکد (نکد) سختی، ناخوشی۔
نکرا (نکرا، نکرا، م) انجان پن، تعجب (نکرہ) عقلمند، چترا، انجان۔
نکرہ (نکرہ) ناشناسی، انجان پن، عضو معرفہ۔
نکس (نکس، س) اوندھا کرنا (نکس، س) ہیار کا کوٹ آنا۔
نکل (نکل) قید ہی کی بیڑی۔
نکو (نکو، نکو) خوب، اچھا، نیک۔
نکوب (نکوب) راہ سے پھر جانا۔
نکوص (نکوص) پیچھے پھرنا، کام چھوڑ بیٹھنا۔
نکول (نکول) بدولی، اعراض۔
نکونامی (نکونامی) نیک نامی۔
نکوہ (نکوہ) برا کہنے والا، ڈھونڈھنے والا۔
نکوہش (نکوہش) ملامت، جھڑکی۔
نکوہندہ (نکوہندہ۔ دَہ) ملامت کرنے والا، بدی کہنے والا۔
نکوہیدن (نکوہیدن۔ دَن) ملامت کرنا، بدی کرنا۔ مصدر نکوہندہ۔
نکوہیدہ (نکوہیدہ۔ دَہ) ملامت کیا ہوا، بدی کیا ہوا، خراب۔
نکوئی (نکوئی۔ ئی) بھلائی، نیکی۔
نکہت (نکہت۔ ہَت) خوشبو، منھ کی خوشبو۔

نگ (نگ) نگینہ۔
نگار (نگار) نقش، مورتی، بت، محبوب، لکھنے والا۔
نگار آلود (نگار۔ آ۔ لُود) نقش و نگار کیا ہوا۔
نگار خانہ، نگارستان (نگار۔ خا۔ نہ، نگار۔ ستان۔ یش۔ تان) تصویروں کا مکان۔
نگارش (نگار۔ یش) نقش، لکھنت۔
نگارندہ (نگار۔ ندہ۔ دَہ) لکھنے والا۔
نگاردن، نگاشتن (نگار۔ دَن۔ نگاش۔ تَن) نقش کرنا، لکھنا۔ مصنع نگارد۔
نگاشتنی (نگاش۔ تنی) نقش کرنے، لکھنے کے لائق۔
نگاشتہ (نگاش۔ تہ) لکھا ہوا۔
نگاہ (نگاہ) نظر۔
نگاہبان (نگاہ۔ بان) چوکیدار، محافظ، پہریدار۔
نگاہداشت (نگاہ۔ داش۔ ت) خبرداری، حفاظت، نگاہ رکھنا۔
نگر (نگر) دیکھنے والا، دیکھ۔
نگران (نگراں) دیکھتا ہوا، دیکھنے والا، منتظر۔
نگرانی (نگرا۔ نی) دیکھ بھال۔
نگرستن، نگریدن، نگریستن (نگر۔ ستن۔ نگر۔ دَن۔ نگر۔ یستن۔ نگر) دیکھنا مصنع نگرد۔
نگریستہ (نگر۔ یستہ) دیکھا ہوا۔
نگندن (نگندن۔ دَن) نگندے ڈالنا، سوئی ڈورے سے ڈالنا۔
نگندہ (نگندہ۔ دَہ) سوئی ڈورے سے سر و ٹاڈالا ہوا۔
نگوں (نگوں) اوندھا، ٹیڑھا، کبڑا، الٹا۔
نگوں بخت (نگوں۔ بَخ۔ ت) بدقسمت۔
نگونسار (نگوں۔ سار) اوندھا، شرم سے سر لٹکا۔
نگہ (نگہ) نگاہ۔
نگہداشت (نگہ۔ داش۔ ت) نگاہداشت۔

www.urduchannel.in

نگیں (نگینہ) انگینہ، نگ۔
نم (نم) تری، سیلن، گیلن۔
نما (نما) دیکھنے والا، دکھانیوالا (نما) بڑھوار، بڑھوتری، افزائش، بالیدگی، پھیلاؤ۔
نمار (نمار) ایما، اشارہ۔
نماز (نماز) پوجا، پرستش، عبادتگاری، نیاز۔
نمازی (نماز-ی) پاک، نماز پڑھنے والا۔
نمام (نم-ام) استرا، چھلنوز، پودینہ۔
نمامی (نم-امی) چھلنوری۔
نمایاں (نما-یاں) نمودار، دیکھنے والا، دکھانیوالا۔
نمایش (نما-یش) دکھلاوٹ، دکھاوا، میلہ، تماشا۔
نمایندگی (نما-ینده-گی) دکھاوٹ، قائم مقامی۔
نمایندہ (نما-ینده) دکھانیوالا، قائم مقام جو نمائندگی کرے۔
نم خوردہ (نم-خورده) بھیگا ہوا۔
نمد (نمد) نمط۔
نمدپوش (نمد-پوش) نمدہ پہننے والا۔
نمدموار (نمد-موی) جھبرا، بڑے بڑے بالوں والا۔
نمدیدہ (نم-دیده) ڈبڈبائی آنکھ، تر آنکھ۔
نمر (نمر) تیندوا جمع نمور، انمار۔
نمرق، نمرقہ (نم-رق، نم-رقه) چھوٹا تکیہ جمع نمارق۔
نمرہ (نم-ره) نمبر، عدد، شمارہ۔ number
نمسہ (نم-سه) آسٹریا (سطی البرب)
نمش (نم-ش) ایک کھانا، نمشی، ایک جلدی مرض۔
نمشیدن (نم-شی-دن) مراد پانا، امید پوری ہونا
نمض (نم-ض) بال کھیڑنا۔
نمط (نمط) روش، طریقہ، فرش، بساط جمع انماط، نماط۔
نمک (نمک) نون، لذت، رونق۔
نمک حرام (نمک-حرام) غیر ہمدرد، نوکر۔
نمک حرامی (نمک-حرا-ی) نوکری بے ہمدردی۔
نمک حلال (نمک-حلال) خیر خواہ نوکر۔
نمک حلالی (نمک-حلا-لی) نوکری خیر خواہی۔
نمک خوار (نمک-خوار) ملازم، نمک کھانے والا۔
نمکدان (نمک-دان) نمک رکھنے کا برتن۔
نمکسار (نمک-سار) نمک کی کان۔
نمکور (نمک-گور) نمک حرام، کور نمک۔
نمکیں (نمکین) سلونا، مسخرہ۔
نمکینہ (نمکی-نه) رائتا، ملیدہ۔
نمگیرہ (نم-گی-ره) شبنمی، اوس میں تانے کا کپڑا۔
نمل (نمل) پھریرا، چمپل، طیار، تیز (نم-ال) چھپکلی، نام مرض جلدی۔
نملہ (نم-له) ایک چھوٹی جمع نمال۔
نمناک (نم-ناک) سیلا ہوا، گیلا۔
نمود، نمودن (نمود) بڑھوار، افزائش، بالیدگی۔
نمود (نمود) نشان، دکھاوٹ، علامت، خوبی، شان، رونق۔
نمودار (نمود-دار) ظاہر، مانند، دلیل
نمودن (نمود-دن) دیکھنا، دکھانا مصنع آید۔
نمودہ (نمود-ده) دیکھا ہوا، دکھایا ہوا۔
نموم (نموم) ٹڈا، چغل خور۔
نمونہ (نمود-نه) نظیر، بانگی، دکھانے کی چیز۔
نمی (نمی) تری، سیلن۔
نمیدن (نمی-دن) میل کرنا، توجہ دکھانا، نمی کھینچنا (نمی-دن) ناامید ہونا۔
نمیدہ (نمی-ده) میل کی ہوا (نمی-ده) ناامید شاہ، مناس۔
نمیر (نمیر) خوش ذائقہ پانی۔
نمیقہ (نمی-قه) تحریر، خط جمع نمائق۔
نمیم (نمیم) چغل خور، غمام۔
نمیمہ (نمی-مه) نرم آواز، چغل خوری، حرکت جمع نمائم۔

www.urduchannel.in

ننگ (ننگ) شرم، بدنامی۔
ننگسار (ننگ۔سار) مسخ، رد، مسخ کا تبدیل قالب۔
ننگین (ننگ۔ین) بگیں، ابرو، آب۔
نو (نَو) نیا، تازہ۔
نوا (نَوا) آواز، سامان، بیٹا، قید، غذا (نوا) دشمنی کرنا۔
نواب (نَوّاب) کسی علاقہ کا حاکم، بہت نہایت کرنیوالا (نوّاب) نائب کی جمع۔
نوآباد (نَو۔آباد) جو نیا آباد ہوا ہو، جو نیا آکر بسے۔
نوآبادکار (نَو۔آباد۔کار) نیا آباد ہونیوالا۔
نوآبادی (نَو۔آباد۔ی) نئی آبادی، کالونی۔
نوابت (نَوابِت) نبات کی جمع۔
نواح (نَواح) اطراف (نواح) آگہی و زاری، رونا دھونا
نواحی (نَواحی) ناحیہ کی جمع۔
نواخانہ (نَوا۔خانہ) قید خانہ، زندان، جیل۔
نواخت (نَواخت) سوانح، مطابق، برابر، لائق۔
نواختن (نَواختن) نوازنا، بجانا مصنع **نوازد**۔
نواختنی (نَواختنی) نوازنے کے لائق، بجانے کے لائق، نوازنیکے لائق۔
نواختہ (نَواختہ) بجایا ہوا، نوازا ہوا۔
نواصل (نَواصِل) نخل، نخل کی جمع۔
نوادر (نَوادِر) نادرہ کی جمع۔
نوادہ (نَوادہ) پوتی۔
نوار (نَوار) نوار، نوار جس سے پلنگ بنتے ہیں۔
نواریدن (نَوار۔یدن) نوچ۔دن) نیچے لے جانا۔
نوازنَواز) نوازنے والا، بجانے والا۔
نوازادہ (نَواز۔زادہ) پوتا۔
نوازش (نَوازش) مہربانی، ج **نوازشات**۔
نوازل (نَوازِل) نازلہ کی جمع۔
نوازندہ (نَواز۔ندہ) بجانیوالا، نوازنیوالا۔
نوازندگی (نَواز۔ندگی) بجانیکی حالت، نوازنے کی حالت۔
نوازیدن (نَواز۔یدن) نوچ۔دن) دیکھو نواختن۔
نوازیدنی (نَواز۔یدنی) نوچ۔دنی) نوازنے کے لائق۔
نوازیدہ (نَواز۔یدہ) نوچ۔دہ) نوازی ہوئی، نوازا ہوا۔
نواسہ (نَواسہ) دھیتا، بیٹی کا بیٹا۔
نواسی (نَواسی) دھیتی، بیٹی کی بیٹی۔
نواصی (نَواصی) ناصیہ کی جمع۔
نوافل (نَوافِل) نافلہ کی جمع۔
نوافل (نَوافِل) نافلہ، نافل کی جمع۔
نوال (نَوال) بخشش، عطا۔
نوالہ (نَوالہ) کوہ القمہ۔
نوالیدن (نَوالیدن) نوچ۔دن) رونا، چلانا، ہلنا۔
نوآموز (نَوآموز) سیکھنے، مبتدی۔
نوآموزی (نَوآموزی) نیا سیکھنا۔
نوامیس (نَوامیس) ناموس کی جمع۔
نوان (نَوان) تھرتھرانا ہوا، ہلتا ہوا، ٹیڑھا، دوہرا، بڑبڑانا، ڈبلا، خبردار، ہوشیار۔
نوایدن (نَوایدن) نوچ۔دن) نالہ و فریاد کرنا، آگاہ ہونا یا کرنا، تھرتھرانا، ہلنا۔
نوآور (نَوآور) نَو۔آور) نئی بات نکالی ہوئی۔
نواہی (نَواہی) ناہی، نہی کی جمع۔
نوائب (نَوائِب) نائبہ کی جمع۔
نوائح (نَوائِح) نائحہ کی جمع۔
نوائر (نَوائِر) نائرہ کی جمع۔
نوائیدن (نَوائیدن) نوچ۔دن) نالہ و فریاد کرنا، چلانا۔
نوآئین (نَوآئین) نیا، آراستہ۔
نوب (نَوب) نوبت، نوبتی، (نُوب) دیکھو نوبہ۔
نوباوہ (نَوباوہ) نَو۔باوہ) تازہ میوہ، نئی چیز، تازہ چیز۔
نوبت (نَوبَت) باری، دار، نقارہ، دھونسا ج **نُوب**۔
نوبتخانہ (نَوبَت۔خانہ) نوبت بجانے کا مکان۔

www.urduchannel.in

نوبتی (نَوْ۔ بَتْ) نقارچی، پاسبان، چوکیدار، ڈیوڑھیہ، کوتوال کا گھوڑا
نوبر (نَوْ۔ بَر) نیا پھل، نوجوان لڑکی۔
نوبہ (نُوْ۔ بَہ) حبشیوں کی قوم۔
نوبہار (نَوْ۔ بَہار) بسنت کا موسم۔
نوبی (نُوْ۔ بی) حبشی، مہتر کی مکھی۔
نوبان (نَوْ۔ بان) لوکرا۔
نوپیدا (نَوْ۔ پَیْدا) نئی پیدا ہوئی چیز۔
نوتبہ (نَوْ۔ تِبَہ) سیلاب، اردو۔
نوجوان (نَوْ۔ جَوان) جس کی نئی جوانی ہو۔
نوجوانی (نَوْ۔ جَوا۔ نی) نئی جوانی۔
نوجہ (نَوْ۔ جَہ) بگولا۔
نوچہر (نَوْ۔ چِہر) نوجوان ماکوپنل۔
نوح، نوحہ (نَوْح، نَوْ۔ حَہ) نالہ، بین، مردے پر رونا۔
نوحہ گر (نَوْ۔ حَہ۔ گَر) بین کرنے والا۔
نوحہ گری (نَوْ۔ حَہ۔ گَری) بین کرنا۔
نوخاستہ (نَوْ۔ خاس۔ تَہ) چٹا، نیا اُٹھا ہوا۔
نوخط (نَوْ۔ خَط) نئے خط والا جسکے ڈاڑھی مونچھ نکل رہی ہو۔
نوخیز (نَوْ۔ خیز) نیا اُٹھنے والا، نوجوان۔
نوخیزی (نَوْ۔ خے۔ زی) نیا اُٹھان، نوجوانی۔
نود (نَوْد) نوّے، نوّے دام۔
نودا مادر (نَوْ۔ دا۔ رِ۔ مادْ) دولھا۔
نودم (نَوْ دُم) نوے واں پٹ۔
نودولت (نَوْ۔ دَوْ۔ لَتْ) نیا مالدار۔
نودولتی (نَوْ۔ دَوْ۔ لَتی) نئی مالداری، نئی دولت آنا۔
نور (نُور) روشنی، چاندنی، نیا اُلوار، پنیرال (نُوْر) کلی، غنچہ، نیا اُلوار۔
نورافزا (نُور۔ اَف۔ زا) جو روشنی بڑھا دے۔
نورانی (نُو۔ را۔ نی) روشن، نور سے منسوب۔
نوربان (نُوْر۔ بان) جولاہا، حائک، کپڑا بننے والا۔
نوربافی (نُوْر۔ با۔ فی) جولاہے کا پیشہ۔

نورچشم (نُوْر۔ چَشْم) آنکھ کی روشنی، بیٹا۔
نوردر (نُوْر۔ دَر) تہ، لپیٹ، پیچ، منوال، لپٹے کرنیوالا، لپیٹنے والا۔
نوردن (نَوْر۔ دَن) نورد یعنی کا مخفف
نوردی (نُوْر۔ دی) لپیٹنے کے لائق، لپیٹنے کی چیز
نوردہ (نُوْر۔ دَہ) نوردیدہ۔
نوردیدن (نُوْر۔ دی۔ دَن) لپیٹنا مصدر نُوْرد۔
نوردیدہ (نُوْر۔ دی۔ دَہ) لپیٹا ہوا نُوْرد یعنی۔
دَہ) آنکھ کی روشنی، بیٹا، بیٹی۔
نورس (نَوْ۔ رَس) تازہ، نیا پکا ہوا پھل۔
نورستہ (نَوْ۔ رَس۔ تَہ) نیا اُگا ہوا۔
نورسیدہ (نَوْ۔ رَس۔ دَہ) ترجمہ۔
نورندہ (نُوْ۔ رَن۔ دَہ) لپیٹنے والا۔
نوروز (نَوْ۔ رُوْز) سال کا پہلا دن، آتش پرستوں کا تہوار۔
نورہ (نُوْ۔ رَہ) لکڑی کی چھت گیری (نُوْرَہ) چونہ۔
نوربان (نَوْ۔ رِ۔ بان) تحفہ، سوغات، انعام، صلہ۔
نوری (نُوْ۔ ری) سفید طوطی، زرد آلو کی قسم۔
نوز (نُوْز) ہنوز، اب تک، تا حال، صنوبر کا کاج۔
نوزدہ (نُوْ۔ زَدَہ) انیس (۱۹)
نوزدہم (نُوْ۔ زَدَہ۔ مْ) انیسواں۔
نوژہ (نُوْ۔ ژَہ) گریبان۔
نوستہ (نُوْس۔ تَہ) گھٹی ہوئی رونے کی آواز۔
نوش (نُوْش) پینے والا، امرت، آب حیات، میٹھا، زندگی، تریاق، شہد، توس قرمع۔
نوشاب (نُوْ۔ شاب) آب حیات۔
نوشادر (نُوْ۔ شا۔ دَر) ایک کھار کا نام۔
نوشال (نُوْ۔ شال) پیتا ہوا۔
نوشاندن (نُوْ۔ شا۔ دَن) پلانا۔
نوشت (نُوْش۔ تَ) تحریر، لکھنت۔
نوشتخوار (نُوْش۔ تَ۔ خُوا۔ رَ) لکھائی، پڑھائی۔
نوشتن (نُوْش۔ تَن) لکھنا مصدر نُوْشت

www.urduchannel.in

دیکھو نوردیدن۔

نوشتہ (نوِ شْ تَ) لکھا ہوا (نوِشْ۔تہ) پیٹا ہوا۔

نوشجان (نوُ شْ) جاج، کھانا پینا۔

نوش دارو (نوُ شْ۔دا۔دُ) حکو، فارم، تریاق، شراب، نام معجون۔

نوشکنبی (نوُ۔شِکْ۔بی) نیا صبر۔

نوش گیا (نوُ شْ۔گیا) ہر ہرو نبع کرنیوالی ایک بوٹی۔

نوشندہ (نوُ۔شِنْ۔دَہ) پینے والا۔

نوشہ (نوُ۔شَہ) دولھا (نوُ۔شہ) خوشی، خرم۔

نوشیدن (نوُ۔شِی۔دَن) پینا مصنع نوشاندن۔

نوشیدنی (نوُ۔شِی۔دَنی) پینے کے لائق، پینے کی چیز۔

نوشیدہ (نوُ۔شِی۔دَہ) پیا ہوا۔

نوشیں (نوُ۔شِیں) میٹھا، شیریں۔

نوط (نوُط) لٹکانا۔

نوع (نَوْ ع) گونہ، قسم، قاعدہ، طریقہ جمع اَنْوَاع۔

نوف (نَوْف) عورت کی شرمگاہ کا گوشت پارہ، کگن۔

نوفل (نَوْ۔فِل) فیاض آدمی، دریا۔

نوفیدن (نوُ۔فِی۔دَن) شور غل مچانا۔

نوک (نوُک) ہر چیز کا پتلا سرا، ہر چیز کا سر جو تیز ہو (نوُک) نادان، نادان جتا اَنوُک۔

نوکار (نَوْ۔کار) تازہ۔

نوکاری (نَوْ۔کا۔ری) نازگی۔

نوکر (نَوْ۔کَر) ملازم، چاکر۔

نوکری (نَوْ۔کَری) ملازمت، چاکری۔

نوکیسہ (نَوْ۔کی۔سَہ) نو دولت، نیا مالدار۔

نول (نوُل) چوپیچ، ٹونٹی (نوُل) ملاحی۔

نوم (نَوْم) خواب، نیند جمع نیام (نُوُوم) دیکھو نہم۔

نومان (نوُ۔مان) نیند کا ماتا۔

نومشق (نَوْ۔مُش۔قی) جسکی شروع مشق ہو۔

نومشقی (نَوْ۔مُش۔قی) نئی مشق ہونا۔

نومید (نَوْ۔مید) ناامید۔

نومیدی (نَوْ۔مِی۔دی) ناامیدی۔

نون (نُوْن) ا۔ آنکھوں، پیٹر کا تنہ ۲۔ مچھلی، تلوار، دولت، لکھنے کی سیاہی، رات، ٹھوڑی کا گڈھا جمع نَیْنَان، اَنْوَان۔

نوند (نَوْ۔نَد) نیزہ رفتار گھوڑا (نُوْن ۱ د) پرونا، بیٹے کے بیٹے کا بیٹا۔

نونہال (نَوْ۔نِہال) نیا پودا۔

نونیاز (نَوْ۔نِیاز) نوشن لڑکا۔

نوی (نَوْی) تازگی (نُوِی) قرآن مجید۔

نوئین (نَوْ۔اِیِن) نو آئین، نیا قانون (نَوْ۔اِیِن) داماد، شہزادہ، امیر۔

نوید (نُوِید، نَوِید) خوش خبری۔

نویدن (نُوِیَ۔دَن) رونا، زاری کرنا۔

نویس (نُوِیس) لکھنے والا۔

نویساں (نُوِی۔ساں) دیکھو نویس، لکھتا ہوا۔

نویساندن (نُوِی۔سا۔نی۔دَن) لکھوانا۔

نویسندہ (نُوِی۔سِنْ۔دَہ) لکھنے والا جمع نُوِیسَندگاں

نہ (نَہ) حرف نفی، نہیں (نہ) شہر (نَہ ۲ نو ۹)

نہاب (نِہاب) انگیرا، غار، گنگر۔

نہاد (نِہاد) بنیاد، خلقت، پیدائش، طینت (نِہاد) طرز، روش، رسم، عادت۔

نہادن (نِہا۔دَن) رکھنا مصنع نشاندن۔

نہادنی (نِہا۔دَنی) رکھنے کے لائق۔

نہادہ (نِہا۔دَہ) رکھا ہوا۔

نہار (نِہار) دن جمع اَنْہُر، نَہُر ۲۔ صبح سے بے کھایا ہوا آدمی۔

نہارگاہ (نِہار۔گاہ) صبح کا وقت۔

نہاری (نِہا۔ری) صبح کا کھانا، طالب علم جو بورڈنگ میں نہ رہتا ہو صرف دن کو پڑھنے آتا ہو۔

نہاردیدن (نِہا۔رِی۔دَن) ناشتہ کرنا (نِہا۔ری۔دَن) بدن گھلانا اور گھٹانا، ڈرنا، وہم کرنا۔

www.urduchannel.in

نہاز (نہاز) نس کشی کا بکڑ، بوک۔
نہاز یدن (نہاز۔ زِیدَ۔ دَن) دیکھو نہاریدن۔
نہاق (نہاق) گدھے کی آواز۔
نہال (نہال) شہاد، نابود، دعا کامیاب، خوش، بستر، توشک، شکار۔
نہالچہ (نہالچہ۔ چَہ) چھوٹی سی توشک یا بستر۔
نہالی، نہالیں (نہالی۔ لِی، نہالی۔ لیں) بستر، توشک، غلاف۔
نہامی (نہا۔ مِی) اوہار۔
نہان (نہان) چھپا ہوا۔
نہانخانہ (نہان۔ خا۔ نَہ) غسل خانہ، پوشیدہ گھر۔
نہانی (نہا۔ نِی) پوشیدگی، چھپاؤ، چھپاوا۔
نہایت (نہا۔ یَت) انتہا، انجام، حد۔
نہب (نَہ۔ ب) لوٹ، غارت، غنیمت، مسقاوت جمع **نہابب، نہاب**۔
نہبت، نہبہ (نَہ۔ بَت، نَہ۔ بَہ) لوٹ، غارت۔
نہج (نَہ۔ ج) راہ، راستہ، طریقہ، مارگ۔
نہر (نَہ۔ ر) نہر، ندی، نالہ، دریا۔ جمع **انہار، نہُر**
انہر، نہُور (نہُر) دن کا لوٹیرا، منع کرنا۔
نہز (نَہ۔ ز) دھکیلنا، دھکا مارنا۔
نہزہ (نَہ۔ زَہ) تاک، ہنگام۔
نہس (نَہ۔ س) اڑسنا، (گلے دانتوں سے) کاٹنا۔
نہستن (نہس۔ تَن) رکھنا، چھوڑنا۔
نہش (نَہ۔ ش) دیکھو نہس۔
نہشتن (نہشتن۔ تَن) دیکھو نہستن۔
نہض (نَہ۔ ض) کوچ کرنا، کھڑا ہونا۔
نہضت (نَہ۔ ضَت، نَہ۔ ضَت) کوچ۔
نہفت، نہفتگی (نہُفت، ت، نہُفت۔ تَگی) پوشیدگی، چھپاؤ۔
نہفتن (نہُفت۔ تَن) چھپنا، چھپانا جمع **نہفتہ**۔
نہفتنی (نہُفت۔ تَنی) چھپانے کے لائق، چھپنے کے لائق۔

نہفتہ (نہُفتہ۔ تَہ) چھپا ہوا، چھپایا ہوا۔
نہم (نَہم) نواں ۹۔
نہمت (نَہ۔ مَت) مطلب، مراد۔
نہندہ (نہندہ۔ دَہ) رکھنے والا۔
نہنبن (نہُنبن۔ بَن) ریگ کا سرپوش۔
نہنگ (نہنگ) اگھڑیال، ناکہ، مگرمچھ۔
نہود (نہُود) اٹھنا، دشمن کی طرف بڑھنا۔
نہوض (نہُوض) دیکھو نہض۔
نہوکت (نہُوکَت۔ کَتی) لاغری، دبلاپن۔
نہی (نَہی) منع، تو نہ کر۔
نہیب (نہیب) خوف، ڈر، ہیبت، ڈراونی آواز۔ (نہیب) لٹیرا، ڈاکو۔
نہیدن (نہیدَن۔ دَن) اندیشہ کرنا، غم کھانا۔
نہیدہ (نہیدہ۔ دَہ) اندیشہ کیا ہوا، غم کھایا ہوا۔
نہیق (نہیق) دیکھو نہاق۔
نہیم (نہیم) لوبھی، لالچی۔
نہیہ (نَہ۔ یَہ) عقل، آخر جمع **نہی**۔
نئیم (نئیم) ایم، چنگھاڑ، دہاڑ۔
نی (نی) نلکی، بانسری (نی) خام، کچا (نی) حرف برائے معنی لیاقت مثلاً گفتنی، خوردنی۔
نے رنے، علامت نفی غیر مشتقات اور صفات کے لئے، نہیں۔
نیا (نیا) دادا، نانا، ماموں، بڑا بھائی جمع **نیاگاں** قدر، عظمت۔
نیابت (نیا۔ بَت) قائم مقامی۔
نیابہ (نیا۔ بَہ) بو، باس۔
نیاح، نیاحت (نیاح، نیا۔ حَت) آہ وزاری۔
نیاز (نیاز) حاجت، احتیاج، حاجتمند، میل، خواہش، محبت، درویشوں کیلئے تحفہ۔
نیازمند (نیاز۔ مَن۔ د) حاجتمند۔
نیازمندی (نیاز۔ مَن۔ دی) حاجتمندی۔

www.urduchannel.in

نیاردن (نیارد۔ زی۔ دن) عاجزی کرنا مطیع ہونا۔ **نیازوند**
نیاگان (نیا۔ گان) نیا کی جمع۔
نیام (نیام) ا۔ میان تلوار کا۔ نوم کی جمع، نائم کی جمع۔
نیائش (نیا۔ ش) ازاری، تعریف، دعا، آفرین۔
نی نبست (فا) نی۔ نسبت (ا) چھپر۔
نیت (فا) یت (عر) ارادہ جمع نیات۔
نیتہ، نیچہ (فا) تہ، چہ، بانسلی، چھوٹی نلکی۔
نیدلال (فا) دلان، کابوس۔
نیر (فا) یر) روشنی دینے والا، تارہ، سورج (عر) بیلوں کا جوا۔
نیر اصغر (فا) یر۔ اص۔ غر) چاند۔
نیر اعظم، نیر اکبر (فا) یر۔ اع۔ ظم، فا) یر۔ اک۔ بر) سورج، خورشید۔
نیران (فا) ران) نار کی جمع۔
نیرنج (فا) رن۔ نج) دیکھو نیرنگ جمع نیرنجات۔
نیرنگ (فا) رنگ) مکر، فریب، طلسم، جادو۔
نیرنگ باز، نیرنگ ساز (فا) رنگ۔ باز، فا) رنگ۔ ساز) مکار، فریبی، جادوگر۔
نیرنگ بازی، نیرنگ سازی (فا) رنگ۔ با۔ زی، فا) رنگ۔ سا۔ زی) مکاری، فریب، جادوگری۔
نیرنگی (فا) رنگ۔ گی) جادو۔
نیرو (فا) رو) قوت، زور، کس، بل۔
نیروز (فا) روز) نوروز۔
نیرین (فا) یرین) آفتاب و ماہتاب، چاند سورج (عر) حرف عاطفہ، بھی۔
نیزک (فا) زک۔ فا) زک) چھوٹا بھالا جمع نیازک۔
نیزہ (فا) زہ) بھالا، بلم، علم۔
نیسان (فا) سان) ساتواں رومی مہینہ۔ مطابق فروردین موافق مئی کا، اس مہینہ کی بارش جس کی بوند شاعرانہ روایت کے مطابق سیپی میں گر کر موتی بن جاتی ہے۔
نیست (فا) ئیس۔ ت) نہیں، عدم۔
نیستاں (فا) ئیس۔ تاں، فا) ئی۔ ستاں) ایکھ کا کھیت، نرکل کا جنگل۔
نیستی (فا) ئیس۔ تی) نیست ہونا۔
نیش (فا) ئیش) ڈنک، کانپ، تیز لوک۔
نیشتر (فا) ئیش۔ تر) دیکھو نشتر۔
نیش زن (فا) ئیش۔ زن) ڈنک مارنے والا۔
نیش زنی (فا) ئیش۔ زنی) ڈنک مارنا۔
نیشکر (فا) ئی۔ شکر) گنا۔
نیشہ (فا) ئی۔ شہ) بانسری۔
نیفق، نیفہ (فا) ئی۔ فق، فا) ئی۔ فہ) پوستین۔ بقچہ، کمر بند ڈالنے کا حصہ۔
نیک (فا) ئیک) اچھا، خوب، بہت (عر) نیک) جماع۔
نیک اختر (فا) ئیک۔ اخ۔ تر) خوش قسمت۔
نیک اختری (فا) ئیک۔ اخ۔ تری) خوش قسمتی۔
نیک خواہ (فا) ئیک۔ خواہ) اچھا چاہنے والا۔
نیک خواہی (فا) ئیک۔ خوا۔ ہی) اچھا چاہنا۔
نیک طینت (فا) ئیک۔ طی۔ نت) اچھی عادت والا۔
نیک طینتی (فا) ئیک۔ طی۔ نتی) اچھی عادت۔
نیک محضر (فا) ئیک۔ مح۔ ضر) خوبصورت، خوش شمائل، جس کی حضوری اچھی ہو۔
نیک مرد (فا) ئیک۔ مرد) بھلا مانس۔
نیک مزاج (فا) ئیک۔ مزاج) جسکا بھاؤ اچھا ہو۔
نیک مزاجی (فا) ئیک۔ مزا۔ جی) اچھا مزاج ہونا۔
نیکنام (فا) ئیک۔ نام) جس کا نام بھلائی کے ساتھ مشہور ہو۔
نیکنامی (فا) ئیک۔ نا۔ می) بھلائی کے ساتھ مشہور ہونا۔
نیک نہاد (فا) ئیک۔ نہاد) اچھی طبیعت والا۔
نیک نیت (فا) ئیک۔ نی۔ یت) اچھے ارادے والا۔

www.urduchannel.in

نیک نیتی (نیک۔نیتی) اچھا ارادہ ہونا۔
نیکو (نیکو) اچھا، بھلا۔
نیکوکار (نیکو۔کار) اچھے کام کرنے والا۔
نیکوئی، نیکی (نیکو۔ئی، نیک۔ی) بھلائی، خوبی۔
نیل (نیل) پانی کا بڑا دریا مشرقی افریقہ)
نیلبر (نیل۔بر) دیکھو نیلوفر۔
نیل گاؤ (نیل۔گاؤ) نیل گائے۔
نیل گوں (نیل۔گوں) نیلا رنگ۔
نیلم (ن۔لم) ایک جوہر قیمتی نیلے رنگ کا۔
نیلمیں (نیلم۔یں) نیلم کی مثل۔
نیلوفر، نیلوفل (نیل۔وفر، نیل۔وفل) کنول۔
نیلہ (نیل۔ہ) نیل گائے۔
نیم (نیم) آدھا۔ نصف۔
نیمباز (نیم۔باز) آدھا کھلا ہوا، آدھی کھلی ہوئی۔
نیم برشت (نیم۔برشت) آدھی بھنی ہوئی چیز۔
نیم جان (نیم۔جان) جس میں آدھی جان باقی ہو۔
نیم جوش (نیم۔جوش) آدھا اُبلا ہوا، آدھی ابلی ہوئی۔
نیمچہ (نیم۔چہ) چھوٹی تلوار۔
نیم خواب (نیم۔خواب) آدھی نیند۔
نیم خوابی (نیم۔خواب۔ی) اونگھ۔
نیم خوردہ (نیم۔خورد۔ہ) آدھا کھایا ہوا۔
نیم دست (نیم۔دست) چھوٹی مسند۔
نیمرخ (نیم۔رخ) چہرے کی ایک کروٹ کی تصویر۔
نیمرس (نیم۔رس) جو چیز ابھی پوری طیار نہ ہوئی ہو۔
نیمروز (نیم۔روز) دوپہر۔
نیم سفت (نیم۔سفت) ناتمام، آدھا بندھا ہوا۔
نیم شب (نیم۔شب) آدھی رات۔
نیمشبی (نیم۔شبی) آدھی رات سے متعلق۔
نیمکارہ (نیم۔کار۔ہ) ادھورا کام، ناقص۔
نیم کشتہ (نیم۔کشت۔ہ) آدھا مارا ہوا، ادھ موا۔
نیم گفتہ (نیم۔گفت۔ہ) آدھا کہا ہوا۔
نیمہ (نیم۔ہ) آدھا، نصف، طرف
نیو (نیو) پہلوان، دفیر (نیو) راست، سیدھا۔
نیواد (نیو۔داد) بہادری، شجاعت۔
نیوش (نیوش) سننے والا۔
نیوشندہ (نیوش۔دہ) سننے والا۔
نیوشہ (نیو۔شہ) کان میں ڈالی ہوئی بات۔
نیوشیدن (نیوش۔یدن) سننا مصدر نیوشد۔
نیوشیدنی (نیوش۔یدنی) سننے کے لائق۔
نیوشیدہ (نیوش۔یدہ) سنا ہوا۔
نیوہ (نیو۔ہ) نالہ، گریہ، نوحہ۔
نیہیب (نیہیب) خدشگار جمع نواب۔
نیہین (نیہین) نی کی طرف منسوب، نی کا، نی کی۔

و

و (واؤ) حرف قصری، قائم مقام عدد ۶، حرف علت، حرف عطف، چند حروفوں سے بدل ہے۔
۱۔ ب کے ساتھ مثلاً نوشت، نبشت۔ ۲۔ پ کے ساتھ مثلاً یام، وام۔ ۳۔ د کے ساتھ مثلاً بید، بیو۔ ۴۔ س کے ساتھ مثلاً بانس، بانو۔ ۵۔ غ کے ساتھ مثلاً کاغند، کاوند۔ ۶۔ ف کے ساتھ مثلاً خام، وام۔
وا (واؤ) کشادہ، جدا، کھلا ہوا، پھیرا لیہ، حرف ندبہ، حرف تشبیہ۔
واب (واؤ۔اب) شرمندہ ہونا۔
وابا (واؤ۔با) قوت فہم۔
وابستگاں (واؤ۔بستن۔گان) وابستہ کی جمع ذی روح، تعلق والے، رشتہ دار، عزیز وغریب۔
وابستگی (واؤ۔بستن۔گی) تعلق، بندھائی۔
وابستن (واؤ۔بستن) باندھنا۔
وابستہ (واؤ۔بستہ) باندھا ہوا، متعلق، رشتہ دار۔

www.urduchannel.in

والبط (ر۔ ا۔ بطؔ) ضعیف، بزدل۔
وابل (ر۔ ا۔ بلؔ) بڑی بڑی بوندوں کا مینھ۔
والور (ر۔ ا۔ وَرؔ) لڑکی۔
والپس (ر۔ ا۔ پسؔ) ہٹا ہوا، پھرا ہوا۔
واپسی (ر۔ ا۔ پسیؔ) پھرائی، لوٹائی، ہٹائی۔
واپسیں (ر۔ ا۔ پسیںؔ) پچھلا، آخری، منسوب بہ واپسی
وات (ر۔ ا۔ تؔ) حرف، سخن، بات۔
واثق (ر۔ ا۔ ثقؔ) مضبوط۔
واجب (ر۔ ا۔ جبؔ) سزاوار، لازم، ضروری، لائق، ٹھیک۔
واجبات (ر۔ ا۔ جباتؔ) واجب کی جمع، ضروری چیزیں۔
واجب الادا (ر۔ ا۔ جبؔ۔ ا۔ ادا) جس کا ادا کرنا لازمی ہو۔
واجب التعزیر (ر۔ ا۔ جبتؔ۔ تعزیرؔ) سزا کے لائق۔
واجب التعظیم (ر۔ ا۔ جبتؔ۔ تعظیمؔ) تعظیم کے لائق۔
واجب الرعایت (ر۔ ا۔ جبؔ۔ رعایتؔ) رعایت کرنے کے لائق۔
واجب العرض (ر۔ ا۔ جبؔ۔ عرضؔ) پیش کرنے کے لائق، تحریری معروضات یا درخواست، زمیندار اور کاشتکار کے درمیان ہر ایک گاؤں کا مصدقہ ضابطۂ حقوق۔
واجب القتل (ر۔ ا۔ جبؔ۔ قتلؔ) قتل کرنے کے لائق۔
واجب الوجود (ر۔ ا۔ جبؔ۔ وجودؔ) وجود کے لائق، اللہ تعالیٰ۔
واجبی (ر۔ ا۔ جبیؔ) ضروری بات، وظیفہ، روزینہ۔
واجد (ر۔ ا۔ جدؔ) پانے والا۔
واجف (ر۔ ا۔ جفؔ) جس کا دل دھڑکتا ہو۔
واجیدن (ر۔ ا۔ جیؔ۔ دنؔ) کہنا۔
واچیدن (ر۔ ا۔ چیؔ۔ دنؔ) چننا، چگنا، اٹھانا، دور کرنا۔
واچیدہ (ر۔ ا۔ چیؔ۔ دہؔ) چنا ہوا، چگا ہوا۔
واحد (ر۔ ا۔ حدؔ) ایک جمع وُحدان، نام اللہ تعالیٰ۔

واحدہ (ر۔ ا۔ حدہؔ) واحد کا مونث۔
واخ (ر۔ ا۔ خؔ) یقین، گمان، راست، درست۔
واخندہ (ر۔ ا۔ خندؔ) دھنکنے والا۔
واخواست (ر۔ ا۔ خواستؔ) استطالبہ، حساب نہی، باز خواست۔
واخوردن (ر۔ ا۔ خوردؔ) ملاقات کرنا۔
واخیدن (ر۔ ا۔ خیؔ۔ دنؔ) دھنکنا، مضع واخندہ۔
واخیدہ (ر۔ ا۔ خیؔ۔ دہؔ) دھنکی ہوئی چیز، دھنکا ہوا۔
وادرو (ر۔ ا۔ دؔ) زندہ درگور، سخت آزار، وادرو بیٹا، یاد ہوا، پلون۔
وادانشتن (ر۔ ا۔ دانشؔ) جمع رکھنا۔
وادع (ر۔ ا۔ دعؔ) رخصت کرنے والا۔
وادق (ر۔ ا۔ دقؔ) تیز رو۔
وادی (ر۔ ا۔ دیؔ) بیابان، نشیبی ہموار زمین، ترائی، مقدمہ، معاملہ جمع اَوْدِیَہ۔
وادیج (ر۔ ا۔ دیجؔ) دیکھو بادیج۔
وادیدن (ر۔ ا۔ دیؔ۔ دنؔ) دیکھنا۔
وار (ر۔ ا۔ رؔ) کلمۂ نسبت، کلمۂ تشبیہ، مانند، لائق، ڈھنگ، روش (ر۔ ا۔ وارؔ) ٹورانا۔
وارث (ر۔ ا۔ رثؔ) میراث لینے والا جمع وَرَثَہ، وُرَثا۔
وارد (ر۔ ا۔ ردؔ) آنے والا، قاصد جمع وُرّاد۔
واردات (ر۔ ا۔ راتؔ) وارد کی جمع، واقعہ، حادثہ، جو کچھ اوپر بیتی ہو، پیش آنیوالی باتیں۔
وارد وصادر (ر۔ ا۔ رُوصَدرؔ) مہمان، مسافر آنے جانے والا۔
وارستگی (ر۔ ا۔ رَستؔ) آزادی، فارغ البالی۔
وارستہ (ر۔ ا۔ رستہؔ) آزاد، فارغ البال جمع وَارَستگان۔
وارسیدن (ر۔ ا۔ رسیؔ۔ دنؔ) پہونچنا، خبر پانا۔
وارش (ر۔ ا۔ رشؔ) کہنا ٹالنا، جو بلا بلا یا ہوا کھانے جاوے

www.urduchannel.in

وارفتگی (ا ث) رفتگی، بیخودی، بے خبری۔
وارفتہ (ا ث) رفتہ۔ بے خود، بے حال، بیخبر، کھویا ہوا، جمع **وارفتگاں**
واروں، **وارونہ** (ا ث) وارگوں، (ا ث) وارگوں، (ا ث) واروں
وارہ (ا ث) رہ، مانند، عادت، صاحب، فصل، موسم۔
واری (ا ث) ری، ضربہ، مانند۔
وارینہ (ا ث) رینہ۔ مثل، مانند۔
واز (ا ث) کھلا ہوا، ظاہر۔
وازع (ا ث) روکنے والا، سردار، حاکم، کتا۔
واژو (ا ث) ژدم دیکھو بازو۔
واژوں (ا ث) ژدں، واژگوں۔
واژہ (ا ث) ژہ دیکھو باژ۔
واژگوں، **واژوں** (ا ث) واژگوں، (ا ث) ژگوں، (ا ث) اوندھا، سر نیچے، معکوس۔
واژگونہ (ا ث) واژگونہ۔ ندہ، الٹا، اوندھا۔
واس (ا ث) باس، مہکنے کی بال۔
واسطہ (ا ث) سطہ، درمیانی، بیچ والی چیز۔ جمع وسائط لط، لئے، واسطے، وجہ، سبب۔
واسطی (ا ث) سطی، کلک کا قلم۔
واسطے (ا ث) ش۔ طے، لئے۔
واسع (ا ث) سع، پھیلنے والا، وسیع، نام خدا تعالیٰ۔
واسوخت (ا ث) سوخت) وہ نظم کہ جس میں محبوب سے اظہار بیزاری ہو۔
واسوختگی (ا ث) سوخ۔ تگی، جلن، کڑھن۔
واسوختن (ا ث) سوخ۔ تن) محبوب سے بیزار ہو کر منھ پھیر لینا۔
واسوختہ (ا ث) سوخ۔ تہ) کڑھا ہوا، بیزار شدہ۔
واشد (ا ث) شد) کھلا، وطی، شگفتگی
واشدن (ا ث) شدن) کھلنا، چھٹکارا پانا۔
واشدہ (ا ث) شدہ) شگفتہ، کھلا ہوا۔
واشگاف (ا ث) شگاف) عیاں، کھلا ہوا۔
واشم (ا ث) شم) بدن پر نیلے گودنے والا۔
واشمہ (ا ث) شمہ) بدن پر نیلے گودنے والی۔
واشنطون (ا ث) شن۔ طون) شہر واشنگٹن دارالریاست امریکہ
واشی (ا ث) شی) جھوٹا، الزام جمع **وشاۃ**، **وشاۃ**۔
واصف (ا ث) صف) تعریف کرنے والا۔
واصل (ا ث) صل) ملنے والا، ملا ہوا، جڑا ہوا، جمع **وصال**۔
واصلات (ا ث) صلات) واصل کی جمع، جڑی ہوئی رقم کا حساب، جوڑی ہوئی چیزیں۔
واضح (ا ث) ضح) روشن، کھلا ہوا، ظاہر۔
واضع (ا ث) ضع) رکھنے والا، بنانیوالا جمع **واضعین**
عورت بغیر جادر۔
واطی (ا ث) طی) نجاست۔
واعجباہ (ا ث) عجبا) کلمۂ اظہار افسوس، اے تعجب۔
واعد (ا ث) عد) وعدہ کرنے والا۔
واعظ (ا ث) عظ) نصیحت کرنیوالا جمع **وعاظ**، **واعظین**۔
واعی (ا ث) عی) نگہبان، یاد رکھنے والا۔
واعیہ (ا ث) عیہ) یاد رکھنے والی، نگہبانی کرنیوالی۔
واغل (ا ث) غل) جو مجلس شراب میں بے بلایا چلا آوے
واغوثاہ (ا ث) غوثا) فریاد، دوہائی۔
وافد (ا ث) فد) نمایندہ، قاصد، پیامبر جمع **وفد**
جمع **وفود**، **افاد**۔
وافر (ا ث) فر) بہت کثیر، بھرا۔
وافی (ا ث) فی) پورا، تمام، کامل۔
واق (ا ث) ق) رکھوالا، نگاہ رکھنے والا، نام پرند۔
واقد (ا ث) قد) آگ روشن کرنیوالا جمع **وقود**۔
واقع (ا ث) قع) ہونے والا۔
واقعہ (ا ث) قعہ) خواب، جنگ، حادثہ، خبر سچی زمانہ، موت، حال، قیامت جمع **وقائع**، **واقعات**۔
واقعہ طلب (ا ث) قعہ۔ طلب) جھگڑالو، جنگجو۔
واقعہ نویس (ا ث) قعہ نویس) خبریں لکھنے والا۔
واقعی (ا ث) قعی) واقع کی طرف منسوب، درست، ٹھیک، سچا۔

www.urduchannel.in

واقف (ع۔ا) وقف کرنیوالا، جاننے والا۔
واقفکار (ع۔ف) تعارف جس کو کسی چیز کی آگاہی ہو۔
واقفیت (ع۔ف) تعارف، آگاہی، جان پہچان۔
وائی (ع۔ی) رکھوالا، نگاہ رکھنے والا۔
واکردن (ف) کھولنا۔
واکشیدن (ف) کھینچنا۔ تدبیر سے حاصل کرنا۔
واگذاشت (ف) چھوٹ۔
واگر (ف) اگر، نہ) اور نہیں تو۔
واگویہ (ف) بات چیت، چرچا۔
وال (ع) ایک مچھلی، پناہ۔
والا (ع۔ا) بزرگ قدر، بلند مرتبہ (ع۔ال) (الا) اور نہیں تو۔
والاجاہ (ع۔ا) بڑی جاہ والا۔
والاشان (ع۔ا) بڑی شان والا۔
والاقدر (ع۔ا) بڑی قدر والا۔
والد (ع۔ل) باپ۔
والدہ (ع۔ل) ماں۔
والدین (ع۔ل) ماں باپ۔
واللہ (ع۔ل) اللہ کی قسم۔
والہ (ع۔ل) شیفتہ، سرگشتہ، عاشق، مفتوں۔
والہانہ (ع۔ل) شیفتہ کی مانند۔
والی (ع۔ی) دوست، حاکم، مالک، رشتہ دار، قریب
جمع **والیات**۔
وام (ع) قرض، مانند، عام، پام۔
وامانگی (ع۔ف) تھکان، تھکن۔
وامانده (ع۔ف) عاجز، ناچار، تھک کر پیچھے رہا ہوا جمع **وامانگان** بچا ہوا، باقیماندہ، جھوٹا کھانا جمع **وامانده ہا**۔
وامخواہ (ع) قرض خواہ۔
وامق (ع) عشق) دوست رکھنے والا، پیار کرنیوالا۔
وان (ع) حرف تشبیہ، مانند، رکھنے والا۔

وانمودہ (ف۔ع) ظاہر کیا ہوا۔
وانہندہ (ف۔ع) چھوڑنے والا
وای (ع۔ی) (منسوب بہ حرف واو (و)
وایلا، واویلاہ (ع۔ی۔ل۔ا، ع۔ی۔ل۔ا) فریاد، افسوس۔
واہ (ع) کلمۂ تحسین یا افسوس، خوب، ہائے۔
واہ وا (ع۔ا) کلمۂ تحسین، شاباش، خوب۔
واہب (ع) بخشنے والا، فیاض۔
واہب العطایا (ع) تحفوں کا بخشنے والا، اللہ تعالیٰ۔
واہم (ع) وہم کرنے والا۔
واہمہ (ع) وہم کرنے کی قوت۔
واہی (ع) بیہودہ، نکمّا، بودا، سست۔
واہیات (ع) واہی کی جمع، بیہودہ باتیں۔
وای (ع) حرف تاسف، کلمۂ افسوس۔
وایہ (ع) طاقت، مراد، مقصد، مقدمہ، انیون وغیرہ کی روزانہ خوراک۔
وبا (ع) ہوا کی خرابی سے مرگ عام جمع **اوبا، اوبیہ**۔
وباسک (ع۔ف) انگڑائی، جمائی۔
وبال (ع) سختی، بوجھ، دکھ، گرانی، عذاب۔
وبر (ع) بلی کی مانند ایک جانور (ع۔ب) اون، بال۔
وبط (ع) ط، و بالفتح) ضعیف رائے ہونا۔
وبق (ع) ہلاک ہونا۔
وبوط (ع) ضعیف رائے ہونا۔
وبیں (ع) چمکنا۔
وت (ع) بوستین۔
وتح (ع) جمع **وتوح** شبنوس، خراب۔
وتد (ع) کھونٹی، کھونٹا، میخ جمع **اوتاد**۔
وتر (ع) تنہا، طاق، عدد جمع **اوتار** (ع) باجے کے تار، کمان کا چلہ جمع **وتار**۔
وتش (ع) تباہی، تھوڑا، خراب۔

www.urduchannel.in

وتیرہ (وَ۔رِ۔رَہ) رکھ رکھاؤ، راہ، روش، دستور۔
وتین (وَ۔تِین) دل کی ایک رگ۔
وتا (وَ۔تا) بند و بست (وَ۔تْ۔ا) سوچ۔
وثاق (وَ۔ثاق) قید و بند، وُثاق گھر، مکان۔
وثبہ (وَ۔ثْ۔بَہ) قلابچ، کود پھاند۔
وثر (وَ۔اِ۔ثِ۔رْ) نرم بستر۔
وثیقہ (وَ۔ثِ۔قَہ) باز رکھنا۔
وثیق (وَ۔ثِ۔ق) بھروسہ، اعتماد۔
وثیقی (وَ۔ثْ۔قی) مضبوط۔
وثین (وَ۔ثِین) بہت، سورت جمع اَوْثان۔
وثنی (وَ۔ثَ۔نی) بت پرست۔
وثوب (وُ۔ثُوب) اُچھل جانا، پھاندنا۔
وثوق (وَ۔ثُوق) بھروسہ، اعتماد، مضبوطی۔
وثیرہ (وَ۔ثِ۔رَہ) موٹی تازی عورت۔
وثیق (وَ۔ثِیق) مضبوط جمع وُثَاق۔
وثیقت (وَ۔ثِیقَت) (وَ۔ثِ۔قَ۔تْ، وَ۔ثِ۔قَ۔تْ) مضبوطی، عہد و پیمان، اعتماد، بھروسہ، عہد نامہ، دستاویز جمع وَثَائِق۔
وثیقہ نویس (وَ۔ثِ۔قَہ۔نَوِیس) دستاویز لکھنے والا۔
وج (وَ۔جْ) بچ، بخارات کی گرمی۔
وجا (وَ۔جا) مار ڈالنا، ذبح کرنا، خصی کرنا (وَ۔جْ۔ا)۔
وجاج (وَ۔جاج) وُجاج پردہ، پوشش۔
وجار (وَ۔جار) بھیڑیے یا درندے کے رہنے کی جگہ۔
وجاہ (وُ۔جاہ) برابر۔
وجاہت (وَ۔جا۔ہَتْ) عزت، خوبصورتی، چہرے کا رونق۔
وجب (وَ۔جَب) بالشت جمع اَوْاجِب۔
وجد (وَ۔جْ۔دْ) غمگینی، شیفتگی، حالت ذوق و شوق کی بیخودی جمع مَواجِید (وَ۔جْ۔دْ) توانائی، مالداری۔
وجدان (وُ۔جْ۔دان) آگاہی، بوجھ، دریافت۔
وجر (وَ۔جَر) ڈر، خوف، الارجر (وَ۔جَر) ڈر، ڈرنا۔
وجس (وَ۔جِس) دل کھٹکا، ڈر۔
وجع (وَ۔جَع) درد جمع اَوْجاع (وَ۔جَ۔ع) درد کرنا۔
وجع مفاصل (وَ۔جَعِ۔مَ۔فا۔صِل) گٹھیا کی ایک قسم۔
وجل (وَ۔جَل) جو دل کی وہ کمزوری جس سے اَوْجال (وَ۔جَل) ڈرنا۔
وجنہ (وَ۔جْ۔نَہ) گال، رخسار جمع وَجَنات۔
وجوب (وُ۔جُوب) تقاضا، ضرورت، واجبیت، ضروری۔
وجود (وُ۔جُود) ہستی، جسم، مادہ، مطلوب پانا۔
وجور (وَ۔جُور) حلق میں پٹخانے کی دوا۔
وجہ (وَ۔جْ۔ہ) چہرہ، طریقہ، سبب، باعث، ذات، طرف، جانب، رقم، ذریعۂ معاش جمع وُجُوہ، اُجُوہ، اَوْجَہ جمع وُجُوہات۔
وجہہ (وَ۔جْ۔ہَہ) طرف، جانب۔
وجہاں (وَ۔جْ۔ہاں) وظیفہ، پنشن، تنخواہ۔
وجیع (وَ۔جِیع) مضبوط، سنگین۔
وجیز (وَ۔جِیز) کوتاہ، مختصر۔
وجیع (وَ۔جِیع) دردناک۔
وجیہہ (وَ۔جِیہ) (وَ۔جِی۔ہ) خوبصورت، مالدار، بارونق چہرے والا، خوشنما جمع وُجَہاء۔
وچر (وَ۔چَر) نتوا۔
وحام، وحم (وِ۔حام، وَ۔حَم) ہر وقت کی خواہش۔
وحد (وَ۔حَد) (وَ۔حْ۔دْ) تنہا، یگانا، اکیلا ہونا (وُ۔حْ۔دْ) تنہا، یگانہ (وَ۔حْ۔دْ) دوست۔
وحدان (وُ۔حْ۔دان) واحد کی جمع۔
وحدانی (وَ۔حْ۔دا۔نی) منسوب بہ وحدہ۔
وحدانیت (وَ۔حْ۔دا۔نِی۔یَتْ) اکیلا پن، یکتائی۔
وحدت (وَ۔حْ۔دَتْ) یگانگت، اکیلا پن۔
وحدت قہری (وَ۔حْ۔دَتِ۔قَہ۔ری) ظاہری اور جبری یگانگت، آپس کا ایکا جو زبردستی کرایا جائے۔
وحدت نوعی (وَ۔حْ۔دَتِ۔نَو۔عی) ہمجنسی۔
وحش (وَ۔حَش) خراب، برا (وَ۔حْ۔شْ) وحشی کی جمع۔

www.urduchannel.in

وحشت (وَحْ۔شَتْ) خوف، ڈر، پھڑک، بدک، تنہائی، آدمیوں سے بھاگنا۔

وحشت اثر (وَحْ۔شَتْ۔اَثَرْ) جو دل میں وحشت پیدا کرے۔

وحشت انگیز (وَحْ۔شَتْ۔اَنْگِیْزْ) ڈرانی بات۔

وحشت زدہ (وَحْ۔شَتْ۔زَدَہْ) ڈرا ہوا، سہما ہوا۔

وحشت ناک (وَحْ۔شَتْ۔نَاکْ) ڈرانی بات۔

وحشی (وَحْ۔شِیْ) جنگلی جانور، جو آدمیوں سے بھڑکے، اٹلی جانب جمع وحشیان و وُحُوش۔

وحل (وَحَلْ) دلدل، کیچڑ۔

وحمی (وَحْ۔مِیْ) نام عورت جو کسی چیز کی آرزو کرے۔

وحی (وَحْیْ) خدا کا پیغام، میٹھی بات (وَحْ۔یِ) جلدی چست، تدبیک۔

وحید (وَحِیْدْ) یگانہ، تنہا، اکیلا۔

وحید العصر (وَحِیْدُلْ۔عَصْرْ) جس کا ثانی نہ ہو۔

وحی منزل (وَحْ۔یِ۔مُنْ۔زَلْ) قرآن مجید۔

وخ (وَخْ) واہ، خوب۔

وخامت (وَخَا۔مَتْ) ناسازگاری، دشواری، گرانی، ہیضہ۔

وخمہ (وَخْ۔مَہْ) کوچنا، کھبونا۔

وخش (وَخْشْ) گھوڑے کی ایک بیماری، کمینہ۔

وخط (وَخْ۔طْ) جوتے کی پھٹ پھٹ آواز۔

وخف (وَخْ۔فْ) بچوڑنا۔

وخم، وخوم، وخیم (وَخْمْ، وَخُوْمْ، وَخِیْمْ) بھاری، ناگوار، بھدا جمع وِخَامْ۔

ود (وَدْ، وُدّْ) دوستی (وَدَہْ) میخ، کھونٹی (وَدْ) گرم، عقلمند۔

وداج (وَدَاجْ) شہرگ جمع اَوْدَاجْ۔

وداد (وَدَادْ) دوستی (وَدَادْ) آرزو، چاہت۔

وداع (وَدَاعْ) رخصت (وِدَاعْ) دیکھو ودیع۔

ودائع (وَدَا۔ئِعْ) ودیعہ کی جمع۔

وَدَرَع (وَدْ۔رَعْ) گوشت کی بوٹی۔

ودع (وَدَعْ) گھونگا، سنکھ، کوڑی۔

ودود (وَدُوْدْ) دوست۔

ودید (وَدِیْدْ) دوست جمع اَوِدَّا۔

ودیع (وَدِیْعْ) آرام پایا ہوا، چھوڑنے والا۔

ودیعت (وَدِیْ۔عَتْ) امانت جمع وَدَائِعْ۔

ودیقہ (وَدِیْ۔قَہْ) گرمی کی شدت، تپش۔

ودیلہ (وَدِیْ۔لَہْ) آئینہ، چاندی کا تار جمع وَدَائِلْ۔

ودیمہ (وَدِیْ۔مَہْ) ہدیہ جمع وَدَائِمْ۔

ور (وَرْ) اور اگر، اوپر، والا، صاحب، خداوند، سینہ، گرمی، حرارت۔

ورا (وَرَا) دیکھو اورا، دیکھو ورے۔

وراثت (وِرَا۔ثَتْ) میراث پانا۔

وراد (وَرَادْ) باغبان، مالی۔

وراز (وَرَازْ) سور، بریلا۔

وراظت (وِرَا۔ظَتْ) قریب۔

وراق (وَرَاقْ) زمین کی ہریالی، ہریالی (وَرَّاقْ) محرر، دستخط، ورق ساز، کاغذی۔

وراء (وَرَاءْ) عقب، پیچھے، جانب، سوا، بیٹا (وَرَا) جنوں اور انسانوں کی مخلوق۔ اور کا مخفف۔

ورت (وَرَتْ) برہنہ، عریاں۔

وریج (وَرِیْجْ) لوا، مسلوی۔

ورث (وَرَثْ) میراث پانا۔

ورثا (وَرَثَا) وارث کی جمع۔

ورثہ (وَرَ۔ثَہْ) میراث، برت (وَرَثَہْ) وارث کی جمع۔

ورج (وَرَجْ) قدر، مرتبہ۔

ورج (وَرَجْ) خراب، پلید، بھرا۔

ورخرچ (وَرْ۔خَرْچْ) مصرف، فضول خرچ۔

ورخورد (وَرْ۔خُرْ۔دَہْ) ملاقات کیا ہوا۔

ورد (وِرْدْ) وظیفہ، ہمیشہ کا روز کا کام، پنگھٹ،

www.urduchannel.in

پیاؤ جمع اَوْرَاد (وَرْد۔ دم) پھول، گلاب کا پھول۔
وردت (وُرْدَ۔ دَ) گلگوں رنگ (وَرْد۔ دَت) گلاب کا پھول۔
وردمرغی (وَرْدَ۔ مُرْ۔ غی) بام گلقند۔
وردوک (وَرْدُوک) چھپر۔
وردی (وَرْ۔ دی) گلاب کی مانند، گلاب سے متعلق۔
وردّاں (وَرْ۔ دَاں) مشق کرنے والا، اختیار کرتا ہوا، مشق کرتا ہوا۔
وَرزش (وَرْ۔ زِش) مشق، اختیار، بحالی صحت کے لئے جسمانی قوت کا استعمال۔
ورزندہ (وَرْ۔ زَن۔ دَہ) مشق کرنے والا۔
ورزیدن (وَرْ۔ زِی۔ دَن) مشق کرنا، اختیار کرنا مصدر وَرْزَ۔
ورزیدنی (وَرْ۔ زِی۔ دَنی) مشق کرنے کے لائق۔
ورزیدہ (وَرْ۔ زِی۔ دَہ) مشق کیا ہوا، اختیار کیا ہوا۔
ورستاد (وَرْ۔ سْتَاد) وظیفہ، اسکالرشپ۔
درستان (وَرْ۔ سْتَان) رہنما کے پیرو۔
ورسن (وَرْ۔ سَن) رسی۔
ورسیج (وَرْ۔ سِیج) چھت، بام، سقف۔
ورشاد (وَرْ۔ شَاد) دیکھو ورستاد۔
ورشہ (وَرْ۔ شَہ) کارخانہ۔
ورطہ (وَرْ۔ طَہ) ہلاکت کی جگہ، بھنور جمع وَرَاطَہ۔
ورع (وَرْ۔ عَ، وَرْ۔ اَع) پرہیزگاری (وَرِیع) پرہیزگار۔
ورغلانندہ (وَرْ۔ غَلَا۔ نِن۔ دَہ) بہکانے والا۔
ورغلانیدن (وَرْ۔ غَلَا۔ نِی۔ دَن) بہکانا مصدر وَرْغَلَانَدْ۔
ورغلانیدہ (وَرْ۔ غَلَا۔ نِی۔ دَہ) بہکایا ہوا۔
ورقان (وَرْ۔ قَان) شفاعت کرنے والا۔
ورق (وَرْ۔ قَ) پتہ، کاغذ کا کٹا ہوا ٹکڑا، پتہ، پتہ جمع اَوْرَاق، وُرُق (وَرِیق) چاندی کا سکہ
ورقا (وَرْ۔ قَا) فاختہ، کبوتر جمع وُرُق۔
ورق الخیال (وَرْ۔ قُل۔ خَیَال) تھنگنا۔
ورق خام (وَرْ۔ قِ۔ خَام) کچا پٹھا۔
ورقہ (وَرْ۔ قَہ) ٹکٹ، پرچہ۔
ورقہ تحویل (وَرْ۔ قَ۔ تَحْ۔ وِیل) چیک۔
ورک (وَرْ۔ ک، وَرِیک) چوتڑ، گولا، پھاندی۔
ورکاک (وَرْ۔ کَاک) چڑیمار، ایک سردار خور پرند۔
ورل (وَرْ۔ ل) ایک جانور مثل سقنقور۔
ورم (وَرْ۔ م) سوجن جمع اَوْرَام۔
ورمالیدن (وَرْ۔ مَا۔ لِی۔ دَن) کرمانا، بڑھنا، جان بچا کر بھاگنا۔
ورنا (وَرْ۔ نَا) دیکھو برنا۔
ورنس (وَرْ۔ نِس) وارنش VARNISH
ورنہ (وَرْ۔ نَہ) اور نہیں تو۔
ورود (وُرُوْد) داخلہ، کسی جگہ میں آنا۔
وروع (وُرُوْع) ڈھوکار۔
وره (وَرَہ) بیوقوف، احمق۔
وری (وَرَا) خلق، عالم (وَرَی) دیکھو واری
وریب (وَرِیب) دیکھو ریب۔
وریدہ (وَرِیدَہ) گردن کی رگ، وہ رگ جس میں پھڑک نہ ہو جمع اَوْرِیَہ۔
وریزہ (وَرِیزَہ) آم کا گوند۔
وزارت (وِزَا۔ رَت) وزیر کا عہدہ۔
وزارت خانہ (وِزَا۔ رَت۔ خَا۔ نَہ) وزیر کا دفتر۔
وزان (وَزَّان) بہت تولنے والا جمع وَزَّان۔
(وَزَّان) رواں، ہوا چلتی ہوئی۔
وزر (وِزْر) گرانی، بوجھ، پشتارہ، گناہ، ہتھیار، کتاب جمع اَوْزَار۔
وزش (وَزِش) ہوا کی سرسراہٹ۔
وزغ، وزغہ (وَزَغ، وَزَغَہ) چھپکلی، گرگٹ۔

www.urduchannel.in

وزم (وَزْم) ٹھٹھا، گڈی۔
وزن (وَزْن) تول، بوجھ، اندازہ جمع اَوْزَان عزت، وقار۔
وزنده (وَزِن۔ دَہ) چلنے والی ہوا۔
وزنه (وَزْ۔ نَہ) باروت کا پیمانہ۔
وزی (وَزا) ہونا، ٹھنگنا۔
وزیدن (وَزِیدَ۔ دَن) ہوا کا چلنا مصنع وَزَد۔
وزیده (وَزِیدَہ۔ دَہ) چلی ہوئی ہوا۔
وزیر (وَزِیر) بوجھ اٹھانے والا، اعلیٰ ترین رکن حکومت جمع وُزَرَاء۔
وزیری (وَزِیرِی۔ رِی) دیکھو وزیر۔
وژن (وَژْن) کثافت، نجاست۔
وژولیده (وُژُو۔ لِیدَہ) تقاضا کرنے والا۔
وژولیدن (وُژُو۔ لِی۔ دَن) تقاضا کرنا، اکسانا مصنع وُژُولَد۔
وژولیده (وُژُو۔ لِیدَہ) تقاضا کیا ہوا۔
وژه (وُژَہ) بالشت، وجب۔
وس (وَسْ) دیکھو پس۔
وساده (وِسَا۔ دَہ) تکیہ، سرہانہ جمع وَسَائِد۔
وساطت (وَسَا۔ طَت) واسطہ، وسیلہ، بیچ۔
وسالت (وَسَا۔ لَت) وساطت۔
وسام (وَسَام) تمغہ۔
وسامت (وَسَا۔ مَت) خوبی، زیبائی، خوبصورتی۔
وسائط (وَسَا۔ اِط) واسطہ کی جمع۔
وسب (وَسْ۔ ب) کثرت، بھیڑ (وَسْ۔ ب) کوٹھیں بنی کو ٹھی۔
وستاوس (وِسْتَا) تعریف، ستائش، حمد۔
وستی (وَسْ۔ تِی) شرح، ترجمہ۔
وسخ (وَسَخ) (وَسْ۔ خ) میل کچیل جمع اَوْسَاخ (وَسِیخ) میلا، غلیظ۔
وسط (وَسْ۔ ط) بیچ، ہر چیز کا درمیان جمع اَوْسَاط (وَسْطا) بھولی چیز، درمیانی چیز۔
وسطی (وُسْطَا۔ طِی) درمیانی، بیچ کی انگلی (وُسْطَا۔ طِی) منسوب بہ وسط، درمیانی۔
وسع (وُسْ۔ عَ) چوڑائی، پہونچ، طاقت۔
وسعت (وُسْ۔ عَت) فراخی۔
وسم (وَسْ۔ م) نشان، داغ، وصمہ۔
وسمت (وَسْ۔ مَت) طیکا، تہمت۔
وسمه (وَسْ۔ مَہ) نیل کی پتی۔
وسمی (وَسْ۔ مِی) بہار کا پہلا مہینہ۔
وسن (وَسْ۔ نَ) انبند، اونگھ، آلودگی، پینک، آلودہ (وَسِین) سویا ہوا۔
وسناد (وُسْ۔ نَاد) بہت، انبوہ۔
وسنی (وَسْ۔ نِی) سوکن، سوت۔
وسواس (وَسْ۔ وَاس) وہم، وسوسہ جمع وَسَاوِس۔
وسواسی (وَسْ۔ وَا۔ سِی) وہمی۔
وسوسه (وَسْ۔ وَسَہ) اندیشہ، بدی، برائی، برے برے خیالات جمع وَسَاوِس۔
وسه (وَسَہ) ہاتھ کی لکڑی، قوت، قدرت۔
وسیط (وَسِیط) چھوٹی قوم کا باعزت آدمی۔
وسیع (وَسِیع) چوڑا۔
وسیع النظر (وَسِیع۔ عُن۔ نَظَر) جس کی نظر وسیع ہو۔
وسیع النظری (وَسِیع۔ عُن۔ نَظَرِی) نظر وسیع ہونا۔
وسیله (وَسِی۔ لَہ) ذریعہ، واسطہ جمع وَسَائِل۔
وسیم (وَسِیم) خوبصورت، حسین، نشان کیا ہوا۔
وش (وَش) کلمہ تشبیہ، مانند، نظیر، اچھا، پگڑی، شملہ۔
وشاو (وَشَاو) چھینپی، چھاپنے والا۔
وشاح (وِشَاح) حمائل، ہار، گلوبند جمع وُشُح، اَوْشِحَہ، وَشَائِح۔

www.urduchannel.in

وشاون (وِشاؤن) کھولنا۔
وشاق (وِشاق) غلام لڑکا۔
وشت (وِشت) اچھا، خوش۔
وشتن (وِشتن) ناچنا۔
وشطار (وِشطار) پچر لگانا۔
وشق (وِشق) عمدہ اون کا ایک ترکستانی جانور، وشق کا پوستین (وِشقی) غلام لڑکا۔
وشکیل (وِشکیل) بوٹی، جلد بازی۔
وشل (وِشل) تھوڑا پانی۔
وشم (وِشم) نشان، نقش جمع **وشوم**، **وشام** آگ دینا، کھرا یعنی جاڑے کے موسم میں زمین کے بخارات۔
وشی (وِشی) گلگونہ، سُرخ رنگ۔
وشی (وِشی) رنگین کپڑا، چھینٹ۔
وشیع (وِشیع) کھیت وغیرہ کی باڑھ۔
وشیک (وِشیک) تیز رو، تیز رفتار، سیاسہ۔
وصاف (وَصّاف) بہت زیادہ تعریف کرنیوالا۔
وصال (وِصال) میل، پیوستگی (وَصّال) بہت ملنے والا، بڑا ملانیوالا، پیوست کرنیوالا (وُصّال) وصال واصل کی جمع۔
وصایت (وَصایَت) نابالغ کی سرپرستی۔
وصب (وَصَب) بیماری، رنج (وَصِب) رنجیدہ، بیمار۔
وصف (وَصف) تعریف، خوبی، صفت جمع **اَوْصاف**۔
وصل (وَصل) جوڑ بند، ملاقات، سنجوگ، میل، رسید جمع **اَوْصال**
وصلت (وَصلَت) پیوند، میل ملاپ، پیوستگی، پیوند (وَصْلَت) دیکھو وصلہ۔
وصلہ (وَصْلَہ) ہر چیز کا ٹکڑا (وَصْلَہ) پانونکا پٹلا۔
وصلی (وَصْلی) کاغذ وغیرہ کے مصالحہ لگے ہوئے دو تختے جن پر لکھنے کی مشق کی جاتی ہے۔
وصمت، **وصمہ** (وَصْمَت، وَصْمَہ) عیب۔
وصوص (وُصُوص) برقع میں سے دیکھنے کا سوراخ۔
وصول (وُصُول) پہونچنا۔
وصی (وَصِی) جس کو وصیت کی گئی ہو جمع **اَوْصِیاء** (وَصِی) ملنا۔
وصیت (وَصِیَّت) مرنے والے کی خواہشوں کا اظہار جو وہ تعمیل کے لئے کرے جمع **وَصایا**۔
وصید (وَصِید) آستانہ، چوکھٹ۔
وصیف، **وصیفہ** (وَصِیف، وَصِیفَہ) خدمتگار، لونڈی، غلام۔
وصیلہ (وَصِیلَہ) فراخی، آبادانی۔
وضاح (وَضّاح) گورا چٹا، سفید کوڑھ کا بیمار۔
وضاحت (وَضاحَت) کشادگی۔
وضر (وَضَر) چکنائی کا دھبہ۔
وضع (وَضْع) حالت، وضع، قاعدہ، ڈھنگ جمع **اَوْضاع** جننا، حساب میں سے کوئی رقم نکالنا، بتانا، کھونا (وُضّاع) ناقص، القوی بچہ۔
وضع الحمل (وَضْع حَمْل) بچہ جننا۔
وضوء (وُضُوء) نماز سے قبل شرعی حکم کے مطابق منہ ہاتھ وغیرہ دھونا، روشن ہونا (وُضُو) وضو کرنیکا پانی۔
وضوح (وُضُوح) روشن، آشکارا، شہادت، ثبوت
وضی (وَضِی) پاک، اچھی شکل والا۔
وضیع (وَضِیع) گھٹیا، پست، چھچھورا۔
وضیعہ (وَضِیعَہ) نقصان جمع **وَضائِع**۔
وضیمہ (وَضِیمَہ) مٹی کھانا، مٹی کی روٹی۔
وطار (وَطّار) جانا، روندنا (وِطار) لباس، بستر، فرش۔
وطائد (وَطائِد) بنیادی قواعد، قواعد البنیان۔
وطب (وَطْب) دودھ کی مشک جمع **وِطاب**۔
وطباء (وَطْباء) بڑی چھاتیوں والی عورت۔
وطد (وَطْد) مضبوطی جمع **اَوْطاد**۔
وطر (وَطَر) حاجت جمع **اَوْطار**۔
وطن (وَطَن) جنم بھوم، رہنے کی جگہ جمع **اَوْطان**
وطواط (وَطْواط) ابابیل۔

www.urduchannel.in

وطی (وَ طْ ی) روندنا، پائمال کرنا، جماع کرنا۔
وطیس (وَ طِیس) لوہے کا تنور۔
وظیفہ (وَ ظِی فَ) پنشن، مقررہ چیز، خدمتی جمع **وَظَائِف**۔
وعا (وَ عا) برتن، ظرف جم **اَوْعَا، اَوْعِیَہ**
(وَ عا) آواز، غوغا۔
وعاظ (وَ عِظ) واعظ کی جمع۔
وعدہ (وَ عْ دَہ) خوشخبری، نوید۔
وعدہ (وَ عْ دَہ) اقرار، پیمان، عہد جم **وُعُود**۔
وعر (وَ عْ ر) مشکل، مقام یا راستہ، گرمی کی شدت
